①

تقریرات فاضل اجل محقق عصر مدقق دہر علامہ مفتی ابو الفیض محمد فضل الرحمن ہزاروی چشتی زیدت معالیہ

بر مسلم الثبوت

تحریر کنندہ: محمد نعیم عباس متعلم جامعہ قطب الاسلام حنفیہ غوثیہ جبر آباد ایبٹ آباد ڈیرہ اسماعیل خان.

بسم اللہ الرحمن الرحیم ٥.

مسلم الثبوت کا افتتاح: بسم اللہ الرحمن الرحیم رب یسر ولا تعسر و تمم بالخیر و بہ نستعین. رب یسر ولا تعسر و تمم بالخیر و بہ نستعین. رب یسر ولا تعسر و تمم بالخیر و بک نستعین. بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ الذی نزل الآیات وارسل البینات ع. —— اما بعد. اس کے بعد استاذ صاحب دعا نے علم نافع اور خیر و برکت کے لیے دعا فرمائی. اور دعا کی ابتدا آپ نے اللھم صلی علی محمد یعنی درود شریف سے فرمائی۔

مسلم الثبوت صفحہ ۲ سبق: 1

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔

عطیہ ال لئے خود استاذ صاحب نے عبارت پڑھی اور آپ نے طالب علم کو عبارت پڑھنے کا حکم دیا اس نے فعلیہ الدین سے لے کر الاربعۃ الاصول تک پڑھی تو پھر استاذ نے یہ الاربعۃ الاصول اما بعد تک یہ کلمات پڑھے۔ اس دوران خطبہ کی عبارت استاذ صاحب نے شروع کی یہاں یہ پڑھائی تاکہ تسمیہ حمد اور صلوۃ وسلام سبب افتتاح کتاب کو سمجھ جائیں ۱۲.

الف لام جنس کا ہو یہ مذہب ہیں علامہ تفتازانی کا اور صاحب کشاف کا۔ پھر معنی ہوگا جنس حمد کی اللہ
تعالیٰ کے لیے ثابت ہے۔ اس کے لیے جنس حمد کی خاص ہے۔ تھوڑی سی بات رہ گئی۔ الحمد للہ اگر جملہ خبریہ ہو
گویا کہ یہ خبر ہے۔ الحمد للہ خبر دے رہا ہے کہ تعریف یہ حمد یا جنس حمد اللہ تعالیٰ کے لیے ثابت ہے
جو حال میں تعریفیں وہ بھی اللہ تعالیٰ کے لیے ہے۔ اور جو آگے مستقبل میں ہوں گی وہ بھی اللہ تعالیٰ
کے لیے۔ یہ جملہ خبریہ ہو گیا۔ جملہ خبریہ قضیہ ہوتا ہے۔ قضیہ کا علم تصدیق ہوتا ہے اور تصدیق
تب آتی ہے جب قضیہ کی جزؤں کا تصور آجائے۔ الحمد کا تصور للہ اور نسبت کا تصور۔ جملہ خبریہ
ہو تو قضیہ ہے اور اگر جملہ انشائیہ ہو تو پھر قضیہ نہیں ہے کیونکہ انشاء قضیہ نہیں ہوتا ہے۔ بس ایجاد
کر رہے ہیں۔ جملہ خبریہ ما یحتمل الصدق والکذب اور انشاء وہ ہے جو صدق کذب کا احتمال نہیں رکھتا۔
الحمد للہ جملہ انشاء سے ہے۔ انشاء کی دو قسم ہیں انشاء وضعی اور انشاء نقلی منقولی
اصل میں یہ جملہ خبریہ تھا اس سے نقل کر کے انشاء میں استعمال کر لیا۔ اب الحمد للہ انشاء ہے۔
مولانا فیصل آبادی کا حاشیہ ہے اس میں ایک بات لکھی ہوئی ہے اس وقت میرے پاس تو ہے
بھی نہیں تھا۔ و یحتمل الانشائیۃ — آگے لکھا ہے ھو قضیۃ۔ اگر انشائیہ ہے تو پھر قضیہ نہیں ہے
اور انہوں نے قضیہ کہا ہے یہاں پر دو باتیں ہیں (1) انشائیہ کو قضیہ کہا: دوسرا۔ تصدیق کو موقوف
علی التصدیق اجزاءہ۔ اجزاء کی تصدیق نہیں ہوتی۔ قضیہ کی تصدیق اجزاء کے تصور پر موقوف
ہوتی ہے۔ ان دونوں باتوں کی توجیہ نہیں ہو سکی۔ زندہ ہوتے ہوئے توجیہ نہیں ہوئی اب کیسے ہوگی
حسب ہو سکتی اعتراض کرتے ہیں۔ یہاں پر دو وجہ سے غلطی ہے۔ ایک انشائیہ کو قضیہ کہا۔
جملہ انشائیہ قضیہ نہیں ہوتا۔ دوسرا تصدیق جو موقوف ہے قضیہ کے اجزاء کے تصورات
پر ہے نہ کہ تصدیقات پر۔ حضرت استاذ صاحب بھی یہاں پر یہی فرماتے تھے۔ الحمد للہ۔ یہ
خبر دے رہا ہے گویا کہ جو حمدیں ہو چکیں اب ہو رہی ہیں یا آگے مستقبل میں ہوں گی
سب اللہ تعالیٰ کے لیے ہے۔ انشائیہ ہے تو خود انشاء کر رہا ہے ایجاد کر رہا ہے اس کا
اعتراف کر رہا ہے، خبر میں بھی حمد ہوتی ہے خبر حمد کی بھی حمد ہوتی ہے الحمد للہ۔

نزل الآیات وارسل البینات آگے نزل آیات۔ آیات جمع آیۃ کی ہے۔
جس کا معنی ہوتا ہے علامت۔ یہاں پر بھی دو احتمال ہیں جیسے الحمد للہ میں دو
احتمال تھے یہاں آیات میں بھی دو احتمال ہیں۔ یہاں آیات سے مراد آیات عقلیہ
ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے عقلی آیات نازل فرمائیں اپنی وحدانیت پر صفات پر دلیل۔

یا آیات نقلیہ تو آیات نقلیہ قرآن مجید ہے۔ جو دلالت کرتی ہیں اللہ تعالیٰ کی وحدانیت
اور صفات پر۔ اور یہی البینات بینۃ کی جمع ہے۔ اس میں بھی دو احتمال ہیں۔ بینہ
کے معنی جو ظاہر ہو۔ ظاہر۔ اس سے مراد یا وہ آیات ہیں جو محکمات ہیں۔ جو محکم ہوتا ہے
وہ ظاہر ہوتا ہے۔ اتنا ظہور ہوتا ہے کہ نسخ کا اور تاویل کا احتمال نہیں ہے۔ بینات آیات محکمات
یا بینات سے مراد علامات ہیں جو اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر دلالت کرتی ہیں۔ وہ بھی ظاہر
ہوتی ہیں۔ پہلے آیات آگئیں اور پھر بینات آگئیں۔ اس میں آیات محکمات بھی آگئیں۔ آیات
عقلیہ اور نقلیہ بھی آگئیں۔ اور بینات میں بھی عقلیہ و نقلیہ۔ اس کے بعد۔ الحمد میں
الف لام ہے۔ اس کی تین قسم ہیں: ایک استغراق دوسرا عہد خارجی تیسرا جنس
الف لام استغراق کا ہو تو پھر ہوگا ہر ہر فرد حمد کا اللہ تعالیٰ کے لیے ثابت ہے۔ فرد وہ ہیں
جو اللہ تعالیٰ نے اپنی حمد بیان کیں۔ ایک فرد یہ ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی حمد بیان کیں
بندوں نے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کیں۔ بندے بندوں کی حمد کرتے ہیں۔ یہ حمد کے افراد ہو
گئے۔ ہر ہر فرد حمد کا اللہ تعالیٰ کے لیے ثابت ہے۔ جملہ خبریہ محصورہ کلیہ۔ الف لام استغراق
کا ہو گیا۔ اگر عہد خارجی کا ہو تو معہود ایک خاص فرد ہوگا۔ معنی یہ ہوگا خاص فرد حمد کا اللہ تعالیٰ
کے لیے ثابت ہے۔ خاص فرد وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کے لیے ہے وہ وہ فرد ہے حمد کا جو حمد
اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات کی خود کی ہے۔ وہ ایسی حمد ہے جو اللہ تعالیٰ کے لیے ثابت
ہے اور خاص ہے۔ دوسرا کوئی وہ حمد نہیں کر سکتا۔ حمد کا وہ فرد اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص
ہے۔ کسی کی طاقت میں نہیں ہے کہ ایسی حمد کر سکے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
لا احصی ثناءً علیک انت کما اثنیت علی نفسک۔ اور اگر جنس کا ہو۔ پھر معنی ہوگا
جنس حمد کی مختص ہے اللہ تعالیٰ کے ساتھ۔ جنس حمد کی اوروں کی طرف تجاوز نہیں
کرتی۔ یہ علامہ تفتازانی کا مذہب ہے۔ اور در اصل میں یہ مذہب صاحب کشاف کا ہے۔ اور
علامہ نے وہی مذہب لیا۔ بعض لوگوں نے یہ کہا کہ صاحب کشاف نے جنس کا کیوں
لیا۔ اور استغراق کا کیوں نہیں لیا۔ یہ وجہ بعض نے ذکر کی۔ جنس کا اس لیے لیا۔ استغراق
کا اس کے مذہب اعتزال کے خلاف ہے۔ کیونکہ مذہب معتزلیوں کا یہ ہے کہ جو
بندے اپنے اختیار سے افعال کرتا ہے۔ افعال اختیاریہ کا خود خالق ہے۔ وہ جو
خود خالق ہے ان افعال پر جو حمد ہوتی ہے۔ وہ بندے کی حمد ہوتی ہے کیونکہ

وہ بندے کو خالق مانتے ہیں اور ان افعال میں حمد اللہ تعالیٰ کی حمد نہیں مانتے۔ استغراق کا ان کے مذہب اعتزال کے مخالف ہے۔ تو اس لیے جنس کا لیا۔ جنس حمد کی اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے۔ ایک فرد جو حمد کا اللہ تعالیٰ کے لیے ثابت ہے تو اس کے ضمن میں جنس ہوگی۔ یہ کہتے ہیں کہ جنس خاص ہوگی۔ بعض نے یہ وجہ بیان کی۔ مطول میں ایسا جگہ ذکر ہے۔ لیکن یہ وجہ نہیں ہے۔ علامہ نے ذکر کیا۔ بعض لوگوں نے علامہ پر بھی اعتراض کیا کہ علامہ صاحب کشاف کے تابع ہوا ہے۔ ایسا نہیں ہے۔ جنس کا لینا یہ مذہب اعتزال پر مبنی نہیں ہے۔ اگر مذہب اعتزال پر مبنی نہیں تو جس طرح استغراق کا اس کے مخالف ہے اسی طرح جنس کا بھی خلاف ہے۔ جنس حمد کی للہ مختص ہے اللہ تعالیٰ کے لیے۔ محمود منحصر ہے اللہ تعالیٰ کے ساتھ۔ جنس مستلزم ہوگی ہر ہر فرد کو۔ جنس کا حصر اللہ تعالیٰ میں ہر ہر فرد کے حصر کو مستلزم ہے۔ کوئی فرد حمد کا غیر میں پایا گیا تو جنس بھی اس کے ضمن میں ہوگی۔ معتزلی کہتے ہیں کہ بندے اپنے افعال اختیاریہ کے خود خالق ہیں۔ وہ حمد ان کی بندوں کی حمد ہوگی۔ تو پھر ان فردوں کے ضمن میں جنس حمد کی پائی گئی۔ تو پھر جنس منحصر نہ ہوتی اللہ تعالیٰ میں۔ اللہ تعالیٰ میں جنس حمد کا منحصر اور مختص تب ہوگی جب ہر ہر فرد حمد کا اللہ تعالیٰ میں منحصر اور مختص ہو۔ لہذا اگر کوئی فرد بھی حمد کا اللہ تعالیٰ کے غیر میں پایا گیا جو اللہ تعالیٰ میں نہ ہو۔ مختص ہو غیر میں۔ تو جنس تو اس کے ضمن میں ہوگی تو جنس حمد کا اختصاص صحیح نہیں ہوگا۔ تو جنس مستلزم ہے استغراق کو۔ لہذا یہ وجہ نہیں ہے جو انہوں نے بیان کی ہے بلکہ اور وجہ ہے مطول میں اس کا ذکر کیا ہے۔

ترجمہ: تمام تعریفیں ثابت ہیں واسطے اللہ تعالیٰ کے (یا جنس حمد کی ثابت ہے یا خاص فرد حمد کا ثابت ہے واسطے اللہ تعالیٰ کے) وہ جو نازل کیا آیات کو (نزّل تنزیل اور ایک ہے انزال۔ یہ قرآن مجید کی صفتیں ہیں۔ تنزیل کی صفت ہے انزال بھی۔ تنزیل میں ہے تدریجی۔ آہستہ آہستہ نجما نجما۔ انزال میں اتصال دفعۃً یعنی اتارا اس ذات نے آیات کو) اور بھیجا اس ذات نے بینات کو۔) جیسے آیات میں دو احتمال ذکر کیے۔ آیات سے نقلیہ اور عقلیہ۔ اسی طرح بینات میں بھی دو احتمال ہیں اگر آیات سے مراد قرآنیہ ہو دوسرا آیات بمعنی دلائل عقلیہ اور بینات سے یہ بھی احتمال ہے

معجزات۔ آیات محکمات کو بینات کہا کہ وہ محکمات ہیں واضح ہیں حتیٰ کہ تاویل کا احتمال بھی نہیں رکھتی۔ دوسرا معجزات ہیں تو وہ معجزہ۔ معجزہ ظاہر ہوتا ہے حقیقت پر دلالت کرتا ہے تو ظاہر اور واضح ہوتا ہے۔ ذرا اشتباہ نہیں ہوتا۔ اس لیے معجزات کو بھی بینات کہا گیا۔ آیات محکمات بھی بینات ہیں۔

فَطَلَعَ الدِّينُ وَطَبَعَ الْيَقِينَ ااز: اب یہ توضیح ہے۔ توضیح ماقبل کے لیے بمنزلہ نتیجہ کے ہوتی ہے۔ فَطَلَعَ کے دو معنی ہیں۔ طَلَّعَ متعدی ہو یا طلع مخفف ہو یہ دو معنی ہیں۔ طَلَّعَ ہو اس کا معنی اَکْمَلَ، نَشَرَ۔ پھر متعدی ہوگا دین کے اوپر نصب پڑھیں گے فَطَلَّعَ الدِّينَ۔ پس کامل کر دیا اس ذات نے دین کو۔ اگر طَلَعَ ہو اس کا معنی ہے ظَهَرَ ظاہر ہو گیا دین۔ اس وقت دین پر رفع پڑھنا ہے یہ اب دونوں کی توضیح ہے جب آیات کی تنزیل ہو گئی معجزات آ گئے پھر دین بھی ظاہر ہو گیا۔ جب آیات اتر گئیں بینات دلائل سارے آ گئے تو دین بھی مکمل ہو گیا۔ دین کو اللہ تعالیٰ نے کامل کر دیا۔ آگے کہا ہے یہ بھی اسی طرح ہے فَطَلَعَ الدِّينُ وَطَبَعَ الْيَقِينَ۔ لیا ہے یہ بھی اسی طرح ہے طَبَّعَ اور طَبَعَ۔ تشدید اور تخفیف دونوں ہے۔ اگر ہو مشدد تو یقین کو منصوب پڑھا ہو۔ اگر مخفف ہو تو اس کو مرفوع پڑھو۔ وَطَبَّعَ اس کا عطف طَلَّعَ پر ہے یہ بھی توضیح ہے جب آیات کی تنزیل ہو گئی معجزات بینات آ گئے تو اللہ تعالیٰ نے یقین کو بھر دیا۔ مومنین کے دلوں میں ایمان یقین کو بھر دیا۔ باقی کوئی نہیں رہ گئی۔ شک شبہ سب زائل ہو گئے۔ اور بھر دیا اللہ تعالیٰ نے یقین کو مومنین کے دلوں میں یا۔ اور ظاہر ہو گیا یقین۔ اس وقت یقین پر رفع ہو گا۔

رَبَّنَا لَكَ الْحَقِيقَةُ حَقًّا وَكُلٌّ مَجَازٌ ااز: پہلے تو غائب کے صیغے آئے الحمد للہ الذی نزل آیاتہ اور جتنے اسماء ظواہر کے صیغے کلہا غیّب وہ سارے غیبات کے صیغے ہوتے ہیں اب صنعت التفات اختیار کی ہے۔ رَبَّنَا لَكَ الْحَقِيقَةُ حَقًّا۔ اب خطاب کرتا ہے۔ اے رب ہمارے واسطے تیرے ہی حقیقت ہے حقیقت واقعہ۔ یعنی تیرے لیے حقیقت ثابت ہے اور باقی جو تیرے سوا ہے سب مجاز ہے۔ تیری حقیقت موجود ہے تو موجود ہے۔ ایسا موجود ہے فی نفسہ بھی ہے لنفسہ بھی ہے اور بنفسہ بھی ہے۔ موجود کا وجود حقیقی۔ یہ صنعت التفات ہے۔ پہلے غائب کے صیغے آئے۔ اب خطاب کرتا ہے۔ صنعت التفات یہ ہوتی ہے پہلے غیب کے صیغے آتے ہیں اس سے اس کو ایک معرفت آتی رہتی ہے تو بڑھتی رہتی ہے۔ معرفت آتی جب کہا الحمد للہ۔ تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی معرفت آئی وہ ایسی ذات ہے جس کی

کے لیے تمام تعریفیں ثابت ہے۔ اور تو کوئی ایسی ذات نہیں ہے جس کے لیے تمام تعریفیں ثابت ہوں ایک
یہ معرفت آئی۔ معرفت آئی ما عدا ماسوا سے امتیاز آجاتا ہے۔ ایسی ایسی صفات ہیں
جو صفات مختصہ ہیں۔ ان سے جمیع ماعدا سے امتیاز آتا ہے۔ معرفت بڑھتی ہے۔ محمود
کا امتیاز غیروں سے اور محمود کی طرف حامد کی رغبت بڑھتی ہے۔ الذی نزل الآیات
پھر آیا جس نے آیات کو نازل کیا تو پھر معرفت زیادہ ہو گئی۔ امتیاز بھی پہلے سے زیادہ ہو گیا تو رغبت
بھی پہلے سے زیادہ ہو گئی۔ ارسل البینات۔ اور زیادہ ہو گئی۔ امتیاز بڑھ گیا رغبت بھی
بڑھ گئی آئے فسطلع الدین و طلبۃ الیقین۔ دیکھنے تک جب کہ پہنچا۔ موقف انتہا کو پہنچ گئی
اور امتیاز اور رغبت بھی انتہا کو پہنچ گئی۔ تو جب امتیاز اور رغبت انتہا کو پہنچتا ہے محمود
محسوس اور متبصر ہو جاتا ہے اگرچہ وہ جسموں سے پاک ہے۔ وہ کا محسوس مشاہد ہو جاتا ہے
گویا کہ سامنے ہے تو حمد کرنے والا اس کو دیکھ رہا ہے تو خطاب کرتا ہے ربنا لک الحقیقۃ
حقاً۔ اے رب ہمارے تیرے لیے ہی حقیقت ہے۔ تیری ہی حقیقت واقعہ ثابتہ ہے اور تو
کسی کی نہیں کل مجاز۔ ان کا وجود حقیقت مجاز ہے عاریۃ ہے اپنی اپنی ہے۔ ان کا وجود
تیرے وجود حقیقی کی نسبت سے ہے۔ نسبت ہے تو وجود ہے۔ نسبت منقطع ہو گئی تو وجود
بھی ختم ہو گیا۔ اسی طرح ہمارے اساتذہ کرام۔ مولانا یار محمد صاحب سعد اللہ تالوی۔ محفل میلاد میں
حضور کی تعریف کی جاتی ہے۔ تعریفیں سنتے ہیں ایک تعریف سنی۔ آپ کی معرفت آئی ماعدا سے
امتیاز آیا۔ سننے والے کو شوق ہوا کہ رغبت بڑھتی ہے پھر اور کہ رغبت زیادہ ہوئی تو پھر
اور اسی طرح کرتے کرتے صفتیں آپ کی تعریف آپ بھی محفل میں کا محسوس مشاہد ہو
جاتے ہیں۔ وہ ہیوں کا مونہہ ہو یا ہم جیسے جو بکے ہیں۔ محفل میں کوئی ایک بھی ہو اور
اس کو یہ مقام حاصل ہے تو پھر وہ خطاب کر سکتا ہے سارے اٹھ کر کہیں الصلوٰۃ
والسلام علیک یا رسول اللہ یہ جو درود و سلام اٹھ کر پڑھا جاتا ہے یہ ایک صفت
التفات ہے۔ قرآن مجید سورہ الحمد کے عین مطابق ہے۔ جیسے فرمایا الحمد للہ رب العلمین
الرحمٰن الرحیم مالک یوم الدین۔ یہ سارے اسمائے ظواہر غیب آئے۔ انتہائی ہو گئی
امتیاز کی تو رغبت ہو گئی حضوری کا ایاک نعبد ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں یہ
خطاب آیا ہے۔ رب کی ذات پاک ذات ہے۔ امتیاز ایسا ہو کہ گویا کہ بندہ رب کو
دیکھ رہا ہے۔ واعبد ربک کانک تراہ۔ یہ چیزیں ہوتی ہیں۔ بالحضور آ گئے۔ بیک حضور

آ نہیں سکتے۔ اصل میں یہ التفات ہے۔ یہ مقام اگر محفل میں کسی ایک کو بھی حاصل ہو تو وہ خطاب کرے گا یہ صنعت التفات ہوتی ہے۔ ربنا لک الحقیقۃ حقا۔ عام لوگوں کے لیے یہ ہوتا ہے کہ ذکر کی تعظیم ہے یعنی حضور کے ذکر کی تعظیم ہے تو خدا کا ذکر کرو کھڑے ہو کر کرو بیٹھ کر کرو۔ خدا کے ذکر کی تعظیم کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم کے لیے کھڑے ہے۔ اس لیے لکھا صریح ہوتا ہے یذکرون اللہ قیاما وقعودا۔ اللہ تعالیٰ کے بندے اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہیں کھڑے ہو کر بھی کرتے ہیں تو بیٹھ کر بھی کرتے ہیں ان کو کوئی چھٹی نہیں ہوتی ہے یہ غلط ہے ایسی باتیں کرتے ہیں جو واقعے کے مناسب نہیں ہے ربنا لک الحقیقۃ حقا۔ یہ وحدت الوجود کی طرف اشارہ کیا ہے وحدت الوجود والے کہتے ہیں وجود ایک ہے موجود متعدد ہیں وہ یہ نہیں کہتے کہ موجود بھی ایک ہے۔ وجود ایک ہے موجود تو متعدد ہے۔ آپ بھی موجود ہے زمین آسمان خلائق میں موجود ہیں۔ وجود ایک ہے باقی جتنے موجودات ہیں ان کا وجود اپنا نہیں ہے اللہ تعالیٰ کے وجود کی نسبت سے وہ قائم ہوا ہے نسبت ہٹ جائے تو فنا کوئی شئی نہیں۔ اور یہ بالکل حقیقت ہے۔ جیسے دیکھو پانی کے پیالے رکھے۔ اور سورج کی دھوپ لگی تو پھر وہ پانی گرم ہو گیا۔ عرب لوگ محاورہ میں بولتے ہیں السماء مشمسۃ۔ مشمس کا جو حمل ہو رہا ہے ماء پر اس سے نہیں ہے کہ شمس نے حلول کیا ہے یا شمس جو مشمس کا مبداء ہے وہ پانی کے ساتھ قائم ہو گیا ہے۔ مشمس کا حمل اس پہ ہو رہا ہے پانی کے ساتھ نہ شمس قائم ہے نہ شمس نے اس کے اندر حلول کیا ہے بلکہ اس کی نسبت ہے شمس کی نسبت پانی طرف ہوئی تو اسے مشمس کہہ رہے ہیں۔ جتنے موجودات ہیں ان پر وجود کا حمل ہو رہا ہے۔ یہ نہیں ہے کہ ان کے ساتھ ہے بلکہ ان کا وجود اپنا نہیں ہے۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کے وجود سے ہے؟ السماء مشمس۔ یہ ایک نسبت ہے شمس کی ہوتی پانی کی طرف۔ اسی طرح اللہ رب العزت کے وجود حقیقی کی نسبت سے ہم موجود ہیں۔ وحدت الوجود یہ ہے کہ ہمارا اپنا وجود ہے ہی نہیں۔ اس کے وجود کی نسبت سے ہم موجود ہیں بالمجاز اور جو وحدت الشہود والے ہیں وہ کہتے ہیں کہ واجب الوجود کا اپنا وجود ہے۔ جو اس کی ذات کے ساتھ قائم ہے۔ ممکنات کا اپنا وجود ہے ممکن۔ جو اس کی ذات کے ساتھ قائم ہے وحدت الوجود والے کہتے ہیں کہ وجود حقیقی صرف اللہ تعالیٰ کا ہے۔ اس نے وحدت الوجود کی طرف اشارہ کیا ہے۔ کل شیء ھالک الا وجھہ آلایۃ۔ ہم موجود ہوتے بھی اس وقت

لیس الموجود الا اللہ ۔ یہ موجود ہوتے نہیں ہیں ۔ جو بھی اللہ تعالیٰ کے ماسوا ممکن ہے
حد ذاتہ ھالک ہے ۔ اور یہ لیکن مجاز ہے ۔ ولله الامر تحقیقا خطبوں میں اپنے عقائد
بیان کیے جاتے ہیں۔ یعنی امر تیرا ہے تو ہی مالک ہے ہر شئی کا ۔ باقی آمر ہیں جو ماسوا
اللہ تعالیٰ کے ہیں وہ آمر ہیں لیکن اللہ تعالیٰ کی عطا ہے ۔ مالک ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ کی عطا ہے۔
اللہ تعالیٰ ہی حاکم ہے ۔ اللہ تعالیٰ کا امر تحقیقی ہے ۔ باقی جو اولی الامر بادشاہ ہیں وہ امر نہی
کرتے ہیں لیکن حقیقی آمر ناہی نہیں ہوتے ۔ اللہ تعالیٰ کی اجازت ہے اور اس کی عطا ہے
ہے اور دوسرے بشر ہی امر حقیقۃً وکلٌ مجازٌ اس کو مجازٌ پڑھنا ہے ۔ اور یہ ایک
مجاز ہے یعنی بشر کا اجازت اور نیابت سے ہیں یعنی آمر اور ناہی بنتے ہیں وہ
بعض میں مالک ہوتے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ تمام ممکنات کا مالک ہے ۔ سب فنا ہیں اس کی
طرف لوٹ جانا ہے ۔ اعنّۃ المبادی بیدیک ۔ مبادی کی باگ ۔ مبادی کی باگیں
اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے ۔ مبادی کو ان چیزوں کے ساتھ تشبیہ دی ہے جن کی باگیں ہوں تو
ذکر ہے مبادی کا مشبہ کا اور انتقال ہے مشبہ بہ کی طرف سواریاں کی باگیں ہوں ۔ ان
کو باگیں لازم ہیں ۔ استعارہ مکنیہ باگوں میں ہے تخییلیہ اور ہاتھوں میں یکرنا ترشیحیہ ہے
ونواصی المقاصد مفوضۃ الیک ۔ مقاصد کے نواصی بشر کی طرف مفوّض ہیں
یہاں پر بھی استعارہ ہے مقاصد کو تشبیہ دی گئی ~~گھوڑوں کے ساتھ~~ انسان کے ساتھ جن
کا ماتھا ہے ۔ ذکر مقاصد مشبہ کا ہے انتقال ہے مشبہ بہ کی طرف ۔ مشبہ بہ کا ذکر نہیں
مشبہ کا ذکر ہے تو مشبہ بہ کے لوازمات کا ذکر اور مناسبات کا ذکر ضروری ہوتا ہے تاکہ
پتا چلے ہم نے فلاں شئی کے ساتھ تشبیہ دی ہے ۔ انتقال ذہن کرے گا ۔ ذہن منتقل
ہو مشبہ بہ کی طرف قرار دیں ۔ نواصی یہ مشبہ بہ کے لوازمات ہیں ۔ مقاصد مشبہ ۔ انسان
مشبہ بہ ہے اور مقصود ہی مخلوق ہے ۔

اب یہ سمجھو کہ ماتن مصنف جب ماتن متن لکھتا ہے تو خطبہ میں اپنے عقائد بیان کرتا
ہے ۔ اہل سنت اور معتزلہ کے درمیان ۔ مبادی دلائل ہوتے ہیں ۔ صغریٰ کبریٰ جو مقدمات نتیجہ
ان کی ترتیب نظر فکر ۔ معتزلی کہتے ہیں کہ یہ بندہ خود کرتا ہے ۔ تو نتیجہ کا فیضان اللہ تعالیٰ پر
واجب ہے ۔ اہل سنت کا مذہب یہ ہے کہ صغریٰ کبریٰ ترتیب یعنی مبادی کا فیضان
بھی اللہ تعالیٰ کرتا ہے اس لیے کہ مبادی کی باگیں اس کے قبضہ قدرت میں ہے چاہے تو

> عسہ یعنی گھوڑوں کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے ۔ مبادی مقاصد تک پہنچنے کا ذریعہ ہیں جو کہ منزل مقصود تک پہنچاتے ہیں ۔

عطا کر دے چاہیے تو فیضان نہ کرے۔ یہ ان کا رد ہو گیا: دوسرا انہوں نے کہا کہ نتیجے کے فیضان
میں اللہ تعالیٰ مضطر ہے۔ صغریٰ بھی آ جائے کبریٰ بھی آ جائے تو نتیجے کا فیضان
لازماً آئے گا وہ اللہ تعالیٰ کو نتیجے کے فیضان میں مضطر مانتے ہیں اس نے کہا
نفاحی المقاصد۔ مقاصد ہے نتائج۔ اسکے نتیجے کا فیضان بھی اسی کے اختیار
میں ہے۔ صغریٰ آگیا کبریٰ آگیا نتیجے کا فیضان چاہیے تو کرے نہ چاہیے تو نہ کرے
بندے نے صغریٰ کبریٰ سب کچھ جوڑا ہے ساری شرطیں پائی گئیں لیکن نتیجے کا فیضان
اس کے ہاتھ میں ہے یہ اہل سنت کا مذہب ہے۔

عن فیضے قدرت ۱۲

ترجمہ: اور باگیں مبادی کی تیرے ہاتھ میں ہیں اور مآلِ مقاصد کے تفویض کیے گئے طرف تیرے
جب مبادی کی باگیں اسی کے قبضہ قدرت میں اور مقاصد بھی اس کے قبضہ میں ہیں تو بھی
مستعان بھی وہی ہے۔ انت المستعان یہ توحید ہے۔ پھر استعانت قدرت طلب
کیا ہوا۔ پیچھے جو امور کے تو یہی ہے۔ پس تو ہی مدد طلب کیا ہوا ہے۔ مدد بھی معنی
آیا تھا اختلاف ہو گیا۔ قرآن مجید وایاک نستعین استعانت کا معنی مدد کیا تو
اختلاف ہو گیا مناظرے ہوتے تھے جھگڑے شروع ہو گئے انہوں نے کہا یہ شرک ہے یہ شرک ہے
استعانت کا معنی ہوتا ہے طلب اعانت۔ یہ طلب عون ہے طلب عون یہ ہے کہ شرکت
فی الفعل۔ استعانت میں شرکت فی الفعل حقیقی معنی ہے تو جو کسی سے مدد طلب کرے گا کسی کام
وہ تیرے ساتھ اس فعل میں شریک ہوگا۔ ایک جانب سے تو شروع کرے گا دوسری
جانب سے وہ شروع کرے گا تیرے شرکت آ جائے گی۔ استعانت کا یہ معنی اللہ تعالیٰ میں
محال ہے جیسے تیرے سر پر بوجھ رکھنا تھا تو نے اس کو ~~بلایا~~ بلایا۔ ایک جانب سے تو نے
پکڑا دوسری جانب سے اس نے تو تیرے سر پر بوجھ رکھا دیا گیا: اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرے
اس طرح شرکت فی الفعل۔ ایک جانب سے بندہ اور دوسری جانب سے اللہ تعالیٰ یہ
معنی کیا ہو سکتا ہے اللہ تعالیٰ کے ذات میں۔ یہ محال ہے پھر استعارہ کیا گیا ذکر
ہے استعانت کا مراد ہے طلب اقدار علی الفعل۔ اللہ تعالیٰ سے قدرت طلب کرتے ہیں
کہ اللہ تعالیٰ قدرت دے تاکہ ہم اچھے کام کر سکیں یہ معنی ہے۔ وہ قدرت
طلب کیا ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے ہم قدرت طلب کرتے ہیں۔ قدرت اسی میں
منحصر ہوتی ہے۔ قدرت اللہ تعالیٰ دیتا ہے اور ہم قدرت طلب ہی کرتے۔

جو اور سے مدد طلب ہوتی ہے قدرت طلب لیکن ہوتی ہے ۱۲

یہ معنی استعانت کا خفری حاشیہ علی ابن عقیل میں استعین بالله کے تحت ذکر کیا ہے۔
پھر یہ ہوتا ہے جب الله تعالیٰ بندے کو قدرت دیتا ہے بندے کی قدرت۔ قدرت کاسبہ ہوتی
ہے۔ بندہ کسب کرتا ہے تو الله تعالیٰ کی قدرت خالقہ ہوتی ہے۔ فعل کا وجود دو قدرتوں
کے درمیان آتا ہے۔ لہذا وہ جو لغوی معنی ہے شرکت فی الفعل۔ شرکت فی الفعل
تو یہاں پر حاصل ہے تو دو قدرتوں کے درمیان میں جو فعل آتا ہے تو اس معنی کے
ساتھ مناسبت ہوتی ہے۔ ترجمہ: پس تو یہی قدرت طلب کیا ہوا ہے۔ اس طرح کیوں
نہیں۔ ایاک نعبد وایاک نستمد کیوں نہیں کہا۔ الله تعالیٰ نے ایاک نستعین کہا۔ مدد بھی
مادہ ذکر نہیں کیا۔ استعانت ذکر فرمائی ہے ایاک نستعین۔ اگر مدد بھی معنی ہوتے تو
مدد کا مادہ موجود ہے عربی لفظ ہے تو پھر فرمایا جاتا وایاک نستمد۔ اور مجھ
ہی سے مدد مانگیں اور غیر سے نہیں مانگیں۔ تو یہ حصر ہو جاتا۔ لیکن نستمد نہیں فرمایا
بلکہ قاضیہ سنجھ بھی باقی رہتا مدد والا مادہ بھی موجود ہے عربی لفظ ہے۔ ترجمے
استاذ فرماتے تھے جتنے مترجمین نے مدد والا معنی کیا ہے کسی نے بھی صحیح معنی نہیں کیا۔
اور مجھ ہی سے قدرت طلب کرتے ہیں۔ اعلیٰ حضرت نے بھی مدد بھی معنی کیا ہے۔ استاذ
فرماتے تھے جنہوں نے بھی مدد بھی معنی کیا ہے کسی نے بھی صحیح معنی نہیں کیا۔ مدد
والا معنی آ گیا تو جھگڑے اٹھ گئے۔ الله تعالیٰ نے تو وہ مادہ ہی استعمال نہیں کیا۔
ایاک نستعین فرمایا ہے اور نستمد نہیں فرمایا کیا وجہ ہے کوئی بیان کر سکتا ہے؟
تو ترجمہ درست کر رہے ہیں۔ وعلیک التکلان اور اوپر بھروسہ ہی تکلان ہے یعنی
توکل ہے۔ یہ نتیجہ ہے۔ جب سب مبادی کی باگیں مقاصد کے ساتھ اسی کے قبضہ قدرت
میں ہیں اسی سے مستعان ہے اور اسی پر توکل ہے۔

مسلم الثبوت ص۱ سبق نمبر: ۲۔

والصلوٰۃ والسلام علی سید نا اکرم۔ ترجمہ: اور صلوۃ اور سلام نازل ہوں اور پر سردار پیارے
محمد صلی الله علیہ وسلم کے جو منتہی ہیں واسطے مخلوق کے ساتھ طریقے اتم کے وسط کے۔ والصلوۃ
والسلام۔ یہ جملہ ہے اور واؤ عاطفہ ہے اس کا عطف پہلے جملے پر ہے۔ پہلا جملہ الحمد
لله۔ وہ جملہ ہے الله تعالیٰ کی حمد کی اور اب نبی کریم صلی الله علیہ وسلم پر مصنف درود و
سلام پیش کرتا ہے۔ درود اور سلام بھی ساتھ ہے۔ یہ سوال کرتے ہیں یہ کہاں ہے

علم اصول فقہ کی۔ اس میں کوئی اصول فقہ کا مسئلہ شروع کرتا۔ انہوں نے پہلے حمد کی پھر درود
وسلام پڑھا۔ اس کی وجہ بیان کرتا ہے۔ دو وجہیں ہیں: ایک علت مصححہ کے ساتھ
کہ تصنیف کا ایسا افتتاح بھی صحیح ہے۔ علت مصححہ ہوتی ہے کہ ایسا کرنا بھی صحیح ہے
دوسرا کوئی باعث پوچھتا ہے یعنی۔ باعث بیان کرتے ہیں۔ علت مرجحہ باعثہ
جو کتاب لکھتا ہے کسی علم میں وہ عالم ہوتا ہے۔ علم اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے۔ اللہ تعالیٰ
نے عطا کیا ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطہ سے۔ اللہ تعالیٰ بھی منعم ہوا نبی
پاک صلی اللہ علیہ وسلم بھی منعم ہوتے۔ منعم کا شکریہ ادا کرنا واجب ہوتا ہے
منعم کی شان کے لائق۔ اللہ تعالیٰ چونکہ مستغنی ہے ہر شئی سے۔ تو اس کی
شان کے لائق شکریہ حمد ہے تو پہلے حمد کی ہے اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکریہ
ہے۔ علم والی نعمت کا شکریہ ادا کیا۔ اور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم بھی منعم ہیں
آپ چونکہ اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں۔ تو آل اور اصحاب بھی ہمارے لیے
منعم ہیں کیونکہ دین جو کہ علم ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم
کے واسطے سے پھر آل اور اصحاب کے واسطے سے ہم تک پہنچا ہے تو وہ بھی
ہمارے منعم ہوتے۔ محسن ہوتے۔ ان کے لیے بھی دعا کی۔ والصلوۃ والسلام۔
دوسرا اس میں صلوۃ کا ذکر بھی کیا اور سلام کا بھی۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں
امر فرمایا صلوا علیہ وسلموا تسلیما۔ ایک صلوا صلاۃ کا امر ہے دوسرا سلموا
سلام کا امر ہے۔ تو امتثال بھی ایسا ہو جس میں دونوں کا ذکر آ جائے۔
ایسا درود جس میں صلاۃ کا مادہ بھی ہوتے سلام کا مادہ بھی ہو یہ افضل
تے اولیٰ ہے۔ اس نے پورا امتثال کیا۔ صلوا علیہ وسلموا۔ صلوا والصلوۃ
سلموا والسلام تاکہ جس طرح امر ہے امتثال بھی ویسا ہو جائے۔ اور
بہت سارے درود ہوں ہیں جن میں صلاۃ کا ذکر ہوتا ہے سلام کا ذکر نہیں
کرتے تو وہاں یہ ہوتا ہے کہ صلوۃ کے اندر سلام بھی آ گیا۔ مطلب یہ ہے کہ
وہ جائز ہے اور صلوۃ کی اہمیت کا بیان ہوتا ہے۔ اور امر ترغیبی بھی
ہے ان اللہ وملائکتہ یصلون علی النبی۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے خاص
نبی پر صلوۃ بھیجتے ہیں۔ تو اس سے ترغیب مل گئی جب اللہ تعالیٰ اور اس

کے فرشتے. صلوٰۃ بھیجتے ہیں تو ہمیں بھی صلوٰۃ بھیجنی چاہیے۔ یہ صلوٰۃ کا امر ترغیبی
ہے ضمن میں. اور آگے صریح ہے. صلوٰۃ کی اہمیت ہے اس لیے صلوٰۃ کو ذکر کر دیتے
ہیں. لیکن وہ درود افضل ہوگا جس میں دونوں مادے ہوں. درود ابراہیمی سے
سوال ہوتا ہے اس کا یہی جواب دیا جاتا ہے. یہ نماز کے اندر ہے اس کی تعلیم نماز کے
اندر آئی ہے کہ نماز میں سلام بھی ہے کہ صلوٰۃ بھی ہے۔

ترجمہ. اور صلوٰۃ اور سلام نازل ہوں اوپر سردار ہمارے (سیدنا محمد مصطفیٰ) بیان
ہے. سیادت بھی مقصود ہے کہ آپ کا اسم شریف بھی مقصود ہے اور آگے صفتیں بیان
کامل کرنے والے واسطے حکمتوں کے (حِکَمْ جمع ہے حکمت کی. حکمت میں ہی ہو صفتیں ہیں
اس کی تعریف کی. حکمت کیا ہے؟ ایک علم ہے اعیان موجودات کا علی ما ہی علیہ جیسا کہ
وہ نفس الامر میں ہیں اور بشری طاقت کے مطابق یہ حکمت ہے. تو موجودات کا
علم جو اللہ تعالیٰ نے موجودات کو پیدا کیا. تو ان سے ساتھ تعلق طاقت بشری کے مطابق
جیسے احوال کا علم طاقت بشری کے مطابق ہو. حکمت کے دو قسم ہیں حکمت نظریہ اور حکمت
عملیہ. حکمت نظریہ اعتقادات ہیں. معتقدات جو عقائد ہیں یہ حکمت نظریہ ہیں
اور دوسرا ہے حکمت عملیہ. اعمال صالحہ. حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان حکمتوں کے متمم ہیں
حکمت نظریہ کے بھی اور حکمت عملیہ کے بھی) ساتھ طریق وسطے (جس میں نہ
افراط ہو نہ تفریط ہو. یہ اشارہ اس طرف ہے بعثت لاتمم مکارم الاخلاق الحدیث
تم تو بیٹھے بیٹھے ہوئے ہو ہم تو ٹھیک نہیں ہوتا. گھٹنوں پر بیٹھ جاؤ
گھٹنے سے بیٹھ جاؤ. چلو جی. استغفر اللہ۔ متمم واسطے حکمتوں کے (یہ سمجھنے والی
دلچسپ بات ہے. تمام انبیاء علیہم السلام کو حکمتیں دی گئی ہیں لیکن وہ تام نہیں
ہیں. حضرت موسیٰ علیہ السلام، عیسیٰ علیہ السلام جتنے اللہ تعالیٰ کے نبی ——— حضور
صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں بعثت لاتمم مکارم الاخلاق. تو آپ متمم تھے. میں بھیجا گیا ہوں
تاکہ اخلاق کی ان حکمتوں کو تام کروں۔ موسیٰ علیہ السلام کی قوم عیسیٰ علیہ السلام
کی قوم ان میں کچھ افراط تفریط تھا. عقل کافی نہیں ہے. عشق محض بھی
کچھ نہیں ہے. عقل محض بھی کچھ نہیں ہے. لیکن کفایت نہیں ہے اللہ تعالیٰ
کے نبی آئے. انہوں نے حکمتوں کو کامل کیا. پہلے نبیوں کے دور میں وہ حکمتیں.

عسہ استاد صاحب چارپائی پر بیٹھ کر پڑھا رہے تھے پھر طلبہ فرش پر بیٹھے تھے۔ پھر استاد صاحب نے فرش پر بیٹھ کر ... ایک پر نہ بیٹھے ... فرش پر ... ان میں سے ... استاد صاحب جب ریٹائر ہوئے ... طہارت ... تو ... استاد صاحب بھی ... انہوں نے آخر ... ۱۲

تمام بینیں تھیں۔ بعض امتوں میں افراط تھا بعض میں تفریط تھی حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت وسط ہے۔ وکذالک جعلناکم امۃ وسطا الآیۃ۔ یعنی بالطریق الامم یعنی وسط طریق جس میں نہ افراط نہ تفریط ہے۔ ایک صفت ہوگی کہ آپ حکموں کے متمم ہوگئے۔ والمبعوث یہ صفت ہے۔ ایسے محمد جو مبعوث ہیں۔ بھیجے ہوئے ہیں ساتھ جوامع الکلم کے۔ یعنی کلمات تھوڑے ہیں معانی بہت ہیں۔ ای الکلم الجامعۃ یعنی صفت کی اضافت ہے موصوف کی طرف۔ کلمات تھوڑے ہیں لیکن اس میں علوم بہت ہیں حتیٰ کہ ائمہ ~~حدیث~~ مجتہدین نے ایک حدیث سے بہت سارے مسائل مستنبط کیے۔

ترجمہ: متمم ہے واسطے حکموں کے بطریق وسط اور بھیجے ہوئے ہیں ساتھ جوامع الکلم کے (یعنی ایسے کلمات جو جامع ہیں) طرف اضخام (یہ ضخم کی جمع ہے) اضخم کے اضخام۔ بعض نے اضخام سمجھا ہے یہ ٹھیک نہیں ہوگا کیوں اس صورت میں لام ہونا چاہیے تھا لاضخام الاضخم۔ الی نہیں ہونا چاہیے تھا۔ طرف اضخام امتوں کے۔ وعلی آلہ اس کا عطف علی سیدنا اور پر ہے پچھلی عبارت کے ساتھ گئی ہے۔ صلوٰۃ اور سلام نازل ہوں اوپر آل آپ کے اور اصحاب آپ کے۔ وہ آل اور اصحاب (دونوں کی صفت ہے) جو وہ ادلہ ہیں عقول کی (وہ دلیلیں ہیں عقول کی یعنی اہل عقول کی دلیلیں ہیں دلیل موصل ہوتی ہے) ~~خاصۃ~~ خصوصاً چار اصول۔ اوپر نازل ہوں آل اور اصحاب کے خصوصاً چار اصول۔ آل کے چار اصول علی، حسنین اور حضرت فاطمۃ الزہرا۔ اور اصحاب کے چار اصول یعنی خلفائے اربعہ راشدین۔ یہ اعلیٰ طریق المشہور ہے۔ ورنہ پانچ ہیں۔ خلافت راشدہ متصلہ تیس سال تک تھی۔ حضرت امام حسن مجتبیٰ بھی ہے لیکن مشہور چار ہیں۔ چار مشہور اس لیے کہ آپ کی خلافت چھ مہینے ہوئی تھوڑی تھی اس لیے۔ تو مشہور ہوگئے مصداق چار۔ ہم ادلۃ العقول مصداق اصحاب کرام بھی ھادی ہوتے کیونکہ دلیل موصل ہوتی ہے۔ منطقی اصطلاح میں موصل الی التصدیق اور دوسرا ہوگا موصل الی المطلوب۔ آل اور اصحاب یہ ادلہ ہیں عقول کے۔ اہل عقول کو مقاصد تک پہنچاتے ہیں رہنمائی کرتے ہیں سیما کا اس کے ساتھ تعلق ہو۔ ادلہ تو سارے ہیں خصوصاً چار ادلہ۔ چار اصول ہوئے یعنی خلفائے راشدین۔ چار اس لئے کہا کہ مشہور ہیں بتحقیق پانچ ہیں۔

سیما کا معنی خصوصاً۔

لہ سیما کا تعلق یا تو آل کے ساتھ ہے جیسا کہ استاد صاحب نے پہلا معنی کیا یا اصحاب کے ساتھ ہے جیسا کہ دوسرا معنی کیا یا ہم ادلۃ العقول کے ساتھ تعلق ہے جیسا کہ آخری معنی کیا۔ فافہم محمد نعیم عباسی عفی عنہ

اما بعد فیقول۔ اس میں کلمۂ کی ترکیب۔ یہ اسم ہے لازم الاضافت۔ مضاف الیہ
میں اس کے دو حال ہیں کبھی مذکور ہوتا ہے تو کبھی محذوف۔ محذوف ہو تو دو حال
نسیاً منسیاً یا ارادے میں ہوتا ہے۔ اگر محذوف ہو نسیاً منسیاً تو معرب منصوب
ہوتا ہے اگر مذکور ہو تو پھر منصوب یا معرب ہوتا ہے۔ اور اگر ارادے میں ہو لیکن حذف کیا
تو مبنی علی الضم ہوتا ہے جیسے اما بعدُ۔ اب یہاں اما بعدُ پڑھیں گے۔ مضاف الیہ
محذوف ہے لیکن ارادے میں ہے مذکور تو ہے نہیں اور نسیاً منسیاً اگر ہوتا تو اما
بعداً ہوتا۔ صورت خطی اس کی تائید نہیں کرتی۔ معلوم ہوا کہ اما بعدُ ہے
تو مضاف الیہ نیت میں ہے وجہ یہ کہ جب پڑھتے ہیں تو تصور آ جاتا ہے
اما بعد الحمد و الصلوٰۃ۔ پھر اصل میں عبارت تھا مهما یکن من شئ تھی اگر کوئی
چیز ہے دنیا جہاں میں تو یہ کہتا ہے فیقول الشکور الصبور محب اللہ نے کہا ہے۔ پھر
مهما یکن من شئ کو حذف کر دیا۔ تو اما کو اس کی جگہ رکھ دیا۔ جب اس کی جگہ پہ
آ گئی اور اتنی بڑی لمبی عبارت محذوف ہو گئی مهما معنی ہے یکن من شئ کے
فعل شرط بھی ہے۔ مهما اسم ہے تو مبتدا اسمیت اس کو لازم ہے۔ بعدُ اما کے
بعد اس لیے رکھتے ہیں تا کہ دلالت کرے کہ یہاں مهما محذوف ہے بعد بھی
اسم ہے۔ یکن من شئ فعل شرط ہے اس کو جزا لازم ہوتی ہے وہ تو
حذف ہو گئی تو اس پر قرینہ ٹھہرایا فیقول۔ فا دی ہے یہ دلالت
کرتی ہے کہ یہاں فعل شرط محذوف ہے۔ بعد اسم ہے اور دلالت کر رہا
ہے کہ مهما ہے۔ مهما یکن من شئ فیقول اس طرح تھا۔ ساری عبارت
کو حذف کر کے اما اس کی جگہ رکھ دیا۔ مهما اسم ہے مبتدا اسمیت اس کو لازم ہے
بعد کو اس کے لیے قرینہ بنایا۔ تو فا یکن من شئ کے: فا دلالت
کرتی ہے کہ یہاں فعل شرط محذوف ہے۔

ترجمہ: بہر حال بعد ~~[illegible]~~ حمد و صلوٰۃ کے۔

اللہ تعالیٰ کی لکھائی۔ (شاید یہ دعا استاذ صاحب نے اپنے لیے مانگی ہے۔ آمین ثم آمین)۔

مسلم الثبوت صفحہ سبق: ۳

فیقول الشکور الخ ـــــ یہ محسنات بدیعیہ سے ہے ۔ رعایۃ سجع کی۔ اور اس نے تجنیس بھی کی ہے الشکور لے کر آگے بھی آرہا ہے الشکور۔ ثانی الشکور کی نون یہ تجنیس ہے تجنیس میں یہ ہوتا ہے کہ لفظ ایک جیسا ہے تو معنی اپنا اپنا معنی ہے ۔ الشکور یہ سجع ہو گیا پس کیا ہے شکر کرنے والا جیسا عبد اللہ ایسا عبد اللہ جو بیٹا ہے عبد الشکور کا ۔ الشکور یہ اللہ تعالیٰ کا اسم ہے صفاتی اسم ہے۔ اس کے تین معنی کر سکتے ہیں۔ ایک معنی ہے شکر کی جزاء دینے والا۔ (فائدہ) بندے شکر گزاری کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ شکر کی جزا عطا فرماتا ہے ۔ یہ معنی اس صورت میں ہوگا کہ شکر کی جزا کو بھی شکر کہا جائے۔ جیسے برائی کی جزا کو سیئہ کہا گیا ۔ جزاء السیئۃ سیئۃ مثلھا۔ دوسرا معنی : تھوڑے عمل پر بہت زیادہ جزا دینے والا۔ بندے عمل تھوڑا کرتے ہیں اللہ تعالیٰ جزا زیادہ دیتا ہے ۔ عمل کرتے ہیں مختصر مدت ہے حیات۔ حیات مختصر مدت ہے اس میں عمل کرتے ہیں۔ جزا اللہ تعالیٰ نے جنت ہمیشہ ہمیشہ کی دی ہے ۔ اللہ تعالیٰ شکور ہے بندے کو جزا دیتا ہے دائمی تھوڑے عمل پر ۔ یہ دوسرا معنی ہے۔ اور تیسرا معنی ۔بندہ نیک عمل کرے ۔ تو اللہ تعالیٰ اس کی ثناء فرماتا ہے تعریف اللہ تعالیٰ کرتا ہے ۔ اللہ تعالیٰ شکر گزار ہے ۔ شاکر ہے۔ بندے نے عمل کیا حالانکہ اس کے عمل میں غرض ہیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا اطاعت ثواب کی نیت۔ ثناء اللہ تعالیٰ کرتا ہے۔ یہ شکور کا تیسرا معنی ہے۔ پہلے دو معنی اور تیسرے میں فرق : پہلے دونوں معنی صفات فعلیہ سے ہوگا۔ شکور اسم ہے صفت کا۔ یہ صفت فعلیہ ہوگی۔ تیسرا معنی ثنا کرنے والا یہ صفت کلامیہ ہوگی۔ یہ فرق آگیا ـــ

متنفعۃ اللہ تعالیٰ اکر دعا دیتا ہے۔ پہنچائے اس کو اللہ تعالیٰ طرف ذروۃ الکمال یعنی کمال کی ذروۃ چوٹی: یعنی چوٹی کمال کے ۔ عروقاۃ ۔ اور چڑھائے اس کو مقامات اس کو ۔ گہرائی قال سے طرف بلندی حال کے ۔ ایک قال ہے۔ ظاہری عمل قال۔ حال باطنی حالت ہے مطلب یہ ہے کہ قال کی حضیض سے حال کی چوٹی پر لے جا۔ یعنی حضیض سے قلہ تک جاتا ہے ۔ اشارہ ہے حال کے لیے قال ہے ضروری۔ حال بغیر قال کے نہیں ہوتا۔ کیونکہ دونوں آپس میں حضیض اور قلہ ہے ۔ قال کے بغیر حال حاصل نہیں ہوتا۔ لیکن اکثر قال میں ہوتا ہے حال کی خبر ہی نہ ہو ۔ یہ کمی ہے۔ اس کمی سے اللہ تعالیٰ نکالے۔ (شاید یہ دعا استاذ صاحب نے اپنے لیے مانگی ہے۔ آمین ثم آمین) ۔

عہ یعنی شکر کرنا ۱۲

عہ ... پر لفظ شکر کے ہیں۔

عہ حضیض کا معنی گہرائی اور قلہ کا معنی بلندی ۱۲

"إنّ السعادة باستكمال النفس والمادة الخ" یہ بیان کرنے کے بعد فرمایا۔ "إنّ السعادة" ۔ کہ
بندے کو سعادت حاصل ہوتی ہے ـــ سعادت تب ـــ ؟ ۔ یہ کیا بیان کرنے لگا ہے؟
اب یہاں سے وجہ تالیف بیان کرنے لگا ہے۔ وجہ تالیف جو ہوتی ہے مصنف جو بھی تصنیف کرتا
ہے ایک ہوتا ہے کہ ماتن ہوتا ہے کسی فن میں متن لکھا۔ دوسرا ہوتا ہے کہ کسی متن کا شارح ہے
ماتن بھی فن کی تعریف کرتا ہے۔ اس پر سوال ہوتا ہے۔ فن تو اور بھی تھے تو اس فن میں کتاب
کیوں لکھی۔ تو وہ اس فن کی تعریف کرتا ہے۔ وجوب کے درجے تک پہنچاتا ہے۔ شارح
وہ دو تعریفیں کرتا ہے ایک فن کی اور دوسری اس متن کی۔ اس پر بھی سوال ہوتا ہے
متون تو اس فن کے اور بھی تھے تو اس متن کو خاص کیوں لیا۔ تو وہ فن کی بھی تعریف
کرتا ہے اور متن کی بھی تعریف کرتا ہے۔ اب یہ ہے متن۔ تو اس کی ایک ہی وجہ تالیف
ہوگی۔ کہ فن کی تعریف کرے گا۔ تعریف ایسی طرز سے چونکہ منطقی آدمی ہے۔ منطقی طرز
ہوگی دیکھو۔ تو کہتا ہے کہ سعادت۔ اس کا معنی ہے نیک بختی۔ سعادت تب حاصل
ہوتی ہے کہ روح اور بدن کامل ہو جائیں۔ روح بھی کامل ہو جائے تو بدن بھی کامل
ہو جائے۔ نفس ہے روح اور مادہ ہے بدن۔ نفس اور بدن کا کمال تب آتا ہے کہ
عقیدہ بھی صحیح ہو اور اعمال بھی اچھے ہوں۔ نتیجہ کیا آیا: سعادت تب حاصل
ہوتی ہے عقیدہ بھی صحیح ہو اور اعمال صالحہ بھی ہوں۔ اب فرماتے ہیں عقیدہ کی صحت
اور اعمال صالحہ یہ تب حاصل ہوتے ہیں کہ تفقہ فی الدین کرے۔ دین میں سمجھ حاصل
کرے۔ حق کے مواضع اور یقین کے مواقف میں تبحر یعنی گہرائی حاصل کرے۔ تو
نتیجہ کیا آیا۔ سعادت تب حاصل ہوگی کہ تفقہ فی الدین حاصل کرے۔ سعادت حاصل
ہوتی ہے روح بھی کامل ہو تو بدن بھی کامل ہو۔ ان کا کمال تب حاصل ہوتا ہے کہ عقیدہ
بھی صحیح ہو اور عمل بھی صحیح ہو۔ عقیدہ صحیح ہو تو روح اور عمل صحیح ہو تو جوارح
بدن صحیح ہوگا۔ نماز پڑھیں تو صحت بھلی چنگی بنتی ہے۔ جو نماز نہیں پڑھتے
ان کے ڈھڈ (پیٹ) بڑے ہو جاتے ہیں۔ یہ تب صحیح ہوں گے کہ دین میں
سمجھ حاصل کرے۔ اور گہرائی حاصل کرے۔ اب بیان کرتے ہیں کہ تفقہ فی الدین تب حاصل
ہوگا کہ مبادی کی تحصیل کرے۔ مبادی ہوتے ہیں جو موقوف علیہ ہیں۔ پھر نتیجہ آیا
سعادت تب حاصل ہوگی کہ مبادی کی تحصیل کرے۔ مقاصد کے مبادی ہیں۔

ان مبادی میں سے ایک ہے علم اصول الاحکام ۔ یعنی اصول فقہ ۔ تو سعادت تب حاصل ہوگی کہ علم اصول فقہ حاصل کرے ۔ متن کی تعریف بھی آگئی ۔ کہ اس متن فن سے سعادت دارین حاصل ہوتا ہے ۔ ہاں جی : یعنی وجہ تالیف بیان کرتا ہے کیونکہ ماتن ہے تو متن جس فن میں ہے اس فن کی تعریف کرے گا تو فرمایا ہیں سعادت مراد سعادت دارین ہے دونوں جہانوں کی سعادت ۔ یہ تب حاصل ہوتی ہے کہ روح بھی کامل ہو نہ بدن بھی کامل ہو ۔ کیونکہ بدن کامل ہوگا تو عبادت کرے گا مجاہدہ کرے گا ۔ نیکی ست ہے تو روح کمال پکڑے گا ۔ روح اور بدن تب کامل ہوگا کہ عقیدہ بھی صحیح ہو اور اعمال بھی صحیح ہوں ۔ تو سعادت تب حاصل ہوگی کہ عقیدہ ٹھیک ہو ۔ ہو عقیدہ اور اعمال تب صحیح ہونگے کہ تفقہ فی الدین یعنی دین کی سمجھ حاصل کرے ۔ سمجھ بھی اس طرح گہرائی حاصل کرے ۔ حق اور یقین کے مواضع میں تبحر حاصل کرے ۔ اب کہتا ہے کہ تبحر اور تفقہ فی الدین تب حاصل ہوگا کہ ان کے جو مبادی ہیں پہلے ان کو حاصل کرے ۔ اب نتیجہ آیا سعادت تب حاصل ہوگی ۔ مبادی کی تحصیل کرے ۔ علم فقہ کے فن کے مبادی ۔ اس کے مبادی کیا ہیں ۔ ۔ ۔ (طالب علم ٹکڑوں میں بیٹھ کر پڑھ رہے تھے ایک پر زیادہ بیٹھ گئے تو اس کی دھوکن ٹوٹ گئی تو استاد صاحب نے فرمایا ۔ دیکھتے (دیکھا) وجد آگیا ہے ۔ جاؤ اپنے کو پیچھے لے آؤ ۔) اس طرف بھی زیادہ بیٹھے ہوتے ہیں ۔ تو وہ ہے علم اصول الاحکام ۔ اتنے تک آگیا ۔

ترجمہ : بے شک سعادت ساتھ استکمال نفس کے اور مادہ کے اور یہ استکمال ساتھ ساتھ تحقق (عقیدہ) کے اور تخلق (اعمال صالحہ) کے ۔ اور وہ دونوں حاصل ہوتے ہیں ساتھ تفقہ فی الدین کے ۔ اور گہرائی حاصل کرنے ساتھ حق مواضع حق اور یقین کے ۔ (مواضع وہ فقہ کے مسائل ہیں ۔) اور چلنا پیچ اس وادی کے جزی نیست کہ حاصل ہوتا ہے ساتھ تحصیل مبادی کے اور ان مبادی سے علم اصول الاحکام ہے ۔

محو من اجل علوم الاسلام ۔ فن کی ایک تعریف آگئی کہ سعادت دارین حاصل ہوتی ہے ۔ اب دوسری تعریف یہ اسلام کے علوم میں سے اجل علم ہے ۔ سب سے اجل ۔ یہ دوسری تعریف ہے ۔

١٢.٥٥ ۔ اب اس پر سوال ہوگیا : ۔ کہ اجل علوم تو تفسیر کا علم ہے علم حدیث ہے علم کلام ہے چوتھا علم فقہ ہے اس سے یہ اجل کیسے ہے اجل تو وہ ہیں تو اس کا جواب من داخل کرکے محو من ، یہ من تبعیضیہ ہے اجل علوم اسلام ایک جملہ ہے یہ پورا جملہ ہے ان میں سے تو اجل جز حقیقی نہیں ہے کہ سب سے اجل بس ایک ہی ہوگا بلکہ جملہ ہے ان جملہ اجل سے یہ بھی ایک اجل ہے ہاں جی ۔ ۔ ۔ ۔ اجل تو ایک ہوتا ہے علوم جمع ہے اجل مضاف

ہے علوم اسلامیہ کی طرف تو اجل ایک ہوگا ناں مطلقاً اجل تو وہ مقاصد میں علم تفسیر ہے قرآن مجید کا علم ہے حدیث کا
علم ہے عقائد میں دوسرا فقہ ہے تو اسکا جواب دیا کہ من بعضیہ ہے اجل العلوم ہے جز کی حقیقی نہیں ہے
یہ کلی ہے اجل یعنی جملہ ہے علوم کا۔ اب تیسری تعریف کرتا ہے یہ ایسا علم ہے جس کی مدح میں خطبے لکھے
گئے اور صنف فی قواعدہ یعنی اسکے قواعد قواعد ہوتے ہیں کہ قانون اصول اس میں کتابیں تصنیف کی گئی
یہ تیسری تعریف ہے۔ وکنت صرفت اب فرماتے ہیں کہ میں نے یہ کتاب کیوں لکھی ناں تو وقت ناشکری کا نہ کرے
میں نے عمر کا بعض حصہ اسکی تحصیل میں صرف کیا اور اپنی نظر اسکی تحقیق میں میں نے اس طرح یعنی فکر
کو سپرد کر دیا کہ میرے اوپر کوئی علم کا کوئی حصہ کوئی حقیقت کوئی مسئلہ میرے اوپر پوشیدہ نہیں رہا
ایسے نہیں کہ ان نے محنتیں کی اور بیاداللہ تعالیٰ محب اللہ صاحب مسلم العلوم کبھی انہوں نے لکھی ہے الی مسلم
والثبوت تو اور کوئی دقیقہ۔ حقیقت کہتے ہیں حقیقت علم کی علم کا مسئلہ ہوتا ہے تو دقیقہ علم کا
اس مسئلے کی دلیل ہوتی ہے کہ میں نے مسائل بھلے اس علم کے مسائل سے کوئی مسئلہ میرے اوپر کوئی پوشیدہ
نہ رہا تو ان مسائل کے دلیلوں سے کوئی دلیل میرے اوپر پوشیدہ نہ رہی۔ ہاں جی ـــ اب اہمیت
بیان کرتا ہے کہ میں نے ایسے سرسری نظر سے نہیں لکھا بس بیٹھ جاتے (جگہ تا) بلکہ میں نے پہلے تو اس
علم کے مطالب کے مسائل کی تحصیل میں عمر کا ایک حصہ صرف کیا وہ معلوم بھی ہوتا ہے کہ میں نے علم معانی
میں بڑا حصہ صرف کیا زندگی لگائی۔ حقیقت سے مراد ہے مسئلہ دقیقہ ہوتا ہے کہ دلیل یعنی مسائل بھی
تفصیل سے جانے کے دلائل بھی تفصیل سے جانے کوئی شئے مخفی نہ رہی کہ ترجمہ۔ لیس وہ علم اصول فقہ
اجل علوم اسلام میں سے ہے تصنیف کی گئی ہے بہیج تعریف اسکی خطبے یعنی اس میں مدح اور ثنا کے میں
خطبے تصنیف کیے گئے اور تصنیف کی گئی بہیج قواعد اسکی کتابیں بڑی کتابیں لکھی گئی ہیں۔ یہ
حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ ہے کہ ملت اسلامیہ کی تدوین۔ اور تھا میں صرف کرتا رہا میں
بعض عمر اپنی طرف تحصیل مطالب اسکے مطالب اس علم کے مقاصد کے مسائل ہیں اور سپرد کیا میں نے
اپنی فکر کو طرف تحقیق مآرب اسکے مآرب کا معنی بھی مطالب ہیں تو تحقیق مطالب کی یہ ہے کہ
مسئلہ کی تحقیق ہوتی ہے دلیل تاں مسئلے کو دلیل کے ساتھ میں نے حاصل کرنا شروع کیا حتی کہ لیس نہیں
پوشیدہ رہا مجھ سے کوئی حقیقت من الحقائق اس علم کی کوئی حقیقت کا کوئی مسئلہ پوشیدہ مجھ
سے نہ رہا ایسے نہیں ہیں کہتے لوگ جو واقع میں ہوتا ہے اسی طرح کہتے ہیں۔ اور نہیں پوشیدہ
رہا اوپر میرے کوئی دقیقہ۔ تو یہ علماء تھے جنہوں نے اتنی محنتیں کیں۔ ثم لا حصر۔ تو ایک
بات کر لی یعنی تعریفیں کر لی میں نے یہ متن کیوں لکھا یہ متن جو ہے اجل علوم اسلامیہ میں سے ہے

اور اسکی بڑی تعریف بھی شاہ بڑا اہم ہے ناں بہت ضروری ہے۔ اب ایک واقعہ کی طرف اشارہ کرتا ہے تم لاہور ما
ایک عظیم اور کہتی تصنیف کیوں کی۔ وکیانو آگئی اسلیے کہ سعادت حاصل ہو کہ جاتے ہیں اسلام کے علوم سے تیرا اہل
علوم لکھا تو میں نے اسلیے تصنیف کیا تم تو کہتا ہے کہ ایک اور بات بھی ہے پہلے جو علماء تھے تو حکومتیں تھیں
آج والی حکومتوں کو بھی کہہ دو پہلے جو حکومتیں تھیں وہ علماء سے کام لیتی تھیں کس طرح؟ تدریس لیتی تھیں
ایک سرحد عالم دین تدریس کرتا تھا تو پھر علماء وہ بادشاہ اسلام کے جیسے صلاح الدین ایوبی ہے
نے اس قسم کے فاتح اسلام کے جو بڑے بڑے۔ اس سے پہلے تو اور۔ تو خلافت کے ادوار کے بعد جو اسلام
کے بادشاہ آئے ناں تو علماء کی تعظیم کرتے تھے خود بھی عالم ہوتے تھے اور علماء کی تعظیم کرتے تھے
اور ان سے کام لیتے جتنا اخلاص سے کام عالم دین کرتا ہے ناں اتنا اور کوئی نہیں کر سکتا میری نسبت
تقوی عقلی دلیل ہے جسکے دل میں دین ہو ایمان ہو ناں وہ جو کام کریگا ناں خدا کی رضا کیلئے کریگا
تو اسکے کام میں سستی بھی آ رہی گی یہاں دنیا دار کا کوئی جھوٹ جیسے آجکل حالات چلے ہوئے ہیں
سب کچھ بھی نہیں ہے کسی قطار میں نہیں ہے یہ دعوی کا ہے تو علماء سے پہلے تدریس کراتے تھے بادشاہ
دیکھو شاہ جہان بادشاہ کا دور میں فتاوی عالمگیری لکھا گیا جو آج اس دور میں اس پر اعتماد
ہو رہا ہے فتوے دیے جا رہے ہیں علامہ عبدالحکیم سیالکوٹی شاہ جہان کی دربار میں ایسا عالم تھا
میر سید بھی وہاں رہا تو شاہ جہان کا دور تھا۔ تو اچھے اچھے کام ہوتے پھر ایک عرصہ تدریس کراتے
پھر ان کو قاضی بناتے عدالت میں سپریم کورٹ کا جج پھر ایک عرصہ بعد ان کو فوج میں جرنل لیتے تھے
اسی لیے میں پہلے سے کہتا ہوں کہ میں کہتا ہوں کہ ہماری فوج میں جو فوجی بھرتی ہوں ان کو کتاب الجہاد
ضروری پہلے ہونا چاہیے کتاب الجہاد سیر جو ہماری کتاب السیر ہے امام محمد نے جو لکھی ہے کتاب السیر
سیر کبیر سیر صغیر ایک کا مطالعہ ہونا چاہیے پہلے سچے عالم دین سے کہ یہ ان کو پڑھائے پھر
امتحان دو اسکو سند ملے عالم دین سے پھر وہ سند دکھا کر کے فوج میں بھرتی ہو۔ پھر ہو گا کہ کیا ہم
نے کرنا ہے تو کیا کرنا ہے اس طرح تو فوجی ہندوستان کے بھی ہیں امریکہ کے بھی ہیں تو صرف اسلحہ
سے نہیں ہوتا اللہ کی مدد ملتی بالکل خدا کی مدد سے ہوتا ہے تو بندے کے اخلاص سے اس
سے صحیح فرصت ہوتی ہے تو یہ علماء میں چیز ہے جب یاد آگئے تو مدارس کے جو سچے علماء کے
شاگرد ہونگے وہ ہی جہاد کرینگے باقی اسطرح کھانے والے تو بیٹھو۔ ششتبہ گلاس جو ہے ناں
شراب کا یہ ہاتھ میں رکھو تے سکندر نال جنگاں دوں نہ آ۔ تیرے واسطے وہی ٹھیک ہے ورنہ کام خراب
ہو جائے گا۔ تے پھر اسکے بعد اس خطے کا گورنر بنا اسطرح علماء کو لگا دیں تاکہ عالم دین

نے کام کرے تو جب آپ کو بھی
جو یہ ان سب امور میں اسکو سمجھ لیتے سب امور میں انکو لیاقت پیدا ہو
قابل کا قاضی مقرر کیا افغانستان سے قابل کے اندر ایک کو قاضی مقرر کیا گیا تو افغانی علماء نے طعنہ مارا
انہوں نے کہا یہ منطقی آدمی ہے اسکو فقہاء کے مسائل سے کیا سروکار یہ فقہ کو کیا جانتا ہے یہ کیا فقہاء
کریگا طعنہ آپ تک پہنچا تو پھر آپ نے اصول فقہ میں یہ کتاب لکھی جب یہ چھپ کے علماء کے پاس
گئی تو دنگ رہ گئے کہ اصول فقہ میں اسکو کتنی دسترس ہے مستقل فن تحریر کیا اسلیے کہا
بسم اللہ الرحمن الرحیم یہ اسکی طرف اشارہ ہے ترجمہ پھر واسطے اسکے امر عظیم کے ارادہ کیا میں نے یہ کہ
تحریر کروں میں بیچ اسکے ایک دفتر مختصر اور دفتر ہو وافیا وفا کرنے والا یعنی جو مسائل کا
حاوی ہو سارے اصول فقہ کے اس میں مسائل ہیں اور کتاب کافی کفایت کرنے والی
جب اسکو پڑھیگا بس اسکیلیے کافی ہوگی اور جمع جمع کرے طرف فروع کے اصول کو یعنی احکام
فقہیہ بھی بیچ رہیں نے انکی دلیلیں بھی بیچ رہیں اصول فقہ کی دلیلیں بھی بیچ رہیں فن
ذکر کرتے ہیں تاں کہ یہ تفریع سمجھ سکیں اس اصل پر تو اصول ذکر کرتے ہیں تو پھر تفریع آتی ہے
اور طرف. یا یہ کہ اس کتاب میں فرماتے ہیں عقلی دلائل بھی میں نے جمع کیے ہیں نے نقلی دلائل بھی
جمع کیے ہیں میں نے. عقلی دلائل بھی نے نقلی دلائل بھی تاں عقلی دلائل نے نقلی دلائل یہ اسلیے ہوتے ہیں کہ
اگر نقلی دلیل فرض کرو نہ ہو تو یہ مسئلہ عقلی دلیل سے بھی ثابت ہو سکتا تھا تو میں نے دونوں
کو جمع کیے اور یہ کتاب متعارف کرا رہا ہے کتاب کا دو طریقے حنفیہ اور شافعیہ پر مشتمل
ہے والا تمیل اب فرماتے ہیں کہ میں کسی طرف ذرا بھی مائل بھی حقیقت سے ادھر ادھر نہیں
کرونگا تو میں دلیل پر نظر رکھوں گا میں کہوں گا یہ درست ہے تو لو اب اگرچہ مذہب
شافعی بھی ہو مذہب میرا حنفی ہے لیکن میں دلیل سے اوپر حکم لگاؤں گا تو اسلیے کہا
ولا تمیل میلا یہ نہیں ہے کہ میں حنفی ہوں لہذا میں اگر دلیل میں کچھ ضعف ہوں بھی
سمجھی میں کہوں گا یہ دلیل راجح ہے. واقعیت سے ذرا بھر بھی میں ادھر ادھر نہیں
کرونگا. فجاء بفضل اللہ - اب کہا ہے کہ ترجمہ پھر واسطے امر عظیم کے ارادہ کیا میں نے
یہ کہ تحریر کروں میں بیچ اسکے ایک دفتر وافی اور کتاب کافی جو جمع کرے طرف فروع کے
اصول کو اور طرف مشروع کے معقول کو مشروع کا معنی ہے دلیل نقلی معقول کا معنی ہے دلیل عقلی
اور مشتمل ہو اوپر دو طریقے حنفیہ اور شافعیہ کے ان دو کا ذکر اسلیے ہوا کہ مشہور یہی
تھے زیادہ ہمارے اصول میں اور ہمارے فقہ میں امام شافعی صاحب کا اختلاف زیادہ آتا ہے

اور نہ میل کرے کچھ میل مراد کتاب ہے نہ اصل آپ ہیں اور نہ میل کرے ایسی کتاب جو نہ میل کرے ذرا بھر میل
در حقیقت سے پس سمجھے یا ارد شاد ان احسر ر اپنی طرف نسبت بھی کی ہے پھر کہا ہے کہ فجاء بفضل اللہ
پس آ گئی یہ کتاب ساتھ فضل اللہ تعالیٰ کے اور توفیق اسکے ہماری جیسا کہ تو دیکھتا ہے یعنی بیان
کرنے کی حاجت باقی نہیں ہے یہ حسن ہے جو دیکھنے سے پتہ چلتا ہے باقی بیان کیا پوچھتا ہے ہماری
بہ بھی چیز ہے جیسا کہ تو دیکھتا ہے. معدن اعز سحر اب تحیر پیدا کرتا ہے کتاب میں وجد آتا ہے
ناں تحیر پیدا ہوتا ہے پھر کہتا ہے کہ کیا ہے یا سمندر ہے یہ نہیں بلکہ جادو ہے لا ئیدری یہ جادو
ہے جادو کے اسباب ہوتے ہیں لیکن ادراک نہیں ہوتا کہ سبب ہیں کیا جادو جو نہیں دراصل کیا جاتا
مراد ہے کہ یہ ایسی کتاب ہے جو عدیم المثل ہے اس جیسی کتاب اصول فقہ میں نہیں لکھی گئی.
وتسمیتہ اب بتاتا ہے کہ جب کتاب آ گئی تو پھر کہا اب بتاتا ہے کہ میں نے اسکا نام رکھا تو نام بھی کتاب کا
کا ہوتا ہے تاکہ امتیاز ہو نام رکھا میں نے اسکا ساتھ مسلم کے پہلے میں نے اسکا نام رکھا تسلم
سلامت رکھے اسکو اللہ تعالیٰ طرح سے یہ کہ یہ کتاب ہو اسکو طلباء نے علماء ایسے پھینک دیں اسکو
اس سے سلامت رکھے کہ پھینک دی جائے اور پھر اسکو کوئی پڑھے ہی نہیں اس سے اللہ تعالیٰ اسکو
سلامت رکھے انہوں نے دعائیں مانگی ہیں معلوم ہوتا ہے کہ اللہ نے ان کی دعائیں قبول کیں. کتنی
مدت گزر گئی صدیاں یہ کتاب علماء کے ہاتھوں میں ہے پڑھائی جا رہی ہے اس پر شروح
لکھی گئی ہیں پھر شروح پر حواشی لکھے گئے ہیں ترجمہ اور جرح سے جرح کا معنی کہ
کوئی طعن کرے تشنیع کرے. ادھر اسطرح کہا کہ یہ کچھ نہیں کر سکیں گے اللہ اسکو سلامت رکھے
گا اور دوسرا وجعلہ موجباً للسرور اور یہ اصل مقصود ہے ناں. اور بنائے اسکو
اللہ تعالیٰ سبب واسطے خوشی کے اور خوش ثم الکعمنی فرماتے ہیں کہ میں نے اسکا نام رکھا
ناں مسلم پھر اللہ تعالیٰ نے مالک الملکوت نے میرے اوپر الہام کیا کہ تاریخ اسکی میں سے دیکھی
تو تاریخ کے وہ حروف نکالے تو وہ بنے مسلم الثبوت پہلے مسلم تھے پھر مسلم الثبوت پھر
الہام کیا مالک الملکوت نے یہ نسبت الہام مالک الملکوت کی طرف ہے کہ یہ الہام بھی یعنی مطلب ہے کہ
نعمتیں نعمتوں کا مالک ہے الہام کا مالک ہے عطا فرمانے والا کہ بے شک تاریخ اسکی مسلم الثبوت ہے
ألا الكتاب : اب کتاب کی یعنی خلاصہ بیان کرتا ہے کہ خاکہ تاکہ تو سمجھے کہ کتاب کتنی جزوں پر
مشتمل ہے. تو فرماتے ہیں ألا الا تنبیہ ہے خبردار سنو یہ کتاب جو ہے ناں نو جزوں
پر مرتب ہے اسکی نو جزیں ہیں ایک مقدمہ ہے فیما یفید العصیر کہ یہ سوال کا جواب دیا ہے

علہ تشنیع

سوال یہ ہے کہ مقدمہ تو ہوتا ہے کئی قسم ایک ہوتا ہے مقدمۃ العلم تو دوسرا ہوتا ہے مقدمۃ الکتاب تو پھر اگر مقدمہ ہے کون سا مقدمہ ہے؟ تو بتایا ہے کہ یہ مقدمۃ الشروع ہے مقدمہ شروع فی العلم کہا ہوتا ہے ما یتوقف علیہ الشروع جس پر شروع ہونا موقوف ہو تو مقدمہ الکتاب وہ طائفہ من الکلام ہے وہ کلام ہوتی ہے مقاصد سے پہلے ذکر کی جاتی ہے تے مقاصد کیساتھ مقاصد کا اسکے ساتھ تے اسکا مقاصد کے ساتھ رابطہ ہوتا ہے تو مقاصد میں جو نفع دیتا ہے پھر سوال ہو گیا کہ: کہ مقدمۃ العلم تو وہ ہے کہ جس پر شروع موقوف ہو تو شروع تو موقوف ہوتا ہے کہ علم کا تصور بوجہ ما ہو تے تصدیق بفائدہ ما ہو دسجگہ تو موضوع کا تصور موضوعیت موضوعیت موضوع کا موضوعیت کی تصدیق پھر علم کا تصور برسمہ تصور غرض وغایت تو اس پر تو شروع فی العلم موقوف نہیں ہے شروع فی العلم تو موقوف ہے کس کے اوپر تصور بوجہ ما پر (جو بیچ قطبی میں آیا) تو یہ اسکا جواب دیا کہ توقف یعنی شروع جو موقوف ہے ان تو توقف دو ہیں ان توقف ایک توقف ہے علی وجہ بصیرت ایک ہے توقف مطلق مطلق شروع ان مطلق شروع موقوف ہے تصور بوجہ ما تے تصدیق بفائدہ ما پر تے جو شروع علی وجہ بصیرت ہے وہ تصور برسمہ اور غرض وغایت اور موضوع کی موضوعیت کی تصدیق پر اس پر ہے تو ~~یہ~~ مقدمہ العلم ہے اور یہ مقدمہ وہ ہے جو جو افادہ بصیرت کا کرتا ہے اور ایک ہو گیا مقدمہ اور تین ہو گئے مقالات فی المبادی کتنے ہو گئے ہ چار. تے چار اصول ہیں مقاصد جس کتنے ہو گئے 8. تے خاتمہ فی الاجتہاد ونحوہ یعنی اجتہاد تے تقلید تے اسکے متعلقات تو کل نو ہو گئے.

ترجمہ: خبردار کتاب مرتب ہے اوپر ایک مقدمہ کے بیچ اسکے جو افادہ کرتا ہے بصیرت کا اور مقالات پیچ مبادی کے اور اصول بیچ مقاصد کے اور خاتمہ بیچ اجتہاد کے اور مثل اسکے.

مسلم الثبوت صـ٥ سبق 1

اما المقدمۃ: یہ اما تفصیل کیلئے ہے تو اب تفصیل تو کرنا ہے کہ مقدمہ میں تین چیزیں ہیں ایک تو اصول فقہ کی تعریف اور دوسرا کہ موضوع کیا ہے؟ تے تیسرا فائدہ یاں جی... تو پہلے اجمال آیا اب تفصیل کرتا ہے اما المقدمۃ پہلے مقدمہ نکرہ تھا اب معرفہ ذکر کیا یہ مقدمہ وہی ہے جسکا پیچھے ذکر آیا تو اب تفصیل کرتے ہیں کہ مقدمہ میں تین چیزیں ہوتی ہیں. تین چیزوں پر مشتمل ایک تو اصول فقہ کی تعریف اور دوسرا اسکا موضوع تیسرا فائدہ. فائدہ جو علم پر حاصل ہوتا ہے مرتب ہوتا ہے. اما حدہ تو کہا ہے کہ

تو پہلے اجمال آیا

مضاف
اصاف‌الیہ . تو حد دو قسم کی ہوتی ہے ایک حد اضافی اور دوسری حد لقبی حد اضافی یہ ہوتی ہے کہ مضاف کا معنی کیا مضاف الیہ
کا نے درمیان میں جو اضافت ہے نسبت ہے اس تین میں تو پھر حد لقبی جو ہوتی ہے وہ مجموعہ من حیث مجموعی تعریف بیان
کی جاتی ہے تو اسلئے کیا اصافۃ یا مضاف کا حد اضافی ہے اسکا میں اصول کی اضافت ہے فقہ کی طرف جمع کا معنی کرنا ہو تو مفرد کی طرف
جاتے ہیں تو کہتا ہے اصول جمع ہے اصل کی اور اصل کے دو معنے ہیں ایک اصل کا معنی ہے لغوی دوسرا اصل کا معنی ہے
اصطلاحی اصل کا لغوی معنی ہے ما یبتنی علیہ غیرہ یعنی اصل وہ شئے ہے جسکے اوپر غیر کی بناء جس پر غیر بناء
کیا جا سکے پھر یہ بناء جو ہے ناں یہ تین قسم کا ہوتی ہے ایک بناء حسی جیسے دیواروں کے اوپر چھت کے چھت جو ہے یعنی
دیواریں اصل ہیں کے چھت تو ما یبتنی علیہ غیرہ تو یہ ہوتی ہے یعنی بناء حسی حسی چھت دیواروں کے اوپر ہے
جیسے بنیاد ہوتی ہے بنیاد کے اوپر دیواریں ایک بناء حسی کے دوسری بناء عقلی جیسے مسئلہ جو ہوتا ہے دلیل کے اوپر اسکی
عقلی
بناء ہوتی ہے مسئلہ کی بناء ہوتی ہے دلیل کے اوپر کے دلیل بنیاد ہوتی ہے کے مسئلہ جو ہے ناں یہ نقلی ہوتا ہے . یہاں جو ہے
حد اضافی میں ہر جز کا علیحدہ علیحدہ معنی ہوتا ہے تو اصول الفقہ اصول کی اضافت ہے فقہ کی طرف پہلے اصول کا معنی
کریگا پھر اضافت بیان کریگا کے پھر فقہ کا معنی بیان کریگا . لغوی معنی ہے ما یبتنی علیہ غیرہ کے جسکے اوپر غیر کی بناء ہو
ترجمہ پس اصل بیچ لغت کے وہ شئے ہے جو مبنی ہو اوپر اسکے غیر اسکا . و اصطلاحا الراجح = اب اصطلاحی
اور
اصطلاح میں اصل کے چار معنے ہیں ایک معنی ہے راجح . حقیقت مجاز حقیقت اصل ہے مجاز اسکی فرع ہے معنی کیا
ہے کہ حقیقت راجح ہے یا کہتے ہیں کہ کتاب اصل ہے کے قیاس فرع قیاس کی نظروں یعنی کتاب راجح ہے حقیقت راجح ہے
یا کہیں گے کہ یہ اصل ہے حقیقی معنی اصل ہوتا ہے تو اسکے راجح والا معنی بیان کیا کیا جاتا ہے کہ کتاب اصل ہے یا حقیقت مجاز
کی نظروں اصل ہے تو معنی ایک معنی ہوتا ہے راجح اور دوسرا معنی ہوتا ہے کہ استصحاب مستصحب استصحاب یہ
ہوتا ہے کہ شئے کو موجودہ یعنی شئے جو موجود ہے اسوقت ناں اسکو سابقہ حالت پر محمول کرنا ہوتا ہے
یہ مستصحب ہوتا ہے جیسے یہ فقہ کا مسئلہ ہے کہ ایک شخص گم ہو گیا یہ جو گم ہو گیا ناں جتنے تک اسکی موت کا
یقین نہ ہو تو اسکو زندہ قرار دیا جاتا ہے تو یہ استصحاب حال ہے جو اسکو سابقہ حالت پر محمول کرنا پہلے جو زندہ تھا
تو یہ تو گم ہو گیا ہے اب بھی اسکو زندہ قرار دیا جاتا ہے اسکو پتہ تو نہیں کہ زندہ ہے یا مر گیا لیکن اسکو زندہ
قرار دیا جاتا ہے استصحاب حال ہوتا ہے مثلاً تو پانی کا گھڑا لے آیا تو بھر کر رکھا تو پانی پاک تھا کے اب وقت
گزر گیا تو کہیں گے پاک ہے جتنے تک اس میں نجاست کا یقین نہ ہو . تو نجاست واقع ہو جاتی ہے تو جتنے تک اسکو
طہارت پر محمول کرنا ہے یہ بھی استصحاب حال ہوتا ہے اسلئے کہتے ہیں طہارۃ الماء اصل طہارت یہ اصل ہے یہ
اصل کا معنی ہوتا ہے کہ سابقہ حالت پر اسکو محمول کیا گیا کے اسکو طہارت کیا گیا کے طہارۃ الماء اصل . یہاں جو ہے
اصطلاح میں اصل کے چار معنے ہیں پہلا ہے راجح جیسے کہا جاتا ہے حقیقت اصل ہے مجاز اسکی فرع ہے

علت
عقل میں دلیل
جو بناء ہوتی ہے
کے اسکے اوپر
مسئلہ تو گیا ہو
مبنی ہوتا ہے

مثال
تیسری بناء عرفی
عرف میں جو
بناء ہوتی ہے
جیسے درخت کی
شاخیں یہیں
اصل پر مبنی ہیں
شاخیں پیر
درخت کی
یا اولاد
باپ اصل ہے
تو یہ عرفی بناء
ہوتی ہے .

عہ جیسے کتاب ہو یہ فرمایا ہے کہ قولہ تعالی تو وہ دلیل مراد ہوتا ہے ۱۲.

تو حقیقت اصل ہے مجازی تو کتاب اصل ہے یعنی راجح دوسرا معنی ہے مستصحب یہ ہوتا ہے کہ شئے کو سابقہ حالت پر محمول کرنا یعنی پہلی حالت پر اسکو محمول کرنا اور پہلی حالت والا حکم لگانا ۔ القاعدہ ۔ تیسرا معنی ہے قاعدہ ۔ قاعدہ کا معنی ہوتا ہے قضیہ کلیہ جیسے کہا جاتا ہے کل فاعل مرفوع اصل من اصول النحو تو یہاں اصل سے مراد ہے مسئلہ یعنی قاعدہ کلیہ الدلیل اور چوتھا معنی ہوتا ہے دلیل جیسے کہا جاتا ہے اصل المسئلۃ اصل الحکم تو اس حکم کی اصل یعنی دلیل ہے حکم کی اصل کوئی حکم ہو اسکی اصل دلیل ہے تو چار معنی آگئے راجح استصحاب قاعدہ اور دلیل ۔ یہاں بھی ۔۔۔۔ ۔

ترجمہ اصل اصطلاح کا ۔ بیچ اصطلاح کے راجح اور مستصحب اور قاعدہ اور دلیل ۔

افید انہ ۱۱ اب چار معنی ہو آگئے تو پھر ایک لفظ ہے اسکے چار معنی ہیں تو مشترک ہوتا ہے لفظی تو مشترک لفظی میں ہر معنی ایک وقت میں نہیں لے سکتے ایک لیں گے وہ جس پر قرینہ ہوگا ۔ اب یہاں بیان کرتے ہیں افید انہ ابن حاجب کی کتاب ہے مختصر الاصول اسکی ایک شرح ہے شرح مختصر الاصول ۔ بڑے استاد صاحب فرماتے تھے کہ قاضی عضد الدین ۔ قاضی عضد الملۃ والدین کی شرح کی ہے اسکے اوپر پھر حواشی لکھے میر سید نے اور علامہ تفتازانی نے بڑی علمی کتاب ہے ۔ تو ان مختصر الاصول میں انہوں نے ذکر کیا ایک قاعدہ فرمایا کہ جب لفظ اصل اضافت ہو علم کی طرف تو مراد دلیل ہوگی لہذا یہاں بھی اصول الفقہ تو اس سے مراد ہے ادلۃ الفقہ

مختصر الاصول کی شرح میں ایک قاعدہ ذکر کیا کہ اصل کی اضافت علم کی طرف ہو تو مراد دلیل ہوگی لہذا اصول الفقہ سے مراد ہے ادلۃ الفقہ ۔ ترجمہ افادہ کیا گیا ہے تحقیق اذا جب اضافت کیا جائے طرف علم کے تو مراد لیس مراد دلیل اس علم کا ہے ۔ اب کہ ایک ہے امان اللہ بخاری انہوں نے ایک کتاب لکھی ہے اصول فقہ جس کا نام رکھا محکم الاصول تو اس میں انہوں نے ذکر کیا ( ) انہوں نے کہا لفظ اصل یہاں اس جگہ اس کا معنی ہے قاعدہ اب انکار کرتے ہیں دو وجہ سے ایک تو اس اصل سے عہ تو مصنف نے اصل ذکر کی اضافت علم کی طرف ہو تو مراد دلیل ہوتا ہے ایک تو اس سے رہ گیا کہ ایک خبری پر مبنی ہے تو قاعدہ ذکر کیا ۔ اصل کا معنی اس جگہ قاعدہ ہے اب دوسرا قواعد علم کے قاعدہ تو مسئلہ ہوتا ہے جیسے کل فاعل مرفوع قواعد علم کے علم کے مسائل ہوتے ہیں تو پھر اصول الفقہ کا معنی ہو جائے گا مسائل الفقہ مسئلہ تو فقہ ہوا تو اصول فقہ کا بیان نہ ہوا کیونکہ جو اصول فقہ تو اس مبادی کی طرح ہیں مبادی میں ہوتے ہیں تو اس پھر تو یہ بن جائیگا کہ مبادی نہیں ہیں لفظ تو خود فقہ ہی ہے حالانکہ مبادی ہیں یہاں بھی ۔۔۔۔ ۔ تو پیچھے افادہ بیان کریگے نقلی دلیل دے کہ اصل بیان کرکے اب بعض جو ہیں انکار کرتے ہیں وہ ہے امان اللہ بخاری انہوں نے بھی ایک کتاب لکھی ہے انہوں نے کہا ہے اصل کا معنی قاعدہ ہے ۔ تو دو وجہ سے اسکا رد کرتے ہیں ایک تو ذکر اصل سے غافل ہیں دوسرا یہ قواعد علم کے مسائل ہوتے ہیں پھر عہ مسائل فقہ کا ہیں مسائل فقہ کا خود فقہ ہیں ہے کہ علم فقہ ہے

عہ اصل سے غافل ہیں .

عہ لفظ تو خود فقہ ہوا

عہ پھر اصول فقہ

یہ تو اصول فقہ ہے جو فقہ کے مبادی کیلئے ہو لازم آئے گا یہ علم فقہ کیلئے مبادی نہیں ہے ترجمہ پس وہ شخص کہ حمل کیا اس
نے اوپر قاعدہ کے پس تحقیق غافل ہوا اس اصل سے علاوہ ۲ اسکے کہ بے شک قواعد علم کے مسائل علم کے ہیں نہ مبادی
ثم الدلیل۔ ثم الدلیل ما یمکن التوصل الخ ماقبل معرف کا بیان آیا اس سے بھی مجہول تصوری حاصل کیا جاتا ہے یا بالکنہ حاصل ہوتا ہے یا جمیع ماعدا سے امتیاز آجاتا ہے۔ اس کے چار قسم نیچے آگئے۔ پہلے تھا موصل الی التصور اب دوسرا موصل الی التصدیق دلیل ہے۔ دلیل کی تعریف کرتے ہیں۔ مبادی منطقیہ شروع ہیں۔ دلیل وہ شئی ہے جس میں صحیح نظر کریں تو مطلوب خبری تک توصل ممکن ہو۔ ترجمہ: پھر دلیل وہ شئی ہے جو ممکن ہو توصل ساتھ صحیح نظر کے بیچ اس طرف مطلوب خبری کے جب یہ کہا کہ ما یمکن التوصل۔ توصل ممکن ہو اور توصل ہو سکے۔ اس میں صحیح نظر کریں توصل ہو سکے۔ اس میں دلیل کے تین قسم آگئے۔ دلیل کی ایک قیاس اور ایک ہوتا ہے استقرا یہ ہوتا ہے کہ جزئیات سے حکم کلی پر لگانا۔ اور ایک ہوتا ہے جزئی سے جزئی پر حکم لگانا جیسے تمثیل کہتے ہیں فقہ میں اسے قیاس کہا جاتا ہے۔ دلیل کی تعریف تینوں قسموں پر صادق آئے گی اس لیے کہ توصل تو تینوں میں ممکن ہوتا ہے۔ آگے کہا مطلوب خبری کا اس سے بتا گیا کہ نتیجہ قضیہ ہوتا ہے۔ انشاء مطلوب نہیں ہوتا۔ آگے مثال دی کالعالم۔ یہ دلیل کی مثال ہے۔ اس میں اختلاف ہے کہ دلیل مفرد ہوتی ہے یا مرکب۔ متکلمین کہتے ہیں کہ مفرد ہوتی ہے۔ دلیل یہیں عالم ہے یعنی حد اصغر بس دلیل ہوتی ہے۔ عالم میں نظر فکر صحیح کرے

عبد نفس ماهیۃ تو پہلے حاصل ہے ۱۲

تعریف بنفسہا ہو یا اجزاء سے کریں یہ تحصیل حاصل ہی ہوگی کیوں کہ تعریف ماهیۃ سے
جو کہ رہے ہیں معرف کی یہ معرف کا عین ہے (یعنی معرف بھی ماهیۃ ہے اور
اس کی تعریف معرف بھی ماهیت ہے) تو تحصیل حاصل ہوگی تے اجزاء سے ہو تو
اجزاء بھی اسی ماهیت کا عین ہیں. یہ بھی تحصیل حاصل ہی ہوگی. تحصیل حاصل محال
ہے اگر عوارض سے ہو تو عوارض شئی کی کنہ کا افادہ ہی نہیں کرتے. تو اس

جواب اول:

کا جواب دیتے ہیں کہ ہم یہ شق لیتے ہیں کہ تعریف اجزاء سے ہے اب تم کیا کہو گے
کہ اجزاء بھی معرف کا عین ہیں یعنی ماهیۃ کا عین ہیں. اس کا جواب دیتے ہیں کہ معرف
ذہن میں اجمالاً حاصل تھا تے اجزاء آئے یہ تفصیلاً آئے تو تحصیل حاصل ہی نہیں
ہو رہی پہلے ذہن میں معرف کی صورت ہے اور معرف اس صورت سے نہیں
آیا بلکہ اجزاء سے آیا اور ان میں تفصیل ہے یہ صورت جو حاصل ہوئی ہے پہلے
حاصل نہیں تھی لہذا تحصیل حاصل ہی لازم نہ آئی. جو حاصل ہے وہ اجمال ہے اور
اب جو صورت آئی تعریف سے یہ تفصیل ہے یہ پہلے حاصل نہیں تھی. دوسرا

دوم:

جواب: ذاتیات ٹھیک ہے کہ ماہیت کا عین ہے لیکن پہلے ذاتیات ذہن
کے اندر منتشر تھے کوئی کہاں پڑا تھا کوئی ــ معرف سے ان میں ترتیب آئی
تے اسے صورت وحدانی لگی. یعنی پہلے اجزاء ذہن میں منتشر تھے اب جو حد کی گئی
اجزاء کے ساتھ تو اجزاء کی ترتیب آئی. وہ صورت وحدانی جس کا تعلق اجزاء
کے ساتھ اجمالاً تھا اس صورت کے اجزاء منتشر تھے تعریف سے انہیں ترتیب دیا
گیا اب جو تحصیل ہو رہی ہے ایسے امر کی ہے جو پہلے حاصل نہیں تھا.

ترجمہ: اور وارد کیا گیا (اعتراض) تعریف ماہیت کی بنفسہا و اجزاءھا یہ تحصیل
حاصل کی ہے اور عوارض خارج ہیں نہ متحصل ہوگی ساتھ ان عوارض کے
حقیقت (اب جواب: معرف کی صورت اجمالاً ہے اور معرف کی تفصیلاً ہے
اجمال اور تفصیل میں تغایر ہے پہلے اجمال تھا تعریف سے تفصیل آئی مغایرت
آگئی تحصیل حاصل ہی نہیں ہے.) ترجمہ: جواب یہ ہے کہ تصورات تعلق پکڑنے
والے ساتھ اجزاء کے تفصیلاً جب ترتیب دیے گئے اور مقید کیے گئے پس یہ
مجموعہ حد موصل ہے طرف صورت وحدانیہ کے جو تعلق پکڑتی ہے ساتھ جمیع اجزاء.

مطلوب خبری حاصل ہو جاتا ہے کہ عالم حادث ہے تو فکر ہوتی ہے کہ جس کو بھی
عالم کائنات میں دیکھیں۔ افراد وغیرہ کو تو وہ متغیر ہے بچہ پیدا ہوا پھر
جوان ہوا تو پھر بوڑھا ہوا اور پھر فوت ہو گیا یہ تغیر ہے۔ اور جو بھی متغیر
ہو حادث بھی ہوتا ہے پہلے نہیں ہوتا پھر آجاتا ہے بچہ پہلے نہیں تھا پھر ہو گیا۔ جوان نہیں تھا ہو گیا۔ بوڑھا پہلے نہیں تھا پھر ہو گیا۔ یہ حدوث
ہے اور منطق والے علماء کہتے ہیں کہ قیاس دو مقدموں سے مرکب ہے
یعنی دلیل دو قضیوں سے مرکب ہے صرف حد اصغر نہیں ہے بلکہ قضیے
کبرے سے مرکب یہ دلیل ہے۔ مائیں سے دلیل کی جو تعریف کی یہ تھا قطعی
یعنی قیاس اور ظنی یعنی استقرا اور تمثیل کو شامل ہے۔ وقد یخص بالقطعی۔
بعض نے دلیل کی تخصیص کی ہے کہ جو مطلوب تک پہنچائے بالیقین۔ یہ دلیل ہے
اور جہاں ظن ہو وہ دلیل نہیں ہے بلکہ اسے امارۃ کہتے ہیں یعنی علامت ہے
اسے امارۃ کا نام دیتے ہیں اور دلیل نہیں کہتے۔ ترجمہ: اور کبھی خاص کی جاتی
ہے دلیل ساتھ قطعی کے اور نام رکھی جاتی ہے ظنی امارۃ۔ والانتاج مبنی علی التثلیث
اب یہ بیان کرتے ہیں کہ نتیجہ حد اصغر اور حد اکبر سے مرکب ہوتا ہے ان کے
درمیان میں ایک واسطہ ہوتا ہے یعنی نتیجہ تثلیث پر مبنی ہے۔ حد اصغر حد اکبر
اور حد اوسط یہ تثلیث ہے جیسے کہتے ہیں العالم حادث یہ نتیجہ ہے العالم حد اصغر
ہے اور حادث حد اکبر ہے نتیجہ کے لیے ایک تیسری چیز کی ضرورت ہوتی ہے
جس کا حد اصغر کے ساتھ بھی تعلق ہو اور حد اکبر کے ساتھ بھی تعلق ہو۔ تعلق
تو دیکھو کہ حد اصغر کے ساتھ اس کا کیا تعلق ہے؟ حد اصغر کا محمول واقع ہوتی ہے
یا موضوع بنتی ہے جیسے شکل اول میں محمول واقع ہوتا ہے تیسری چیز کو
کہتے ہیں حد اوسط۔ وہ متغیر ہے ادھر حد اکبر کا موضوع بنتی ہے حد اکبر
اس پر محمول ہوتی ہے۔ نتیجہ تثلیث پر مبنی ہے اس لیے واسطہ کی ضرورت
ہے یعنی متکلمین کے نزدیک دلیل صرف العالم ہے مثال ہے مراد حد اصغر ہے۔
نتیجہ چونکہ مرکب ہوتا ہے حد اصغر اور حد اکبر سے ایک تیسری چیز متوسط کی
ضرورت ہوتی ہے جس کا تعلق ڈھونڈتے ہیں۔ تو دو مقدموں سے

ترکیب آجاتی ہے اتفاقاً اور مجبوراً۔ دلیل تو صرف حد اصغر تھی لیکن اتفاقاً
اور مجبوراً دو مقدمے بن جاتے ہیں اس لیے مناطقہ نے قول کیا کہ دلیل
دو مقدموں سے مرکب ہوتی ہے۔ متکلمین نے کہا صرف حد اصغر ہے لیکن چونکہ
یہ نتیجہ تثلیث پر مبنی ہوتا ہے تو دو مقدمے مجبوراً آجاتے ہیں۔ مناطقہ
نے سمجھا کہ یہ مقدمے اختیاری ہیں اور انہی سے قیاس مرکب ہے حالانکہ
قیاس مرکب تھا حد اصغر سے لیکن یہ دو مقدمے واجب ہو گئے

مناطقہ کے قول کا رد۔

ترجمہ: اور انتاج مبنی ہے اوپر تثلیث کے اس لیے کہ لابدی ہے واسطے سے
لیں واجب ہو گئے دو مقدمے۔ اور اسی جگہ سے کہا منطقیوں نے وہ دو قول
ہیں۔

عہ قولان یکون عنہ قول آخر۔ اب مناطقہ کے نزدیک دلیل کی تعریف کرتا ہے ان
کے نزدیک ما یمکن التوصل الخ تھا۔ مناطقہ نے دلیل کی دو تعریفیں کی۔ پہلی
دو قول ہوتے ہیں ان سے تیسرا قول آجاتا ہے۔ قول آخر جو حاصل ہوتا ہے
یہ نتیجہ ہوتا ہے یہ تعریف بھی دلیل کی تینوں قسموں کو شامل ہے قیاس
استقرا اور تمثیل بھی دو قول ہیں ان سے قول آخر حاصل ہو جاتا ہے وہ نتیجہ ہے۔
وقد یقام یستلزم الخ سے دلیل کی دوسری تعریف کی کہ وہ دو قول ہیں لذاتہ
قول آخر کو مستلزم ہیں اور قول آخر ان کی ذات کو لازم ہوتا ہے جب یہ
دو قول مانیں جائیں تو تیسرا قول ماننا پڑتا ہے اب یہ تعریف خاص ہو گی
قیاس کے ساتھ باقی رہ گیا استقرا اور تمثیل وہاں استلزام نہیں ہوتا
استلزام کا فاعل ملزوم ہوتا ہے اور لازم مفعول ہوتا ہے جیسے یہاں پر قول آخر
مفعول بہ ہے یہ دونوں قول کی ذات کو لازم ہوتا ہے اور وہ دو قول ملزوم
ہوتے ہیں اور اسے مستلزم ہوتے ہیں

عہ ان سے قول آخر حاصل ہو جاتا ہے ۱۲

ترجمہ: اسی جگہ سے کہا منطقیوں نے جو وہ دو قول ہیں حاصل ہوتا ہے ان سے قول
آخر اور وہ (تعریف) شامل ہے استقرا اور تمثیل کو اور کبھی کہا جاتا ہے
دو قول جو مستلزم ہیں لذاتہ قول آخر کو ہیں مختص ہو گیا یہ دلیل ساتھ
قیاس کے۔

عہ لذاتہ کا معنی بلا واسطہ ۱۲

مسلم الثبوت صـ۱۱ سبق: ۳.

ولہ خمس صور قریبۃ الخ ماقبل دلیل کی دو تعریفیں متکلمین کے نزدیک آئیں اور
دو ہی مناطقہ کے نزدیک ہیں. متکلمین کی پہلی تعریف دلیل کی تینوں قسموں کو
شامل ہے۔ دوسری تعریف قطعی کے ساتھ ہے اور جو ظنی ہوگی اسے دلیل نہیں
کہتے امارۃ کہتے ہیں امارۃ ایک علامت ہے ذی علامت پر دلالت کرتی ہے
یہ ظن ہے. منطقیوں کی پہلی تعریف بھی تینوں کو شامل ہے دوسری تعریف میں استلزام
لذاتہ ہے وہ قیاس کے ساتھ خاص ہے۔ دوسری بات یہ کہ متکلمین کے نزدیک
دلیل مفرد ہے لیکن چونکہ انتاج تثلیث پر مبنی ہے اس لیے لاچار، مجبوراً
اتفاقاً دو مقدمے ہو جاتے ہیں باقی دلیل صرف مفرد کا نام ہے۔ مناطقہ کے
نزدیک دلیل مرکب ہے۔ اب آگے ولہ خمس صور. پہلے قیاس کی دو قسمیں
ہیں ایک قیاس اقترانی[ع] دوسرا شرطی۔ شرطی بعید ہے اسے چھوڑ دیا. اقترانی
کی چار صورتوں سے چوتھی کو چھوڑ دیا تو تین رہ گئیں اور ایک قیاس استثنائی ہوتا ہے
اس کی دو صورتیں منتج ہوتی ہیں. یعنی قیاس استثنائی کی دو قسمیں ہوتی اتصالی اور
انفصالی[ع]. دو ان کی صورتیں اور تین اقترانی حملی کی کل پانچ صورتیں ہو جاتی ہیں

ترجمہ: اور واسطے قیاس کے پانچ صورتیں قریبہ[لہ] ہیں.

والاولی ان لحکم حکم لکل افراد شی الخ اب یہاں سے پانچ صورتوں یعنی شکلوں کو
بیان کرتے ہیں. شکل اول، شکل ثانی، شکل ثالث اور قیاس استثنائی کی دو صورتیں.
شکلوں کے بیان کے نیچے شرطوں کی طرف اشارہ کرے گا. پہلی صورت: ایک شی کے
ہر ہر فرد کا حکم معلوم کیا جائے یہ کبری کو بیان کیا ہے شکل اول کے. ایک شی ہے
اس کے ہر ہر فرد کیلیے حکم ثابت ہے. یہ کبری سے شروع کیا کیوں نتیجہ کبرے
سے صغرے کی طرف آتا ہے اس لیے کہ نتیجہ مرکب ہوتا ہے حد اصغر اور حد اکبر سے.
حد اکبر کبرے میں ہوتی ہے اور اصغر صغرے میں تو نتیجہ کبرے سے صغرے کی طرف
آتا ہے۔ شی سے مراد حد اوسط ہے جو شکل اول میں کبرے میں موضوع ہے
اس نے کہا: جانے حکم کو. حکم عام ہے ایجابی بھی ہوتا ہے، سلبی بھی ہوتا ہے
اس سے پتا چلا کہ کبری شکل اول کا کلیہ ہوگا آگے عام ہے کہ موجبہ ہو یا سالبہ
ہو۔ پھر جانے کہ اس کا ثبوت ہے دوسری شی کے لیے. پہلے شی کے ہر

[ع] قیاس اقترانی کی دو قسم ہیں اقترانی حملی اور اقترانی شرطی شرطی بعید ہے اسے چھوڑ دیا اور اقترانی حملی کی چار صورتوں میں سے چوتھی کو چھوڑ دیا کیوں کہ وہ بعید ہے باقی تین ہیں ۱۲

[ع] انفصالی سارے کو چھوڑ دیا کیوں جو اس کی صورتیں منتج ہیں ۱۲

[لہ] بعید کو چھوڑ دیا ۱۲.

ہر ہر فرد کا حکم جانے اور پھر جانے اس شئی کا ثبوت دوسری شئی کے لیے ہے
وہ دوسری شئی حد اصغر ہے۔ ثبوت تو حد اوسط کا ثبوت حد اصغر کے لیے۔
اس میں ثبوت کا ذکر کیا۔ اور یہ صغریٰ ذکر کیا ہے۔ "کلاً او بعضاً" اس سے
بتایا کہ ثبوت دوسری شئی کے ہر ہر فرد کے لیے ہے یا بعض فردوں کے لیے ہے
صغریٰ موجبہ ہوگا آگے عام ہے کہ کلیہ ہو یا جزئیہ ہو فیلزم سے تفریع بیان کر دی
ہیں اس وقت شئی آخر کے لیے حکم کا ثبوت ہو جائے گا بالضرورۃ۔ کبریٰ میں
حد اکبر کا ثبوت ہوتا ہے حد اوسط[عہ] کے ہر ہر فرد کے لیے یعنی اس طرح ہوتا ہے حد اکبر کا
ثبوت ہر ہر اس فرد کے لیے ہے جس کے لیے حد اوسط کا ثبوت ہے۔ حد اوسط
وصف عنوانی ہے اس کے افراد ہوتے ہیں۔ حد اکبر کا حکم ہوتا ہے ثبوتاً یا سلباً۔ حکم
عام ہے۔ پھر معلوم ہو کہ حد اوسط کا ایک شئی کے لیے ثبوت ہے پھر یہ حکم اس
شئی آخر کے لیے بھی ثابت ہو جائے گا۔ مراد شئی آخر سے حد اصغر ہے
وسطی کو اندراج کہتے ہیں۔ اس سے شکل اول کی شرطیں بھی آگئیں اس لیے تفریع بتائی
دو چیزیں معلوم ہوگئیں۔ شئی کے ہر ہر فرد کا حکم دوسرا ثبوت شئی کا دوسری شئی کے لیے
کلاً یا بعضاً تو اس وقت لازم آگیا یہ نتیجہ ہے کہ وہ حکم شئی آخر کے لیے بھی ثابت
ہو جائے گا۔ اس بیان سے شرطوں کی طرف بھی اشارہ ہے ایجاب صغریٰ کا
کلیت کبریٰ۔ اب اس کی ایک مثال: حادث حد اکبر ہے پہلے یہ معلوم ہو کہ حادث
کا ثبوت ہے متغیر کے ہر ہر فرد کے لیے یعنی تم اس طرح سمجھو کہ حادث کا ثبوت ہے
ہر ہر اس فرد کے لیے جس کے لیے متغیر کا ثبوت ہے پھر دوسرا متغیر کا
ثبوت عالم کے لیے بھی ہے متغیر کا ثبوت عالم کے لیے۔ ثبوت کلی کا ہوتا ہے
فردوں کے لیے عالم بھی متغیر کا فرد بن گیا محمول کا موضوع ایک فرد ہوتا ہے
جیسے حمل انسان حیوان "اب" انسان حیوان کا فرد ہو گیا۔ العالم متغیر۔ عالم
متغیر کا فرد ہو گیا جب یہ دو علم آگئے۔ اب متغیر کا ثبوت عالم کے لیے
ہے ہر عالم متغیر کا فرد ہے اور اس کے اندر داخل ہو گیا متغیر وہ جو کبریٰ
میں موضوع۔ کیونکہ حادث کا ثبوت متغیر کے ہر ہر فرد کے لیے ہے صغریٰ میں
ہم نے ثابت کیا کہ عالم بھی متغیر کا فرد ہے۔ جب ہر ہر فرد کے لیے حکم ہے

عہ حد اوسط کلی ہوگی اسی لیے کہ اس کے افراد ہیں ۱۲

عالم بھی اس کا ایک فرد ہے اسے اندراج کہتے ہیں ۔ حد اصغر حد اوسط جو صغریٰ میں ہے اس کے اندر داخل ہوگئی تو پھر جب حادث کا ثبوت متغیر کے ہر ہر فرد کے لیے تو عالم بھی اس کا ایک فرد ہے تو لازم آئے گا العالم حادث ۔

ترجمہ: آدابی

یہ جو شنوگڑے آئے ہوتے ہیں چھوٹے بچے ۔ انہیں شنوگڑے کہا جاتا ہے ۔ ان کو کوئی پتا نہیں ۔ نہ انہوں نے دیکھا استاذ کہ استاذ کیسا ہوتا ہے اور ان شنوگڑوں کا دعوتِ اسلامی نے لاٹ (زیادہ) مزاج خراب کر دیا ہے ۔ استاذ کو مطالعہ بھی طالب علم کرواتے ہیں تے استاذ کو تدریس بھی طالب علم کرواتے ہیں ۔ طالب علم بھی نہیں دینی علم پڑھنے گئے کہ درس کتاب لے کر میں ہو ملکہ دو کتابیں اور استاذ کے دروازے پر بس کھڑا ہے ایسے تو نہیں ہے کہ طالب علم سوئے ہوتے ہیں اور استاذ ان کو جگا رہا ہے کہ اٹھو جاؤ نماز پڑھو ۔ اور استاذ بلائے کہ آؤ پڑھو ۔ ایسا نہیں ہوگا ۔ استاذ کو مطالعہ بھی طالب علم کرواتے ہیں کیوں کہ طالب علم پڑھنے والے ہوتے ہیں اور استاذ سمجھتا ہے کہ طالب علم ہیں پڑھنے والے ہیں تے مطالعہ کرتا ہے ۔ اس طرح جیسا کہ تمہارا حال ہے تو طبیعت خراب ہو جاتی ہے کیوں کہ ہم نے استاذ مولانا عطا محمد (رحمہ اللہ تعالیٰ) کو دیکھا ہے استاذ زمین پر چلتے تھے مجھے ایسا محسوس ہوتا تھا کہ استاذ کے قدم ہیں آسمان پر ہیں ۔ یہ میں سمجھتا تھا ۔ یہ دریائے سندھ بہہ رہا ہے یہ استاذ تھا یعنی دریائے سندھ کی طرح تھے جو قریب لگتے تھے فائدہ پاتے تھے جو قریب نہیں لگتے تھے کوئی پرواہ نہیں ہوتی تھی استاذ کو ۔ تے عالم دین کو بھی اسی طرح ہونا چاہیے ۔ ہم جو لوگوں کے پاس جاتے ہیں تو یہ سمجھتے ہیں کہ استاذ ہمارا محتاج ہے ایک فقیری کا محتاج نہیں ہے ۔ ہم اس لیے کرتے ہیں کہ یہ عقیدہ پر مضبوط رہیں اور کوئی نیکی کریں باقی ہمیں ان سے کوئی لالچ نہیں ہوتا ۔ طالب علموں کو بھی مثال ہے فافہم ثم تدبر ۔

ترجمہ: اولی یہ ہے کہ جانا جائے حکم واسطے ہر فرد شئی کے (شئی سے مراد یہاں حد اوسط ہے کہ افراد تے شئی کلی ہوگی اور اس کے افراد ہیں اور حکم کو مطلق رکھا) اور پھر جانا جائے ثبوت اس شئی کا واسطے دوسری شئی کے (دوسری شئی حد اصغر ہے اور شئی کلی

یہ دلیل کا ایسے شروع کیا کہ بتایا یا نتیجہ سمیت ... ہے جیسے کہ آتا ہے حد اکبر ... کا میں ہے اس میں آتی ہے حد اصغر کے لیے اس کا ثبوت ہوگا ہے ... حد اصغر اور اکبر ... ہوگا ہے ۲۲

حدا وسط ہے) کلاً او بعضاً (کس طرح عبارتیں بنانا معلوم ہوگا۔ اور کتاب لکھی بس میں
لکھا ہوں کہ وہ لکھتا تھا اور فرشتے اس کی قلم کی نوک اسی طرف پھیر دیتے تھے جس
طرح صحت ہوتی تھی یعنی اس نے قلم رکھی بس فرشتے پھیرنے لگ گئے۔ اس
نے اپنے اختصار کے ساتھ اپنی طرز سے لکھی ہے یہ متن ہے) ثبوت کلا یا بعضاً
پس لازم آئے گا ثبوت اس حکم کا (ثبوت سے مراد صدق ہوتا ہے) واسطے دوسرے
کے اسی طرح (مثل اسی کے جیسے ثبوت للآخر ہے) یعنی کلا یا بعضاً بالبداہۃ۔
فلابد من ایجاب الصغری الخ: پس اب تفریع کے طور پر شرائط کی طرف اشارہ کرتا
ہے۔ پس لابدی ہے ایجاب صغری سے اور کلیت کبری ہے۔
وما فی التحریر الا فی مساواۃ طرفی الکبری الخ: تحریر یہ ابن ہمام کی ہے اور
اصول فقہ میں لکھی ہے اس کی ایک شرح ہے ابن امیر الحاج کی۔ یہ ابن الہمام کا
شاگرد ہے نے بہت اچھی ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ ایجاب صغری شرط ہے
لیکن مطلقاً شرط نہیں ہے جب کبری کی دو طرفوں میں تساوی ہو موضوع نے
محمول۔ حدا وسط نے حد اکبر۔ ان میں ہو مساوات تو پھر صغری سالبہ
بھی آسکتا ہے ان کا ذکر کرنے کے بعد ماتن نے فرمایا ما فی التحریر لیس بشئ
ہے مثلاً کل فرس صہال یہ کبری ہے اس میں فرس اور صہال میں تساوی ہے
یعنی کل فرس صہال نے کل صہال فرس۔ جو فرس ہے وہ صہال ہے اور جو صہال
ہے وہ فرس ہے۔ اس صورت میں صغری سالبہ بھی آسکتا ہے کیوں! اس لیے
کہ ان میں تساوی ہے تو جس سے صہال کی ہوگی تو اس سے فرس کی بھی مسلب ہو جائے
گی۔ لہذا اس طرح شکل اول بن سکتی ہے لا شئ من الانسان بفرس و کل فرس صہال
لا شئ من الانسان بصہال نتیجہ آئے گا۔ فرماتے ہیں یہ لیس بشئ ہے اس لیے
کہ نتیجہ قیاس کی ذات کو لازم ہوتا ہے جیسے ماقبل کیا استلزام لذاتہ۔ اس صورت
میں کہ ایک مساوی کی جو مسلب ہے اور دوسرے مساوی کی مسلب ہو جائے گی تو
یہ نتیجہ لذاتہ نہیں آئے گا بلکہ ایک مقدمہ اجنبیہ ہوگا۔ مقدمہ اجنبیہ
کا واسطہ آ جائے گا۔ مقدمہ اجنبیہ یہ ہے مساوی کی جس شئ سے سلب ہو دوسرے
سے مساوی کی بھی اس سے مسلب ہوگی۔ اجنبیہ ویسے ہوتا ہے جس میں نہ موضوع

ہوتے نہ محمول۔ خارج سے لانا پڑا۔ تو قیاس کی ذات کو یہ لازم نہیں ہوا۔ اور
یہاں پر اندراج بھی نہیں ہے اندراج تب ہوتا جب صغری موجبہ ہو۔ اشکال
چار ہیں ان پر اجماع ہے تو پھر پانچویں شکل نکل آئے گی۔ اب تو یہ پانچویں
شکل اجماع کے خلاف ہے دوسرا نتیجہ اسے لذاتہ لازم نہیں ہے۔

ترجمہ: اور وہ جو نتیجہ تحریر کے ہے الا یہ بتایا کہ ایجاب صغری شرط ہے لیکن
یہ یہ قیاس میں نہیں) مگر نتیجہ مساواۃ دو طرفین کبری کے منافی التحریر
نہیں بنتی ہے کیونکہ یہ انتاج نہیں ہے لذاتہ۔ لذاتہ وہ ہوتا ہے جب
صغری میں حد اصغر کا حد اوسط میں اندراج ہو تو فیلزم ثبوت ذلک الحکم للاصغر
یہ تو یہاں اندراج پر بیٹھائی تھی۔

واورد الیس ب ولا ما لیس ب ج ا ح ایک اعتراض ہوا۔ یہ اعتراض اس
پر ہے کہ تم نے ایجاب صغری کی شرط لگائی ہم اس شرط کو نہیں مانتے۔
مثلاً ایک ہے الیس ب ولا ما لیس ب ج۔ کبری میں ج کا ثبوت ہر اس
فرد کے لیے ہے جس کے لیے لیس ب کا ثبوت ہے۔ یہ وہ فرد جو لیس
ب ہے وہ ج ہے تو اب جو لیس ب ہے تو پھر ج کا ثبوت آ کے لیے
ہو جائے گا کل ا ج ہو جائے گا۔ تو دیکھو یہ سالبہ ہے اور نتیجہ دے رہا
ہے یہاں ایجاب صغری والی شرط نہیں ہے۔ اس سے پہلے دو تمہیدی مقدمے
ایک ہوتی ہے سلب من حیث موضوع، سلب محض، سلب محض
رابطے کے اوپر آتی ہے یعنی الیس مقوب اور ایک سلب ثابت ہوتی
ہے یہ رابطہ کے بعد آ جاتی رابطہ نسبت ہے یعنی ا ھو لیس ب۔ پہلا
سالبہ بسیطہ اور یہ بن جائے گا معدولہ سالبۃ المحمول۔ پہلے میں معنی
ہے ب کی سلب ہے اسے۔ جب یہ کہا ا ھو لیس ب تو اب لیس
ب کا ا کے لیے ثبوت ہوگا یہ موجبہ ہو جائے گا۔ سالبہ وجود
موضوع کو نہیں چاہیے تا الیس ب۔ ب کی سلب ہے اسے۔ ا پیدا
ہی نہیں ہوا یا پیدا ہوا ہے لیکن ب کی سلب ہے۔ لیکن جب کہیں
گے ا ھو لیس ب۔ لیس ب کا ثبوت ہے۔ موجبہ وجود موضوع کو چاہیے گا

ا موجود ہوگی تو لیس ب کا ثبوت ہوگا۔ دوسری تمہید: ایک ہوتا ہے عقد وضع اور ایک عقد حمل۔ عقد وضع یہ ہوتا ہے کہ موضوع کو جس وصف عنوانی سے تعبیر کرتے ہیں اسے عقد وضع کہتے ہیں اس میں ہمیشہ ایجاب ہوتا ہے عقد حمل۔ محمول کو جس عنوان سے تعبیر کرتے ہیں یہ بدلتا ہے کبھی ایجاب تو کبھی سلب ہوتی ہے۔

اس تمہید کے بعد ہم پوچھتے ہیں کہ یہ جو لیس ب ہے اس میں سلب محض ہے یا سلب ثابت ہے۔ اگر کہو کہ سلب ثابت ہے تو کبریٰ تو موجبہ ہے ایجاب صغریٰ شرط آگئی تم نے کہا تھا کہ سالبہ ہے۔ اور اگر سلب محض ہے تو پھر حد اوسط مکرر نہیں ہے کیوں کہ حد اوسط ہے کل ما لیس ب۔ اس میں نفی مفہوم کی جزء ہے حد اوسط کی۔ یہاں لیس جز نہیں ہے تو حد اوسط مکرر نہیں ہے

ترجمہ: اور وارد کیا گیا یہ الیس ب و کل ما لیس ب ج اور جواب یہ ہے کہ سلب من حیث ھو ھو یہ رفع محض ہے اور عقد وضع نتیجہ کبریٰ کے نہیں خالی ملاحظہ ثبوت سے لیس اگر تو ملاحظہ کرے تو اس کا نتیجہ صغریٰ کے لیس نہیں سلب بلکہ ایجاب سلب کا ہے اور اگر تو صغریٰ میں ثبوت کا لحاظ نہ کرے (اور سلب محض رکھے تو فرماتے ہیں) لیس نہیں اندراج۔ کیوں کہ ج کا ثبوت تو ان فردوں کے لیے ہے جن کے لیے لیس ب کا ثبوت ہے اور صغریٰ میں ا کے لیے لیس ب کا ثبوت تو نہیں ہے کہ ا لیس ب کا فرد بنے اور کل ما میں داخل ہو بلکہ ب کی اس سے سلب ہے لیس نہیں ہے اندراج۔ جب اندراج نہیں تو نتیجہ نہیں آئے گا۔

مسلم الثبوت ص ۱۲ سبق 1.

والثانیۃ ان یعلم حکم لکل افراد شئی الخ ماقبل بیان کیا کہ پانچ صورتیں ہیں شکل اول کا بیان آگیا اب ثانی کا بیان کرتے ہیں اور اس بیان کے نتیجہ میں شرطوں کی طرف بھی اشارہ کرے گا۔ پہلے فرمایا ان یعلم حکم لکل افراد شئی۔ یہ کبریٰ شروع کیا ہے پہلے ایسے جانا جائے کہ ایک شئی ہے اس کے ہر ہر فرد کا حکم جانا جائے شئی سے مراد

عہ ۱ محمول کا ثبوت ہر اس فرد کے لیے ہے جس کے لیے وصف عنوانی کا ثبوت ہے۔ اور محمول کا سلب ہر اس فرد سے ہے جس کے لیے وصف عنوانی کا ثبوت ہے۔

عہ ۲ کبریٰ میں دیکھو کل ما لیس ب ج ہے عقد وضع یہ ہے لیس ب کا ثبوت ہوگا اس میں ا کے لیے لیس ب کا ثبوت ہوگا اور ج کا ثبوت ہر اس فرد کے لیے ہے جس کے لیے لیس ب کا ثبوت ہے

عہ اس میں حد اوسط مکرر ہے یعنی یہ موجبہ معدولۃ یا سالبۃ المحمول ہے تو ایجاب صغریٰ آ گیا

یہاں حد اکبر ہے کیونکہ حد اوسط دونوں میں محمول ہے تو اس حکم جانا جاتا ہے حکم وہی محمول ہوتا ہے اور محمول کا یا ثبوت ہوتا ہے یا سلب ہوتی ہے اس لیے منطقیوں کا یہ علم آگیا کہ کبریٰ کلیہ ہوگا۔ حکم عام ہے لہذا ایجابی بھی ہو سکتا ہے اور سلبی بھی۔ شکل ثانی کا کبریٰ کلیہ ہوگا موجبہ بھی آ سکتا ہے اور سالبہ بھی۔ اس کے بعد آگے صغریٰ کا بیان کرتا ہے و مقابلہ للآخر اور اس حکم کا مقابل جانا جاتا ہے کہ وہ ثابت ہے آخر کے لیے اور آخر سے مراد یہاں حد اصغر ہے اب اگر کبریٰ ہو موجبہ تو مقابل اس حکم کا سالبہ ہوگا تو پھر صغریٰ سالبہ ہوگا۔ اور اگر کبریٰ ہے سالبہ تو اس کا مقابل ایجاب ہوگا تو وقت صغریٰ موجبہ ہوگا۔ مقابل کا حکم ہوگا حد اصغر کے لیے آگے عام ہے کہ ہر ہر فرد کے لیے ہوگا یا اس کے بعض فردوں کے لیے ہوگا۔ ایک تو یہ آگیا۔ کبریٰ کلیہ ہوگا موجبہ بھی آ سکتا ہے اور سالبہ بھی۔ صغریٰ اس کا مقابل ہوگا یعنی اگر کبریٰ موجبہ ہے تو صغریٰ سالبہ ہوگا، تو سالبہ کلیہ بھی آ سکتا ہے اور جزئیہ بھی۔

شکل ثانی کی شرائط: کلیۃ الکبریٰ۔ اختلاف المقدمتین فی الایجاب والسلب۔

ترجمہ: اور ثانیہ یہ کہ جانا جائے حکم واسطے ہر افراد شی کے۔ اب سمجھنا ہم مقابلے میں سالبہ رکھتے ہیں کبریٰ موجبہ کلیہ، صغریٰ سالبہ کلیہ بھی آ سکتا ہے اور جزئیہ بھی تو اب جب حد اوسط کا ثبوت ہوگا حد اکبر کے ہر ہر فرد کے لیے تو پھر صغریٰ میں حد اوسط کا ~~ثبوت~~ سلب ہے حد اصغر کے لیے سے تو پھر نتیجہ تو سالبہ آئے گا۔ فیعلم سلب ذلک الشی عن الآخر لذلک بتأمل۔ تو اس میں تأمل کرکے نتیجہ نکالے گا تأمل یہی ہے کہ ہم پہلے رکھ لیتے ہیں موجبہ کلیہ کبریٰ۔ اور صغریٰ سالبہ اور کلیہ رکھ لیں اب کبریٰ میں ثبوت ہوگا حد اوسط کا حد اکبر کے ہر ہر فرد کے لیے اور صغریٰ میں حد اوسط کی حد اصغر سے سلب ہے جب سلب ہر ہر فرد سے ہے تو نتیجہ بھی سالبہ آئے گا تو حد اکبر کی سلب ہوگا حد اصغر کے ہر ہر فرد سے کیونکہ اگر حد اکبر کا ثبوت کریں تو پھر حد اوسط کا حد اصغر کے لیے ثبوت ہوگا نہ کہ سلب۔ اب نتیجہ سالبہ آئے گا۔ اور اب اگر صغریٰ سالبہ جزئیہ ہو اور کبریٰ موجبہ کلیہ ہو تو کبریٰ میں حد اوسط کا ثبوت ہوگا حد اکبر کے ہر ہر فرد کے لیے اور حد اوسط کی سلب ہے حد اصغر کے بعض فردوں سے تو بھی نتیجہ سالبہ آئے گا۔

عموم مشروط باعتبار حکم کے ہے ۱۲

ی شی سے مراد ہے حد اکبر ہے یعنی حد اوسط کا ثبوت ہو گا حد اکبر کے ہر ہر فرد کے لیے ۱۲

جب ایک شئی کا ثبوت ہے دوسری شئی کے لیے اور پھر اسی شئی کی سلب ہو اور
شئی ہے تو اس کی سلب ہو گی اس شئی سے۔ کیونکہ اگر حدِ اکبر کا ثبوت
فرض ہیں تو پھر حدِ اوسط کا بھی ثبوت کرنا پڑے گا حدِ اصغر کے لیے حالانکہ
حدِ اوسط کی اس سے سلب کر چکے ہیں۔ اب اگر کبریٰ سالبہ کلیہ ہو تو
حدِ اوسط کی سلب ہو گی حدِ اکبر کے ہر ہر فرد سے اور صغریٰ موجبہ کلیہ بھی ہو
سکتا ہے اور جزئیہ بھی۔ پھر حدِ اوسط کا ثبوت ہے حدِ اصغر کے کل فردوں کے لیے
یا بعض فردوں کے لیے۔ تو پھر حدِ اکبر کی حدِ اصغر سے سلب ہو گی۔
اور اب اگر کبریٰ کلیہ نہ ہو تو جزئیہ رکھ لیتے ہیں تو حدِ اوسط کا ثبوت ہو گا
حدِ اکبر کے بعض فردوں کے لیے اور ادھر حدِ اوسط کی سلب ہے حدِ اصغر کے
بعض فردوں سے یا کل سے۔ تو نتیجہ ضروری نہیں ہے کہ سالبہ آئے
کیونکہ ہو سکتا ہے کہ کبریٰ میں جو حدِ اوسط کا ثبوت ہے بعض فردوں کے لیے
~~بعض فردوں کے لیے~~
وہ بعض فرد اور ہوں اور صغریٰ میں جو حدِ اوسط کی سلب ہے
بعض یا فردوں کے لیے وہ بعض اس میں داخل نہ ہوں تو پھر نتیجہ سالبہ نہیں آئے
گا یہ تامل ہے۔ اسی طرح اگر دونوں موجبے ہوں تو پھر بھی شکل نتیجہ نہیں
دے گی
ترجمہ: اور ثانیہ یہ ہے کہ جانا جائے حکم واسطے ہر افراد شئی کے اور مقابل حکم
کا جانا جائے واسطے دوسرے کے کل اس کے یا بعض اس کے ایسی منافی جائے
گی سلب اس کی دوسرے سے کلاً یا بعضاً سا کو تامل کے۔
وضاحت تامل یہ ہے کہ جو نتیجہ آگیا اس کو شکل اول کی طرف رد کرو۔ تامل یہ
ہو گا۔ تامل بدیہی خفی میں ہوتا ہے شکل اول کی طرف رد کرنے کے بعد دیکھو
ویسے ہی والا نتیجہ ہے جو شکل ثانی سے تھا تو سمجھو کہ صحیح ہے اگر وہ نتیجہ
نہ آئے تو سمجھو کہ نتیجہ صحیح نہیں ہے اب رد یہ ہو گی جن ضربوں میں
ایجاب صغریٰ کلیہ کبریٰ بھی ہو حدِ اوسط صغریٰ میں محمول ہے کبریٰ میں موضوع
اور کبریٰ کا عکس کریں گے۔ اور جب اسے عکس کریں گے تو کلیہ بھی رہے۔ تو سالبہ
کلیہ کا عکس بھی سالبہ کلیہ آتا ہے اور صغریٰ کی جانب موجبہ ہو گا آگے کام

یہ ہے کہ کلیہ ہو یا جزئیہ

وما فی المختصر ان لا انتاج الخ — مختصر الاصول فقہ میں ابن حاجب کی کتاب ہے
ان کا اس مسئلہ میں رد کرتے ہیں۔ انہوں نے فرمایا لا انتاج الا بالاول۔ انہوں
نے کہا چار شکلیں نہیں ہے بلکہ شکل تو شکل اول ہی ہے باقی شکلیں نتیجہ نہیں دیتی
کیونکہ ان کا نتیجہ لازم نہیں ہے اس لیے تو ہمیں اول کی طرف رد کرنا پڑتا ہے
لزوم لذاتہ یہی ہے نہیں ہذا شکل اول کے علاوہ اور کوئی شکل نتیجہ دیتی ہی نہیں
اس کا رد کرتے ہیں کہ یہ دعویٰ ہے بلا دلیل ہے کیونکہ لزوم لذاتہ کے
یہ بات منافی نہیں ہے کہ ہم نے شکل اول کی طرف رد کیا بلکہ منافی لزوم لذاتہ
کے یہ ہے کہ مقدمہ اجنبیہ کا دخل آجائے رد کرتے ہیں تو وہی موضوع
محمول ہوتے ہیں ان میں تو کوئی مقدمہ اجنبیہ آتا ہی نہیں۔ مقدمہ اجنبیہ
تو یہ ہوتا ہے اس کے موضوع محمول اور ہوں جو قیاس کے مقدموں میں
نہیں ہیں صرف رد کرنا لزوم لذاتہ کے منافی نہیں ہے اگر مقدمہ اجنبیہ نہ ہو
تو لزوم لذاتہ متعدد کو ہو سکتا ہے کہ اول کو بھی لازم ہوتے ثانی اور ثالث
کو بھی لازم ہو۔ حالانکہ اس وقت منافی ہے جب مقدمہ اجنبیہ کا بیچ
دخل آجائے وہ تو یہاں پر نہیں ہے۔ ثانی کو جب اول کی طرف رد کریں
تو کبریٰ کا عکس کریں۔ اشرف المقدمتین میں تو ثانی اول کو شریک
ہے صرف شکل ثانی کے کبریٰ میں حد اوسط محمول ہے اور شکل اول کے کبریٰ میں
موضوع ہے اس لیے کہا کہ اس کا عکس کریں باقی حد اصغر صغریٰ میں اور
حد اکبر کبریٰ میں رہے گی اور نتیجے کا بھی عکس نہیں کرنا پڑے گا

ترجمہ: اور وہ جو بیچ مختصر کے ہے یہ کہ نہیں انتاج مگر ساتھ اول کے
نہیں ادعاء ہے کیونکہ لزوم نہ واسطے مقدمہ اجنبیہ کے جائز ہے یہ کہ
ہو لزوم لذاتہ ساتھ متعدد کے۔

والدوران مع الاول لا ینافیہ اب منشاء غلطی بیان کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ شکل
ثانی کے نتیجہ کی صحت یا عدم صحت معلوم کرنی ہو تو اول کی طرف رد کرتے ہیں اسی طرح
ثالث اور رابعہ بھی۔ تو باقی شکلیں شکل اول کے ارد گرد گھومتی رہتی ہے

عود لینا شکل اول کا فی ہے جب وہ نتیجہ دیتی ہے لزوم لذاتہ ہو

عہ اگر ملزوم لزاتہ ہوتا تو دوران اس کے منافی ہوتا اور تو اسی لیے کہا ہے لزوم لزاتہ نہیں ہے ۱۲

مراد ہے جب انہوں نے دیکھا کہ رد کیا جاتا ہے تو لزوم لذاتہ نہیں ہے تو غلطی لگی حالانکہ دوران لزوم کے منافی بھی نہیں ہے

ترجمہ: دوران سمیت اول کے نہیں منافی لزوم کے۔

دوران —

مسلم الثبوت ص ۱۲ سبق ۲۔

والثالثۃ اب یہاں سے تیسری صورت شکل کا بیان کرتے ہیں اس کے نتیجے میں شکل کی شرائط بھی بیان کریں گے۔ تیسری شکل میں حد اوسط موضوع ہوتی ہے اور حد اصغر حد اکبر موضوع ہوتی ہے دو امر ہیں ان کا ثبوت ہے تیسری چیز کے لیے یہ تیسری شئی جس کے لیے ثبوت ہے موضوع ہوگی اس سے مراد حد اوسط اور امرین سے مراد حد اصغر اکبر ہے صغرے میں حد اصغر اور کبرے میں حد اکبر ہے ایک تو یہ جانے اور ان دو میں سے ایک کلی ہے جب تم نے یہ جان لیا تو پھر ان دو امر کی ملاقی ہوگی۔ ملاقات ہوگی تیسری شئی میں۔ مثلاً ایک صغری ہے اور دوسرا کبری تو پہلے کبری میں حد اکبر کا ثبوت ہوگا حد اوسط کے ہر ہر فرد کے لیے اور صغرے میں حد اصغر کا ثبوت ہے حد اوسط کے ہر ہر فرد کے لیے۔ حد اکبر کا ثبوت ہے حد اوسط کے ہر ہر فرد کے لیے تو پھر حد اصغر کا ثبوت ہے حد اوسط کے ہر ہر فرد کے لیے تو یہ افراد بھی تو اسی کے ہیں کہ اس کے لیے حد اکبر کا ثبوت بھی ہے اور حد اصغر کا ثبوت بھی ہے۔ دو چیزیں جو تیسری چیز میں متحد ہوں آپس میں بھی ملاقی ہوتی ہیں۔ پہلے تو ہم نے دونوں کو کلیہ رکھا اور اگر ایک جزئیہ ہو تو پھر بھی ہو سکتا ہے تو پھر کبری میں حد اکبر کا ثبوت ہوگا حد اوسط کے ہر ہر فرد کے لیے اور صغری میں حد اصغر کا ثبوت ہوگا حد اوسط کے بعض افراد کے لیے۔ اس کا ثبوت بھی پہنچ گیا۔ نتیجہ ہمیشہ جزئیہ آئے گا کیونکہ منطق میں قواعد کلیہ ہوتے ہیں تو نتیجہ جزئیہ لازم ہوتا ہے۔ جزئیہ ہو بھی تو جزئیہ لازم ہے اور کلیہ ہو تو بھی جزئیہ اس کے اندر ہے کیونکہ ہر جگہ کلیہ نہیں آتا اس لیے جزئیہ لازم رہتا ہے

عہ ایک امر کا بھی ثبوت ہے دوسرے امر کا بھی ثبوت ہے ان میں سے ایک ثبوت کلی ہے پھر اس وقت نتیجہ کیا ہوگا یعنی ملاقات دونوں کی ۱۲

اب ہم نے کبریٰ کو کلیہ رکھا تو صغریٰ کو جزئیہ رکھا۔ حد اکبر کا ثبوت ہے حد اوسط کے ہر ہر فرد کے لیے۔ تو حد اصغر کا ثبوت ہے حد اوسط کے بعض فردوں کے لیے یہ جو بعض فرد حد اوسط کے ہیں حد اوسط کے کل فردوں میں داخل ہیں جب حد اکبر کا ثبوت ہے حد اوسط کے ہر ہر فرد کے لیے تو حد اصغر کا بعض کے لیے پھر بھی ملاقات ثابت ہو جائے گی۔ اور اگر صغریٰ کی جانب کلیہ ہو تو پھر حد اکبر کا ثبوت حد اوسط کے بعض فردوں کے لیے اور حد اصغر کا ثبوت حد اوسط کے ہر ہر فرد کے لیے، حد اکبر کا ثبوت جن بعض کے لیے ہے وہ بھی حد اوسط کے افراد ہی ہیں تو حد اصغر کا ہر ایک کے لیے ہے تو حد اصغر حد اکبر ملاقی ہوں گے۔ یہ تین نتیجے آئیں گے تو تینوں موجبہ جزئیہ ہوں گے۔ ایک صغریٰ کبریٰ دونوں موجبہ کلیہ۔ دوسرا کبریٰ موجبہ کلیہ صغریٰ موجبہ جزئیہ۔ تیسرا صغریٰ موجبہ کلیہ کبریٰ موجبہ جزئیہ۔ —— اس نے کہا ایک ثبوت کلی ہو اگر ایک بھی ثبوت کلی نہ ہو تو پھر اس کی یہی صورت ہے کہ صغریٰ کبریٰ دونوں موجبہ جزئیہ۔ کبریٰ میں حد اکبر کا ثبوت حد اوسط کے بعض فردوں کے لیے اور صغریٰ میں حد اصغر کا ثبوت حد اوسط کے بعض فردوں کے لیے تو ملاقات پھر لازم نہیں ہے کیوں کہ ہو سکتا ہے وہ بعض فرد اور ہوں جن کے لیے حد اکبر کا ثبوت ہے تو وہ بعض فرد اور ہوں جن کے لیے حد اصغر کا ثبوت ہے تو ملاقات لازم نہیں ہوگی اس لیے کہا ایک کلی ہو یا حد اکبر کا ہو یا حد اصغر کا ہو۔ صورت ثالثہ کے چھ نتیجے ہوتے ہیں تین موجبہ جزئیے اور تین سالبہ جزئیے موجبہ جزئی کا بیان آ چکا اب سالبہ جزئی کو بیان کرتا ہے

ترجمہ: صورت تیسری یہ کہ جانا جائے ثبوت اصغرین کا واسطے تیسرے کے اور اور ایک ان دو کا کلی ہے پس جانا جائے گا التقاء ان دو کا نتیجہ تیسرے کے

خارجی تقریر: لو نالالعقول حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف 23 سال کے عرصہ میں پوری دنیا کی کایا پلٹی۔ وہ صحابہ کرام تھے حضور سے فیض لیتے رہے تم نے بس یہ قصہ سمجھا ہوا ہے۔ یہ قصہ تھا اور بس، زمانہ چلا

گیا تو علم بھی چلا گیا۔ میرا مطلب یہ ہے کہ طالب علم استاذ کی مدد کرتے ہوتے ہیں اگر بندے ہوں ڈنگر نہ ہوں تو استاذ کی مدد کرتے ہیں۔ تم ڈنگر نما ہو۔ میرا مطلب کیا ہے استاذ سارا دن پڑھاتے، کوئی چھٹی کا وقت بھی ہوتا ہے، یا کوئی مسئلہ لکھنا ہے، یا کوئی فتوی لکھنا ہے یا مطالعہ کرنا ہے یا تھکان ہے یا اپنے گھر کے کوئی کام ہیں۔ کیا وہ کوئی نہیں؟ ہاں بتاؤ مجھے تمہارے گھروں کے کام ہیں ان بیرونی والوں سب کے گھروں کے کام ہیں کیا اس فقیر کے گھر کا کوئی کام نہیں سارا دن ادھر ہی یہ فقیر بیٹھا رہتا ہے۔ یہ میرا مطلب ہے۔ لہذا خود سمجھا کرو۔ میں اس سے زیادہ سمجھا نہیں کر سکتا ہے۔ جب بندہ تھک جاتا ہے تو تھوڑی دیر آرام کرتا ہے۔ یا اس وقت پتا چلے گا جب سر پر پڑے گی تو پتا چلے گا یہ ہوگا، نہ نیستی تے نہ قضا کیتی یہ ہوگا۔ مطلب یہ ہے کہ لوگوں کو سمجھانے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہماری عوام نہیں سمجھتی یہ جاہل مجہول ہوتے ہیں۔ عوام ہوتی ہے ان کو کیا پتا ہوتا ہے کہ مدرس کون ہوتا ہے تے عالم کون ہوتا ہے اس کے ساتھ کیا تعلق ہوتا ہے اور رکھنا چاہیے یہ سارے منافقین ہیں۔ یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی یہی رویہ رکھتے جو انہوں نے میرے ساتھ رویہ رکھا ہوا ہے۔ میں یہاں پر حضور کی شریعت کا کام کر رہا ہوں جو شریعت کا کام کرے بہت شریعت کا بہت بڑا نائب ہوتا ہے۔ جب نائب کے ساتھ ان کی یہ حالت ہے تو اصل کے ساتھ ان کی کیا حالت ہوگی۔ مثال پر سمجھیں کہ انسان مولوی صاحب کے ساتھ تعلق نہ رکھ کر اور رویہ نہ رکھ کر حضور کے ساتھ برابر کے تعلق دار ہیں آپ کے ساتھ ویسی عقیدت رکھتے ہیں یہ غلط بات ہے۔ یہاں نئے منظوری جائے گی تو مدینہ شریف میں منظوری ہوگی اوئے یہ مت سمجھو کہ ہم Through کے Automatic اور پھر ہم اسان فضول ہیں۔ بچہ اس طرح نہیں وفاداروں کی وفا پوری اور پکی ہوتی ہے۔ یہ حکومت کسی کو کوئی عہدہ دے تو اس کی قلم چل رہی ہوتی ہے اور جو اہل حکومت ہے اس کے عہدہ دار کی قلم کا کوئی اثر نہیں۔ یہ لوگ کہتے ہیں کہ ہمارے حقوق ہیں۔ اس فقیر کے اتنے حقوق ہیں سارے زندگی میری خدمت

عہدہ اللہ کا [illegible]
[illegible] رعایا کا [illegible]
۱۲۔۱۲۔

کریں ایک حق ادا نہیں کر سکتے ۔ سارے لوگ علاقہ پورا۔ یعنی اس چیز کو ظاہر
کرنا چاہیے تاکہ ان کو پتا چلے کہ کوئی ان کے (مولوی صاحبان) بھی حقوق ہیں
بنا جھگڑے تھی و نحن مجمع کوئی پروا نہیں ۔ لیکن تم سمجھا کرو لوگوں کو سمجھایا کرو ۔
کہ دیکھو یار سارا دن استاذ صاحب پڑھاتے ہیں تو وہ تمہاری خوشامد بھی
کرتے ۔ تو پھر کوئی اور ڈھونڈ لاؤ یہ فقیر ان میں سے نہیں ہے لیکن یہ
یاد رکھو وہاں مدینہ شریف میں مشغول ہو گی ۔ ہر زمانے میں ایسا ہی
ہوتا ہے ۔ یہ نہیں کہ آسمان پر اڑ رہا ہے اور یہ آ گیا ہے چودہ سو سے آج
اگر تم نے دین کی خدمت نہ کی تو پھر کب کرو گے ۔ اللہ تعالیٰ نے ساری
مخلوق کو وقت دیا ہے کیا ہم محروم ہیں ۔ نہیں ہمارا ایک وقت موجود ہے
حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اوقات میں جو صحابہ کرام تھے ۔ ہمارے لیے
ان کے ساتھ لاحق ہونے کے لیے ، ان کے گروہ میں داخل ہونے کے لیے ،
اللہ تعالیٰ نے ہمیں بھی موقع دیا ہے ۔ اگر ہم نے حضور کی شان کے
شریعت ، حضور کی امت کے علماء کے خادم من سعی فی طاعۃ اللہ فی سبیل
اللہ ۔ ان کے ساتھ طریقہ ہمارا وہ منافقانہ ۔ تو آج بھی منافقت کی رسید
ملے گی ۔ لہذا میں جب فارغ ہو جاؤں اس کے بعد کھانے کے لیے کوئی چیز
ہونی چاہیے تو اس وقت کوئی راحت کی بات ہونی چاہیے تاکہ میرا
ذہن فراحت پکڑے ، کوئی خوشی کی بات ہونی چاہیے کوئی ایسے اسباب
پیدا ہونے چاہیے جسے میں دیکھوں تو میرا دل خوش ہو جائے یہ
ہے آسانی ۔ اس طرح نہیں کہ جس طرح لوگوں نے رویہ رکھا ہوا ہے تم سمجھو بس
اسی طرح ہوتا ہے ۔ ایک بندے کی تیمارداری اچھی ہو اسے بھی عمر ملتی ہے نہیں تو
بندے گھس دیندا ہے ۔ استاذ مولانا عبدالحق صاحب کو اللہ تعالیٰ نے اچھی عمر دی ہے میں
سمجھتا ہوں کہ اس کی تیمارداری اچھی ہو رہی ہے بیٹے ہیں فرمانبردار ہیں ۔ اللہ
تعالیٰ انہیں شفا دے ۔ چلو جی ۔ ایک ۔ یہ سمجھنا کہ ایک امر کا ثبوت دوسرے
کے لیے یعنی دو امر میں سے ایک اس کا تو دوسرے کے لیے ثبوت ہے لیکن دوسرے
کا ثبوت اس دوسرے کے لیے نہیں ہے ۔ پہلے جو امر تھے جو دونوں کا ثبوت تھا

اب یہ کہ ایک کا ثبوت ہے اور دوسرا کا انتفاء ہے لذلك : اس کا معنی یہ ہے کہ ایک کلی ہو تو اس سے پھر علم آئے عدم التقاء صافیہ یعنی پھر ملاقات نہیں ہوگی حد اصغر حد اکبر کی۔ مثلاً ایک ہے ثبوت امر لہ اس کو سمجھو لو مع عدم ثبوت الاخر یہ معیت ہے مطلب یہ ہے ثبوت امر لہ صغرے کا کیا ہے کہ صغری میں حد اصغر ہوتی ہے اس کا تو ثبوت ہے حد اوسط کے لیے بعض فردوں سے اور حد اکبر کی سلب ہے حد اوسط سے ہر ہر فرد سے۔ ایک کلی ہوتا ہے۔ جب حد اکبر کی سلب ہے حد اوسط کے ہر ہر فرد سے اور صغری میں حد اصغر کا ثبوت ہے حد اوسط کے لیے پھر حد اصغر کی حد اکبر کے ساتھ ملاقات نہیں ہوگی اور اگر ملاقات ہوتی پھر حد اکبر کی سلب ہر ہر فرد سے نہیں ہوگی اور ہم تو کہہ چکے ہیں کہ ہر ہر فرد سے سلب ہے۔ مثلاً جب ہم صغری میں موجبہ جزئیہ رکھتے ہیں کہ حد اصغر کا ثبوت ہے حد اوسط کے لیے اور کبری سالبہ ہے کہ حد اکبر کی سلب ہے حد اوسط کے ہر ہر فرد سے۔ تو جب کبری میں حد اکبر کی حد اوسط سے سلب ہے تو جس کے لیے کا حد اوسط کے لیے ثبوت ہے اس سے بھی حد اکبر کی سلب ہو جائے گی۔ اب ہم صغری میں موجبہ کلیہ اور کبری میں سالبہ جزئیہ۔ حد اصغر کا تو ثبوت ہے حد اوسط کے ہر ہر فرد کے لیے اور حد اکبر کی سلب ہے حد اوسط کے بعض فردوں سے۔ جب حد اصغر کا ثبوت حد اوسط کے ہر ہر فرد کے لیے ہے اور دوسری طرف بعض فردوں سے سلب ہے تو ملاقات نہیں ہوگی اس لیے کہ وہ موجبہ کلیہ ہے اور یہ سالبہ جزئیہ ہے آپس میں نقیضین ہیں

ترجمہ: یا ثبوت ایک امر کا واسطے تیسرے کے ساتھ عدم ثبوت آخر کے واسطے اس ثالث کے لذلك یعنی احدھما کلی یہ معنی ہے پس جانا جائے گا عدم التقاء ان دو کا بیچ اس کے (ثالث کے) (اب نتیجہ نکالا ہے) پس نہیں ہوگا لازم مگر جزئی موجبہ (پہلی صورت میں) یا سالبہ جزئیہ (دوسری صورت میں)

مسلم الثبوت ص ۱۲ سبق ۳

والرابعة ان یثبت الملازمة: ماتن بیان فرمایا کہ کل پانچ صورتیں ہیں اور یہ چوتھی صورت ہے یہ کہ پہلے دو چیزوں کے درمیان ملازم ثابت کیا جائے۔ ہر ایک لازم اور ہر ایک ملزوم ہو تو اسے تلازم کہا جاتا ہے۔ دو امرین کے

ملازم ہونا چاہیے۔ ملازمہ یہ ہے کہ ایک ملزوم ہے اور دوسرا اس کو لازم ہے۔
پھر اس کے بعد نتیجہ آئے گا وضع مقدم وضع تالی اور رفع مقدم رفع تالی نتیجہ آئے
گا۔ دیکھیں گے کہ وضع مقدم سے وضع تالی نتیجہ آتا ہے تو پھر ان میں ملازمہ ہوگا کیوں
کہ مقدم ملزوم ہوتا ہے اور تالی اس کو لازم ہوتا ہے لازم اور ملزوم کا قاعدہ ہے۔
ملزوم کے وجود سے لازم کا وجود اور ملزوم کی نفی سے لازم کی نفی نہیں ہوتی اور لازم
بالعکس ہے لازم کے وجود سے ملزوم کا وجود ضروری نہیں ہے لازم کی نفی سے
ملزوم کی نفی ہو جاتی ہے انہی دو قاعدوں کے لاید نتیجہ ہوگا۔ ملازمہ تو ثابت ہوگیا
کہ مقدم ملزوم ہے تالی اس کو لازم ہے اب وضع مقدم یہ وجود ملزوم ہے تو جب
ملزوم پایا گیا لازم بھی پایا جائے گا اور اب دلیل دیتا ہے کہ اگر وضع مقدم کریں وضع تالی
نتیجہ نہیں آیا تو پھر لزوم ہے ہی نہیں کہ ملزوم پایا گیا اور لازم ہے ہی نہیں
ملزوم تو وہی ہوتا ہے کہ اس کا لازم ہو پھر یہ ہوگا کہ یہ لازم نہیں ہے۔ اور اس کا
عکس وہ نتیجہ نہیں دیتا عکس کیا ہوگا؟ وضع تالی وضع مقدم نتیجہ نہیں دیتا۔ اس پر
دلیل یہی کیوں کہ ملزوم ہوتا ہے خاص اور تالی لازم ہوتا ہے عام۔ خاص عام
والا اور ملزوم لازم والا قاعدہ ایک ہی ہے خاص کے وجود سے عام کا وجود آجاتا
ہے خاص کی نفی سے عام کی نفی نہیں ہوتی۔ لیکن عام کے وجود سے خاص کا وجود ضروری
نہیں ہے لیکن عام کی نفی سے خاص کی نفی ضروری ہوتی ہے۔ ہم نے کہا کہ
وضع تالی وضع مقدم کا نتیجہ نہیں دیتی کیوں کہ ہو سکتا ہے کہ تالی عام ہو
تو عام کے وجود سے خاص کا وجود ضروری نہیں ہوتا۔ جیسے حیوان عام ہے
اس کے وجود سے انسان کا وجود ضروری نہیں ہے۔ باقی رفع بالعکس[عنہ] ہے
رفع تالی رفع مقدم کا نتیجہ دے گی کیوں کہ تالی ہوتا ہے لازم اور عام۔ لازم
عام کی نفی سے ملزوم اور اخص کی نفی ہو جاتی ہے اور رفع مقدم رفع تالی
کا نتیجہ نہیں دے گا۔ دلیل وہی ہوگی رفع تالی کیوں نتیجہ دے گی اس لیے کہ تالی
ہوتا ہے عام تو عام کے انتفاء سے خاص منتفی ہو جاتا ہے لیکن خاص کے
انتفاء سے عام کا انتفاء ضروری نہیں ہوتا دوسرے لفظوں میں مقدم کے رفع
سے رفع تالی ضروری نہیں ہوتا کہ الرفع بالعکس ہوگیا۔ جیسے

عنہ یعنی بالعکس کا عکس (رفع تالی) یعنی وضع مقدم کا نتیجہ ... رفع تالی کا عکس ... رفع تالی رفع مقدم کا نتیجہ دیتا ہے ... نافع

ان کانت الشمس طالعۃ فالنھار موجود۔ پہلے طلوع شمس اور وجود نھار میں ملازمہ ثابت کیا۔ کہ یہ تقدیر اور یہ وقت جو شمس طلوع کرے تو نھار موجود ہوگا۔ طلوع شمس کو وجود نھار لازم ہے اب ہم وضع مقدم کریں لکن الشمس طالعۃ فالنھار موجود یہ وضع تالی ہے کیوں کہ اگر وضع مقدم کریں سے وضع تالی نتیجہ نہ ہو تو پھر لازم آئے گا کہ ملزوم پایا گیا ہے لازم ہے ہی نہیں۔ حالانکہ ملزوم وہی ہوتا ہے جس کا لازم ہو پھر تو ملازمہ ہی نہیں ہوگا۔ دوسرا یہ ہے کہ وضع تالی وضع مقدم کا نتیجہ نہیں دیتی کیوں کہ ہو سکتا ہے کہ ملزوم ہے خاص تے لازم ہے عام۔ عام کے وجود سے خاص کا وجود ضروری نہیں ہوتا ہے۔ اس لیے وضع تالی وضع مقدم کا نتیجہ نہیں دے گی۔ کسی خاص مادہ میں جہاں تساوی ہو جائے وضع تالی وضع مقدم کا نتیجہ دیتی ہے لیکن قاعدہ یہ ہے کہ وضع تالی وضع مقدم کا نتیجہ نہیں دیتی۔ اسی طرح رفع تالی رفع مقدم کا نتیجہ دیتی ہے اور رفع مقدم رفع تالی کا نتیجہ نہیں دیتا۔ حاصل یہ ہوا کہ ایک نتیجہ وضع کا ہوگا کہ وضع مقدم وضع تالی کا نتیجہ دیتا ہے اور دوسرا نتیجہ رفع کا ہوگا کہ رفع تالی رفع مقدم کا نتیجہ دیتی ہے۔ مرزا قادیانی نے حدیث پاک سے ایک دلیل بنائی۔ حدیث پاک میں ہے لو کان ابراھیم حیًا لکان نبیًا۔ اگر ابراھیم رضی اللہ تعالی عنہ حضور کے صاحبزادے زندہ ہوتے تو نبی ہوتے۔ اس نے کہا زندہ ہونا تو ممکن تھا لہذا جو نبی جو نہیں ہوئے اس لیے کہ زندہ نہیں رہے۔ یہ اس نے دلیل بنائی۔ اب مرزائی بھی ہیں اور مرزائی کتابیں بھی لکھی ہوئی ہیں۔ تو جب وہ دیکھیں گے کہ مسلمان ان دلائل، باتوں سے عاری ہو گئے ہیں تو وہ سوال کریں گے۔ اس نے رفع مقدم کیا کہ چونکہ زندہ نہیں رہے اس لیے نبی نہیں ہوئے۔ ہم اس کے جواب میں کہیں گے کہ یہ رفع مقدم ہے اور رفع مقدم نتیجہ نہیں دیتا۔ اس نے جواب دیا۔ کہ رفع مقدم اس جگہ نتیجہ نہیں دیتا جہاں پر مقدم تالی کے درمیان عام خاص کی نسبت ہو اگر تساوی ہو تو پھر ایک کی نفی سے دوسرے کی نفی آ جائے گی۔ لہذا اس نے کہا کہ حیات ابراھیم اور نبوت ابراھیم میں تساوی ہے۔ ہم نے اس کا جواب دیا کہ حیات ابراھیم اور نبوت میں تساوی نہیں ہے۔ بچپن میں ابراھیم

عــه جائز الکی یا لکل ان قواعد کلیہ د

رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حیات ہے لیکن نبوت نہیں تھی۔ شادی تو یہ ہوتی ہے ایک پایا
جائے تو دوسرا بھی پایا جائے۔ پیدا ہوئے تو وجود ابراہیمؑ کا آ گیا لیکن نبوت نہیں
ہے تو ان میں شادی نہیں ہے۔ ہاں ہمارا دعویٰ یہ ہوگی اگر ابراہیم زندہ
ہوتے تو نبی ہوتے لیکن نبی نہیں ہوئے تھے کیونکہ حضور نبی کریم خاتم النبیین ہیں
اس لیے زندہ بھی نہیں رہے۔ رفع تالی رفع مقدم کا نتیجہ دیتا ہے۔ ایک تو
یہ ہے۔ دوسرا ... مرزائی اب بھی یہی بات کہتے ہیں کہ فلاں افسر مرزائی ہے
فلاں جنرل۔ اس قسم کی باتیں لوگ کہتے رہتے ہیں۔ وہ قادیانی اس لیے نہیں ہے کہ
انہوں نے حق تلاش کر لیا ہے۔ گمراہی زیادہ ہے دنیا میں۔ دین سے اتنی
دلچسپی نہیں ہے ایمان سے اتنی وابستگی نہیں ہے۔ اسلام سے اتنی وابستگی نہیں
ہے بس دنیاوی چیزیں ہیں اور مفادات ہیں وقالوا ما ھی الا حیاتنا الدنیا نموت
ونحیی وما یھلکنا الا الدھر۔ یہ نہیں ہے کہ انہوں نے کوئی تحقیق کر لی ہے۔ اور مرزائیت
کو حق پا لیا ہے بلکہ اس لیے کہ اس سے ڈالر ملتے ہیں مراعات ملتی ہیں۔ امریکہ
برطانیہ ایسے لوگوں کو۔ ان بچوں کو تعلیم آمد و رفت پیسے۔ اس لیے یہ لوگ پناہ وہاں
لیتے ہیں۔ ان کے ترجمان، ان کی عورتیں وہاں ہوتی ہیں۔ ان کے متعلق جو حکم تھا
اسے پورا نہیں لگایا گیا۔ حکم پورا یہی تھا کہ ان سب کو گرفتار کر لیا جاتا
تین دن کی مہلت دی جاتی ان کے شبہات دور کر کے مسلمان ہو جاتے ہیں
اور جو انکار کرتے ان کو قتل کر دیا جاتا۔ بس یہ فتنہ ختم ہو جاتا۔ یہ سب سے
خبیث ترین فتنہ ہے دھیان کرنا۔ ان مشکل مولویوں کی طرح نہ ہو جانا
مشکل مولوی کون سے؟ بس ٹھیک ہے گزارا کرو۔ جو نبوت کا دعویٰ کرے اور دوسرے
اس کے ماننے والے ہوں ان کے لیے حشر وہی ہے جو صدیق اکبرؓ نے کیا تھا۔
حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے بعد جھوٹے تیس مدعیان نبوت
آئیں گے۔ ہر ایک یہی کہے گا کہ میں اللہ تعالیٰ کا نبی ہوں۔ آپ نے فرمایا
خبردار سنو میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔ دجال کذاب ہوں گے۔ دجال کذاب
جو جو نے ماضی میں نبوت کا دعویٰ کیا اس کا ماننے والا کوئی ایک دکھا سکتے ہو
تو پھر انہوں نے کون سا کمال کیا۔ یہ فتنے چھوڑے اور فتنے کو استحکام دیا

علاوہ دین سے اتنی دلچسپی نہیں ایمان سے اتنی وابستگی نہیں اسلام سے اتنی دلچسپی نہیں ہے۔

[illegible] ۱۹۷۴

رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حیات ہے لیکن نبوت نہیں تھی۔ شادی تو یہ ہوتی ہے ایک جایا جائے تو دوسرا بھی پیدا ہو جائے۔ پیدا ہوتے تو وجود ابراہیم کا آ گیا لیکن نبوت نہیں ہے تو ان میں تساوی نہیں ہے۔ ہاں ہمارا دلیل یہ ہوگی اگر ابراہیم زندہ ہوتے تو نبی ہوتے لیکن نبی نہیں ہونے تھے کیونکہ حضور نبی کریم خاتم النبیین ہیں اس لیے زندہ بھی نہیں رہے۔ رفع تالی رفع مقدم کا نتیجہ دیتا ہے۔ ایک تو یہ ہے۔ دوسرا ـــ مرزائی اب بھی ہیں بہت کہتے ہیں کہ فلاں افسر مرزائی ہے فلاں جنرل۔ اس قسم کی باتیں لوگ کہتے رہتے ہیں۔ وہ قادیانی اس لیے نہیں ہے کہ انہوں نے حق تلاش کر لیا ہے۔ گمراہی زیادہ ہے دنیا میں۔ دین سے اتنی[عہ] دلچسپی نہیں ہے ایمان سے اتنی وابستگی نہیں ہے۔ اسلام سے اتنی وابستگی نہیں ہے بس دنیاوی چیزیں ہیں اور مفادات ہیں وقالوا ما ھی الا حیاتنا الدنیا نموت ونحیی وما یھلکنا الا الدھر۔ یہ نہیں ہے کہ انہوں نے کوئی تحقیق کر لی ہے۔ اور مرزائیت کو حق پا لیا ہے کہ اس لیے کہ اس سے ڈالر ملتے ہیں مراعات ملتی ہیں۔ امریکہ برطانیہ ایسے لوگوں کو۔ ان بچوں کو تعلیم آمد و رفت پیسے۔ اس لیے یہ لوگ پناہ وہاں لیتے ہیں۔ ان کے ترجمان، ان کی عورتیں وہاں ہوتی ہیں۔ ان کے متعلق جو حکم تھا اسے پورا نہیں لگایا گیا۔ حکم پورا یہی تھا کہ ان سب کو گرفتار کر لیا جاتا تین دن کی مہلت دی جاتی ان کے شبہات دور کرتے مسلمان ہو جاتے ہیں اور جو انکار کرتے ان کو قتل کر دیا جاتا۔ بس یہ فتنہ ختم ہو جاتا۔ یہ سب سے خبیث ترین فتنہ ہے دھیان کرنا۔ ان مشکل مولویوں کی طرح نہ ہو جانا مشکل مولوی کونسے؟ بس ٹھیک ہے گزارا کرو۔ جو نبوت کا دعوی کرے اور دوسرے اس کے ماننے والے ہوں ان کے لیے حشر وہی ہے جو صدیق اکبر نے کیا تھا۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے بعد جھوٹے تیس[عہ] مدعیان نبوت آئیں گے۔ ہر ایک یہی کہے گا کہ میں اللہ تعالیٰ کا نبی ہوں۔ آپ نے فرمایا خبردار سنو میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔ دجال کذاب ہوں گے۔ دجال کذاب جو جس نے ماضی میں نبوت کا دعوی کیا اس کا ماننے والا کوئی ایک دکھا سکتے ہو تو بعد انہوں نے کون سا کمال کیا۔ یہ فتنے چھوڑے۔ اور فتنے کو استحکام دیا

عہ دین سے اتنی وابستگی نہیں ہے ایمان سے اتنی دلچسپی نہیں ہے اسلام سے اتنی دلچسپی نہیں ہے۔ ۱۲

عہ قریب من ثلثین ۱۲ ثلاثون کذابون دجالون کلھم یزعم انہ نبی ۱۲

اقلیت قرار دے گئے۔ اور پڑھ رہے ہیں۔ ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت
کے دور میں ایک جھوٹے نبی اور اس کے نام لیوا موجود ہوں یہ کیسے ہو سکتا
ہے۔ قیامت تک حضور کی نبوت کا دور ہے۔ آپ کے دور میں ایک اور
نبی کا نام لیں ہو اور ایک اور نبی کے ماننے والے بھی ہوں یہ ہو سکتا ہے
مسلمانوں کو چلو بھر پانی میں مر جانا چاہیے پھر ٹکریل آئے انہوں نے کہا
کہ یہ کافر ہیں مرتد ہیں۔ مزید ان کو استحکام دے گیا۔ بالکل یہ لوگ گمراہ
ہیں۔ قادیانی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ یہ بہت بڑا مسئلہ ہے آج تک
پہلے مدعیان نبوت کا ایک نام لیوا نہیں ہے لیکن مرزائی فتنہ کو بنیاد دی
گئی کہ اسے برقرار رکھا۔ مسلمان بھی رہ رہے ہیں اور وہ بھی رہ رہے ہیں۔ تو
کہاں ہی رہتے ہیں یہ عبرت کا مقام ہے۔ وہ بھی مساجد بنواتے ہیں
اور اپنے حقوق طلب کرتے ہیں۔ بین الاقوامی حقوق کی تنظیمیں
آواز اٹھاتی ہیں۔ ان کو حقوق دیے جائیں۔ وہ مساجد، جمعہ، قرآن شریف
سارے کام ہو سکتے ہیں۔ ما کان المشرکین ان یعمر مساجد اللہ۔ ان کا
کام ہی نہیں ہے حق ہی نہیں ہے۔ شاہدین علی انفسہم بالکفر یعنی آپ
اپنے کفر کی گواہی بھی دے رہے ہیں تو پھر مساجد بھی ہوں اور جمعہ وغیرہ
بھی۔ کوئی حقیقت نہیں ہے جو آج کل مصلح بن ہوتے ہیں۔ بس
حلوستوں سے ہٹ کر کام کرو۔ ایک نوالہ کھانا حکومت کا میرا خیال
ہے ایمان مسخ ہوتا ہے۔ میں زیادہ بڑی بات کر گیا یعنی میرا مطلب یہ
ہے کہ ایمان میں فرق پڑتا ہے۔ وہ ویسی باتیں کہتے ہیں۔
ان کا حکم کافر مرتدین۔ ان کا حکم وہی ہے کیونکہ ان کا فتنہ اسلام
کے ضرر میں اشد ہے۔ اسلام کو ھدم کرنے کے مترادف ہے۔ امام
ابن عابدین شامی نے جو ذکر کیا اس کو پڑھو۔ یعنی یہ ایسے کفار ہیں
جو مرتدین ہیں۔ بعض نے ان کو مرتدین میں شمار کیا جیسے ہمارے امام ابو حنیفہ
اور بعض نے ان کو کفار جو زندیق ہیں اس میں داخل کیا کہ ان کی توبہ
بھی قبول نہیں ہے بس قتل کرو۔ یہ مبنی ہے کتابوں میں۔

کراچی کے نوابے کھاکر صحیح مسئلہ بتانا آسان کام نہیں ہے۔ کتابیں لکھ رہے ہیں جاہل مجھلا ہم دین کی خدمت کر رہے ہیں اور یہ زعم رکھتے ہیں کہ ہم دین کی خدمت کر رہے ہیں۔ کم از کم اس دور میں علما دین کو تو بیان کریں۔ اگر حکومتیں وہ مانیں ہیں تو علما تو دین کو بیان کریں۔ کیا منہ دکھائیں گے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو۔ ہمارے دور میں ایک جھوٹے نبی کا نام بھی لیا جا رہا ہے اور اس کے ماننے والے بھی روئے زمین پر موجود ہیں۔ ماضی میں مسیلمہ کذاب اور اسود عنسی وغیرہ جو جھوٹے مدعیان نبوت گزرے ہیں ان کا نام سوا کوئی ایک تو دکھاؤ۔ ان لوگوں نے جہاد کر کے اس فتنہ کو مٹایا۔ یہ قیامت کے دن کیا جواب دیں گے یہود و نصاریٰ کو خود شرع پاک نے ذمی قرار دیا۔ لیکن مرتدین کو ذمی نہیں قرار دیا گیا۔ ان کے متعلق یہی ہے کہ یا توبہ کریں یا تلوار۔ کہ ذمی جزیہ دیں گے اور حقیر حال میں ہوں گے۔ آج کل ان کی تحقیر تو نہیں ہو رہی۔ اسلام کا حکم تو یہی ہے۔ ایک تو یہ لوگ ہوگئے۔

قرآن مجید میں ہے
حتی یعطوا الجزیۃ
وھم صاغرون ۱۲
الآیۃ

دوسرے دیوبندی وہابی: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے علم غیب عطا فرمایا ہے لیکن جب بھی حضور کی طرف علم غیب کی نسبت ہو تو اس کے ساتھ عطا کا لفظ ضروری ہے ہمارے علما نے اسی طرح فرمایا ہے۔ یعنی علم غیب بعطائے الٰہی جانتے ہیں۔ اور باقی اس طرح نسبت کرنا کہ حضور علم غیب جانتے ہیں اس طرح کی نسبت سے ہمارے علما نے منع فرمایا ہے۔ اس لیے کہ علم غیب کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف ہے۔ علم غیب ذاتی کی۔ ہمارا مذہب یہ ہے کہ علم غیب کا وہم بھی نہ ہو۔ یہی یہ اعلیٰحضرت کا مذہب ہے۔ اعلیٰحضرت نے لکھا ہے کہ عطا کا لفظ ضروری ہے۔ ایک چیز ہے قرآن مجید میں اس کا اثبات ہے عالم الغیب فلا یظہر علی غیبہ احدا الا من ارتضی من رسول۔۔ ما کان اللہ ~~لیطلعکم~~ لیطلعکم علی الغیب ولکن اللہ یجتبی من رسلہ من یشاء۔ آپ کے لیے علم غیب کا اثبات بھی ہو رہا ہے آپ سے علم غیب کی نفی بھی ہو رہی ہے۔ اعلیٰ حضرت نے دولۃ مکیہ لکھی یہ بہترین کتاب ہے پڑھنے کے لائق ہے۔ اثبات بھی حق ہے اور نفی

بھی حق ہے۔ اثبات کا محل بھی ہے اور نفی کا محل بھی ہے۔ اثبات ہے اللہ تعالیٰ کی عطا سے اور نفی ہے ذاتی کی۔ اثبات علم عطائی کا ہے اور نفی ذاتی کی ہے۔ بس یہی چیز ہے۔ قطعاً خطرہ ہے کہ حضور سے مطلقاً علم غیب کی نفی کفر ہو۔ قرآن مجید کی آیات ہیں۔ اس علم غیب کی نفی کرے کفر ہو جاتا ہے یعنی تاویلیں کرتے ہیں۔ اس مسئلہ میں ہم تکفیر تو نہیں کرتے لیکن کفر ہو جاتا ہے کہ تکفیر اور ہوتی ہے تو کفر اور ہوتا ہے۔ یہ لوگ قرآن مجید میں دلیل بناتے ہیں لو کنت اعلم الغیب لاستکثرت من الخیر۔ اگر میں علم غیب جانتا ہوتا تو خیر کثیر جمع کر لیتا۔ جب بھی بات ہو تو کم از کم تم اتنا پوچھ سکتے ہو کہ مولانا دلیل پیش کر رہے ہو تو اس کو بطور استدلال ثابت کرنا ہوگا۔ کیوں جہاں بھی ہمارے علما ایک دعویٰ کرتے ہیں اور اس پر دلیل دیتے ہیں اس کا طرز استدلال بیان کرتے ہیں وجہ الاستدلال تم بھی اس کا وجہ الاستدلال بیان کریں۔ وجہ الاستدلال کا معنی یہ ہے کہ اس دعویٰ کو دلیل سے مدلل کرکے اس کا نتیجہ لائیں۔ اور دلیل کم از کم دو مقدمے ہوتے ہیں۔ ہم کہہ سکتے ہیں کہ لو کنت اعلم الغیب آلایۃ ایک مقدمہ ہے۔ شرطیہ ہے علم غیب اور استکثار خیر میں ملازمہ ہے۔ جب یہ ایک مقدمہ ہے تو دوسرا مقدمہ تو ساتھ ملائیں گے کیوں جو ایک مقدمہ تو دلیل نہیں ہوتا۔ جب طرز استدلال ہو وہ شرعی عقائد میں ایک بات ہے۔ تو طرز استدلال میں نحوی طریقہ جاری نہیں ہوتا۔ ایک نحوی طریقہ ہے کہ لو دو جملوں پر داخل ہوتا ہے اگر دونوں مثبت ہوں تو دونوں کو نفی کر دیتا ہے اور اگر منفی ہوں تو دونوں کو مثبت کرتا ہے اگر ایک مثبت ہے لیکن دوسرا منفی تو مثبت کو منفی اور منفی کو مثبت کرتا ہے۔ لہٰذا جب استدلال میں آئے گا تو طریق استدلال چلے۔ اگر میں علم غیب جانتا ہوتا تو میں خیر کثیر جمع کر لیتا۔ اور اگر میں کہوں کہ اگر میرے پاس پیسے ہوتے تو میں جمع کر لیتا۔ اب آگے پتہ نہیں ہے کہ کیا ہوا حضرت صاحب اس کے ساتھ دوسرا مقدمہ ملانا ہوگا۔ یہ شرطیہ متصلہ ہے تو اب نتیجہ بناؤ۔ وضع مقدم وضع تالی نتیجہ آئے گا۔ اور رفع تالی رفع مقدم نتیجہ آئے گا۔ اب اگر وہ رفع مقدم کریں قادیانی کی طرز پر

عموماً ہوتا ۱۲

کو کسی کو کافر قرار دینا ہے اور بات ہے ۱۲

لیکن میں غیب نہیں جانتا یہ تو رفع مقدم ہے کیا رفع مقدم نتیجہ دیتا ہے؟ اور اگر
نتیجہ دے بھی تو پھر آگے نتیجہ کیا آئے ذرا اس کو بھی تو دیکھ لیں اور ذہن
میں رکھیں۔ لیکن میں غیب نہیں جانتا لہذا خیر کثیر جمع نہیں کی۔ یہ نتیجہ آیا
کیا دعوی یہ ہے کہ خیر کثیر جمع نہیں کی ہے۔ نتیجہ تو پہلے دعوی ہوتا ہے اور دلیل
کے بعد نتیجہ آتا ہے۔ اچھا یہ تو بتاؤ کہ حضور نے خیر کثیر جمع کی ہے کہ نہیں؟
یہ نتیجہ تو قرآن کے خلاف ہوگا۔ اس لیے کہ حضور نے تو خیر کثیر کو جمع کیا ہے
قرآن مجید میں ہے انا اعطینٰک الکوثر۔ کوثر کا معنی ہے خیر کثیر۔ اللہ تعالیٰ
کی فرمان ہے کہ ہم نے اتنا۔ وحدہ لاشریک ہے اپنے آپ کو متکلم مع الغیر کے صیغے
پر جمع کر کے فرماتا ہے۔ جیسا کہ علم معانی میں ہے تم دیکھو کہ کون ہے جو عطا
فرما رہا ہے۔ اعطینٰک۔ ماضی کے صیغہ کے ساتھ۔ خیر کثیر تو دی گئی ہے
تم کیسے نتیجہ نکالتے ہو کہ خیر کثیر جمع نہیں کی۔ تو رفع مقدم ایک تو قاعدہ
کے خلاف ہے اور دوسرا رفع مقدم کر سکتے ہی نہیں سکتے اس لیے کہ یہ
نتیجہ قرآن کے خلاف ہے۔ اب رفع تالی کریں گے۔ رفع تالی قاعدہ
کے تو مطابق ہے لیکن رفع تالی قرآن کے خلاف ہے اور ان کو رفع
تالی پر بھی دلیل جیسے دینی ہوگی۔ رفع تالی کیا لیکن میں نے خیر کثیر جمع نہیں
کی لہذا غیب نہیں جانتا رفع مقدم آ جائے گا۔ لیکن رفع تالی قرآن کے
موافق ہے یا مخالف ہے۔ تو کیسے رفع تالی کر سکو گے۔ تو تم نہ رفع مقدم
کر سکتے ہو اور نہ رفع تالی کر سکتے ہو۔ تم دلیل کیسے چلاؤ گے۔ کہاں ہم
دلیل بنا سکتے ہیں۔ وضع مقدم کرے۔ لیکن میں اللہ تعالیٰ کی عطا سے
غیب جانتا ہوں لہذا خیر کثیر بھی جمع کیا ہے۔ اور وضع مقدم پر
ہمارے پاس دلائل بھی ہیں قرآن مجید میں ہے فلا یظہر علی غیبہ احدا
الا من ارتضی من رسول۔ ما کان اللہ لیطلعکم علی الغیب ولکن یجتبی من رسلہ من
یشاء فامنوا باللہ ورسولہ۔ اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایمان لے آؤ اور رسولوں کے ساتھ
اس وقت۔ یہ فاء سے آیا ہے۔ ہے یہ میرا رہنا لذلک۔ تفسیر دیکھ لینی چاہیے۔
تدبیر یہ ہے کہ یہ ایمان لے آؤ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کہ اللہ غیب کا علم اپنے نبیوں کو عطا فرماتا

ہے یہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایمان ہے۔ اور نبی اللہ تعالیٰ کی عطا سے غیب پر مطلع ہوتے
ہیں لہذا یہ رسولوں کے ساتھ ایمان ہے۔ فآمنوا باللہ ورسولہ۔ یہ میرا اپنا تدبر
ہے اور اللہ تعالیٰ نے بھی قرآن پاک میں حکم فرمایا ہے کہ تدبر کرو۔ یہ تو دلیل ہماری
بن سکتی ہے۔ اب یہ قرآن مجید ہے اللہ تعالیٰ کا کلام ہے اصل بات یہی
اور ہے تفسیر صاوی اور باقی مفسرین نے یہاں ایک سوال اٹھایا۔ انہوں نے کہا
حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے غیب کی خبریں دی ہیں جو ہمارے حصر کے
احاطے سے باہر ہیں اور یہ آیت بظاہر نفی کر رہی ہے۔ یہ سوال اٹھا
کر انہوں نے جواب دیا۔ کہ یہ جواب ہے ان لوگوں کو جو منکرین ہیں حضور اکرم
کی رسالت کے اور آپ کو مجنون کہتے تھے اور پھر بطور الزام آپ سے سوال کرتے
تھے۔ ہماری فلانی چیز گم ہو گئی ہے کہاں ہوگی۔ ہم اس سفر پر اگر جائیں تو نفع
ہوگا یا نہیں ہوگا۔ اللہ پاک نے فرمایا میرے محبوب انہیں فرما دیجیے میں
غیب جانتا ہوتا تو خیر کثیر جمع نہ کیے ہوتے یہ ان کو الزام ہے کہ ادھر کہتے
ہو کہ ابتر ہے۔ انا اعطینٰک الکوثر۔ ادھر کہتے ہو ابتر ادھر کہتے ہو جنون
نے مس کیا ہے وما مسنی السوء یہ السوء قرینہ ہے کہ ماقبل جنۃ سے مراد
جنون ہے اور اس السوء سے بھی اسی جنون کا ذکر ہے۔ ادھر کہتے ہو کہ
جنون نے مس کیا ادھر کہتے ہو ابتر ہے کوئی خیر نہیں پاس۔ اور اپنے
مجھ سے غیب کی باتیں پوچھتے ہو۔ اگر میں غیب جانتا ہوتا تو خیر کثیر جمع
نہ کی ہوتی۔ مجھے جنون نے مس نہ کیا ہوتا۔ یہ ان کو الزام ہے، قرآن
کا مزاج سمجھو۔ یہ قیاس استثنائی اقبالی ہے قضیہ ہے طرز استدلال میں۔
استدلال کرتے ہو تو پھر دو قضیے آئیں گے کیونکہ الدلیل مرکب من القضیتین
دلیل دو قضیوں سے مرکب ہوتی ہے۔ للتادی الی المجہول۔ اگر وضع مقدم کریں تو
یہ ان کے خلاف ہے یا رفع تالی کریں گے یہ قاعدہ کے مطابق ہے ان کا مطلب
بھی بنتا ہے لیکن جب رفع تالی کریں تو اس طرح نہیں کہ بس رفع تالی کر دیا۔ رفع
تالی پر دلیل دینی ہوگی۔ رفع تالی قرآن کے خلاف ہے لہذا رفع تالی وہ بھی نہیں
کر سکتے اور ان کا باپ بھی نہیں کر سکتا۔ کہ کہیں کہ حضور نے خیر کثیر جمع نہیں کی یا

یہ عقیدہ رکھیں۔ یہ ہماری دلیل بن سکتی ہے ان کی دلیل نہیں بن سکتی۔ بس لوگوں
کو پھنسایا ہوا ہے۔ ایک طالب علم نے ہم سے تقریر سنی ہوئی تھی اور ایک مولوی تقریر
کر رہا تھا کہیں پنجاب میں۔ مولوی ہی تو یہ لو کنت اعلم الغیب کر رہا تھا تو جب
تو حضرت نے یہ تقریر کی تو وہ جھوٹا ہو گیا۔ اس کو آگے پیچھے پتا نہیں چل رہا تھا۔
بھئی قرآن پاک اللہ تعالیٰ کا کلام ہے پڑھو ثواب ہے لیکن جب مستدل ہو گے
تو یہ آسان کام نہیں ہے۔ امام ابو حنیفہ دلیل بنا کر دے آئے امام شافعی
مجتہد ہیں۔ تمہاری ذمہ داری کیا ہے۔ تمہاری ذمہ داری ہے کہ نقل پیش کرو
نقل علمائے مفسرین کی تفسیر سے وہ کیا لکھ رہے ہیں۔ وہ لکھ رہے ہیں کہ حضور
پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے جس علم غیب کی نفی ہے وہ علم غیب ذاتی ہے
ایک تفسیر ان کے موافق نہ ہوگی لہذا ایک فرقہ بنایا ہوا خدا کا نام مانو
فرقے نہ بناؤ۔ ہمارے مشائخ نے فرقے نہیں بنائے۔ تفاسیر میں کوئی
اختلاف نہیں ہے۔ قرآن کی تفسیر ہیں۔

ترجمہ: اور چوتھی صورت یہ ہے کہ ثابت کیا جائے ملازمہ درمیان دو امروں
کے پس نتیجہ دی گئی نتیجہ اس کے وضع مقدم وضع تالی کا اگر وضع مقدم وضع
تالی کا نتیجہ نہ دے پس نہیں لزوم اور عکس نہیں ہے یعنی وضع تالی وضع مقدم کا
نتیجہ نہیں دیتی واسطے جواز عام ہونے لازم کے اور رفع بالعکس ہے یعنی رفع
تالی رفع مقدم کا نتیجہ دیتا ہے۔ اور رفع مقدم رفع تالی کا نتیجہ نہیں دیتا۔

مسلم الثبوت ص ۱۳ سبق 1

واورد منع استلزام الرفع الرفع اذ قیاس الاستثنائی اتصالی دو صورتیں منتج ہیں
اور دو صورتیں غیر منتج ہیں۔ وضع مقدم وضع تالی اور رفع تالی رفع مقدم پہلے کی
لیکن حکم نہیں کرتی بلکہ وہ اتنا کہتی ہے کہ اگر حکم آیا حاکم اللہ تعالیٰ ہے اللہ سے حکم آیا تاں تو اس چیز کو یہ
حسین ہے اللہ اسکو واجب کریگا واجب کا حکم کریگا کہ وہ چیز اسکے قبیح کو ادراک کرتی ہے عقل سمجھ لیتی ہے
یہ قبیح ہے تو حکم نہیں کرتی کہ حرام قرار دے عقل حاکم نہیں ہے ہاں یہ عقل ضرور کہتی ہے اگر حکم آیا تاں
اللہ تعالیٰ کی طرف سے تاں یہ قبیح چیز ہے تو حرام قرار دیگی۔ تو جو معتزلہ ہیں وہ کہتے ہیں کہ عقل
حاکم بھی ہے جس چیز کو عقل ادراک کرتی ہے یہ فعل حسین ہے تو اسکو عقل واجب کر دیتی ہے جسکو ادراک
کرتی ہے یہ قبیح ہے تو عقل اسکو کہتی ہے یہ حرام ہے شرع پر موقوف نہیں ہے وہ کہتے ہیں اگر شرع
نہ بھی آتی تاں تو عقل ان کے نزدیک حاکم ہے۔ ہاں جی ۔ ۔ ۔ ۔ عندنا عند المعتزلہ یہ مقابلہ ہے
اشاعرہ کے نزدیک حسن قبیح شرعی ہے جسکو شریعت پاک حسین قرار دے وہ حسین ہے جسکو قبیح قرار دے وہ قبیح ہے
جسکا حکم فرمایا وہ مامور بہ حسین ہے جس سے منع فرمایا وہ قبیح ہے۔ بکری کے متعلق فرمایا یہ حلال ہے
گیدڑ حرام ہے اگر عکس ہوتا تو عکس ہوتا کوئی عقل کو ادراک نہیں ہے نہ حکم کرسکتی ہے لیکن اکثر
عندنا اکثر حنفیہ کے معتزلہ سارے (تو مطلب ہے (بعض حنفیہ وہ اشاعرہ کے ساتھ ہیں)۔ انہوں نے
فرمایا عقلی ہے عقلی کا مطلب کیا ہے عقلی ادراک کرتی ہے کہ یہ فعل اچھا ہے یہ فعل قبیح ہے
تو شرع پر موقوف نہیں ہے اب ما بالاشتراک آ گیا۔ امتیاز یہ ہے کہ ہمارے نزدیک عقل
ادراک کرتی ہے حکم نہیں کرتی ہاں اتنا کہتی ہے کہ اگر حکم آیا تو یہ نتیجہ اچھی ہے یہ واجب کریگا
یہ قبیح ہے اس سے حرمت آجیگی حرمت کا حکم آئیگا۔ معتزلہ کہتے ہیں عقل حاکم ہے۔ ترجمہ
اور نزدیک ہمارے اور نزدیک معتزلہ کے عقلی ہے یہ تیسرا معنی عقلی ہے یعنی نہیں موقوف
اوپر شرع کے لیکن نزدیک ہمارے (ماتریدیہ۔ حنفیہ ماتریدی ہوتے ہیں) نہیں

بقول استاذ یہاں پر کہتا ہیں قطبی میر قطبی پڑھتے تھے کنز الدقائق ختم ہوگئی تو یہاں مسلم الثبوت کا مطالعہ کیا نامعلوم ترمیں تھا شاہنواز تھا جو ادھر لیا تھا۔ لڑکے کو جا رہے ہیں اب انہی کی قرات نہیں کر ... استاذ کے پاس کو جا رہے ... درجوں کا موسم تھا استاد صاحب اندر مطالعہ کر رہے تھے۔ اب آگئے باہر ... جب دروازے پر گئے تو شاہنواز کو نیم گرے دھکا دے دیا۔ شور جو ہوا۔ یہاں باہر کھڑے تھے تو وہ خرچ تھا۔ استاذ خاموش تھے مطالعہ کر رہے تھے۔ استاذ متوجہ ہوئے فرمایا کہ کے سبحان اللہ مولانا عطا محمد تھے شاہنواز نے کیا منگی کہتے ہیں مسلم الثبوت شروع کرتے ہیں۔ استاذ نے فرمایا کہ شرح ... اک لفظ سمجھ نہ آئے گا۔ استاذ صاحب نے فرمایا تمھاری استعداد نہیں ہے ...

عشر اس وقت میں زیادہ دیتے تھے۔ اب تو پر للی پنجی ہے استاد ہوتے تو اٹھا دیتے جاؤ۔ سارے تم ابھی معقول ... ۱۲

مستلزم حکم کو بیہج بندے پر بلکہ ہوتا ہے موجب یعنی عقل جو ادراک کرتی ہے نا ن پھر موجب ہوجاتا ہے
بلکہ ہو جاتی ہے وہ جیسے جبکہ عقل نے ادراک کیا اسکی طرف واجب ہے وہ ویسے استحقاق حکم کا حکیم سے
عقل کہتی ہے یہ چیز حسین ہے تو پھر ادراک حسن کا ہو گیا نا ں اب حکیم سے حکم آئے گا تو اللہ تعالی اس
کو واجب کریگا کیونکہ اللہ تعالی حکیم ہے حکیم مرجوح کو ترجیح نہیں دیتا یہ اسلیے کہا کہ عقل واجب نہیں کرتی
واجب نہیں کرتی نا ں تو دوسری جانب مرجوح ممتنع نہیں ہوتی عقل کہتی ہے اگر حکم آیا تو اللہ تعالی
اسکو واجب کریگا عقل نے تو ادراک کیا کہ یہ حسن ہے لیکن حاکم ہے نہیں واجب نا ں نہیں کر سکتی
تو مرجوح جانب کا اعتبار باقی رہتا ہے اسلیے کہ عقل جسکو ترجیح دے نا ں تو وہ راجح ہے

علہ
احتمال

جانب مرجوح تو حکیم مرجوح کو ترجیح نہیں دیتا تو اسلیے تفریع بٹھا رہے ہیں فالمعلم
بحکم جتنے تک شریعت پاک سے حکم نہیں آئے گا نا ں عقل حکم نہیں کریگی حکم وجوب حرمت والا
حسین کا ادراک کر سکتی ہے قبیح کا ادراک کر سکتی ہے اتنا ہم کہہ سکتے ہیں کہ حکم آیا تو اللہ
اس شئے کو واجب کریگا اس شئے کو حرام کریگا لیکن حکم نہیں کر سکتی کیونکہ حاکم نہیں ہے
ترجمہ حکیم ہے وہ حکیم جو نہیں ترجیح دیتا مرجوح کو پس جب تک نہ حکم فرمائے نہیں ہے
اسجگہ کوئی حکم۔ ومن جہتنا

اب تفریع بیان کرتا ہے اسی اختلاف پر۔ وہ یہ ہے کہ اسی مسئلہ پر ہم نے کہا ہے کہ دعوت شرط ہے
بلوغ دعوت شرط ہے تکلیف میں۔ جتنے تک دعوت نہیں پہنچے گی آپنے تک بندہ مکلف نہیں
ہوگا کہ یہ واجب ہے تیرے اوپر یہ حرام ہے یہ کر یا نہ کر کیونکہ عقل حاکم نہیں ہے حاکم شریعت
ہے جتنے تک شریعت نہیں کرے گی ہم کسی چیز کا حکم عقل سے نہیں کر سکتے اسلیے ہم نے
کہا تکلیف میں بلوغ دعوت شرط ہے اللہ تعالی کی طرف سے نبی آئیں گے وہ بیان کریں گے
وما کنا معذبین حتی نبعث رسولا۔ برخلاف معتزلہ کے اسی طرح اور دو مسئلہ
کرامیہ ہیں جو تین ہیں فرقے ان کے نزدیک ہے کہ عقل حکم لگاتی ہے
تفریع بٹھاتے ہیں وہ کہتے ہیں اگر شریعت نہ آتی تو یہ افعال ہوتے یعنی افعال جن کو
عقل نے ادراک کیا یہ حسین ہے یہ افعال ہوتے تو احکام واجب ہوتے تو انہوں نے
کہا عقل چونکہ ادراک کرتی ہے تو حسین کو واجب بھی کرتی ہے عقل چونکہ ادراک
کرتی ہے قبیح کا قبیح کو حرام قرار دیتی ہے عقل اگر شریعت نہ بھی ہوتی
نا ں تو احکام واجب ہوتے ہاں جی سے ترجمہ برخلاف معتزلہ کے

اور اباحیہ اور کراہیہ اور براءتہ کیونکہ وہ یعنی حسن قبح نزدیک ان کے عقل نزدیک ان کے واجب

کرتا ہے حکم کو پس اگر نہ ہوتا شارع اور ہوں افعال التبہ واجب ہوں گے احکام۔

قالو منہ۔ اب یہاں سے معتزلہ تقسیم بیان کرتے ہیں کہ کئی بعض افعال ایسے

ہیں جن کا حسن قبح بدیہی ہے تے بعض ایسے ہیں جن کا قبح بدیہی ہے بعض ایسے ہیں جن

کا حسن بدیہی ہے مثلاً صدق نافع سچ بولیں تے اتنے پیسے مل جائیں گے تو یہ صدق

نافع ہے اسکا حسن یہ بدیہی ہے تے صدق ہوتے ضار ہو یہ نظری ہے کہ اگر سچ بولا

تو اتنے تھپیڑ لگیں گے تو اب اسکا جو حسن ہے صدق ہے لیکن ضار ہے تو حسن نظری ہے

وہ کہے گا سچی بات پر اگر تکلیف آ بھی جائے تو برداشت کرنا پڑتی ہے یہ عقد ہم مسلم کو

حلال ہے گا تے کذب قبیح کذب کا کذب ضار تو جھوٹ بولا تو اتنی شئے مل جائے گی

تو کذب باضار اسکا قبح بدیہی ہے جھوٹ بولا تو لوگ کہیں گے بڑا جھوٹا ہے سزا ملے گی

یہ کذب قبیح ہے تے ضار ہو ساتھ تو قبح بدیہی ہے عقل سمجھتی ہے بدیہی ہے

ہاں جی۔۔۔ ترجمہ کہا معتزلہ نے بعض ان سے وہ ہے جو بدیہی ہے مثل حسن صدق

نافع کے اور قبح کذب ضار کے۔

جھوٹ بولا تو ماں جوتے لگیں گے ستا تھپیڑ لگیں گے

قبل امر الآخر [ ]

تو ہیں معنے آئے تیسرے معنے میں اختلاف ہے کہ شرعی ہے عقلی ہے یہ آ گئے یعنی اشارہ کر دیے

ہیں حسن قبح شرعی ہے یہ موجبہ علیہ کے قائل ہیں ہر فعل جو اسکا حسن قبح شرعی ہے معتزلہ آگے بیان

کیا تے ہم نے پوچھا نہ عقل ادراک کر سکتی ہے نہ عقل حکم لگا سکتی ہے اسکے بعد عندنا و عندالمعتزلہ ہمارے

نزدیک اور معتزلہ کے نزدیک عقلی ہے یہ مابہ الاشتراک آیا تے مابہ الامتیاز آگے آ گیا تے ایک اختلافی

مسئلہ متفرع کیا ہمارا جو اثر حنفیہ یہ ماتریدیہ مراد ہیں تو انکے نزدیک ہے عقل ادراک کر سکتی ہے حاکم نہیں ہے

تے معتزلہ کہتے ہیں ادراک بھی کرتی ہے عقل حکم بھی کرتی ہے اسی پر تفریع بٹھائی ہمارے نزدیک بلوغ دعوت

تکلیف میں شرط ہے یہ آ گیا تے معتزلہ اباحیہ براءتہ کراہیہ انکے ساتھ ہیں یہ آ گیا اسکے بعد

معتزلہ نے کہا بعض ایسے افعال ہیں جن کا حسن قبح بدیہی ہے جیسے صدق نافع کا حسن سچ نافع والے یہ

حسین ہے صدق سچ بولوں مجھے ہزار روپیہ مل جائے گا تے اسکا حسن عقلی ہے تے بدیہی ہے

اور کذب ضار کا قبح یہ بھی بدیہی ہے اس طرح آگئے عزاصحب اب یہ قبیل سے اعتراض کرتا ہے

حضرت عبدالمطلب علیہ کا بارش میں پیسے کر کے کسان خواہ اپنی بار ر لا ہے اور وسط کا ہو اور نسل ادراک کرتی ہے یہ راہ گیروں کے وجود کی دلالت کرتا ہے یہ تو ہو اتنا بڑا جہاں ہے اسکے بھی دلالت کرتا ہے یعنی یہ عقلی دلیل ہے اللہ تعالیٰ کے وجود کی بھی عقل سے بندہ معرفت ہوتا ہے

پہلے تیسرے معنی کو دیکھو لوگ دنیا میں مدح کا مستحق ہو آخرت میں عذاب کا ثواب کا بہر حال ثواب عقاب یہ آخرت میں ہوگا تو اسلئے انہوں نے سوال کیا اشارہ کی طرف ہے کہ جب خود آخرت سمعی ہے ایسا ہے ہو قیامت قیامت نے دار آخرت ہونے کے بعد قیامت کو اٹھنا دار آخرت ہے اس میں ثواب تو وہ سمعی ہے عقلی نہیں ہے عقل نہیں سمجھ سکتی کہ آخرت میں دار ہے اس میں ثواب عقاب ہو سمعی ہے شریعت آئی اللہ کے نبی آئے انہوں نے بیان کیا تو جب آخرت خود سمعی ہے تو عقل اسکے ادراک میں مستقل نہیں ہے اگر شرع نہ آئی تو عقل کیسے سمجھتی آخرت کو لہذا ثواب عقاب تو آخرت میں ہونا ہے جب خود آخرت سمعی ہے تو ثواب عقاب کیسے عقلی ہو سکتا ہے مدح ذم تو دنیا میں ہے جب خود آخرت کا معاملہ عقلی نہیں ہے تو ثواب عقاب یہ آخرت میں ہونا لہذا یہ بھی شرعی ہے عقلی نہیں ہے ہاں جی ۔۔۔ قبل یہ معتزلہ کا قول ہے ترجمہ کہا گیا ہر معاملہ آخرت کا سمعی ہے نہیں مستقل عقل ساتھ ادراک اسکے پس کیسا حکم کرتا عقل ساتھ ثواب کے آخرت میں جگہ آخرت میں۔ تو پھر عقلی کیسے ہو سکتا ہے۔

اقول العدل واجب

تو اب جواب دیتے ہیں دو وجہ سے۔ پہلا جواب یہ ہے تم نے کہا آخرت کا معاملہ سمعی ہے آخرت کا معاملہ ثواب عقاب والا یہ سمعی ہے تو اقول سے فرماتے ہیں آخرت کا معاملہ بھی عقلی ہے ان کے نزدیک۔ اور اس پر عقلی دلیل قائم ہے جو آخرت ہے اگر شریعت نہ بھی آتی تو آخرت نہ بیان کرتی تو عقل سمجھ سکتی تھی آخرت کو بھی اور انہوں نے دلیل دی وہ یہ ہے کہ ایک بندہ ہے اس دنیا میں ساری زندگی اس نے ظلم ہوتا رہا کہیں سے اسے عدل نہیں ملا تو مر گیا تو عقل کہتی ہے کہ اسکو عدل ملنا چاہیے۔ تو وہ اس دنیا میں تو ہے نہیں تو وہ آخرت ہے جہاں پر مجازات ہے یہ عقل سمجھتی ہے ہاں جی ۔۔ بندہ پر ساری زندگی ظلم ہوتا رہا اس نے فلان کا دروازہ کھٹکھٹایا تھانے پر گیا عدالت میں گیا میں کہیں سے اسے عدل نہیں ملا تو مر گیا تو عقل کہتی ہے اسکو انصاف ملنا چاہیے اس دنیا میں تو ہے نہیں تو کوئی اور دار ہے جس میں انصاف مہیا ہوتا ہے اسکو انصاف ملنا چاہیے۔ باقی یہ رہ گیا کہ آخرت میں معاد یا جسمانی ہوگا یا روحانی ہوگا یہ خصوصیت یہ تفصیل اس تفصیل میں ہم نہیں پڑتے یہ تفصیل سمعی ہے تو سماع شرع سے ہے یہ عقلی نہیں ہے عقل اسکو بیان نہیں کر سکتی ادراک نہیں کر سکتی لیکن خود آخرت کو آخرت ہے ایسا دار وہ عقل ادراک کرتی ہے اتنا کافی ہے عقل کیلئے آخرت میں مجازات ہے یعنی ثواب جزاء ہے باقی یہ سزا جزاء کی کیفیت اسکی جزئیات انواع وہ سمعی ہیں یہ تفصیل عقل نہیں سمجھ سکتی۔ ترجمہ کیا ہوں میں عدل واجب ہے عقلاً نزدیک ان کے جنہوں نے یہ کہا ہے کہ عقلی ہے وہ معتزلہ ہو گئے اکثر حنفیہ ہو گئے۔ پس واجب ہے مجازات جزاء سزا اور یہ کافی ہے واسطے حکم عقل کے عقل کہتی ہے کہ آخرت میں ثواب کا مستحق ہے تو عقاب کا مستحق ہے تو آخرت کو عقل سمجھ سکتی ہے۔ اگرچہ یہ خصوصیت معاد جسمانی کی سمعی۔

علی انہ۔ یہ علی علاوہ ہے اب دوسری وجہ سے جواب۔ وہ یہ ہے کہ جو معتزلہ ہیں وہ شرط کے قائل ہیں یہ نہیں ہے کہ آخرت ہے تو ثواب کا مستحق ہے آخرت ہے تو عقاب کا مستحق ہے بلکہ وہ شرط کے قائل ہیں

دار ہو، نہیں چاہیئے یہ جو ساری زندگی ذلیل ہوتا رہا عقل کہتی ہے اسکو انصاف ملنا چاہیئے وہ اس دنیا میں تو
ہے نہیں ساری زندگی مظلوم ہوتا رہا تو پھر کیا تو وہ دار آخرت ہے یہ اٹھے گا اس دن اسے انصاف ملیگا
(نعرہ تکبیر اللہ اکبر۔ تم کو تو ذوق ہی نہیں)

و منہ ما ھو نظری ؛ تو معتزلہ انہوں نے کہا بعض حسن قبیح وہ بدیہی ہے بعض افعال ہیں ان کا حسن قبیح
بدیہی ہے نہ بعض ایسے ہیں جن کا حسن قبیح نظری ہے جیسے صدق ضار کہ سچ بولا تو یہ سزا دیگا اب یہ صدق حسین
ہے کہ قبیح ہے صدق ضار اس نے سچ بولا تھے جیل جانا پڑا یہ صدق حسین ہے اسکا حسن نظری ہے نظر فکر کریگا کہ
کلمہ حق کہنا ہوتے سچ وہ تکلیفیں اٹھانا پڑ رہی ہیں دلیل عقلی لائے گا سچ بولنا چاہیئے چاہیئے تکلیف آ
جائے جبر ہے کیونکہ سچائی میں تکلیفیں آ رہی ہے یہ دلیل عقلی آئے گی یہ بدیہی نہیں ہے بدیہی
وہ ہے کہ ہر بندہ ہر بندہ ہو تو وہ سارے سچ بولیں نا۔ جسکو پتا چلے کہ سچ بولوں تو جیل میں جانا ہوں
وہ کہے گا یہ سچ کیسے نافع ہے یہ سچ کیسے اچھا ہے حسن ہے۔ تو وہ دلیل لائے گا کہ سچ اچھا ہے
کیونکہ اسکے لئے تکلیف اٹھانی پڑتی ہے صبر کرنا پڑتا ہے تو صبر اچھا ہے۔ اور جھوٹ بولا تو ہزار
روپے مل جائیگا اب جھوٹ کا قبیح یہ بھی نظری ہے ایسے جھوٹ کو اب کہ بولا جھوٹ ہے تو ہزار روپے
مل رہا ہے تو لیکن قبیح بدیہی نہیں ہے تو وہ پھر کہے گا جلب منفعت سے دفع مضار اولی ہوتا ہے
یہ دلیل لائے گا ٹھیک ہزار روپے تو مل رہا ہے یہ جلب منفعت ہے تو جھوٹ بول رہا ہے تو جو آگے
آگے لگیں گے قبر میں تو دفع مضار اولی ہے دو فعل ہوتے ہیں۔ ایک تو یہ ہے کہ وقتی طور تو
کوئی نفع مل رہی ہے لیکن آگے نقصان بھی ہے تو وہ عقل کہے گی جلب منفعت سے
دفع مضار اولی ہوتا ہے جیسے بندہ جائے ایک راستے پر رکھا آگے بندہ کھڑا تھا دو راستے
ہوگئے نا اس نے کہا یہ راستہ نہ جا آگے ڈاکو بیٹھے ہیں بلکہ یہ راستہ لے تو عقل اسکو کیا
کہے گی راستہ تو دونوں اسکو منزل پر پہنچا دیں گے عقل کہے گی بس ادھر سے جائیں تو
کوئی نہ کوئی تھے دیتے ہیں لیکن راستہ خراب ہے شاید لشکری ڈاکو پکڑ جائیں۔ کوئی بیٹری
ہے لیکن اس نے کہا کہ ڈاکو ہیں تو وہ کہے گا جلب منفعت سے دفع مضار اولی ہوتا ہے (راستہ کم ہے)
عقل کہے گی اور یہ عقلی دلیل ہوگئی عقل کہے گی نفع مل رہا ہے ایسا نفع ہے کہ خطرہ کا
بھی اندیشہ ہے اسکو نفع کو چھوڑے گا کوئی شئے ممکن ہے تکلیف پہنچ جائے تو یہ
دلیل عقلی آ گئی۔ تو سمجھے اور بعض بدیہی سے وہ ہے جو وہ نظری ہے مثل حسن صدق ضار کے
اور قبیح کذب نافع کے۔

اور آخرت کا معنی خبر در آخرت

لو تحقق لتحقق اگر آخرت متحقق ہوگی تو ثواب عقاب متحقق ہوگا تو شرطیہ کے قائل ہیں آخرت اگر سمعی بھی ہو تو ہم

تسلیم کر آخرت سمعی ہے لیکن آخرت جو سمعی ہے تو وہ شرطیہ کے قائل ہیں اگر متحقق ہوگی تو ثواب عقاب متحقق

ہوگا تو اتنی بات سمجھتی ہے عقل یہ شرطیہ سمجھتا ہے عقل ادراک کرتا ہے یہ تو سمعی نہیں ہے کہ اتنا کافی ہے تیسرا معنی

عقلی کہنے میں اتنا کافی ہے کہ ثواب عقاب آخرت میں۔ ہاں جی۔۔ ترجمہ علاوہ اسکے کہ بے شک وہ ساتھ معنی جو

ہم نے کہا کہ عقل کافی ہے حکم کر سکتی ہے۔ کہ اگر متحقق ہوگی البتہ متحقق ہوگا ثواب کا عقاب کا۔ یہ کہا ہے کافی ہے

اتنا کافی ہے یا یہ معنی عقلی کہہ سکتے ہیں۔ خلاصہ تو اس میں تدبر کر تو کہتے ہیں تدبر یہی ہے کہ وہ شرطیے کے

قائل نہیں ہیں وہ کہتے ہیں آخرت متحقق ہے عقل حکم کرتی ہے تو ثواب عقاب بھی ہے آخرت۔ یہ عقل ادراک کرتی

ہے حکم لگاتی ہے ہاں جی۔ اس علاوہ معاد کرتے ہیں کہ وہ شرطیے کے قائل نہیں ہیں بلکہ وہ جزم سے کہتے ہیں

عقل جزم کرتی ہے کہ آخرت ہے تو ثواب عقاب بھی ہے۔ یہ لوگ ہیں۔ وھم بالآخرۃ ھم یوقنون۔

مطلب ہے اپنی عقل کو استعمال کیا ہے انہوں نے

ایک بندہ آیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس نے ہڈی اٹھائی ہوئی تھی اس نے کہا کہ یہ زندہ ہوگی۔ وحی اتری

یحیی العظام۔۔۔ الخ وھی رمیم قل یحییھا الذی انشاھا اول مرۃ۔۔ تو وہ ہی اسکو زندہ کرے گا جس نے ابتداء میں

پیدا کیا۔ تو معاد ہوگا۔ وھو اھون علیہ۔ اللہ تعالی پر آسان ہے یعنی جس نے اول حیات کو پیدا کیا بندوں کو پیدا

کیا پوری کو موت دے کر دوبارہ زندہ کرے پھر پیدا کرنے پر کونسی مشکل ہے اسکے سامنے۔ عقلی دلائل دیئے۔

جس طرح اللہ نے فرمایا۔ یخرج الحی من المیت یخرج المیت من الحی۔ وکذالک یحی الموتی۔

اللہ تعالی زندے سے مردہ پیدا کرتا ہے مردے سے زندہ تو پھر اسی طرح ہم مردوں کو قبروں سے زندہ کریں گے

زندہ جو پڑا ہے اس سے بچہ نہیں نکلتا۔ ایسی عقلی دلیلیں، دلائل قرآن مجید میں لیں یہ کلام ہے لیں بندہ پڑھتا

رہے اور اس میں تفکر کریں آیت تو بالکلیہ فنا تک پہنچانا ہے بندے کو ذہن اسی طرح سمجھتا ہے بڑے دلائل

ہیں آخرت پر عقلی دلائل ان میں غور کرو زمین میتہ ہوتی ہے سفیدہ ڈگر ہوتا ہے اللہ تعالی بارش دیتا ہے

سفیدہ ڈگر سے انگور دانہ نکلتی ہیں یہ دلیل دی ہے اللہ نے فرمایا فالق الحب والنوی۔۔

فتدبر کا معنی ہے کہ تم نے کہا وہ شرطیے کے قائل ہیں اور شرطیہ عقلی ہے اسکو عقل ادراک کرتی ہے حکم لگاتی ہے

ہے لو تحقق لتحقق تو وہ معتزلہ شرطیے کے قائل نہیں ہوتے انہوں نے جزم سے کہا عقلا آخرت ہے

سمعا تو مانا ہے سمعی دلائل ہیں اللہ کے نبیوں نے تبلیغ کی اور لوگوں کو بتایا کہ یہ کام کرو یہ نہ کرو

یہ کرو گے تو آخرت میں تمہیں ثواب ملے گا یہ کرو گے تو عقاب ہوگا جنت بھی ہے دوزخ بھی ہے تو یہ

اللہ نے نبی آئے تو کتابیں نازل ہوئیں تو بیان کئے اتنا تو عقل سمجھتی ہے جو آخرت ہے

تو جزا ہے۔ ہر بندے کی عقل کہے گی دل کہے گا یہ بندہ جو ساری زندگی ذلیل ہوتا رہا تو اسکیلئے

وغیرہ ما لا یدرک ۔ ا تو پیچھے تو بعض ایسے ہیں جن کا حسن قبیح نظری ہے تو جن کا ہم بھی ہے اب کہتے ہیں بعض ایسے ہیں افعال جن کا حسن قبیح عقلی نہیں ہے وہ معتزلی آگئے تو انہوں نے کہا حسن قبیح عقلی ہے تو معتزلہ یہ موجبہ جزئیہ کے قائل ہیں بعض کا حسن قبیح وہ بھی مان رہے ہیں بعض ایسے افعال ہیں جن کا حسن قبیح شرعی ہے انہوں نے کہا ما لا یدرک الا بالشرع ۔ عقل ادراک ہی نہیں کرتی پہلے تو یہ آیا کہ عقل ادراک کرتی ہے حکم بھی کرتی ہے اب یہ ہے کہ نہ عقل ادراک کرتی ہے نہ حکم لگاتی ہے مثلا رمضان شریف کا آخری روزہ ہوتا ہے اس میں شک پڑتا ہے تنگ پڑتا ہے کہ شوال کی اول ہے یا رمضان کا آخری ہے اب رمضان ہے یہ آخری کا روزہ یہ حسین ہے تو مشکل یہ آگیا کہ وہ حسین ہے شوال اول شوال کا روزہ یہ قبیح ہے وہ بھی ایک دن ہے وہ بھی ایک دن ہے تو روزہ اس وقت ہو آخری رمضان میں یہ حسین ہے تو اس دن ہو تو ناں تو قبیح ہے اب اسکو عقل ادراک نہیں کر سکتی کہ کر سکتی ہے ؟ شک میں پڑتا ہے رمضان شریف کا روزہ ہے دن تو ایک جیسا ہے ناں ۔

طلوع صادق سے لے کر غروب آفتاب تک ایک جیسا ہے ناں ۔ تو یہ ایسی چیز ہے جسکا نہ تو عقل ادراک کر سکتی ہے حسن قبیح کو نہ عقل حکم کر سکتی ہے بلکہ اسکا حسن قبیح شرع سے ادراک کیا جا سکتا ہے شرع پاک نے کہا رمضان شریف کا آخری روزہ حسین ہے شوال اول کا روزہ قبیح ہے یہ شرع نے بتایا کیونکہ رمضان شریف وہ عید ہے عید آگئی ناں اللہ تعالی کی طرف سے عید دی گئی ہے تو اللہ تعالی نے فرمایا کہ تم نے نعمت کو پورا کر لیا الحاعۃ کر لی اسکی اب رہا عقل و شرب بذکر اللہ اب کھاؤ پیئو ۔ اب جو اللہ تعالی نے عید ہماری لئے بنائی پھر روزہ رکھیں تو اسکے اذن کا تو نافرمانی بنتی ہے تو یہ شرعی ہے شوال کا روزہ قبیح اسکا شرعی ہے ۔ ترجمہ اور بعض ان سے حسن قبیح ہر ایسا ہے ۔ وہ ہے جو نہیں ادراک کیا جاتا مگر ساتھ شرع کے مثل حسن روزے آخر رمضان کے اور قبیح روزے اول شوال کے کیونکہ نہیں ہے راستہ واسطے عقل کے طرف اسکے ۔

باقی جو ہیں کہتے ہیں حسن قبیح ذاتی ہے آخری رمضان کے روزہ کا حسن بھی ذاتی ہے تو اول شوال کا قبیح یہ بھی ذاتی ہے اب جو ذاتی ہے شرع پاک نے جو بیان کیا شرع پاک نے آخری روزے کو حسین کہا تو شوال کے اگر عکس کرتا تو اس طرح ہو جاتا (وہ پیچھے آیا تھا) حسن قبیح ذاتی ہے شرع پاک نے کشف کیا ہے کہ یہ حسین ہے یہ قبیح ہے حسن ذاتی تھا عقل وہاں تک نہیں پہنچ سکی ۔ تو جعل نہیں کیا اسکے حسن کا تو اسکے قبیح کا بلکہ ذاتی حسن قبیح تھا تو شریعت نے کشف کیا بیان کیا

علیہ رمضان کا روزہ کبھی 30 کبھی 29 اور اول شوال ہے ادھر افعال ہے دوسرا

جیسے تو بیٹھا ہو تو پردہ لگا کھڑا ہو تو وہ پردہ جو ہٹائے سے حضرت صاحب نکل آئے۔ یہ کشف ہے تو پہلے بیٹھا ہے۔ اللہ کے نزدیک اسکا جو جعل ہے ناں وہ جعل ہی حسن ذاتی ہے اس میں قبیح ذاتی ہے شریف ہمارے پاس آئی اس نے بیان کیا تو کشف ہوا ہمیں معلوم ہوا (علماء نے کیا چیز نہیں بیان کی صرف حلوے نہیں کھائے آجکل ہے جیسے بلکہ انہوں نے تحقیقیں کیں عقل نور پڑتے رہے حقائق ہیں۔ میں بیٹھا تھا میرے دل میں یہ بات واقع ہوئی کہ علم جو ہے صرف کتاب جو ہے ہم فوت ہو جائیں گے کتاب تو پڑی ہے مسائل اس میں لکھے ہوئے ہیں۔ اس سے پتہ چلتا ہے مراد معنی گیا ناں علم قدیم ہے تو اسلیے کہ علم ذات الٰہی ہے اسی سے حقائق ہیں وہ نہیں بدلتے ہیں بدل جاتے ہیں متغیر ہیں۔ علم اپنی حقیقت ہے یہ شئے بدل سکتی ہے علم حقیقت ہے نفس الامری شئے ہے واقع میں ثابت ہے وہ منفنا ہوتی ہے ناں بدلتی ہے علم انما البیان انہ ہے جو نہ صرف ہونے سے کم ہوتا ہے یہ ایک نور ہے اللہ کے انوار سے کیونکہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ اسکا تعلق ہے اسکا صفت ہے اسکی اسی سے فیضان ہے۔ میرے استاذ چلے گئے علم کا جو انتقال ہوا وہ باقی ہے۔ ترجمہ لیکن شریعت نے وہ بھیجے کیا ناں مالا یدرک الا بالشرع۔ لیکن شریعت سے ہمیں ادراک آیا ناں) لیکن شریعت نے کشف کیا حسن اور قبیح ذاتی ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ ان کا حسن قبیح ذاتی ہے

ثم اختلفوا ! اب کہتا ہے کہ معتزلہ تو اتنے تک رہے متفق۔ اس میں اختلاف ہے کہ حسن قبیح کی علت ذات فعل ہے یا ذات فعل نہیں ہے صفت حقیقیہ ہے اس فعل میں صفت ہے صفت حقیقیہ وہی علت بنتی ہے۔ ایک اور قوم ہے انہوں نے کہا قبیح میں صفت حقیقیہ ہے تو حسن کیلئے صفت حقیقیہ کا عدم ہے اس کیلئے تو جبائیہ نے کہا نہ ذات فعل علت ہے حسن قبیح کی نہ صفت حقیقیہ بلکہ صفت اعتباریہ ہے یہ خو بہو گئی دوسری قوم میں معتزلہ کی ہمارے نزدیک حق یہ ہے کہ اطلاق عام ہے ذات فعل بھی ہو سکتی ہے صفت حقیقیہ بھی ہو سکتی ہے کہیں ذات فعل کہیں صفت حقیقیہ ایک میں انحصار نہیں ہے ہمارا مذہب یہ ہے اطلاق عام ہے حتیٰ کہ صفت اعتباریہ بھی علت حسن قبیح کی ہو سکتی ہے جہاں بھی حسن قبیح ہوگا ہو سکتا ہے یہ ذات فعل ہے یا صفت حقیقیہ ہو یا صفت اعتباریہ ہو علت جہاں ذات فعل ہو یہ ہم کہیں گے اطلاق عام ہے یعنی اسکو کہتے قدر مشترک۔ ہاں جی۔ اب اختلاف کہ اس میں کسی مذاہب ہیں کہ حسن قبیح

کی علت کیا ہے بعض نے کہا ذات فعل حسن قبح کی علت ہے بس وہ جو سمجھے کہ خدا نے حسن فعل کی ذاتی ہے بس

بعض نے کہا ایک صفت ہے جو حقیقی صفت ہے اعتباری نہیں ہے حقیقی صفت وہ جس کا انفکاک ممتنع ہے بعض نے

تقسیم کی کہ حسن کی علت عدم قبح ہے تو قبح کی علت صفت حقیقیہ ہے۔ جبائیہ نے کہا یہ بڑا آدمی ہے ان کا

قرآن مجید میں تفسیر اور علم کلام بہت بڑا ہے ان کا۔ جبائیہ نے کہا صفت حقیقیہ نہیں ہے بلکہ اعتباریہ صفت

ہے اعتبارات ہوتے ہیں مثلاً تونے یتیم کو چپٹ ماری کھنچ کر اوپر اب اگر ادب کیلئے ہے تو حسن

ہے اگر اسکو ذوق پہنچانا ہے تو پھر قبیح ہے یہ ہیں اعتبارات۔ اعتبارات سے حکم بدلتا ہے اسلئے کہتے ہیں

شریعت اعتبارات کا نام ہے ایک اعتبار کیا حسین ہے دوسرا آگیا اعتبار تو قبیح ہے تو علت حسن کی اعتباری

صفت ہے۔ طالب علموں کو حاکم مارتے ہیں منہ کے اوپر چپٹ۔ نہیں مارنی چاہیے لیکن ادب

سکھانے کیلئے ضرب آتی ہے۔ مروا صبیانکم بالصلوٰۃ۔ حضور نے فرمایا تم بچوں کو حکم کرو کہ نماز پڑھیں

بالخصوص جب کہ یاد میں سال کے ہو جائیں تو اسوقت تم ان کو ضرب کرو یہ ضرب تادیب ہے تو عورتوں

کی ضرب قرآن مجید میں آیا واضربوھن۔ والاتی تخافون نشوزھن فعظوھن واھجروھن فی المضاجع

واضربوھن۔ یہ بھی اعتبار ہے اگر یہ ادب سکھانے کیلئے تو اسکا انداز اور ہوتا ہے اگر

مارتے ہے تو بازو توڑ دیا۔ مارا اسکو زخمی کر دیا تو یہ ضرب تادیب نہیں ہے یہ ضرب تادیب ہے لہٰذا

اسکو جیل میں ڈالو خاوند کو۔ قرآن مجید نے ہر چیز کا بیان کیا۔

اسمبلی میں کہا کر خاوند ہلکی پھلکی ضرب کر سکتا ہے انہوں نے کہا نہ ہلکی پھلکی کو عورتوں کو بڑا غصہ

لگا ہوا تھا۔ انہوں نے کہا دیکھا ہمارے اوپر ظلم۔ تو وہ بھی اسی حد تک ان کا رونا سننے کی جگہ رکھتا ہے

ان کو سمجھایا جائے کہ اصل بات کو سمجھو۔ ترجمہ پھر اختلاف ہوا انہوں نے بس کہا قدماء

نے لذات فعل یعنی حسن قبیح کی علت ذات فعل ہے بس اور کہا متاخرین نے بلکہ واسطے صفت

حقیقیہ یہ فعل میں موجود ہوتا ہے جو ثابت کرتی ہے وہ صفت اسکو یعنی پر ایک کو حسن کو قبیح

کو اور ایک قوم نے کہا واسطے صفت حقیقیہ کے بیچ قبیح کے فقط فقط کہا اسکی قید سے حسن نکل

گیا اور حسن عدم قبح ہے قبح کی علت کا عدم ہے نال بس حسن ہے یہ ہے کہ قبیح کی علت نہیں ہوتی

چاہیئے بس حسن ہے اور کہا جبائیہ نے نہیں ہے صفت حقیقیہ بلکہ اعتبارات ہیں اور حق نزدیک

ہمارے اطلاق عام ہے خواہ اطلاق عام سے مراد ہے آگے عام ہے کہ جو فعل ہے اسکی علت ذات

فعل ہو متقتضی حقیقیہ ہو یا صفت اعتباریہ ہو۔ فلا یرد النسخ علینا

اب اس پر شروع بتاتا ہے کہ انہوں نے یہ اعتراض کیا تھا انہوں نے حسن قبیح کی علت ذات

فعل ہے یا صفت حقیقیہ ہے تو ان پر اعتراض ہو گیا نسخ سے کہ جو فعل ہیں نسخ تو واقع ہوتی ہے
اگر حسن کی علت ہے خود ذات فعل تو ذات فعل جو ہے پہلے بھی تھی اب بھی ہے فعل کی تو ذات فعل علت
ہے اگر حسن ہے تو سارا حسن ہونا چاہیئے اگر ذات فعل ہے قبیح کی تو پہلے بھی قبیح ہے اب بھی
قبیح ہے شروع پہلے تھی ناں منع تھی بعد میں وہ نسخ ہے خروت کی تو اسی طرح کئی چیزیں پہلے
ممنوع تھی بعد میں وہ مامور حکم ہو گیا نسخ سے جنہوں نے کہا ذات فعل صفت حقیقیہ
جن نے کہا اعتبارات ان پر یہ اعتراض نہیں ہوتا ہے جو جنہوں نے کہا ذات فعل تو ذات
فعل پہلے بھی ہے بعد میں بھی ہے اور جنہوں نے کہا صفت حقیقیہ تو ذات فعل سے
منفک نہیں ہے تو صفت حقیقیہ کسی زمانہ میں فعل سے منفک نہیں ہے محال
ہے تو حسن ہے تو پھر ہمیشہ حسن ہے اگر قبیح ہے تو ہمیشہ قبیح ہے
تو نسخ کیوں ہو گئی . ما ننسخ ما اٰیۃ او . . . . .
تو اسکا جواب دیا ہمارے اوپر نسخ سے اعتراض نہیں ہوتا کیونکہ ہم نے اطلاق کیا عام کہ ہے
لکھنے ایک اعتبار ہے جو یہاں نسخ ہے پہلے ایک اعتبار تھا پھر زمانہ گزر اتی
اعتبار دوسرا آگیا تو چونکہ اعتبارات ہوتے ہیں وہ ذات فعل سے منفک
ہوتا ہے تو پہلے ایک شئے تھی بعد میں منع پہلے ایک اعتبار جب اعتبار جدا
ہو گیا تو پھر وہ حکم نہ رہا تو چونکہ ہم نے کہا اطلاق عام ہے اطلاق عام
ہے پھر ہم پر نسخ سے اعتراض وارد نہیں ہوگا. ترجمہ لیس ہیں وارد
ہو گئی نسخ اوپر ہمارے.

مسلم الثبوت ص ۱۶ سبق 1

ثم من الحنفیۃ ! تو پیچھے تین مذہب آگئے اشاعرہ اور معتزلہ اکثر حنفیہ اور معتزلہ جو
ہیں وہ بھی قائل ہوتے بعض افعال ایسے ہیں جو سماعی ہیں شرع لیکر حسن قبیح . اب یہاں سے ماتریدیہ
اکثر حنفیہ تو وہ تھے . اب حنفیہ کا بعض یعنی ماتریدیہ ہیں عقل جو ہے بعض احکام میں مستقل ہے یعنی عقل ادراک
بھی کرتا ہے حسن کو قبیح کو حکم بھی کرتا ہے کہ فرض ہے یہ حرام ہے . ہاں جی - - - اشاعرہ وہ کہتے شرعی ہے
اکثر حنفیہ اور معتزلہ یہ کہتے ہیں عقلی ہے تو پھر ان کا آپس میں فرق آیا ادراک کرتا ہے حکم
نہیں کرتا اب حنفیہ جو ہیں انہوں نے فرمایا بعض احکام ایسے ہیں جن میں عقل مستقل ہے یعنی حسن
قبیح کا ادراک بھی کرتا ہے اور حکم بھی کرتی ہے جیسے اللہ تعالیٰ ایمان لے آنا واجب ہے اور

تو پھر کیسے شریعت نہیں پہنچی تھی میں جاہل تھا اسلئے نسبت کر دیتا انہوں نے احکام لغزش کے جو قائل ہوئے ہیں
ان کے متعلق قیامت کے دن نہیں کہ یہ ہم تک شریعت نہیں پہنچی ہم نہیں سمجھے اسلئے جاہل تو یہ عذر قبول نہ کیا
جائے گا اللہ تعالیٰ فرمائے گا میں نے عقل نہ دی تھی تمہارے اندر عقل نہیں تھی یا ان کی عقل بھی باطنی رسول ہے
ترجمہ اور روایت کی گئی ہے ابی حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ سے کہ نہیں عذر واسطے کسی ایک کا بیچ جہل کے
ساتھ خالق اپنے کے وہ کہے کہ خالق کا جہل لما یری من الدلائل یعنی اللہ کی ہستی اسکی وحدانیت
وجود پر اتنے دلائل موجود ہیں کہ ذرہ بھر توجہ کرے تو اسکی ذات کے دلائل موجود ہیں ذرہ بھر
توجہ کرلے تو جب دلائل موجود ہیں اور وہ دلائل سے صرف نظر کر رہا ہے تو اسکا جہل گویا جہل ہے
اسکا انکار کرنا انکار ہے۔ دلائل موجود ہیں اتنے دلائل موجود ہیں ذرہ بھر توجہ کرے تو دلائل نطق
کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ موجود ہے وحدہ لاشریک ہے وہ بے مثال ہے ساری صفات وحدانیت ذات
وجود ہستی سارے دلائل نطق کر رہے ہیں کہ باوجود اسکے وہ کہے کہ میں نے نہیں جانا تو
یہ عذر قبول نہ کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ کے سامنے نطق ہو جائے گا۔ اللہ تعالیٰ کا وجود ہستی وحدانیت
کے صفات یہ عقلی دلائل سے ثابت ہیں کہ پھر اس میں صفت کلام آ گئی جب صفت کلام ثابت

عذر نہیں ہے

ہو گئی رب کا ثابت ہو گئی رسولوں کی رسالت سمعی دلائل سے توحید ہے عقلی دلائل
سے توحید ہے اگر سمعی دلائل سے ہو تو دور لازم آتا ہے کہ سمع ثابت کرتی ہے کلام کو
کلام ثابت کرتا ہے اسی طرح نہیں ہے عقلی دلائل سے پہلے عقلی دلائل سے جب ثابت ہو جاتا ہے
پھر کلام صفت کلام رسالت کہ اللہ نے نبیوں کے ساتھ کلام کی کہ کتابیں نازل ہوئیں یہ بعد میں آتا ہے

اصول الحل لب المراد !

اب اتنے تک تو گویا حنفیہ کا معتزلہ کا اتفاق کہ مسئلہ توحید میں جو مسئلہ توحید ہے اللہ کی صفات میں
عقل مستقل ہے ادراک بھی کرتا ہے حسن قبح کا کہ حکم بھی لگاتی ہے یہ معتزلی بھی کہتے ہیں اشاعرہ بھی کہتے
ہیں اشاعرہ اسکے منکر نہیں ہیں توحید کے مسئلہ میں لیکن سبب یہ بعض مسائل میں ہو گیا
اب اس میں اختلاف ہے کہ عقل مستقل تھا ہے کہ دلائل موجود ہوں دلائل میں نظر فکر کر کے کہ ایمان لے آئے
ہیں۔ یہ دلائل ہیں سارے آفاقی دلائل ہیں انفسی دلائل ہیں جیسے فرمایا سنریہم آیتنا
فی الافاق وفی الانفس حتی یتبین لہ انہ الحق۔ یہ آفاقی دلائل انفسی اپنی ذات کے اندر دیکھو کہ پورا
عالم اندر کیسے ایک نظام چل رہا ہے۔ ایک نعمت ہے ایک پورا نظام چل رہا ہے تو اس سے بے خبر ہے
یہ نظام کون چلا رہا ہے یہ آیات ہیں انفسی اور یہ آفاقی ہیں عالم کا نطق کر رہا ہے

کفر حرام ہے اللہ تعالیٰ پر ایمان لانا فرض ہے یہ عقل ایمان کا حسن ادراک کرتی ہے کہ ایمان کو فرض کرتی ہے عقل
اور اسی طرح کفر کو یعنی کفر کے قبح کو عقل ادراک کرتی ہے اور حاکم بھی ہے کہ کفر حرام ہے یہ عقلی دلائل سے
توحید کا عقیدہ یہ دو ہو اور آگے کلیہ بیان کیا یعنی کل ما لا یلیق بجنابہ تعالیٰ ہر وہ صفت چیز جو
اللہ تعالیٰ کی شان کے لائق نہیں ہے تو اسکا قبح عقل ادراک کرتی ہے یہ قبیح ہے حکم عقل کرتی ہے کہ یہ حرام ہے
اور اسکی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کرنا قبیح ہے۔ کل ما لا یلیق۔ ۔ حتی علی الصبی نمایت بیان کی کہ صبی عاقل
جو ہے ہاں تو اس پر بھی ایمان ہے وہ عقل جو ہے ہاں اسکا ایمان قبول ہے کفر کرے ارتداد بھی اسکا صحیح ہے کہ
یہ صبی عاقل۔ توجیہ جو بعض حنفیہ سے وہ ہے جو کہتا ہے بے شک عقل کا ہے مستقل ہونا ہے سمجھ
ادراک بعض احکام اللہ تعالیٰ کے پس واجب کرتی ہے ایمان کو اور حرام کرتی ہے کفر کو۔ عقل سے بندہ سمجھتا
ہے کہ محسن کا شکر یہ ادا کرنا واجب ہے کہ محسن کی ناشکری کفر ہے۔ اللہ تعالیٰ سے بڑھ کر کوئی محسن نہیں ہے
جس نے پیدا کیا اس نے نعمتیں دیں تو ان نعمتوں میں بندہ مغرق ہے ہر وقت ہر آن تو ہر عقل کہتی ہے
اللہ تعالیٰ پر ایمان لے آنا وہ وحدہٗ لا شریک ہے اور اسکی ناشکری حرام ہے۔ حتی کہ۔ ہر وہ شے
جو نہیں لائق ساتھ جناب اللہ تعالیٰ کے حتی کہ اوپر صبی عاقل کے۔

وروی عن ابی حنیفۃ! اب اس پر تائید امام ابو حنیفہ سے مروی ہے انہوں نے فرمایا کہ لا عذر
کے دن یہ جاہل۔ یہ جہل بخالق اللہ تعالیٰ کے ساتھ جہل یعنی یہ کوئی عذر نہیں ہوگا۔ جہل کرنا بھی
خالق ہے اللہ تعالیٰ کی ذات اسکی وحدانیت اور اسکی صفات سے جہل۔ کہ ہر وہ جو اسکی شان کے
لائق نہیں ہے تو وہ نسبت کی حرام کی تو وہ کہیگا مثلاً مجھے اسکا قبح معلوم نہیں ہوا میں معذور
تھا شریعت نہیں پہنچی تھی اس قسم کے عذر کرے تو ہاں جہل بخالقہ جہل میں کوئی معذور نہیں ہے
اب عقلمند مجنون ہے یا عقل نہیں ہے۔ ہاں جی۔ ۔ اب تائید پیش کرتا ہے کہ صبی عاقل بھی مکلف
ہے ایمان کے ساتھ کہ کفر کو قبیح سمجھے حرام قرار دے اور ہر وہ صفت شان جو اللہ کے لائق نہیں
ہے تو اسکو حرام قرار دے کہ نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف نہ کرے آگے امام صاحب سے روایت ہے
کسی کا عذر جہل کا عذر قبول نہ کیا جائیگا کہ مجھے شریعت نہیں پہنچی تھی میں جاہل تھا اللہ تعالیٰ
فرمائیگا کہ عقل نہیں دی تھی تو جو اسی طرح کل ما لا یلیق ۔۔۔ کذب جو اللہ تعالیٰ کی طرف
نسبت کرتے ہیں یہ اللہ تعالیٰ کی شان کے لائق ہے؟ بندے کی طرف کذب ہو تو کہتے ہیں فلاں
جھوٹا ہے تو عقل سمجھتی ہے کتنی قبیح نسبت ہے کہ ہر وہ جو اللہ کی شان کے لائق نہیں ہے ہاں
تو اسکی نسبت یعنی عقل ادراک کریگا اسکے قبح کو کذب کا قبح بھی عقلی ہے کوئی کذب کی نسبت کرے

کہ دلیل ہے جو اللہ تعالیٰ کی ذات موجود ہے اور وہ واجب الوجود ہے وہ وحدہ لا شریک ہے وہ عالم بھی ہے ارادہ
حیات سمیع بصیر یہ سارے. قدرت مشیت کلام یہ اسکی صفات ہیں لیکن امام ابو حنیفہ صاحب فرماتے ہیں کہ
جہل کا عذر قبول نہیں ہے معتزلہ اور ماتریدیہ کے درمیان فرق ہے معتزلہ کہیں گے جوں ہی عقل آیا وہ مکلف
ہو جاتا ہے بندہ میں جوں ہی عقل آیا تاں توحید کے ساتھ مکلف عقل سے ہی ہو گیا کوئی اسکیلئے مدت تامل
کی ذمی نہیں ہو گیا. امام ابو حنیفہ صاحب فرماتے ہیں ماتریدیہ وہ کہتے ہیں تامل کی مدت ہونی چاہئے. تامل کی مدت ہوگی
اب فرماتے ہیں تامل کی مدت کیوں ضروری ہے؟ دلیل یعنی یہ دعوت رسل کے قائم مقام ہے عقل آئے عقل کے آتے
ہی مکلف نہیں ہوتا ایک مدت تامل کی بھی دی جائے اسکو تاکہ یہ مدت تامل کی تاکہ بمنزلہ دعوت رسل کے ہے
کہ عقل تامل کرے گی دلائل میں دیکھے گی تو پھر عقل بھی انسان کیلئے باطنی رسول ہے تو دعوت رسل کے قائم مقام
ہو جائے گی اب وہ ایمان نہ لائے تو پھر معذور نہیں ہوگا. تو معتزلہ کہتے ہیں اسی وقت ہی اس پر
ایمان لے آنا واجب ہے جوں ہی عقل آئے گی تاخیر نہ کرے. ترجمہ کتنا ہو تامل شاید مراد بعد
گزرنے مدت تامل کے کیونکہ یہ دگزرنے مدت کے) بمنزلہ دعوت رسل کے ہے بھیج تنبیہ قلب کی. تاکہ
اس سے انسانی دل کو تنبیہ ہوگی دلائل میں غور وفکر سے کچھ قائم ہوگا اللہ کے نبیوں نے بھی دعوت دی تو وہ بھی
ایک مدت تھی تاکہ اسکا دل تنبیہ پکڑے متوجہ ہو دلائل میں غور وفکر کرلے.
اسکے بعد فرمایا کہ مدت تامل کتنی ہونی چاہئے یعنی مدت تامل متعین نہیں ہے متفاوت ہے کیونکہ عقلیں
متفاوت ہیں کئی عقلیں بڑی کامل عقلیں ہیں تو تھوڑی مدت میں وہ تامل کرکے تو اللہ تعالیٰ کی توحید
کا وہ سمجھ سکتے ہیں دلائل سے کئی عقل ایسی ہے انکیلئے زیادہ وقت لگتا ہے تو یہ متعین نہیں ہے
کیونکہ عقول متفاوت ہیں لہٰذا مدت تامل ہے وہ بھی مختلف ہے. ترجمہ اور یہ مدت مختلف
ہے کیونکہ عقول متفاوت ہیں.

مسلم الثبوت ص ۱۶ سبق ۲

وبما ذکرنا من المذاهب!

تو پیچھے مذاہب گزرے ایک اشاعرہ کا تو معتزلہ کا اور حنفیہ ماتریدیہ کا.
امام صاحب سے روایت آئی تاں جہل بخالق کسی کیلئے یہ عذر نہیں ہے قیامت کے دن کہ میں اپنے خالق
سے جاہل تھا کسی صفت سے جاہل تھا اس پر سوال تھا اسکا انہوں نے جواب دیا ہے. یہ روایت قرآن
مجید کے خلاف ہے قرآن مجید میں ہے وما کنا معذبین حتی نبعث رسولا. جب تک اللہ
کے رسول دعوت نہ فرمائیں تو اللہ پاک فرماتا ہے ہم عذاب نہیں کریں گے تو اسکا جواب دیا مراد

نئی چیز ہیں ہر ۵

باتیں ہیں ۳

جو یہ ناں کہ مدت تامل گزرنے کا ، اس کے بعد عذر نہیں ہے ۔ تو جو مدت تامل ہے یہ بمنزلہ دعوت رسول کے ہے
لہٰذا عقل اللہ نے جو اسے دی ہے تو عقل بھی اس کیلئے باطنی رسول ہے تو لہٰذا دعوت ہو گئی دعوت پائی گئی
اب تفریع بیان کرتا ہے ایک مسئلہ متفرع کرتا ہے کہ جو مذاہب ہم نے ذکر کیے تو اس پر یہ مسئلہ شاھق
بالغ فی شاھق الجبل یہ مسئلہ متفرع ہوگا وہ یہ ہے کہ ایک بندہ جو ہے ناں کسی پہاڑ کی کسی چوٹی پر رہنے
میں پہاڑ پر بالغ ہوا وہ جیسے بکریاں چرانے والے جنگلوں میں نکل جاتے ہیں افغانستان میں یا
بلوچستان میں ۔ ساری زندگی جنگل میں گزاری چھوٹا بچہ تھا کوئی اس پر دعوت نہیں پہنچی حتی کہ تبلیغی جماعت
بھی نہیں پہنچی اس لیے غافل ہو گیا نے ادھر پہاڑ پر فوت ہو گیا عقل آگئی نے فوت ہو گیا دعوت نہیں پہنچی
تو اس نے نہ نماز پڑھی نے نہ کوئی عقیدہ رکھا تو اب یہ دوزخ میں جائیگا یا جنت میں جائیگا یہ مسئلہ
متفرع ہوگا تو ہم ماتریدیہ کہیں گے کہ عقل تو اسکو تھی ناں بس عقل کے ساتھ وہ مکلف ہے تو ہم حنفیہ ماتریدیہ
بھی کہیں گے (جیسے پیچھے آیا ناں) عقل مستقل ہے بعض احکام کے ادراک کرنے میں فاوجب الایمان و
حرم الکفر تو لہٰذا وہ مکلف ہے توحید کے ساتھ مکلف ہے اللہ تعالیٰ کی ذات اور اسکی صفات کے ساتھ
مکلف ہے اگر اس نے توحید کا عقیدہ نہ رکھا تے فوت ہو گیا تو دوزخ میں جائے گا تو اس میں تو اتفاق
اب اختلاف اس میں ہے کہ امام ابو حنیفہ وہ فرماتے ہیں کہ نفس عقل سے مکلف نہیں ہوتا مدت تامل بھی
ضروری ہے اگر وہ بالغ ہوا تے مدت تامل پائی نے نظر فکر کر کے توحید کا عقیدہ نہ رکھا تو دوزخ میں جائیگا اگر
تو معتزلہ کہیں گے نفس عقل سے مکلف ہو جاتا ہے نے ماتریدیہ کہیں گے مدت تامل ضروری ہے یہاں جی ۔۔۔
پیچھے روایت کی لا عذر لاحد فی الجہل بخالقہ لما یری من الدلائل ۔ جتنے بھی پیچھے مذاہب آئے
ایک مسئلہ متفرع کرتا ہے اشاعرہ کہیں گے حسن قبح کیونکہ شرعی ہے تو شریعت اس تک نہیں پہنچی لہٰذا
یہ معذور ہے یہ مکلف ہی نہیں ہے وما کنا معذبین حتی نبعث رسولا وہ یہ کہیں گے
اسکو عذاب نہیں ہوگا ۔ بعض حنفیہ ماتریدیہ کہیں گے عذاب ہوگا اگر اس نے توحید کا عقیدہ نہ رکھا تو
عذاب ہوگا معتزلہ بھی یہی کہیں گے عذاب ہوگا لیکن فرق یہ ہے کہ معتزلہ کہیں گے نفس عقل
سے مکلف ہو جاتا ہے ہم کہیں گے کہ مدت تامل بھی چاہیئے باقی اشاعرہ کہیں گے کہ
عذاب نہیں ہوگا ۔ ترجمہ اور ساتھ اسکے جو تحریر کیا ہم نے مذاہب سے متفرع ہوتا ہے اور
اسکے مسئلہ بالغ کے فی شاھق بیچ چوٹی پہاڑ کے ۔

لنا ان حسن الاحسان : اب دلیل ذکر کرتا ہے پہلا تتمہ ہے لنا ۔ کہ احسان کا حسن کہ احسان
کے جو مقابل ہے ناشکری کفر اسکا قبح ۔ یہ مطلب ہے یعنی دلیل ہے کہ جو چیزیں ہیں حسن قبح

عقلی ہے تو لہٰذا انہوں نے دلیل یہ دی کہ احسان کا حسن اور اسکے مقابل کا قبح اس پر عقلاء متفق ہیں۔
تو اگر عقلی نہ ہوتا تو عقلاء کا اتفاق نہ ہوتا حالانکہ عقلاء تو متفق ہیں تو پھر معلوم ہوا کہ عقلی ہے۔
مطلب یہ ہے کہ اشاعرہ جو ہیں وہ کہتے ہیں کہ کسی شئے کا حسن قبیح عقلی نہیں ہے شرعی ہے یہ ان کے مقابلے میں
ہے وہ موجبے ملیے کے قائل ہیں تو وہ کہیں گے ہر جگہ تو یہ بعض بیان کر رہے ہیں احسان اور اسکے مقابل
یہ عقلی ہے اگر شرعی ہوتا تو عقلاء اتفاق نہ کرتے۔ ہاں جی ... لنا کیونکہ یہ اشاعرہ کے مقابل
ہے انہوں نے دلیل یہ دی احسان کا حسن مقابل کا قبح اس پر عقلاء نے اتفاق کیا ہے۔ ترجمہ
واسطے ہمارے بے شک حسن احسان کا اور مقابل اسکا ساتھ اساءۃ کے احسان دوسروں کے ساتھ
احسان کرنا اور مقابل ہے اساءۃ کہ دوسروں کو تکلیف پہنچانا ظلم کرنا۔ اس سے ہے جو متفق ہوئے
اس پر عقلاء۔

اب یہاں سوال پیدا ہو سکتا ہے عقلاء جو متفق ہوئے ہیں تو شریعت نے بتایا ہو کہ احسان اچھی شئے
ہے اور اساءۃ بری شئے ہے شریعت نے بتایا ہو پھر اتفاق کر لیا ہو۔ تو اس کا جواب دیا جو ارسال
رسل کے قائل ہی نہیں ہیں تو وہ بھی متفق ہوئے ہیں۔ ہاں جی ... وہ بھی مانتے ہیں جو منکرین ہیں
شریعت کے وہ بھی مانتے ہیں تو معلوم ہوا کہ وہ جو مانتے ہیں ان کے پاس عقل ہے تو ان عقلاء
نے اتفاق کیا ہے تو یہ عقل سے ادراک کیا ہے ترجمہ حتی کہ وہ شخص جو نہیں قبول کرتا
ساتھ ارسال رسول کے مثل براہمہ کے۔ استاذ صاحب نے کہا ہے یہ فرقہ اہل ہند میں ہے ہنود فرقہ
ہے براہمہ ان کو کہتے ہیں۔ پس اگر نہ ہوتی یہ بات بے شک یہ حسن قبح ذاتی ہے ذاتی کا معنی عقلی
نہ ہوتا اس طرح۔ والجواب تو دلیل آگئی اب اسکا جواب ہم نے دلیل دی کہ یہ کہا احسان کا حسن
عقلی ہے اور اساءۃ کا قبح یہ عقلی ہے کیونکہ عقلاء متفق ہوئے ہیں ہم مانتے ہیں کہ عقلاء متفق
ہوئے ہیں لیکن یہ نہیں مانتے کہ عقلی ہے اشاعرہ کہیں گے کہ یہ نہیں مانتے کہ یہ عقلی ہے
کیوں نہیں جائز کہ یہ جو احسان کا حسن اساءۃ کا قبح یہ اسلئے حسین ہوا کہ مصلحت عامہ تھی
اس میں عوام کی رعایت تھی عوام کیلئے عام لوگوں کیلئے مصلحت تھی تو مصلحت عامہ کی
وجہ سے انہوں نے حسین کہا نہ یہ کہ حسن ذاتی تھی کہ عقلی ہوا۔ ہاں جی ... ہم یہ تسلیم
نہیں کرتے عقلاء کا جو اتفاق ہے بس عقلی ہے ہم عقلی تسلیم نہیں کرتے ہو سکتا ہے جائز ہے
کہ مصلحت عامہ کی وجہ سے علماء نے اتفاق کیا کہ یہ حسین ہے احسان حسین ہے
اور اساءۃ قبیح ہے اسکا جواب دیتے ہیں تو کہتا ہے کہ مصلحت عامہ

عقلاء کا اتفاق نہ ہوتا ۱۳

۱۵ ربیع ۱۴

میں کلام چلا رہے ہیں مصلحت عامہ تھی اب ہم مصلحت عامہ پوچھتے ہیں کہ جو حسین ہے اسکا حسن عقلی ہے یا اور وجہ سے ہے اگر تم کہو کہ مصلحت عامہ کا حسن بھی اور وجہ سے ہے تو ہم اور وجہ میں کلام چلا رہے گے اسی طرح پیچھے تسلسل لازم آئیگا تو پھر تمہیں ماننا پڑے گا کہ مصلحت عامہ کا جو حسن ہے یہ بدیہی ہے تو اسکا حسن ذاتی ہے احسان کا حسن عقلی نہیں مان رہے تھے تو اب تو مصلحت عامہ کا حسن عقلی ماننا پڑیگا تو ہم بھی یہی ثابت کرنا چاہتے تھے کہ حسن قبیح عقلی ہے چیزوں کا افعال کا حسن قبیح عقلی ہے چلو بعض کو تم نے مان لیا تو مصلحت عامہ کو مانا تو احسان کو کیوں نہیں مانا یہاں جی ۔ ۔ ۔ اگر مصلحت عامہ کی وجہ سے حسین ہو تو یہ ہمیں مضر نہیں ہے کیونکہ ہم مصلحت عامہ میں کلام چلا رہے گے کہ اسکا حسن عقلی مان لو اگر تم کہو عقلی ہے اسکا حسن قبیح تو ثبت ہو گئی کہ تم نے مان لیا بعض کا اگر تم کہو کہ اسلئے کوئی اور ہے تو ہم اور وجہ سے کلام چلا رہے گے تسلسل چلتی رہیں یہاں تک کہ ۔

(وجہ) یہاں اور جیز بھی ہے لا یعنی کا اس میں جواب نکال لیا کہ مصلحت عامہ اگر مصلحت عامہ کی وجہ سے احسان حسین ہو تو اساءة قبیح ہو تو مصلحت عامہ یہ علت ہوگی نا تو ہم بھی قائل ہیں کہ جیسے پیچھے کہا تھا (اطلاق عام کے قائل ہیں) تو یہ ایک اعتبار سے تو یہ علت ہے ایک جواب تو احسان کے حسن کے اساءة کے قبیح عقلی ہونے کے منافی نہیں ہے یہ مصلحت عامہ ایک اعتبار ہے تو علت حسن قبیح کی وہ پیچھے ہم نے کہا ہے بعض نے ذاتی فعل کہا بعض نے صفت حقیقی کہا بعض نے صفت اعتباری کہا۔ تو جواب دیا کہ مصلحت عامہ کی وجہ سے ہو نا تو ہم بھی کہتے ہیں جائز ہے اس میں کوئی ہمیں نقصان نہیں ہے کہ احسان کا حسن عقلی ہے یہ مصلحت عامہ کی وجہ سے ہے نا علت ہوگی تو علت ہمارے نزدیک اعتبار عام ہے اطلاق عام ہے کوئی بھی ہو تو یہاں مطلب ہے صفت اعتباری ہو جائیگی ایک جواب۔ لائن میں

دوسرا جواب کہ مصلحت عامہ سے ہم پوچھتے ہیں ہم مصلحت عامہ میں کلام چلا رہے ہیں کہ مصلحت عامہ حسین ہے اسکا حسن قبیح عقلی ہے اگر تم کہو مصلحت عامہ اسکا حسن قبیح عقلی ہے تو بس تم نے ہماری بات مان لی تو پہلے مان لو احسان میں اگر کہو کہ یہ کسی اور وجہ سے ہے تو پھر ہم اور وجہ میں کلام چلا رہے گے تو اسی طرح تو آخر میں ماننا پڑیگا کہ مصلحت عامہ کا حسن عقلی ہے یہ بدیہی ہے یعنی عقلی ہے تو مصلحت عامہ عقلی ثابت ہو گئی یہاں جی ۔

ہم مصلحت عامہ میں کہتے ہیں کہ مصلحت عامہ حسین ہے خود اگر تم کہو مصلحت عامہ کا حسن عقلی ہے تو پھر تم نے ہماری بات مان لی نہیں تو پھر کہیں گے تم کہو مصلحت عامہ

علاوہ
اب اسں کا جواب دیتے ہیں

کچھ لوگ رشتہ داروں سے کچھ ایسے لفظ نقطہ سے تعریف کریں نکالیں کچھ اللہ تعالیٰ جنت کے اطراف میں ارواح کو ڈال دیتے کچھ لوگ کہاں چلے گئے وہ لوگ ۱۲

حسن ہے لیکن وہ اور وجہ سے ہے اس اور وجہ میں ہم چلاتے رہیں گے تو تسلسل باطل ہے لہذا ماننا پڑیگا مصلحت عامہ حسین ہے بالبداھۃ یعنی بداھۃ عقل سے یہی عقلی ہے. ترجمہ اور جواب بایں طور کہ حسن جائز ہے یہ کہ ہو واسطے مصلحت عامہ کہ نہیں نقصان دیتا ہمیں. حسن احسان مصلحت عامہ کی وجہ سے ہو جائز ہے ہم الملازم ہو کہ قائل نہیں ہیں تو اسی لیے. کیونکہ اب دوسری رعایۃ مصلحت عامہ کی حسن ہے بالبداھۃ

وانما لیضرنا اب فرماتے ہیں تیسرا جواب ہمیں مضر تھا کہ ہمارا دعویٰ ہوتا کہ ذات فعل علت ہے احسان کا حسن عقلی ہے اساءت کا قبح عقلی ہے ذات فعل تو اگر ہم یہ دعویٰ کرتے تو پھر اعتراض تھا اعتراض کر سکتے تھے کہ ذات نہیں بلکہ مصلحت عامہ کی وجہ سے ہے. ہمارا دعویٰ اگر یہ ہوتا کہ حسن قبح خود ذات فعل یعنی احسان کے اساءت کا انکی ذات میں حسن قبح ہے تو ہم دعویٰ کرتے تو تم کہتے ہم نہیں تسلیم کرتے مصلحت عامہ کیلئے ہو مصلحت عامہ ہے کہ اسکا اعتبار ہے بلکہ ہمارا دعویٰ یہ ہے کہ عدم التوقف علی الشرع یہ ہے احسان کا حسن کے اساءت کا قبح عقلی ہے اسکا معنی یہ ہے کہ شرع پر موقوف نہیں ہے شرع نہ بھی آئے ناں اس میں نہ آتی تو پھر بھی عقل کے ساتھ ہم سمجھتے کہ احسان اچھی شئے ہے عقل ادراک کرتی حسن کو اساءت کے قبح کو جب شریعت آگئی تو شریعت نے جو واجب کیا ہم یہی کہیں گے کہ عقل ادراک کرتی ہے تو یہ کہتی ہے کہ اگر حکم آیا تاں احسان کو واجب کریگی اگر حکم آیا تو اساءت کو واجب کریگی یعنی حرام کریگی کیونکہ شریعت عقل ادراک کر سکتی ہے تو ہم دعویٰ یہ کر رہے ہیں کہ شرع پر موقوف نہیں ہے. ہاں جی .... یعنی شریعت پر موقوف نہیں ہے باقی رہ گیا ذات فعل علت ہو یا صفت حقیقی علت ہو حسن قبح کی بالاطلاق عام یہ عام ہے. ترجمہ اور حرج نہیں کہ نقصان دیتا ہمیں اگر دعویٰ کرتے ہم بے شک یہ ہے ایسا کذات یہ لازم علیت کا ہے واسطے ذات فعل کے بلکہ دعویٰ عدم توقف علی الشرع ہے.

ومنع الاتفاق علی ! اب یہ بتایا ہے کہ ہم جو ہیں ناں عقلا کا جو اتفاق ہے ناں وہ اس پر ہم نہیں جانتے کہ یہ مدار ہے جو تم نے اتفاق کیا تو ہم یہ تسلیم نہیں کرتے بلکہ ہم کہتے ہیں احسان کا حسن اساءت کا قبح یہ عقلی نہیں ہے یاں یہ حکم کی مدار ہے حکم کیلئے مدار ہے حکم ہے کہ احسان واجب ہے اساءت کا حرام ہے تو یہ جو اتفاق تم نے کیا ناں یہ اتفاق ہم تسلیم نہیں کرتے البتہ اتفاق اس پر ہے کہ مدار حکم کی ہے ہاں جی ... حکم ہے واجب حرام یہ حکم کا مدار ہے کہ احسان کا حسن یہ سبب ہے کہ حکم یہ ہے تو اسکا جواب دیتا ہے یا جو تم منع کر رہے ہو ناں یہ لایمیننا اس میں ہمیں نقصان کوئی نہیں ہے ہم بھی

کہتے ہیں کہ اتفاق تم کہو کہ حسن قبح چیزوں کا افعال کا یہ حکم کا مدار ہے ہم بھی یہی کہتے ہیں ہم کہتے ہیں
کہ عقلی ہے معنی ہو ہے کہ عقل ادراک کر سکتی ہے باقی رہ گئی یہ بات کہ مدار ہے تو مدار بھی یہ نہیں
ہیں کہ مدار ہے یعنی اگر حکم آیا تو عقل کہے گی کہ حاکم تو شریعت ہے اگر حکم آیا تو احسان کو واجب کریگی
اگر حکم آیا تو اساءۃ کا حرام کریگی یہ ہے مدار ہاں جی اب اسکا جواب دیا کہ تم نے کہا یہ مدار حکم کا نہیں
ہے لہذا احسان حسین ہے تو واجب ہو واجب کرے یا احسان اساءۃ قبیح ہے حرام کرے عقل عقلی
جتنی تم نے ہمارا معنی نہیں سمجھا کہ عقلی ہے ہمارا عقلی ہونے کا مدار یہ ہے کہ عقل ادراک کرتی
ہے احسان کے حسن کو اساءۃ کے قبیح کو ادراک کرتی ہے اور حکم کا مدار منع نہیں ہے ہم
کہیں گے کہ عقل کہتی ہے اگر حکم آیا شریعت دیگی نے احسان کو واجب کریگی یہ نہیں ہے کہ جوں
ہی عقل نے احسان کے حسن کو ادراک کیا تو عقل واجب کا حکم کردے یا اساءۃ کے قبیح
کا ادراک کیا تو خود عقل حکم کردے حرام کا عقل حاکم نہیں ہے ہمارے نزدیک عقل یہ کہے
گی کہ مدار حکم کا بن سکتی ہے ترجمہ اور منع اتفاق کی اوپر اسکے کہ یہ مدار ہے
حکم اللہ تعالیٰ کا کہ اللہ تعالیٰ کے حکم کا مدار ہے. نہیں منع کرتا یہ منع ہمیں. یعنی ہمیں کوئی
منع نہیں کرتا کوئی ہمارے خلاف نہیں ہے یہ اتفاق ہو کہ مدار جو ہے پیچھے جو عقلاء نے
اتفاق کیا یہ اتفاق کہ حسن قبیح عقلی ہے تو تم کہو کہ یہ ہم تسلیم نہیں کرتے یہ حکم کی مدار ہے
تو یہ منع ہمارے خلاف نہیں ہے. نہیں منع کرتا یہ منع ہمیں کیونکہ ہم نہیں کہتے کہ
ساتھ مستلزم ہونے اسکے حکم کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے بلکہ ہم کہتے ہیں بالسمع
ہم کہتے ہیں مطلب یہ ہے کہ یہ ادراک حکم کو مستلزم نہیں ہے جوں ہی عقل ادراک
کرے تو حکم اللہ تعالیٰ کی طرف سے لازم ہو جائے یا عقل بلکہ یہ ہے مدار ہے
یعنی ہم کہتے ہیں کہ اگر حکم آیا تو شریعت اسکو واجب کریگی اگر حکم آیا تو اساءۃ
کو حرام قرار دیگی.

ہماری دلیل

مسلم الثبوت ص ۱۷ سبق 1

واستدل الخ استقرا ! لنا سے دیں معتزلہ اور ماتریدیہ نے دی کہ احسان اچھی شے ہے اور ناشکری
بری شے ہے یہ دو قضیے ہیں اس پر عقلاء کا اتفاق ہے عقلاء کا جو اتفاق ہے تو مطلب یہ ہے کہ احسان
کا حسن اساءۃ کا قبح عقلی ہیں اسلئے اتفاق ہے تو ایک دلیل آگئی. یہ ہو سکتا ہے کہ ان کا اتفاق
شرع سے آیا ہو کیا جو ارسال رسل کے قائل ہی نہیں ہوئے وہ بھی اتفاق کرتے ہیں ان کے پاس عقل تو ہے

معلوم ہوا احسان کا حسن عقل ادراک کرتی ہے اور عقلی ہے اساءت کا قبح عقل ادراک کرتا ہے تو یہ عقلی ہو اب یہ آ گیا جو پیچھے اس
دلیل پر شیخ اشعری نے اسکا جواب دیا۔ اب دوسری دلیل انہی کی اسکو تعبیر کیا واستدل وہ کہا گیا ان حسن الاحسان
تو وہ دلیل قوی ہے یہ دلیل جو ہے استدل سے استدلال ہو تو کلمہ اس سے تعبیر کریں تو کمزوری ہوتی ہے جو دلیل
میں کچھ ضعف ہوتا ہے۔ دوسری دلیل انہی کی کہ صدق اور کذب یعنی ایک مقصود ہے کون سا؟ کہ سچ بولے تو حاصل ہو سکتا
ہے نہ جھوٹ بولے تو حاصل ہو سکتا ہے جب مقصود کے حصول میں صدق اور کذب دونوں برابر ہوں تو عقل صدق کو ترجیح دیتی ہے کو
ترجیح یہ ہے جو مطلب ہے کہ عقل صدق کو ترجیح دیتی ہے تو اس سے صدق کا جو حسن ہے عقل نے ادراک کیا تب ہی
عقل نے اسکو ترجیح دی۔ ترجمہ اور استدلال کیا جب برابر صدق اور کذب بیچ مقصود کے تو ترجیح دیتا ہے عقل صدق کو

وفیہ انہ لا استواء ! اب اس دلیل کا جواب دیتے ہیں کہ۔ مستدل نے کہا صدق اور کذب حصول مقصود میں
برابر ہیں ترجیح صدق کو آئی۔ تو اس میں ہم پوچھتے ہیں صدق کذب کو جو حصول مقصود میں تساوی ہے تو جمیع یعنی
مقصود جتنے اغراض ہیں۔ جمیع اغراض کے لحاظ سے استواء ہے صدق اور کذب مقصود میں برابر ہیں تو مقصود حاصل
ہوتا ہے سچ بولے تو مقصود حاصل ہے جھوٹ بولے تو مقصود حاصل ہے تو اسکا مطلب ہے کہ جمیع اعتبار سے جمیع وجوہ
سے استواء ہے اور تمام اغراض حاصل ہوتے ہیں یا بعض فی الجملہ۔ اگر پہلی شق ہو تو یہ استواء ہم تسلیم نہیں کرتے
صدق کذب مقصود کے حصول میں جمیع اغراض میں استواء ہو۔ تو اگر استواء ہے صدق کذب میں لیکن فی الجملہ ہے
فی وقت من الاوقات تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ حسن قبح صدق کا حسن کذب کا قبح ذاتی ہے ہو سکتا ہے کہ
مرجح ہو۔ صدق اور کذب برابر ہیں حصول مقصود میں جمیع اغراض جتنے اغراض ہیں وہ بھی حاصل ہو سکتے ہیں تو یہ محال ہے
جو محال ہو۔ تو ایک محال فرض کیا کہ صدق اور کذب حصول مقصود میں برابر ہے یہ تقدیر محال ہے کیونکہ صدق کو جب جمیع اغراض
حاصل ہوں تو مقصود حاصل ہوتے جمیع اغراض میں ایک جیسے برابر ہوں تو یہ تقدیر محال ہے کیونکہ صدق کذب جمیع
وجوہ سے برابر نہیں ہو سکتے اس پر دلیل دے رہا ہے کہ صدق کے لوازم ہیں کذب کے بھی لوازم عوارض ہیں تو صدق
کے لوازم جو ہیں وہ ہیں مثلاً مطابقت ہے کذب کے میں عدم مطابقت تو یہ تو اجتماع نقیضین ہوگا
مطابقت عدم مطابقت کے استواء مطابقت کے عدم مطابقت میں تو نہیں ہو سکتا تو یہ تقدیر محال ہے
جب تقدیر محال ہو تو فرض کریں تو دوسرا محال لازم آ جائے تو محال محال کو مستلزم ہوتا رہتا ہے۔ ہاں یہ
بھی محال تھا استواء حصول مقصود میں صدق کذب بھی برابر ہوں یعنی صدق کذب برابر ہو یہ بھی محال تھا تو صدق
کا جو ترجیح ہے تاں عقل نے صدق کو ترجیح دی یہ ترجیح بھی محال ہے کیونکہ کوئی مرجح نہیں ہے
تو ترجیح بلا مرجح یہ محال ہے تو ایک محال فرض کیا دوسرا محال لازم آ گیا اور اگر فی الجملة
استواء ہو صدق کذب میں حصول مقصود تو ہو سکتا ہے عقل نے جو ترجیح دیا ہے صدق کو

علہ اگر ہو پہلی شق کہ

تو کوئی مرجح ہو وہاں نہ ہو کہ حسن کیوں کہ ذاتی ہے اسلئے ترجیح دے رہا ہے کبھی ہو سکتا ہے کوئی اور مرجح ہو۔
ہاں جی۔ نہ مطابقت عدم و مطابقت یہ نقیضین ہیں تو برابر نہیں ہو سکتے صدق اور کذب جمیع افراد میں سے برابر نہیں ہے
یہ محال ہے تم نے محال فرض کیا تو ترجیح عقل کا صدق کو یہ تقدیر بھی محال تھی یہ لازم تھا اور محال تھا کیونکہ مرجح نہ ہو
تو ترجیح بلا مرجح یہ محال ہوتا ہے ایک محال فرض دوسرا لازم آگیا اور اگر فی الجملہ استواء ہو تو پھر ترجیح صدق کا محال
نہیں ہے نہ تقدیر محال کی ہے بلکہ عقل صدق کو ترجیح دیگا تم کہوگے کہ یہ اسلئے ہے کہ صدق کا حسن ذاتی تھا یہ ضروری
نہیں ہے کیسے ہو سکتا ہے کہ کوئی مرجح ہو اور صدق کا حسن نہ اس لحاظ سے کہ حسن ذاتی بلکہ مرجح ہو کوئی اور
لحاظ سے۔ ترجمہ اور ذبح استدلال کا یہ ہے کہ نہیں استواء بیچ نفس الامر کے کیونکہ واسطے ہر
انبیاء کے ان دو کے لیے لوازم اور عوارض ہیں پس وہ تقدیر مستحیل ہے پس ممتنع ہے ترجیح اوپر
اس تقدیر کے۔ وقالوا ثانیاً اب پہلے تو دو دلیلیں آئیں کس کی؟ ماتریدیہ کی۔ اب اشاعرہ کی
اشاعرہ کہتے ہیں ہاں حسن قبح عقلی نہیں ہے دعویٰ کرتے ہیں۔ بالکل دلیل کہ حسن قبح عقلی نہیں ہے شرعی ہے اگر عقلی ہو
ذاتیات سے تعبیر کیا ہے یعنی ذات مقتضا ہے ذاتی ہے حسن قبح ذاتی ذاتی کا معنی یہ ہے کہ عقلی ہے شرع پر موقوف
نہیں ہے اگر حسن قبح ذاتی ہو تو ذات کا مقتضی ہوگا تو ذات کا مقتضی متخلف نہیں ہوتا حالانکہ متخلف ہے تو اگر
ذاتی ہوتا تو متخلف نہ ہوتا حالانکہ متخلف ہے لہٰذا حسن قبح ذاتی نہیں ہے عقلی نہیں ہے۔ ہاں جی یہ
ماتریدیہ کی دو دلیلیں آچکی؟ دعویٰ کی نقیض نکال کر مقدم بنایا اگر ذاتی ہو تو ذاتی ہوگا تو ذات کا مقتضی
ہوگا تو ذات کا مقتضی متخلف نہیں ہوتا تو یہ متخلف ہے۔ لیکن تخلف متخلف نہ ہونا یہ تالی ثم قد
تخلف یہ رفع تالی ہے لیکن تخلف کی نقیض ہے رفع کیا قد تخلف اب اس پر رفع تالی پر دلیل دے رہا ہے
مثلاً کذب کسی نے جو ظالم تھا اس نے نبی کو قتل کرنے کا قصد کیا ہوا تھا تو چھپ۔ سمجھتا ہے بندہ کہ یہ
اللہ کا نبی کو قتل کرنا چاہتا ہے تو پھر وہ کہتا ہے یہ نبی نہیں ہے وہ نبی تو چلا گیا تو پھر وہ قاتل پیچھے
پیش جاتا ہے تو اب یا کوئی ظالم آتا ہے کسی کو قتل کرنے کیلئے تو وہ بندہ کہتا ہے سفاک سے حبشی
یہ وہ شخص نہیں ہے وہ تو چلا گیا ہے تو یہ جھوٹ ہے جھوٹ سے وہ بچ جاتا ہے اللہ کا نبی کو
بچا لیتا ہے اور ظالم سے بھی بے گناہ کو کسی کی جان بچ جاتی ہے تو یہ جھوٹ جو ہے یہ حسین ہے
بلکہ واجب ہے تاکہ اللہ کے نبی کی حفاظت کے لئے اور سفاک سے بریٔ کو چھڑانے کیلئے
تو دیکھو یہ ہے کذب اگر حسن قبح ذاتی ہوتا تو کذب سے متخلف نہ ہوتا۔ تو کذب کا قبح
کذب کی ذات سے متخلف نہ ہوتا دیا متخلف ہے کیونکہ کذب ہے یہ حسین
نبی کی عصمت کیلئے واجب ہو گیا ہے تو بریٔ کو بچانے کیلئے یہ جھوٹ حسین ہے

ظلم کسی سے پوچھتا ہے

عن بریٔ

جو بریٔ

ہاں جی۔۔ اب رفع ثانی پر دلیل دیتے ہیں کذب جو ہے یہ قبیح ہے لیکن نبی کو بچانے کیلئے جھوٹ بولنا حسن ہے تو کوئی آدمی
جو ہے یعنی ناحق ظالم اسکو قتل کرنا چاہتا ہے تو اگر بندہ اسکو چھوڑانے کیلئے جھوٹ بولتا ہے کہ وہ یہاں نہیں بیٹھا
وہ یہاں نہیں ہے وہ چلا گیا ہے تو یہ اس قسم کا جھوٹ یہ ہے کذب لیکن حسن ہے تو قبیح اسکی ذات سے متخلف ہو گیا
ہے اگر ذات مقتضی ہوتا تو متخلف نہ ہوتا۔ ترجمہ کیا انہوں نے اشارہ کرتے ہوئے پہلی والی اگر ہوتا حسن قبیح
ذاتی تو نہ متخلف ہوتا حالانکہ تخلیق متخلف ہو گیا ہے کیونکہ کذب مثلاً قتلاً واجب ہے واسطے حفاظت نبی کے
اور چھوڑانے بری کرنے ظالم سے۔ والجواب اب اسکا جواب دیتے ہیں انکی دلیل کا تم نے کہا کذب
سے قبیح متخلف ہو گیا ہم کہتے ہیں متخلف نہیں ہوا بلکہ کذب اسی طرح قبیح ہے جیسے کہ پہلے قبیح تھا حسن نہیں
ہوا وہ اسطرح ہے کہ نبی کا قتل بھی قبیح ہے بری کا قتل بھی قبیح ہے کذب بھی قبیح ہے لیکن نبی کا
قتل قبیح تر ہے تو بری کا قتل بھی قبیح تر ہے تو دونوں قبیح ہیں ایک قبیح تر ہے تو یہاں اسطرح
معاملہ ہے کہ یہ نہیں ہے کہ کذب حسن ہو گیا بلکہ یہ ہے کہ کذب قبیح ہے لیکن نبی کا قتل بری کے قتل سے
قبیح میں کم ہے تو یہ اس طرح ہے جیسے حدیث پاک میں آیا جب تم دو مصیبتوں میں پھنس جاؤ تو جان
تو جو سہل تر ہو تو اسکو اختیار کرو تو جھوٹ جو اختیار کیا ہاں جھوٹ قبیح ہے لیکن اگر
جھوٹ نہ بولے تو نبی کا قتل اور بری کا قتل یہ واقع ہو جائے گا یہ زیادہ قبیح تر ہے.
اسلیے اسکو ترجیح آئی ہے نہ اسلیے ہے کہ کذب حسن ہو گیا قبیح متخلف ہو گیا قبیح متخلف نہیں ہے
ہاں جی۔۔ قبیح کذب اسی طرح قبیح ہے لیکن کذب کا قبیح جو ہے وہ اضافی ہو گیا نبی کا قتل
بری کا قتل وہ بھی قبیح ہے یہ بھی قبیح ہے یہ قبیح ہے فی نفسہ لیکن اسکی نظروں قبیح میں کم ہے
نبی کا قتل اور بری کے قتل کی نظروں اسکا قبیح کم ہے تو حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا جب تم دو مصیبتوں میں پھنس جاؤ تو جو سہل دیکھے اسکو اختیار کرے یہاں کذب
جو ہے اسلیے ہے جو ارتکاب اقل القبیحتین قبیح میں ہیں دونوں قبیح لیکن قبیح
میں اقل یہ کذب ہے اسلیے اسکو اختیار کیا ترجمہ اور جواب یہ ہے کہ بیشک
اسکے ارتکاب ہے کم تر ہے دو قبیحوں کا دو قبیحوں سے جو کم ہے اسکا ارتکاب ہے لہذا
یعنی جب کذب کا قبح متخلف نہیں ہوا تو وہ ثانی کا رفع بھی ہو گیا تم نے کہا لوگوں درمیان کم
نہ متخلف و عدم تخلف تو وہ متخلف تو نہیں ہے اب پھر ذاتی نہ ہونا ثابت نہیں ہو گا یہ تو
ہو گا ہاں اگر ذاتی ہوتا تو متخلف نہ ہوتا انہوں نے کہا متخلف ہے لہذا ذاتی نہیں ہے
اس نے جواب دیا کہ متخلف نہیں ہے لہذا اسی طرح ہے یعنی ذات کا مقتضی ہے

تو جملہ منہ یہ ہوا بے شک کذب ہو گیا حسن. قیل لیرد علیہ !
اب کسی نے اعتراض کیا فاضل عزیزاجان کہ انہوں نے کہا کہ اس جگہ نبی کی حفاظت کیلئے کذب بولنا واجب
ہے تو بری کو چھوڑانے کیلئے کذب بولنا واجب ہے تو واجب تو حسین ہوتا ہے جب واجب حسین ہوتا ہے
تو یہ جو حسن تھا اس میں حسن میں داخل ہو گیا پیچھے کہا تھا کہ ان الکذب ما صار حسنا تم نے کہا کذب یہ نہیں ہے کہ
کذب حسین ہو گیا اس پر اعتراض ہو گیا کہ کذب اس جگہ واجب ہے اور واجب حسین ہوتا ہے پھر کیسے حسین
نہیں ہوگا. ہاں جی سد ۔ تم نے کہا یہ نہیں ہے کہ کذب حسن ہو گیا بلکہ وہ ارتکاب ہوا اقل قبحیتین کا
تو اسکا جواب دیتا ہے کہ کذب نبی کی حفاظت کیلئے تو بری کی حفاظت چھڑانے کیلئے کذب بولنا
واجب ہے تو واجب حسین ہوتا ہے تو کذب حسین ہے. ترجمہ کیا گیا وارد ہوتا اور کہا
یہ کہ بے شک یہ کذب اس جگہ واجب ہے پس داخل ہوگا بیچ حسن کے .
والحسن لغیرہ ! اب یہاں سے ماتن جواب دیتا ہے کہ ایسے ہی حسن لذاتہ
قبیح لذاتہ اسی طرح حسین لغیرہ قبیح لغیرہ. کذب جو ہے قبیح لذاتہ ہے یہ کذب
قبیح لذاتہ ہے تو حسین لغیرہ ہے مخبر نے عصمت نبی کو انقاذ بری کی سنداں سے
تو چونکہ وہ حسین ہے انہوں نے کذب کے اندر حسن پیدا کر دیا کذب تھا قبیح قبیح لذاتہ تھا اچھا
لذاتہ حسین ہو گیا لغیرہ یعنی مخبر نے حسن پیدا کر دیا اور ان میں کوئی منافات نہیں ہے
کیونکہ قبیح لذاتہ ہے تو حسین لغیرہ ہے یہ ہوتا رہتا ہے کئی چیزیں ہوتی ہے
قبیح لذاتہ ہوتی ہیں تو صحیح حسین لغیرہ ہوتی ہے جس طرح ذبح ہے ذبح جو کرتے
ہیں جانور کو یہ قبیح حسین لغیرہ ہے تو جہاد یہ حسین لغیرہ ہے فی نفسہ نہیں
فی نفسہ تو وہ ہے ویرانی جانوں کا ضیاع خون خرابہ ملک کو ویران کرتا ہے لیکن حسن اعلاء کلمۃ اللہ
سبب بنتا ہے ہاں جی سد ۔ یہ ٹھیک ہے کہ عصمت نبی کیلئے کذب واجب ہو گیا لیکن
حسن واجب جو ہوتا اس میں یہ وجوب آیا غیر کی جانب سے تو حسن بھی لغیرہ ہوگا تو یہ
قبیح لعینہ تھا جیسے کہ ہم نے کہا ہے قبیح لذاتہ ہے حسین لغیرہ
ہو تو دونوں میں کوئی منافات نہیں ہے لہذا واجب بھی ہے حسین بھی ہے. ترجمہ
کیا ہوں حسین لغیرہ نہیں منافی قبیح لذاتہ کے. وھذا معنی اب کہتا ہے کہ
یہ جو کہتے ہیں کہ الضرورات تبیح المحذورات مجبوریاں محذورات کو مباح کر دیتی
ہیں مجبوری ہوتی ہے کہ محذور شے بھی مباح ہو جاتی ہے مجبوری کے وقت

اب کذب جو حسن ہو ذاتاً یہ قبیح تھا تو مباح کیوں ہوا مجبوری ہو گئی کیونکہ نہ بولیں تو ان کو مصیبت
اب چوتھی دلیل: اشعریہ کہتے ہیں افعال کا حسن قبح ذاتی عقلی نہیں ہے
شرعی ہے۔ اب چوتھی دلیل دیتے ہیں وہ دعوے کی نقیض نکال کر مقدم
۔ اگر افعال کا حسن قبح عقلی ہو تو پھر محال لازم آتا ہے خلاف معقول
لازم آتا ہے۔ وہ کیسے؟ یعنی: اگر افعال کا حسن قبح عقلی ہو تو پھر اللہ تعالیٰ
تو پھر لازم آئے گا اللہ تعالیٰ مختار نہیں ہے حالانکہ اللہ تعالیٰ بالاتفاق حکم میں
مختار ہے ۔ مختار نہیں ہے تو مضطر ہے ۔ لان الحکم ۔ اب ملازمہ پر دلیل دیتا ہے
کہ حکم میں اللہ تعالیٰ کا اضطرار کیسے لازم آئے گا۔ مثلاً ہم جانتے ہیں کہ ایک فعل
ہے عقل نے ادراک کیا کہ حسین ہے۔ جب حسین ہے تو عقل کہے گی واجب ہے

جھوٹ ۱۲۔

عوامی دعوی نمبر ۱

جب ان سے بات ہو تو ان سے پوچھو۔ ہر جاہل پڑھ دیتا ہے ان اللہ علی کل شئی قدیر
پڑھ دینے سے کچھ نہیں ہوتا۔ ایک دور میں ان سے ایک مناظرہ ہوا تھا۔ ہمارے
سے بھی پہلے زمانے کی بات ہے۔ اساتذہ فرماتے ہیں۔ امکان کذب کے قائل نے
مناظرہ میں دلیل دی۔ ان اللہ علی کل شئی قدیر۔ اللہ تعالیٰ ہر شئی پر قادر ہے جو
امتناع کذب کا قائل تھا ہمارے مسلک کا عالم تھا۔ اس نے کہا مولانا: ولد۔
اس نے کہا: بالکل ان اللہ علی کل شئی قدیر۔ اس نے کہا مولانا: صاحبہ اس نے کہا:
بالکل ان اللہ علی کل شئی قدیر۔ اس نے آگے قبائح شمار کیے پھر ایک بندہ
مناظرہ میں بیٹھا ہوا تھا اٹھ کھڑا ہوا مولانا صاحب بس خاموش ہو جاؤ۔ اس نے
ایک بک ماری ہے اب سو تک اس کرے گا۔ بس تالی بج گئی نعرۂ تکبیر
بس مناظرہ ختم۔ یہ کہتے ہیں کہ عجز لازم آتا ہے۔ فضل حق خیرآبادی سے سیکھو
آپ نے کتاب لکھی ہے سبحان اللہ! ایسی عجیب کتاب ہے چونکہ ہمارے
اساتذہ تھے ہمیں ان کی باتیں سمجھ آتی ہیں۔ عجز یہ ہوتا ہے کہ ارادے
کرے اور مراد کر نہ آئے۔ اللہ تعالیٰ پاک ذات ہے۔ قبائح فعلیہ اس
کے ہاں ارادہ ہی نہیں ہوتا۔ ذات کے مرتبہ میں پاک ہے۔ ولد سے
پاک ہے، صاحبہ سے پاک ہے، شریک سے پاک ہے۔ قرآن مجید میں یہ
تے مقام مدح میں فرمایا ہے۔ محمود الحسن دیوبندی نے جہد المقل کتاب لکھی ہے
اس پر لکھا ہے لاحول۔ اس میں جہاں معقول کا مسئلہ آتا ہے تو کہتے ہیں
حکذا قالوا۔ یہ لوگ معقولی نہیں ہوتے اس لیے پھر کہتے ہیں حکذا قالوا۔
اسی طرح انہوں نے کیا۔ نہ ان کی بات سمجھی۔ کیسی ان شاء اللہ بات آئے گی۔
ایک ان کی دلیل ہے ان اللہ علی کل شئی قدیر۔ بعض اوقات بڑا اچھا لکھا ہے۔ (تحقیق نہیں ہوا)
یہ موجبہ کلیہ منحرفہ ہے اس کا موضوع محمول کی جانب ہے اور محمول موضوع
کی جانب ہے۔ کل شئی مقدور للہ تعالیٰ۔ شئی دیکھیں گے جو اہل
سنت و جماعت کا عقیدہ ہے یا کوئی اور ہیں گے۔ شئی کا معنی ہے موجود فی
الجملہ۔ اس کا معنی ہے تین زمانوں میں سے کسی نہ کسی زمانہ میں وہ موجود بالفعل
ہو۔ اب اس کو دیکھیں بناتے ہیں گے۔ ان اللہ علی کل شئی قدیر۔ اور کذب کو کس میں داخل

(۱۸۸)

کہیں گے تو شئ تو موجود فی الجملہ ہوتی ہے تو حضرت پھر ماننا پڑے گا کہ کذب بھی موجود بالفعل ہے۔ یہ ان کا عقیدہ نہیں ہے اگر اس کو دلیل بنائیں گے تو ماننا پڑے گا کہ بالفعل ہو لا۔ یا پہلے یا آگے۔ دلیل بالفعل کی ہے اور مذہب ان کا یہ ممکن ہے کہ بول سکتا ہے کہ بولتا نہیں۔ اللہ تعالیٰ صفت مسفہ سے پاک ہے۔ دوسری بات اگر ان اللہ علی کل شئ قدیر کو دلیل بنائے ہو تو شاء یشاء شیئا۔ شئ مصدر ہے یا تو اب معنی مبنی للفاعل ہوگا یا مبنی للمفعول ہوگا مت اگر مبنی للفاعل ہو تو شاء ہو۔ اللہ تعالیٰ ہر شائی پر قادر ہے یہ معنی نہیں ہو سکتا۔ شیئا مبنی للمفعول ہوگا مشیئ وجودہ شئ کا معنی ہو گا۔ جس کا وجود چاہا ہوا ہے اس کا شائی ہی تو ہے وہ اللہ تعالیٰ ہے جس شئ کے وجود کو اللہ تعالیٰ چاہے وہ بالفعل آجا ہے۔ لہذا اس لحاظ سے بھی اس کو امکان کذب دلیل نہیں بنا سکتے۔ جاہلوں کو تو گمراہ کر سکتے ہیں کہ بیکوں جس پر اللہ تعالیٰ کی عملی ہو ان پر کچھ نہیں کر سکتے۔ بیضاوی اس جگہ دیکھو۔ یہی تقریر ہے جو میں نے کی۔ شاء مشیئ وجودہ۔ اللہ تعالیٰ کی مشیئت کا تعلق ہوتا ہے تو شئ وجود میں آجاتی ہے۔ جب تم کسی پر کہو گے لو پر بیٹھا ہوا ہے کوئی کہے گا کہ عاجز ہے۔ جب تو ارادہ کرے گا اٹھانے کا اور نہیں اٹھا سکے گا پھر کہا جائے گا کہ یہ عاجز ہے۔

والجواب: اب اس کا جواب۔ ہم کہتے ہیں کہ جس نے حسن کا عقل نے ادراک کیا تو عقل کہے گی کہ حکم وجوب کا آئے گا۔ ہم کہتے ہیں کہ حکم وجوب کا آئے گا۔ تم کہو کہ اضطرار آگیا۔ اضطرار نہیں ہے۔ کیوں کہ اس حکم میں حکمت ہے کہ وجوب کا آیا۔ اس میں کوئی حکمت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو وجوب کا حکم دیا حکمت پوشیدہ تھی۔ اور جو حکم حکمت کے موافق ہو وہ اضطرار پیدا نہیں کرتا۔ کیوں کہ خفیہ حکمتیں اللہ تعالیٰ جانتا ہے۔

عہ خواہ اس وجہ سے کہ عقل تھی یا نہ تھی حکمت کی بنا پر وجوب آتا ہے اس میں اضطرار نہیں ہوتا۔

ترجمہ: اور جواب یہ ہے کہ بے شک موافقت حکم اس کی واسطے حکمت کے نہیں واجب کرتی اضطرار کو۔

مسلم الثبوت ص ١٩ سبق ٣

وخامسًا لو کان لذلک لجاز العقاب قبل البعثۃ الخ: اب یہاں سے پانچویں دلیل بیان کرتے ہیں کہ اشعریہ نے کہا: افعال کا حسن قبح عقلی نہیں ہے کیونکہ اگر حسن قبح عقلی ہوگا تو پھر عقاب بعثت سے پہلے جائز ہوگا کیونکہ جو قبح حسن تو ہے عقلی۔ جس چیز کو عقل ادراک کرے گی کہ یہ قبیح ہے تو پھر اس کا ترک واجب ہوگا یا الفعل حرام ہوگا تو عقلی تو پھر وہ عقل سے مکلف ہو جائے گا۔ اور حسن کو عقل ادراک کرے کہ حسین ہے اس کا فعل واجب ہو جائے گا ترک منع ہوگا۔ اگر قبیح کا عقل ادراک کرے تو عقل اس کی حرمت کا حکم کرے گی تو ارتکاب کرنے والے کو عقاب بھی جائز ہوتا جائز بھی ہو بعثت سے پہلے حالانکہ جواز عقاب بعثت سے پہلے منتفی ہے یہ تالی منتفی ہے مقدم بھی منتفی ہوگیا کہ حسن قبح عقلی ہو۔ تو حسن قبح عقلی نہیں ہے۔ جواز عقاب قرآن کے خلاف ہے۔ رفع تالی پر دلیل دیتے ہیں جواز عقاب قبل البعثۃ منتفی ہے کیونکہ یہ قرآن کے خلاف ہے۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے وماکنا معذبین حتی نبعث رسولا۔ ہم عذاب نہیں دیتے یہاں تک کہ ہم ان کی طرف اپنے رسول بھیجتے ہیں۔

طبور ترجمہ اور کہا: پانچویں بار اگر ہو اسی طرح البتہ جائز ہوگا عقاب پہلے بعثت کے اور وہ یعنی جواز عقاب منتفی ہے بہ سبب قول اللہ تعالیٰ کے وماکنا معذبین حتی نبعث رسولا۔

فان معناہ لیس من شاننا: اب کسی نے جواب دیا ان کی طرف سے جو عقلی مانتے ہیں۔ کہا: حسن قبح عقلی ہے اور عقاب قبل البعثت جائز ہے۔ اور قرآن مجید کے خلاف بھی نہیں ہے کیونکہ قرآن مجید میں ہے وماکنا معذبین حتی نبعث رسولا۔ ہم عذاب نہیں دیتے حتیٰ کہ رسول بھیجتے ہیں۔ قرآن مجید میں عدم وقوع عذاب ہے اور جواز عذاب اور عدم وقوع عذاب جمع ہو سکتے ہیں۔ عقاب جائز تھا لیکن واقع نہیں ہوا۔ تو قرآن مجید میں نفی وقوع کی ہے جواز عقاب اور وقوع کی نفی جمع ہو سکتے ہیں۔ جواز کی تو نفی نہیں ہے اس سے آیت کا معنیٰ کرتا ہے ہماری شان سے نہیں ہے کہ ان کو عذاب کریں۔

ولا یجوز ذلک: سے اس کا جواب دیا کہ قرآن مجید میں جواز کی نفی ہے

ہمیں جائز ہی نہیں ہے۔ تم نے دلیل لجاز العقاب سے دی اور قرآن میں بھی جواز کی نفی ہے۔ تو تمہاری تالی قرآن کے خلاف ہے۔

ترجمہ: نہیں کیونکہ معفارش کا یہ کہ ہماری شان سے نہیں ہے اور نہیں جائز ہم سے ہے۔

عقاب اور عقل الٹی تام نہیں تھی۔

اقول الجواز نظرا الی العقل الخ ماقبل ان کی دلیل بن گئی اب اقول سے اس کا جواب دیتا ہے۔ ان کی دلیل لجاز العقاب یہ منتفی ہے کیونکہ قرآن کے خلاف ہے تو مقدم بھی منتفی ہو جائے گا تو دلیل بن گئی۔ اب اس کا جواب دیتا ہے۔ دلیل عقلی سے پتا چلتا ہے کہ بعثت سے عذاب جائز ہو۔ اور قرآن مجید میں عدم جواز پتا چلتا ہے: ان میں تنافی نہیں ہے جمع ہو سکتے ہیں۔ وہ ایسے! جو جواز عقاب ہے وہ فعل کی نظروں ہے کہ اس نے فعل قبیح کا ارتکاب کیا۔ عقل بھی اس کو کہہ رہی تھی کہ قبیح ہے باوجود اس کے اس نے ارتکاب کیا۔ اور قرآن مجید میں جو جائز نہیں ہے وہ حکمت کی نظروں ہے۔ جہتیں بدل گئیں۔ اللہ تعالیٰ حکیم ہے اس کی حکمت کی نظروں دیکھیں کہ ان کی طرف ہم نے رسول نہ بھیجیں ہوں بعض تو ہم پھر عذاب دیں۔ تو یہ حکمت کی نظروں جائز نہیں ہے۔ تو ایک شئی جائز بھی ہے اور جائز نہیں بھی لیکن جہتیں مختلف ہو گئیں۔ بندے کو عقاب جائز ہے اس کے فعل کی نظروں اور نہیں جائز اللہ تعالیٰ کی حکمت کی نظروں۔ یہ جمع ہو سکتا ہے

عقاب اس جہت سے جائز ہے

ترجمہ: کہتا ہوں میں کہ جواز واسطے نظر کرنے کے طرف فعل کے نہیں منافی عدم جواز کو واسطے نظر کرنے کے طرف حکمت کے۔

وکیف یجوز الخ اب تائید پیش کرتا ہے کہ فعل کی نظروں جواز ہے لیکن حکمت کی نظروں جائز نہیں ہے اس پر تائید پیش کرتا ہے کہ حکمت کی طرف نظر کریں کس طرح جائز نہیں ہوگا کیونکہ اس وقت جب وہ مر جائیں گے۔ اور ان تک بعثت اور رسالت نہیں پہنچی تو قیامت کے دن عذاب ہوگا۔ کہ عذاب جائز ہو جیسا کہ دلیل عقلی کہہ رہی ہے۔ ہم نے کہا حکمت کی نظروں تو جائز نہیں ہے اس طرح کہ جب قیامت کے دن عذاب ہوگا تو دوسرے بھی ہوں گے۔ تو وہ دوسروں کو کہیں گے کہ ہمارے ساتھ عدل نہیں ہوا۔ ہماری عقل ناقص تھی۔ ہم تک.

رسول نہیں پہنچے تھے۔ لیکن ہمیں عذاب ہو رہا ہے۔ عذر پیش کریں گے۔ اللہ تعالی کی حکمت یہ ہے کہ مجرم کو جب عذاب ہو تو کوئی عذر پیش نہ کر سکے۔ بلکہ وہ اپنے آپ کو کہے کہ تو مجرم ہے۔ لہذا میرا کوئی عذر ہی نہیں کہ میں رب کے سامنے ظاہر کروں۔

ترجمہ۔ اور کس طرح جائز ہوگا حال یہ ہے کہ اس وقت تحقیق ہوگا واسطے ان کے عذر ساتھ نقصان عقل کے اور پوشیدہ ہونے مسلک کے راستے کے (ہمارے لیے راستہ پوشیدہ تھا)۔

قبر میں جب جائیں گے ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم خود جلوہ گری فرماتے ہیں۔ جب سوال کیا جاتا ہے ما تقول فی حق ھذا الرجل۔ کئی کہتے ہیں کہ فرشتہ ہے قبر میں۔ حضور نہیں ہیں۔ فرشتہ ہے لیکن اس کے اوپر شکل حضور کی چڑھی ہوئی ہے۔ مثلاً جب اس کے اوپر حضور کی شکل چڑھی ہوئی ہے پھر جب کہا جائے گا ما تقول فی حق ھذا الرجل تو وہ کہے گا لا ادری۔ ھاھا لا ادری۔ عذاب ہوگا۔ تو وہ عذر پیش کرے گا لوگوں کو کہے گا حضور خود ہوتے تو میں جواب دے سکتا۔ یہ تو اندر سے کوئی اور تھا اور اوپر آپ کی شکل میں رل مل گیا تھا۔ میرے اوپر معاملہ پوشیدہ ہو گیا۔ کہے گا یا نہیں؟

اگر خود حضور ہوں۔ اور حکمت کا تقاضا یہی ہے کہ وہ عذر پیش نہ کر سکے۔ اتمام حجت یہی ہے کہ حضور خود ہوں اور مومن جواب دے سکے۔ یا نہ دے سکے منافق کافر۔ پھر وہ عذاب میں گرفتار ہو تو پھر قطعاً نہیں کہہ سکتا کہ میرے ساتھ انصاف نہیں ہوا۔ اور میرے اوپر معاملہ رل مل گیا اور اگر آپ ہوتے تو میں جواب دیتا لیکن آپ تو نہیں تھے۔ میرے اوپر معاملہ ملتبس ہوگیا کیونکہ اندر سے کوئی اور ہو اور اوپر سے کوئی اور ہو تو التباس پڑ جاتا ہے تو معلوم ہوا اس دلیل سے جو مسلم الثبوت کے اندر ہے عقاب جائز نہیں ہے بعثت سے پہلے۔ بعثت کے بعد جب اس تک تبلیغ دین پہنچی پھر حرام کا ارتکاب کیا۔ عقاب جائز ہے لیکن اس سے پہلے جائز نہیں ہے کیونکہ قد کان لہم العذر حکمت یہی ہے حکمت کہتی ہے کہ عقاب بعثت سے پہلے جائز نہ ہو۔ ان حکمت

کو بیان کیا کہ حکمت کیا ہے۔ حکمت کہتی ہے کہ لعنت سے پہلے عقاب جائز نہیں ہے
اگرچہ ساری زندگی حرام کھاتا رہا پھر مر گیا۔ عقل کہتی ہے کہ قبیح شئ ہے لیکن شریعت
نہیں پہنچی تھی ارتکاب کرتا رہا اور مر گیا۔ اللہ تعالیٰ کی حکمت العلیہ کا تقاضا
ہے کہ اس کو عذاب نہ ہو۔ اب مسلم الثبوت والا کہتا ہے کہ حکمت کیا ہے
اس وقت لوگ عذر کریں گے اللہ تعالیٰ کی حکمت ہے اتمام حجت تاکہ کوئی کسی قسم
کی عذر خواہی نہ کر سکیں۔ اللہ تعالیٰ کو علم ہے اس پر کوئی شئی مخفی نہیں تھی
باوجود اس کے اللہ تعالیٰ نے فرشتے مقرر کیے۔ وہ شاہد ہوں گے قیامت
کے دن اللہ تعالیٰ اپنے علم سے فیصلہ نہیں فرمائے گا بلکہ شہادت آئے گی
فرشتے گواہی دیں گے اگر منکرین انکار کریں گے اور فرشتوں کی بھی کذب
کی نسبت کریں گے۔ انکار کریں گے ہم نے یہ گناہ نہیں کیے جب عذاب کو
دیکھیں گے مجرم انکار کریں گے پھر اللہ رب العزت کی طرف سے ان کی زبانوں
پر مہر آئے گی الیوم نختم علی افواھھم وتکلمنا ایدیھم وتشھد ارجلھم الآیۃ
تو ہاتھ پاؤں گواہی دیں گے وہ کہیں گے تم ہمارے ساتھ تھے اب ہمارے
خلاف بول رہے ہو وہ کہیں گے انطقنا اللہ الذی انطق کل شئ۔ یہ
جو نطق ہو رہا ہے پھر کوئی کمی رہ جائے گی کہ اب بھی کوئی عذر کر سکے۔ اللہ تعالیٰ
کے فرشتے گواہی دیں گے دفتر کھے ہوئے ہوں گے۔ شہادت آ گئی ہے ہاتھ
پاؤں بھی گواہی دیں گے اب جو گواہی دیں گے اب کوئی بات کر سکے گا
یہ جو اتنا اہتمام ہے بالکل واضح مجرم ہو گا۔ وہ تو اللہ تعالیٰ کے نزدیک ہے
لیکن حضور علیٰ اور خود اس کے سامنے ظاہر ہو جائے تاکہ عذر پیش نہ کر سکے۔
اب منکر نکیر پوچھیں گے ما تقول فی حق ھذا الرجل۔ یہ حکمت کا تقاضا ہے کہ
حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خود ہوں۔ آ گئے۔ کیونکہ اگر حضور خود نہ ہوں
مثلاً کوئی شئی نہیں ہے جیسے دیوبندی کہتے ہیں کہ ذہن میں ایک صورت
ہے تو جب منکر نکیر کو دیکھے گا تو ذہن پھر جائے گا اب وہ کہے کہ میں
نہیں جانتا کہ عذاب ہو۔ وہ کہے گا میں مجھ سے پوچھا گیا، کوئی ایسی
نہیں تھی۔ کوئی شئی ہوتی میں کہتا۔ حکمت کا تقاضا یہی ہے کہ حضور

کو بیان کیا کہ حکمت کیا ہے۔ حکمت کہتی ہے کہ بعثت سے پہلے عذاب جائز نہیں ہے
اگرچہ ساری زندگی حرام کماتا رہا پھر مر گیا۔ عقل کہتی ہے کہ قبیح شی ہے لیکن شریعت
نہیں پہنچی تھی ارتکاب کرتا رہا اور مر گیا۔ اللہ تعالیٰ کی حکمت العلیہ کا تقاضا
ہے کہ اس کو عذاب نہ ہو۔ اب مسلم الثبوت والا کہتا ہے کہ حکمت کیا ہے
اس وقت لوگ عذر کریں گے اللہ تعالیٰ کی حکمت ہے اتمام حجت تاکہ کوئی کسی قسم
کا عذر خواہی نہ کر سکیں۔ اللہ تعالیٰ کو علم ہے اس پر کوئی شی مخفی نہیں تھی
باوجود اس کے اللہ تعالیٰ نے فرشتے مقرر کیے۔ وہ شاہد ہوں گے قیامت
کے دن اللہ تعالیٰ اپنے علم سے فیصلہ نہیں فرمائے گا بلکہ شہادت آئے گی
فرشتے گواہی دیں گے اگر منکرین انکار کریں گے اور فرشتوں کی بھی کذب
کی نسبت کریں گے۔ انکار کریں گے ہم نے گناہ نہیں کیے جب عذاب کو
دیکھیں گے مجرم انکار کریں گے پھر اللہ رب العزت کی طرف سے ان کی زبانوں
پر مہر آئے گی الیوم نختم علی افواھھم وتکلمنا ایدیھم وتشھد ارجلھم الآیۃ
تو ہاتھ پاؤں گواہی دیں گے وہ کہیں گے تم ہمارے ساتھ تھے اب ہمارے
خلاف بول رہے ہو وہ نہیں کہیں گے انطقنا اللہ الذی انطق کل شی۔ یہ
جو نطق ہو رہا ہے پھر کوئی کمی رہ جائے گی کہ اب بھی کوئی عذر کر سکے۔ اللہ تعالیٰ
کے فرشتے گواہی دیں گے دفتر لکھے ہوئے ہوں گے۔ شہادت آئے گی ہاتھ
پاؤں بھی گواہی دیں گے اب جو گواہی دیں گے اب کوئی بات کر سکے گا
یہ جو دنیا اہتمام ہے بالکل واضح مجرم ہو گا۔ وہ تو اللہ تعالیٰ کے نزدیک ہے
لیکن جو مشاہدہ اور خود اس کے سامنے ظاہر ہو جائے تاکہ عذر پیش نہ کر سکے۔
اب منکر نکیر پوچھیں گے ماتقول فی حق ھذا الرجل۔ یہ حکمت کا تقاضا ہے کہ
حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خود ہوں۔ آؤ۔ کیونکہ اگر حضور خود نہ ہوں
مثلاً کوئی شی نہیں ہے جیسے دیوبندی کہتے ہیں کہ ذہن میں ایک صورت
ہے تو جب منکر نکیر کو دیکھے گا تو ذہن پھر جائے گا اب وہ کہے کہ میں
نہیں جانتا تو عذاب ہو۔ وہ کہے گا میں مجھ سے پوچھا گیا، کوئی شی
نہیں تھی۔ کوئی شی ہوتی تو میں کہتا۔ حکمت کا تقاضا یہی ہے کہ حضور

خود ہوں۔ اشعریہ کی دلیل کا جو جواب آرہا ہے انہوں نے حکمت سے دلیل پکڑی۔ ہم
نے یہاں یہ سمجھا ہے کہ حکمت کیا ہے حکمت ہے قد کان لھم العذر بنقصان العقل
وخفاء المسلک۔ کوئی شبہ تصور ایسا بھی نہیں ہونا چاہیے تاکہ اللہ تعالیٰ
کی حجت تمام ہو جائے۔ حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب کی کسی مولوی کے ساتھ
رسی قبر والا مسئلہ میں بات ہوئی تو آپ نے فرمایا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم
خود ہوتے ہیں یہ اتمام حجت ہو رہا ہے آپ نے یہ لفظ بولے۔ کہ اتمام
حجت ہو رہا ہے

ترجمہ: اور اس وقت تحقیق ہوگا واسطے انکے عذر ساتھ نقصان عقل کے
اور خفاء مسلک کے (وھذا الخ یہ تائید پیش کر رہے ہیں کتنا عمدہ کیا ہے اس کو ورنہ
اتنا فصیح بلیغ ہے کہ ایک لفظ للمکلفا ہے) یہ عمدہ لوگ تھے۔ اور واسطے اسی
کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے اور جب اللہ تعالیٰ کے رسول ان کے پاس آئے تو کوئی
اللہ تعالیٰ سے عذر خواہی نہیں کر سکے گا اللہ پاک نے بھی یہی چاہا ہے کہ کوئی
عذر خواہی نہ کر سکے۔ جو حقیقت ہے وہی ان کے سامنے ہو۔

مسلم الثبوت ص۲۰ سبق ۱۔

والیضاً الملازمة ممنوعة الخ: پانچویں دلیل کا ایک جواب آگیا۔ دلیل یہ تھی کہ
اگر معلوم کا حسن قبح ذاتی عقلی ہو تو پھر بعثت سے پہلے عقاب جائز ہوگا حالانکہ
بعثت سے پہلے عقاب قرآن مجید کی اس آیت مبارکہ کے خلاف ہے۔ جب تالی منتفی
ہوگی تو مقدم بھی منتفی ہوگا کہ حسن قبح عقلی ہو لہذا عقلی نہیں ہے۔ اس دلیل کا جواب
آیا ہے: ایک تو یہ کہ حسن قبح عقلی ہو تو عقاب جائز ہوگا اور قرآن مجید سے وقوع
کی نفی ہے۔ عقاب جائز ہوتے واقع نہ ہو۔ تو عدم وقوع مستلزم انتفاء جواز کا نہیں ہے
قرآن مجید میں ہے وما کنا معذبین حتی نبعث رسولا۔ جواب میں کہا کہ آیت
میں جواز منتفی نہیں ہے وقوع منتفی ہے وقوع کے انتفاء سے جواز کا انتفاء
لازم نہیں ہے۔ عقاب جائز تھا لیکن واقع نہیں ہے۔ تو پھر اس نے کہا
قرآن مجید کی آیت سے جواز کی نفی ہے: ولا یجوز منا ذلک۔ اس کا
اقول سے جواب دیا تھا۔ یعنی جواز اور عدم جواز اکٹھے ہو سکتے ہیں جواز ہے

فعل کی نوعوں سے عدم جواز ہے حکمت کی نوعوں لہٰذا ان میں کوئی منافات نہیں ہے۔ تو ایک جواب آگیا یعنی اوّل ہے۔ اب دوسرا جواب دیتا ہے کہ ملازمہ ممنوع ہے۔ ملازمہ کیا ہے؟ لو کان لذٰلک لجاز العقاب۔ اگر حسن قبح عقلی ہو تو بعثت سے پہلے عقاب جائز ہوگا۔ ہم ملازمہ نہیں مانتے۔ دلیل تو تمہاری تب بنے گی جب ان میں ملازمہ ہو۔ ہم ملازمہ تسلیم نہیں کرتے کیوں کہ ہم نے کہا حسن قبح فعلوں کا عقلی ذاتی ہے۔ اس کا معنی یہ ہے کہ عقل ادراک کرتا ہے کہ یہ فعل حسین ہے۔ یہ نہیں ہے کہ حکم بھی کرتا ہے۔ عقل قبح کو ادراک کرتی ہے یہ نہیں کہ حکم بھی لگاتی ہے اور جرم ہے۔ تو جواز عقاب یہ فرع ہے حکم کی۔ اور حکم ہمارے نزدیک عقل نہیں کرتی ہے بلکہ حکم شرع سے ہے۔ اور شرع سے پہلے حکم ہی نہیں ہے۔ جب حکم ہی نہیں ہے تو اس نے افعال کیے۔ جواز عقاب حکم کی فرع تھا۔ حکم تو شرع سے ہے جب شرع سے پہلے ہے تو پھر جواز عقاب بھی نہیں ہے یعنی یہ مسلم الثبوت ہے۔ آگے تو اس مثل کہ پیرے سنان کی طرح مرگ میں اور گوزنے کی طرح یعنی مادہ۔ تو اس طرح مثل پھر اسی طرح کرو تب جا کر تو سمجھ پاؤ گے عہ۔ میں یہ کہتا ہوں کہ لوگوں کو منہ دیکھو۔ کس کو دیکھو! علم کو دیکھو۔ اگر علم آجائے تو دل پر زور مارے۔ پھر جو تمہیں لگے کرو۔ بس تھوڑا سا آگے کرتے حمد اللہ بس کرتے ہیں میرا اپنا دل اس طرح کہتا ہے بس اب حدیث کی کتاب شروع کرتے ہیں۔ ان کو کچھ پتا تو لگے۔ بچوں کو۔ بچوں کو پتا چلے کہ حالات کیا ہیں؟ واقعات کیا ہیں۔ دین کیا ہے؟ رسول اللہ کا فرمان کیا ہے؟ اسلام کیا ہے؟ بس لوگ سب اپنی مفاد اٹھاتے ہیں۔ لوگوں کو بھڑکاتے ہیں فرقے بازی کرتے ہیں۔ ایک بندے نے مجھے کہا کہ سمیع الحق نے تقریر کی تو بڑی تقریر کی۔ دوسرے دن کسی نے مجھے سنائی۔ لوگ فرقہ بندی کی طرف جا رہے ہیں۔ کوئی کہتا ہے ہم دیوبندی ہیں کوئی کہتا ہے ہم بریلوی ہیں، کوئی کہتا ہے کہ ہم فقہ جعفریہ والے ہیں اور کوئی کچھ کہتا ہے۔ اس لیے تمہاری قدر نہیں ہے۔ تم کہو کہ ہم مسلمان ہیں دین والے مسلک کے تابع ہیں۔ فرقے کے ساتھ منسوب ہو کر لوگ اپنی شوکت کو گھٹا رہے ہیں۔ سمیع الحق نے بھی فرقے کی بات کی۔ میں سمجھا کہ یہ فرقہ وارانہ ہے

عہ اس طرح یعنی ... [illegible] ۱۲

دلیل سے بات کرو نہ جذبہ ہوجاتا ہے تو نہ کچھ... تاکہ لوگوں کو دین پہنچے۔

ملازمہ ممنوع ہے۔

ترجمہ: اور ہمیں ملازمہ ممنوع ہے کیونکہ یہ جوازِ عقاب فرع ہے حکم کی اور ہم نہیں کہتے ساتھ اس کے۔ کہ عقل حاکم بھی ہے بعثت سے پہلے۔ ہم کہتے ہیں کہ ادراک کرتی ہے تو یہاں سے دوسرا جواب آ گیا۔

وانما ینتھض علی المعتزلۃ۔ اب کہتا ہے کہ اشعریہ کی یہ دلیل معتزلہ پر قائم ہوگی کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ عقل حسن قبح کا ادراک بھی کرتی ہے اور حکم بھی لگاتی ہے۔ اب یہ اعتراض ان پر ہوگا۔ اب جاؤ ان پر اعتراض کرو۔ وہ جواب دیں یا نہ دیں۔

ترجمہ: اور جزی نیت کہ قائم ہوگی دلیل اوپر معتزلہ کے۔

مخصصوا لعذاب الدنیا بدلالۃ السیاق الخ۔ کتاب الفتن بخاری شریف کا شروع کریں گے۔ اور بعد میں پھر ابتدا سے پڑھیں گے۔ کتاب الفتن شروع کریں گے تاکہ تم پتا چلے کہ ہم کن حالات سے گزر رہے ہیں۔ صحاح کے جتنے کتاب الفتن میں حضور کے ایک صحابی کہتے ہیں کہ دوسرے صحابہ خیر سے پوچھتے تھے میں شر سے پوچھتا تھا بچنے کے لیے تو۔ بس اپنی بخاری شریف خرید کرو بس اب شروع کریں گے۔ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے۔ کیونکہ فتنے بہت زیادہ پڑ گئے ہیں۔ بخاری شریف شروع کریں گے تاکہ اللہ تعالیٰ رحمت فرمائے۔ ساتھ یہ نیت بھی ہوگی۔ اللہ تعالیٰ امن عطا فرمائے۔ مسلمانوں میں اتفاق عطا فرمائے۔ یہ بھی نیت ہوسکتی۔ تو استحکام عطا فرمائے۔ ساری نیتیں ہو گئیں۔

اب معتزلہ نے اس اعتراض کا کیا جواب دیا۔ معتزلہ نے کئی جواب دیے پہلا جواب یہ دیا کہ ہم نے جو کہا کہ عقاب جائز ہے۔ یہ آخرت کا عقاب نہیں ہے۔ دنیا کا عقاب ہے۔ یہ معنی ہے۔ اگر حسن قبح عقلی ہو تو پھر عقاب جائز ہوگا۔ انہوں نے اعتراض کیا ملازمہ ممنوع ہے۔ جوازِ عقاب فرع حکم کا ہے اور حکم تو بعثت سے پہلے نہیں آیا۔ بعثت کے بعد حکم ہے۔ انہوں نے کہا ملازمہ ہے۔ کیونکہ یہ عذاب دنیا ہے۔ یہ جو ہے وما کنا معذبین حتی نبعث رسولا۔ ہماری شان سے یہ نہیں ہے ہم عذاب دیں لوگوں کو حتیٰ کہ ہم رسول بھیجیں

ہونی چاہیے۔ وہ کہیں گے کہ تمہارے پاس معجزات ہے تم نظر کرو۔ تو جواب میں وہ کہیں گے کہ ہم نظر نہیں کرتے جب تک ہمارے اوپر نظر واجب نہ ہو۔ جو چیز واجب نہ ہو اس کا انکار تو کر سکتے ہیں۔ وہ کہیں گے ہم نظر نہیں کرتے جب تک ہمارے اوپر نظر واجب نہ ہو۔ اتنے تک واجب ہی نہیں ہوگی جتنے تک وہ کہیں گے ہم نظر نہ کریں تو اس طرح وہ رسولوں کو خاموش کرا دیں گے۔ کیونکہ حکم آتا ہے شرع سے۔ اور شرع ابھی آئی نہیں۔ رسول آئے تو وہ کرے گا دعویٰ۔ تو دلیل وہ کہیں گے ہمارے پاس معجزات ہیں نظر کرو۔ اور کہیں گے نظر کا۔ ابھی تک شرع ثابت نہیں ہوئی وہ کہیں گے کہ ہم نظر نہیں کرتے۔ جب تک ہمارے اوپر نظر واجب نہ ہو۔ اور نظر واجب ہوتی ہے شرع سے۔ شرع تو ابھی آئی نہیں۔ یعنی: اثبات شریعت و رسالت موقوف ہے نظر فی المعجزات پر اور نظر فی المعجزات موقوف ہے اثبات شریعت پر تو اثبات رسالت نظر فی المعجزات کے واسطے سے اثبات رسالت پر موقوف ہو گیا دور سے چپ کرا دیں گے۔ دور لازم آتا ہے۔ یہ اسکات تو باطل ہے یہ بھی باطل ہوا اگر حکم شرعی ہو بلکہ حکم عقلی ہے۔ لہذا کیونکہ جب رسول آئے گا معجزات کے ساتھ تو عقل کہے گی کہ نظر واجب ہے تو اب اسکات نہیں ہے نظر کا وجوب عقلی دلیل سے آیا۔

ترجمہ: کیا انہوں نے پہلی باری اگر ہو حکم شرعی لازم آئے گا اسکات رسل کا وقت حکم کرنے ان کے ساتھ نظر کے بیچ معجزات کے پس کہے گا مکلف نہیں نظر کروں گا میں جب تک نہ واجب ہو اور نہیں واجب نظر جب تک نظر نہ کروں میں۔ نظر تو تب کرے گا جب اس پر نظر واجب ہو۔ جتنے تک نظر واجب نہ ہو وہ انکار کر سکتا ہے واجب جو نہیں ہے۔

والالزام علینا اذ: اب انہوں نے جواب دیا اشعریہ نے کہا کہ یہ الزام ہمیں نہ دیا جائے۔ کیونکہ نظر فی المعجزات واجب ہے تو قطعیا یا فطرتیا ہے۔ وہ قطعیا یا ہوتا ہیں قیاسات ان کے ساتھ ہوتے ہیں جیسے الاربعۃ زوج لانہ منقسم۔ رسول حکم کرے گا نظر کرو معجزات میں۔ اب مکلف یہ نہیں کہہ سکتا ہے کہ میں نظر نہیں کروں گا جب تک کہ نظر واجب نہ ہو۔ کیونکہ

وجوب نظر۔ نظر پر موقوف نہیں ہے بلکہ وجوب نظر بدیہی ہے۔ بداہۃ سے
آئے گی۔ عقل کی بداہت سے آئے گی کہ وہ دیکھے۔ لہذا رسول آئے تو
معجزات ساتھ لائے گا تو کہیں گا کہ نظر کر۔ تو وہ نظر کرے گا انکار نہیں کرے گا
کیونکہ جب رسول آئے گا معجزات ساتھ ہوں گے۔ بداہۃ قضایا فطریہ سے
اس پر نظر واجب ہو جائے گی۔ جب رسول آئے گا تو معجزات ساتھ ہوں گے تو بس
بداہۃ نظر واجب ہو جائے گی۔ اب اس کے اختیار میں ہی نہیں ہے کہ نظر نہ کرے
یعنی نظر کرنا بدیہی ہے۔ جب معجزہ سامنے پیدا ہوگا تو نظر کرنا قضایا فطریہ
سے ہوگا۔ ان کے اختیار میں نہیں رہے گا کہ نظر نہ کرے۔ یہ تو کہہ رہا ہے
لا النزامام یجب الخ۔ بجھیرا جب اللہ تعالیٰ کا نبی آئے گا تو ساتھ معجزہ ہوگا تو پھر
بس سے باہر ہوگا کہ تو نظر نہ کرے۔ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عصا مبارک ڈالا
تو اژدھا بن گیا تو اس کو کیونکہ نظر نہ کرے۔ اژدھا کھا جائے گا پھر ضرور نظر کرے
گا۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے جو چاند دو ٹکڑے ہوا۔ ان کو کیونکہ نظر نہ کرو
بداہۃ۔ یوں ہی رسول آئے معجزہ ساتھ ہوگا رسالت ثابت ہو جائے گی وہ
دیکھے گا نظر کر نظر واجب ہو جائے گی۔

ترجمہ: کیا انہوں نے نہ الزام دیا جائے اوپر ہمارے کیونکہ وجوب نظر نزدیک
ہمارے قضایا فطریۃ القیاس سے ہے۔ یعنی بدیہی ہے۔ فطریات ہیں جیسے
وجدانیات ہوتے ہیں۔ تو خواہ مخواہ نظر واجب ہو جائے گی۔

وفیہ ما فیہ۔ اعتراض کرتا ہے یعنی ایک اعتراض ہے جو اس کے اندر ہے۔ کہ وجوب
نظر موقوف ہے افادہ علم پر کہ نظر افادۂ علم کرتی ہے۔ جبکہ افادۂ علم میں
اختلاف ہے۔ یعنی جب وجوب نظر افادہ علم پر موقوف ہے کہ نظر علم کا افادہ دے
تو پھر واجب ہوگی۔ کوئی کہتا ہے نظر افادہ نہیں کرتی اور کوئی کہتے ہیں کہ نظر افادہ
دیتی ہے۔ جس میں اختلاف ہو وہ بدیہی کیسے ہو سکتی ہے۔

ترجمہ: اور بیچ اس کے وہ شی ہے جو بیچ اس کے ہے۔

مسلم الثبوت ص ٢٥ سبق ۳

والجواب انا لانسلم الخ: معتزلہ کی پہلی دلیل چلی آتی۔ جو دلیل انہوں نے چلائی تھی اس پر
اعتراض ہوگیا۔ ماقبل دلیل آئی کہ اگر حسن قبح عقلی ذاتی نہ ہو بلکہ شرعی ہو تو رسل کا
افحام لازم آئے گا۔ اللہ تعالیٰ کے نبی جب آئیں گے لوگ ان کو خاموش کروا دیں گے
اس کا ایک جواب آیا کہ وجوب نظر نظر پر موقوف نہیں ہے بلکہ قضایا فطریہ سے ہے
یعنی وہ قضایا جن کی دلیلیں ان کے ساتھ ہیں قضایا معھا قیاساتھا۔ وفیہ ما فیہ وجوب نظر
موقوف ہے نظر پر اور اس میں بہت اختلاف ہے کہ نظر افادہ علم دیتی ہے کہ نہیں
اس میں اتنا اختلاف ہو عہ وہ بدیہی نہیں ہو سکتی۔ قضایا فطریہ سے ہو وجوب کیسے آئے
گا فیہ ما فیہ اس کو رد کیا۔ قالوا ولا یلزم علینا سے یہی ان کی دلیل کا جواب دے رہے
تھے تو جب جواب اعتراض ہوگیا تو ان کی دلیل سالم رہ گئی۔ والجواب انا لانسلم الخ سے
اس کا جواب دیتا ہے کہ ہم یہ تسلیم نہیں کرتے کہ وجوب نظر پر موقوف ہے بلکہ وجوب
شرع پر موقوف ہے۔ مکلف نظر کرے یا نہ کرے۔ جب رسول آئے گا تو امر کرے
گا تو نظر امر سے بھی پہلے واجب ہو چکی ہے وہ کہے گا کہ نظر کر۔ یعنی جب رسول آئے گا
تو معجزات بھی ساتھ ہوں گے اب شریعت آگئی تو نظر کرنا اس کے اختیار میں
نہیں رہا۔ تو خواہ مخواہ نظر کرے گا۔ رسول آیا تو معجزہ بھی ساتھ ہے۔ تو وہ نظر کرے
گا۔ یہ کہ نظر اس کے اختیار میں رہ جائے یہ ہم تسلیم نہیں کرتے۔ وجوب نظر نظر
پر موقوف ہو یہ ہم تسلیم نہیں کرتے کیونکہ وہ شرع پر ہے کیونکہ جب رسول
آیا مؤید للمعجزہ ہے بس وہ خواہ مخواہ نظر کرے گا۔ اس کے اختیار میں بھی نہیں
رہا۔ یہ معنی ہے۔ اب اس پر سوال ہوا۔ کہ جب وجوب نظر شرع پر موقوف ہے
ابھی تک تو اس نے نظر ہی نہیں کی۔ تو اس کے لیے انظر رسول کا حکم کیسے واجب ہوگا
یہ تو اس طرح ہو جائے گا جیسے کوئی نائم کو یا غافل کو کہے۔ غافل کی تکلیف ہوگی
نائم اور غافل کی تکلیف تو جائز نہیں ہے۔ اس کو تو ابھی پتا ہی نہیں ہے کہ یہ
اللہ تعالیٰ کا رسول ہے یا نہیں ہے۔ وہ تو تب ہوگا کہ وہ نظر کرے گا پھر
نظر سے رسالت کا اثبات ہوگا تو اب شریعت آئے گی اب انظر سے وجوب
نظر آئے گا۔ تم کہتے ہو نظر کرے یا نہ کرے۔ وجوب نظر پر موقوف ہی نہیں ہے

عہ یعنی جب نظر [illegible] افادہ میں اختلاف [illegible] وجوب نظر [illegible] بدیہی [illegible]

بلکہ شرع کے ساتھ ہے وہ نظر کرے یا نہ کرے۔ پھر تو تکلیف نائم کی اور غافل کی لازم آ جائے
گی یہ باطل ہے۔ یہ بہت علمی کتابیں ہیں آج کل بھی بہت کچھ ہے۔ شرح مواقف
محل ہے مطابق۔ ولیس ذلک من تکلیف الغافل الخ تو اس سوال کا جواب دیا کہ یہ
تکلیف نائم یا غافل کی نہیں ہے جب رسول آئے گا تو اعجاز کرے گا معجزہ تو ساتھ ہے
جوں ہی رسول آئے گا تو معجزہ ساتھ ہے پس رسالت آ جائے گی۔ نظر کی ہو یا نہ کی ہو
رسول کہے گا انظر۔ تو نظر کر۔ وہ خطاب کو سمجھتا ہے نہ نائم کی طرح ہے اور نہ غافل کی طرح۔
کیونکہ خطاب کو سمجھتا ہے اس کی عقل درست ہے۔ اس کی آنکھیں ٹھیک ہیں۔ وہ دیکھ رہا ہے
نائم اور غافل پر کیسے قیاس کر سکتے ہو۔ غافل نائم تو خطاب کو نہیں سمجھتے اور یہ
خطاب کو سمجھتا ہے۔

ترجمہ۔ اور جواب یہ کہ بے شک ہم نہیں تسلیم کرتے ہیں کہ بے شک وجوب یعنی وجوب
نظر موقوف ہے اوپر نظر کے وہ جو کہا تھا لا انظر مالم یجب ولا یجب مالم انظر۔ واجب ہی نہیں
ہوگی جب تک میں نظر نہ کروں تو کہتا ہے کہ وجوب نظر نظر پر موقوف ہو ہم یہ تسلیم
نہیں کرتے یہ خواہ مخواہ نظر کرے گا۔ اس نے نظر کرنا ہو وجوب نظر موقوف نہیں ہے
وہ نظر کرے یا نہ کرے وجوب نظر آئے گا کیونکہ رسول جب آئے گا اور معجزہ ساتھ
ہے شریعت آ گئی اور وجوب نظر شریعت سے آ گیا۔ اب وہ انکار نہیں کر سکتا کیونکہ
کہ وہ ساتھ شرع کے ہے نظر کرے یا نہ کرے اور نہیں ہے یہ تکلیف غافل سے
کیونکہ وہ فہم کرتا ہے خطاب کا۔

اقول لو قال لا امتثل مالم اعلم وجوب الامتثال الخ: اب ماتن کہتا ہے کہ جو
دلیل معتزلہ نے دی اگر اس دلیل کی تقریر اس طرح کی جائے تو پھر اسکات
لازم آئے گا۔ یعنی محل جواز میں ہوگا۔ وہ اس طرح تقریر کرے جیسا کہ رسول آیا۔ اس نے
دعویٰ کیا کہ میں اللہ کی طرف سے رسول ہوں لوگ کہیں گے بغیر دلیل کے تو ہم نہیں مان سکتے
اور وہ کہے گا کہ نظر کر۔ لوگ کہیں گے لا امتثل۔ رسول کہے گا تو میرے حکم کی اطاعت
کر تو امتثال امر کر۔ وہ جواب میں کہتا ہے لا امتثل۔ میں امتثال نہیں کرتا
جب تک کہ مجھے وجوب امتثال کا علم نہ ہو۔ اس پر وہ منکر سکتا ہے یعنی
جب تک کہ حکم وجوب نہ ہو اتنے تک بندہ اس سے رک سکتا ہے۔ وہ

کہے گا امتثال کر۔ وہ کہے گا میں اتنے تک امتثال نہیں کرتا جتنے تک میں وجوب
امتثال کو نہ جانوں اور وجوب امتثال کا علم نہیں آئے گا جتنے تک میں امتثال نہ
کروں تو اس وقت یہ ہوگا کہ اسکات آئے گا یہ محل بنتا ہے کہ اسکات لازم آئے
یہ ان لوگوں کی باتیں ہیں جو علم والے لوگ تھے، میدان کے مرد تھے۔ آج کل والوں
کو نہ قدر رہی نہ شان رہی ۔ شیخ الحدیث نے کہا تھا کہ رسالت بغیر دعویٰ کے دلائل
اور معجزات کے ثابت نہیں ہوتی۔ اس پر معترضین اعتراض کر رہے تھے۔ یہ دو باتیں
بہت نازک ہیں ایک حضور کی نبوت و رسالت دوسرا ناموس رسالت۔ باقی علماء جو
ہیں وہ کسی لائق ہی نہیں ہیں۔ بس ایک چیز ہے جس کی وجہ سے باطل جتنا مکڑ رہا ہے
دھوکہ دینے والے بھی اسی طرح ہیں۔ بات ناموس رسالت کی ہے اس لیے باقی
بات لوگوں کو سمجھ میں نہیں آتی۔ انہوں نے جب شیخ الحدیث کی اس عبارت کو دیکھا تو
کہا دیکھو اس نے کہا ثابت ہی نہیں ہوتی۔ وہ یہ باتیں کہاں سمجھ سکتے ہیں؟ جن کے
مزاج میں یہ بات نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ کے رسول ان کو اپنے پہلو میں جگہ ہی نہیں
دیں گے۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے رسول تو رحمۃ للعالمین ہیں۔ جو اللہ تعالیٰ کے رسول کے
نائب اور علماء (خلفاء) کو اس طرح کر رہے ہیں۔ کس کی دھوکہ کر رہے ہیں شیخ الحدیث اثبات
رسالت کی بات کر رہا ہے کہ رسالت عند الناس کیسے ثابت ہوتی ہے ایک رسالت
کا ثبوت ہے عند اللہ وہ تو اللہ تعالیٰ کو علم ہے نفس الامر میں ثابت ہیں لیکن
عند الناس ثبوت کس طرح آئے گا۔ دعویٰ آئے گا پھر معجزات آئیں گے پھر لوگوں
پر رسالت کا اثبات حجت تام ہو جائے گی اب ماننا ایمان ہوگا اور انکار
کفر ہوگا۔ اس سے پہلے وہ رسول ہے جو آیا ہے ان کے لیے انکار کفر ہے جتنے تک
اثبات نہیں ہوگا۔ یہ اس وقت ہے جب آیا اس نے کہا انظر: انہوں نے جواب دیں
کیا ہم نظر نہیں کرتے جتنے تک ہمارے اوپر نظر واجب نہ ہو کہ واجب تب
ہوگی کہ ہم امتثال کریں۔ انظر نظر کریں جتنے تک نظر نہ کروں وجوب
نہیں آتا معتزلہ کے نزدیک دلیل ہے۔ تو وہ کہتے ہیں حکم عقلی ہے شرعی
نہیں ہے کہ اگر ہو شرعی تو لوگ رسولوں کو چپ کرا دیں گے۔ لوگوں
کا رسولوں کو چپ کروانا یہ باطل ہے یہ بھی باطل ہوگا کہ وجوب شرعی

یہ اثبات … ہے بلکہ عند اللہ ثبوت ہے

ہے یہ دلیل چلا رہے ہیں۔ اس وقت لگے گا کہ امتثال موقوف ہے وجوب امتثال پر اور وجوب امتثال ہو موقوف ہے امتثال پر۔ امتثال وجوب امتثال کے واسطے سے امتثال پر موقوف ہو گیا یہ دور لازم آگیا اور دور کے طریقے سے وہ اشکالات کریں گے۔ کہتے ہیں اس وقت محل ہے کہ جواز ہے یہ اشکالات لازم آتے ہیں۔ اور وہ جو ماقبل دلیل کا جواب دیا کہ وجوب النظر مجھ نا اکثر اور یا ان الوجوب لا یتوقف علی النظر یعنی اس وقت میں اس نے نظر کو رفع نہیں کیا بلکہ تقریر میں امتثال کا ذکر کیا ہے۔

ترجمہ: انبیاء میں اگر کہے نہیں امتثال کروں گا میں جب تک نہ جانوں میں وجوب امتثال کو اس لیے کہ جائز ہے واسطے اس کے یہ کہ کہے اس شئی سے جو نہیں جانتا واسطے وجوب اس کے اور نہیں جانوں گا میں وجوب کو جب تک میں امتثال نہ کروں البتہ ہوگا محل جواز سے پس لازم آئے گا اشکالات والحق ان ارادۃ المعجزات واجبۃ الخ اب حق جواب دیتا ہے وہ یہ کہ معجزات اللہ تعالیٰ کے نبی کی رسالت کے دلائل ہیں۔ معجزات کا دکھانا ارادۃ یہ اللہ تعالیٰ پر واجب ہے۔ جب اللہ تعالیٰ قوم کی طرف رسول بھیجتا ہے معجزات بھی ساتھ۔ معجزات اس نبی کے دعوی کی دلیل ہوتے ہیں کہ یہ رسول اپنے دعوی میں سچا ہے۔ اللہ تعالیٰ ارادہ فرماتا ہے خرق عادات سے کہ یہ سچا ہے اللہ تعالیٰ معجزات دکھاتا ہے۔ اب اللہ تعالیٰ پر جو واجب ہے یہ۔ یعنی اللہ تعالیٰ پر تو کوئی شئی واجب نہیں ہے فرماتے ہیں کہ یہ وجوب وہ نہیں ہے جو اختیار میں نہ ہو۔ یہ وجوب لطفاً ہے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر مہربانی فرماتا ہے یہ وجوب ہے۔ اس طرح سمجھو کہ ایک باپ کا بیٹا ہے کہ اس نے کوئی غلطی کی ہے تو وہ بیٹے کی امداد کرتا ہے یا غلطی نہیں کی باپ بیٹے کی امداد کرتا ہے۔ کرے گا مدد لازماً وجوباً لیکن ترک بھی جائز ہے لیکن مہربانی ماں باپ کی جیسے اولاد پر ہوتی ہے اس مہربانی کی وجہ سے ترک نہیں کرتا۔ لیکن اختیار ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ پر وجوب ہے مہربانی کے طور پر ہے۔ کہ وہ اپنے بندوں پر مہربان ہے

[illegible] ۔ اگر نظر ضروری تھی تو نہایت کیوں رہ گئے۔ فرعون اور سارے کفار [illegible]۔ جب سانپ ملبند ہو گیا تو کئی میل اوپر چلا گیا۔ پیغمبر کے اوپر سے گزرا

دونوں عمدہ اپنی فرمایا ہے حق کو ظاہر کرتا ہے

اس نے اپنی رحمت اور فضل سے یہ چیز اپنے اوپر رکھی۔ وہ واجب نہیں ہو کر مختلف ہو جاتے تھے اختیار میں نہ ہو۔ ہاں اس میں اختلاف ہے۔ عقلاً یا عادۃً۔ معتزلہ نے کہا عقلاً۔ یعنی عقلاً واجب ہے۔ ہمارے نزدیک عقلاً نہیں ہے عادۃً ہے۔ عقلاً کہتے ہیں یعنی ارادہ نہ کرے یہ اللہ کے اختیار میں نہیں ہے یہ معتزلہ کا مذہب ہے۔ ہمارے نزدیک عادۃً ہے اللہ تعالیٰ کی عادت اسی طرح جاری ہے۔ اللہ تعالیٰ معجزہ نبی کا اپنے پیارے رسول کا دکھاتا ہے، ترک نہیں فرماتا لیکن واجب نہیں ہے۔ عادۃً اس طرح جاری ہے۔

ترجمہ: از روئے عقل کے یا عادت کے اور اللہ تعالیٰ اتمام کرنے والا ہے اپنے نور کا۔ اگرچہ ناپسند سمجھیں کافرین۔ کوئی پسند کرے خواہ نہ کرے اللہ تعالیٰ اپنے نور کو اتمام کرتا ہے، ظاہر کرتا ہے اگرچہ کافر ناپسند بھی سمجھیں نے ارادہ کر لیا ہے۔ نور کے اتمام کا معنی ہے کہ حق کو ظاہر فرماتا ہے۔ رسول کی رسالت کا اظہار فرماتا ہے کہ معجزات کا ارادہ کرتا ہے۔ اگرچہ وہ نہ دیکھنا چاہیے پھر بھی دکھاتا ہے۔ اپنی آنکھیں بند کریں۔ ان کا باپ بھی آنکھیں بند نہیں کر سکتا۔ جونہی اللہ تعالیٰ کا رسول آئے گا ساتھ ہی رسالت آ جائے گی۔ اس رسالت کے ساتھ ہی امتثال واجب ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ کا رسول بھی نور ہے۔ قرآن مجید بھی نور ہے۔ اسلام بھی نور ہے۔

مسلم الثبوت صفحہ ۲۱ سبق ۱

وثانیاً انہ لولاہ الخ: اب دوسری دلیل انہ لولاہ: معتزلہ عقل کو حاکم مانتے ہیں جس چیز کو عقل حسین دیکھے گی تو حکم بھی کرے گی کہ واجب ہے اگر شرع نہ بھی آئے تو بھی واجب ہوگا۔ جس چیز کو عقل ادراک کرے گی قبیح ہے تو عقل حکم بھی کرے گی کہ حرام ہے اگرچہ شرع نہ بھی ہو۔ وہ کہتے ہیں اگر شرع بھی آ جائے تو اس طرح ہے کہ موافقت ہے تائید ہے۔ تو یہ کہتے ہیں حکم عقلی ہے کہ عقل حاکم ہے۔ تو دلیل اس طرح کہ دعویٰ کی نقیض نکال کر اس کو مقدم بنایا۔ اگر حکم عقلی نہ ہو تو پھر اللہ تعالیٰ سے کذب ممتنع نہیں ہوگا۔ کذب باری تعالیٰ تو ممتنع بالذات ہے لہٰذا یہ رفع تالی ہوا کہ مقدم بھی اٹھ گیا کہ افعال کا حسن قبح عقلی نہ ہو یہ بھی اٹھ گیا لہٰذا ثابت ہوا کہ افعال

کا حسن قبح عقلی ہے۔ ملازملہ جب منقول کا حسن قبح عقلی نہیں ہوگا شرعی ہوگا۔ تو شریعت آئے گی تو وہ بیان کرے گی عقل کو تو دخل نہیں ہے۔ نہ ادراک کرے اور نہ حکم لگائے تو شریعت بتلائے گی کہ بکری حلال ہے لہٰذا اس سے منتفع ہو گیدڑ حرام ہے قبیح ہے۔ جب حسن قبح افعال کا عقلی ہے نہیں شرعی ہے ہو سکتا ہے۔ ممکن ہے کہ کذب کو اللہ تعالیٰ نے حسین ٹھہرایا ہو۔ کیونکہ شرعی ہے اور شرعی تو شرع پر موقوف ہوتا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ شرع کذب حسین ہو یوں جوائف بھی ایک مثل ہے۔ حالانکہ کذب ممتنع بالذات ہے۔ یوں کہ کذب نقص ہے۔ جتنے نقائص ہیں اللہ تعالیٰ ان سے بالذات پاک ہے تو یہ لازم آئے گا۔ یہ دلیل اس طرح ہوئی کہ کذب ممتنع ہے۔ معتزلی دلیل دے رہے ہیں اور اشاعرہ پر دلیل قائم کر رہے ہیں۔ اشاعرہ بھی کذب کو ممتنع مانتے ہیں۔ اگر منقول کا حسن قبح عقلی نہ ہو بلکہ شرعی ہو تو پھر کذب واجب تعالیٰ سے ممتنع نہیں ہوگا حالانکہ کذب تو ممتنع بالذات ہے۔ منقول کا حسن قبح عقلی نہ ہو یہ بھی اٹھ گیا۔ منقول کا حسن قبح عقلی ثابت ہو گیا۔

ترجمہ: اور کیا تو نے دوسری بار کہ بے شک حکم اگر نہ ہو وہ نہیں ہوگا ممتنع کذب واجب تعالیٰ سے فلا ممتنع اظہار المعجزات علی ید الکاذب۔ اسی طرح ایک دوسری بات کرتا ہے۔ جب کذب ممتنع نہ ہوا۔ حسن قبح عقلی تو ہے نہیں۔ تو کذب بھی جائز ہوگا تو وہ کاذب کے ہاتھ پر معجزات پیدا کرے یہ بھی ممتنع نہیں ہوگا۔ کیونکہ حسن قبح عقلی تو ہے نہیں۔ ہو سکتا ہے شریعت کے نزدیک کذب حسین ہو۔ تو کاذب کے ہاتھ پر اظہار معجزہ ممتنع نہیں ہوگا۔ کاذب آیا اس نے دعویٰ نبوت کیا تو معجزہ اس کے ہاتھ پر ظاہر کیا۔ اس کی بات مانو کہ یہ جھوٹا۔ پھر تو نبوت کا باب بند ہو جائے گا۔

ترجمہ: پس نہیں ممتنع ہوگا اظہار معجزات کا اوپر ہاتھ کاذب کے پس بند ہو جائے گا باب نبوت کا۔

والجواب انہ نقض وقد مر انہ لا نزاع فیہ۔ اب اس کا جواب دیتے ہیں۔ یعنی تم نے جو دلیل اشاعرہ کے اوپر قائم کی ہے۔ اور یہ بیان کر رہے ہو کہ افعال کا حسن قبح عقلی ہے شرعی نہیں ہے۔ جس معنی میں اختلاف ہے وہ مشہور امور ہے۔ یعنی استحقاق مدح ذم دنیا میں اور آخرت میں ثواب عقاب۔ اختلافی معنی تو یہ ہے۔ یہ معنی تو واجب تعالیٰ میں بن ہی نہیں سکتا کہ واجب تعالیٰ دنیا میں مدح اور آخرت میں ثواب۔ اللہ تعالیٰ ثواب کس کا

مستحق ہوگا۔ یہ دلیل قائم کر رہے ہیں اشاعرہ پر۔ اور اشاعرہ نے کذب کو تیسرے معنی میں داخل نہیں کیا بلکہ پہلے معنی میں داخل کیا۔ اس معنی پر اتفاق ہے۔ معتزلہ، اشاعرہ جاتے ہیں یہ کہ بالکل سب گا۔ اسے جواب دیتے ہیں کہ کذب نقص ہے۔ ایک کتاب ہے شرح عقائد جلالی اس میں انہوں نے دلیل دی ہے لا الکذب۔ اللہ تعالیٰ کاذب نہیں ہے۔ صفات سلبیہ میں اس کا ذکر کیا ہے۔ کذب سے پاک ہے۔ جیسے لا جوہر، لا جسم۔ تو کہتا ہے کہ جواب یہ ہے کہ کذب ۔۔ معتزلہ اور اشاعرہ کا اختلاف تیسرے معنی میں ہے۔ تیسرا معنی تو اللہ تعالیٰ میں بن نہیں سکتا۔ یعنی جب کذب ممتنع نہیں ہے تو ہو سکتا ہے کہ حسن ہو کر دنیا میں کذب پر اللہ تعالیٰ کی مدح اور آخرت میں ثواب۔ یہ ہو سکتا ہے۔ لہاں تو تیسرا معنی بن ہی نہیں سکتا۔ کذب ممتنع بالذات ہے یہ پہلے معنی میں داخل ہے اس میں تو جھگڑا ہی نہیں ہے۔ الکذب نقص و کل نقص فی الباری تعالیٰ محال بالذات، الکذب محال بالذات۔

وقد عرفت انه اذ اس میں تو نزاع ہی نہیں ہے

ترجمہ: اور جواب یہ ہے کہ بے شک کذب نقص ہے اور تحقیق گزر چکا یہ بات کہ نہیں کوئی جھگڑا بیچ اس کے۔

وما فی المواقف ان النقص فی الافعال یرجع الی القبح العقلی الخ۔ ایک مواقف ہے قاضی عضد الدین داملۃ کی۔ یہ متن ہے۔ اس کے اوپر شرح ہے شرح المواقف میر سید شریف کی۔ مواقف کی بات ذکر کر کے رد کرے گا۔ اس نے کہا: کہ نقص کے دو قسم ہیں: ایک نقص فی الصفات دوسرا نقص فی الافعال۔ نقص فی الصفات کا قبح پہلے معنی کے اعتبار سے ہے یعنی صفت نقصان۔ انہوں نے کہا نقص فی الافعال یہ صفت نقصان نہیں ہے۔ اور یہ نقص فی الافعال متنازع فیہ معنی میں ہوگا جو کہ تیسرا ہے اشاعرہ کہیں گے نقص فی الافعال شرعی ہے۔ اور معتزلہ کہیں گے کہ عقلی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ جو تم نے کہا: قبح بمعنی نقص، وہ بے شک عقلی ہے وہ قبح نقص فی الصفات ہے تو جو نقص فی الافعال ہے یہ معنی اشاعرہ کے نزدیک شرعی ہے۔ تو جب وہ اس کا معنی کریں گے تو کہیں گے کہ ہو سکتا ہے کہ اس میں حسن ہو۔ یعنی نقص فی الافعال جو قبح عقلی متنازع ہے اس کی طرف رجوع کرے یہ معتزلہ کہتے ہیں عقلی اور اشاعرہ کہتے ہیں شرعی ہے اور جو قبح عقلی بالاتفاق ہے اس کی طرف رجوع نہیں کرتا۔ تو جھگڑا باقی رہے گا

[Margin notes: یا جو عقلی ہے معتزلہ کے نزدیک بھی اور اشاعرہ کے نزدیک بھی ۱۲ — یعنی صفت نقصان]

اب علامہ کہتا ہے کہ جو مواقف میں آیا یہ ممنوع ہے یعنی جو نقص مطلقاً ہے
خواہ نقص فی الصفات ہو یا نقص فی الافعال ہو یہ محال عقلیہ میں سے ہے یہ اللہ تعالیٰ
میں محال عقلی ہے جتنے محالات عقلیہ ہیں اللہ تعالیٰ کی ذات سے منزہ ہیں ان
سے پاک ہے۔ یعنی نقص فی الصفات کو تو لیتے ہو کہ مستحیل ہے عقلاً۔ اور
یہ نقص یعنی صفات نقصان ہے۔ اور جو نقص فی الافعال ہے۔ وہ بھی نقص
یعنی صفات نقصان ہے کیونکہ یہ وجوب ذاتی کے منافی ہے۔ نقص مطلقاً
وجوب ذاتی کے منافی ہے۔ اللہ تعالیٰ واجب الوجود ہے۔

ترجمہ اور وہ جو بیچ مواقف کے ہے کہ بے شک نقص فی الافعال رجوع کرتا ہے
طرف قبیح عقلی کے پس ممنوع ہے کیونکہ وہ جو منافی ہے وجوب ذاتی کے صفۃً
یا فعلاً کہ یہ استحالات عقلیہ سے ہے۔ جیسے شریک الباری ممتنع ہے یہ بھی استحالہ
عقلیہ ہے تو ولی صاحب یہ محالات عقلیہ سے ہیں ان سے اللہ تعالیٰ ذات منزہ
میں پاک ہے کیونکہ یہ وجوب ذاتی کے منافی ہیں۔ کذب یا جتنے افعال
ہوں قبیح۔ یہ کذب کو فعل بنا رہا ہے۔ کیونکہ بات مقدمات کے اندر چلی ہوئی
ہے وت پھر کذب کو بھی فعل بنایا۔ لیکن ہمارے استاذ صاحب فرماتے تھے کہ کذب
کلام کی صفت بنتا ہے۔ یہ فعل نہیں ہو سکتا۔ صدق کذب اس کا تعلق صفت
کلام سے ہے۔ خیر یہ بات الگ ہے۔ کہ کذب فعل ہے یا صفت کلام ہے۔

محمود الحسن دیوبندی کی ایک کتاب ہے اس کا نام ہے جہد المقل
اس میں اس نے امکان ثابت کرنے کی سعی و کوشش کی ہے۔ بڑی موٹی کتاب
دو جلدیں۔ اس کا نام ہے کتاب کا جواب۔

پہلی بات تو یہ ہے کہ کذب باری تعالیٰ کا صفت نقصان ہے قبیح ہے۔ اور
انہوں نے عجیب باتیں کیں۔ بندہ کذب بول سکے تو اللہ تعالیٰ نہ بول سکتا
تو بندے کی قدرت اللہ تعالیٰ سے زیادہ ہو جائے گی۔ یہ کون بات کرے مندہ قدرت
ثابت ہوگی۔ ہم پوچھتے ہیں کہ بندے کو قدرت دی کس نے ہے۔ جو زیادہ ہو جائے
گی۔ بندے کو قدرت اللہ تعالیٰ نے دی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی ہے کوئی اس کی
مستقل ہے کہ زیادہ ہو رہی ہے۔ یہ اس طرح کہو بہرے سے کہا۔

ہم کہیں گے ساری زندگی علم کی تحصیل کی پھر آگے پڑھایا بھی۔ پتا نہیں کیا پڑھایا

ہم نے تو ان کا زمانہ نہیں پایا۔ بہرحال دارالعلوم دیوبند میں طور مدرس پڑھاتے رہے

ہیں۔ لیکن اتنی بات سمجھ آتی ہے کہ مبلغ علم جو مضمون اس نے باندھا۔ اس پر

زور لگایا تھے کتاب لکھی۔ یہ مَبلَغِ علم اچھا نہیں ہے۔ امکان کذب ثابت

کرتا رہا۔ جہد المقل کے دلائل کا خلاصہ: اس نے تین دلیلیں چلائی ہیں۔ پہلی دلیل

پہلی دی کہ اشاعرہ کے نزدیک حسن قبح شرعی ہے۔ اس مسئلہ میں اس نے دھوکہ دہی

کی یا اس کو سمجھ نہیں آئی۔ اس نے اس طرح کہا۔ ادھر تو یہ کہتے ہیں کہ ہم اشاعرہ

ماتریدیہ ہیں تے اُدھر معتزلیوں والا مذہب لے رہے ہیں۔ حسن قبح تو اشاعرہ

کے نزدیک شرعی ہے شریعت حسن کو کہے حسین ہے وہ حسین ہے حسن کو کہے قبیح ہے

وہ قبیح ہے۔ یہ دھوکہ دینے کی کوشش کی یا اس کو سمجھ نہیں آئی۔ کہ بھی حسن قبح

کے تین معنی ہیں: کہ جو پہلا معنی صفت کمال حسن اور صفات نقصان قبح اس

میں کسی کا اختلاف ہی نہیں ہے جتنے فرقے ہیں اشاعرہ ماتریدیہ معتزلہ

کفار جتنے بھی ہیں۔ عدل کو اچھا سمجھتے ہیں۔ جھوٹ کو قبیح سمجھتے ہیں۔ کذب

صفات نقصان ہے تے پہلے معنی میں داخل ہے۔ کذب کا قبح عقلی ہے

دوسرا ان اللہ علی کل شیء قدیر: اللہ تعالیٰ ہر شی پر قادر ہے تے کذب بھی ایک

شی ہے۔ ان کے جہلا یہ کہتے رہتے ہیں کہ ان اللہ علی کل شیء قدیر۔ بھی اللہ تعالیٰ ہر شی

پر قادر ہے۔ شی سے مراد کیا ہے۔ آخر جو دلیل بنا رہے ہیں کہ اس کی تقریر تو کری ہوگی

شی مصدر ہے۔ میں نے اس دن بھی کہا جو بیضاوی نے کہا: شاء یشاء شیئاً۔

مصدر یا مبنی للفاعل ہوگی شائی یا مصدر مبنی للمفعول مشیئ ہوگا۔ اگر مصدر مبنی

للفاعل ہو تو معنی ہو تو اللہ تعالیٰ ہر شائی پر قادر ہے والشیء مختص بالموجود۔ پھر

اگر ان اللہ علی کل شیء قدیر پر دلیل بنائے گا۔ ممکن ہے تے بولتا نہیں لیکن یہ دلیل

تو وقوع پر ہوتی ہے۔ کذب کو شی میں داخل کرے گا تو یہ موجود ماننا پڑے گا

الشیء ھو موجود فی وقت من الاوقات سو تین زمانوں میں سے کسی نہ کسی زمانے

میں عدم سے وجود کی طرف آئے۔ جو فی وقت من الاوقات ازل سے ابد تک

معدوم ہو۔ اس پر شی کا اطلاق اہل سنت کے نزدیک نہیں آتا۔ ادھر مانتے

پہلی دلیل

دوسری دلیل

ہیں ازلاً ابداً معدوم ہیں اور ادھر مانتے ہیں کہ ممکن ہے۔ اور دلیل یہ دیتے ہیں کہ
ان اللہ علی کل شیء قدیر۔ تو پھر ان کو موجود ماننا پڑے گا کسی نہ کسی زمانہ میں
العیاذ باللہ کہ واجب تعالیٰ نے بالفعل جھوٹ بولا۔ اس کے قائل نہیں ہیں لیکن
جب دلیل یہ دے رہے ہیں تو ان کو ماننا پڑے گا۔ اطلق بمعنی شاء تارۃ
حینئذ یتناول الباری تعالیٰ۔ جب مبنی للفاعل ہو تو ہر شائی پر قادر ہے تو شائی
تو اللہ تعالیٰ بھی ہے۔ اس لیے شی کا اطلاق اللہ تعالیٰ پر آیا ہے۔ کما قال اللہ
تعالیٰ قل ای شیء اکبر شہادۃ قل اللہ۔ تو اللہ تعالیٰ اپنے آپ پر قادر
ہیں۔ کل شائی ہو گئے ہر شائی پر قادر ہے تو شائی خود بھی ہے تو شائی ہیں
سے مستثنیٰ۔ اللہ تعالیٰ بھی شائی ہے مشیت والی ذات ہے چاہنے والا ہے تو
عقل تخصیص کرے تخصیص عقلی ہو تو مخصوص منہ البعض قطعی ہوتا ہے۔
و بمعنی مشیءٌ یعنی مشیءٌ وجودہ چاہا ہوا وجود اس کا۔ یہ شئی ہے
کہ چاہنے والا اللہ تعالیٰ ہے۔ جب شائی اللہ تعالیٰ ہے اللہ تعالیٰ جس شئی
کے وجود کو چاہے وہ موجود ہوتی ہے فی الجملہ۔ اس لیے کہا۔ و بمعنی مشیءٌ لہ
ای مشیءٌ وجودہ۔ وما شاء اللہ وجودہ فهو موجود فی الجملہ وعلیہ قولہ تعالیٰ
ان اللہ علی کل شیء قدیر۔ یہ اسی پر ہے کہ شئی بمعنی مشیءٌ وجودہ۔ یہ
مشیءٌ وجودہ پر اللہ تعالیٰ قادر ہے۔ تو اگر یہ شئی میں کذب کو داخل کریں
گے تو پھر کذب مشیءٌ وجودہ ہو گا۔ کہ شاء اللہ تعالیٰ ہو گئے گا۔ جس کے
ساتھ اس کی مشیت کا تعلق ہو کہ مشیءٌ وجودہ کا معنی ہے کہ تین زمانوں
میں سے کسی نہ کسی زمانہ میں موجود۔ ازلاً ابداً پر شئی کا اطلاق نہیں
آیا۔ لہذا ان اللہ علی کل شیء قدیر ان کی دلیل نہیں بن سکتی۔ جو ان
کا مدعیٰ ہے کہ ممکن ہے کہ ہوتا نہیں۔ اب آپ اگر اس کو دلیل بنائیں
تو پھر ماننا پڑے گا کہ کذب موجود بالفعل ہے۔ ماضی میں ہو، حال میں
یا مستقبل میں ہو۔ فی وقت من الاوقات کذب کا وجود ہونا چاہیے
حالانکہ اس کے قائل نہیں ہیں

تیسری دلیل انہوں نے دی: خلف الوعید: اس نے بالکل صراحت سے لکھا کہ خلف الوعید بھی
کذب کی فرد ہے یعنی خلف الوعید کذب کا فرد ہے۔ اللہ تعالیٰ نے وعدے دیے
مطیع اطاعت والے مومنین کو۔ اللہ تعالیٰ وعدہ خلافی نہیں فرماتا۔ اس نے وعیدیں
دیں اور اس نے کہا: کہ وعیدوں کا خلاف جائز ہے۔ خلف الوعید جائز ہے۔
کہ اللہ تعالیٰ نے وعید دی اور اس کا خلاف بھی کرے گا۔ قاتل کو وعید دی جزاؤہ جہنم
یہ وعید ہے اللہ تعالیٰ اس کو معاف کر دے گا۔ معاف بھی ہے تو خلاف وعید آ گیا
وجوب نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ عاصی کو عذاب دے یہ واجب نہیں ہے۔ وعید
ہے اس کے خلاف جائز ہے ممکن ہے۔ پس یہی خبر ہے جو واقع کے خلاف آ گئی
یہ خلف الوعید ہے۔ اگر یہ خلف الوعید کو دلیل مانتے ہیں اور یہیں کہ خلف الوعید کذب
کی فرد ہے۔ یعنی خلف الوعید کے افراد میں۔ اللہ تعالیٰ نے قاتل کو
وعید دی۔ گناہگار کو وعید دی پر بخشش بھی ہے۔ تو وعید کا خلاف جائز ہے
تو یہی تو امکان کذب ہے۔ موٹے دماغ والے جن کا دل صاف نہ ہو تو وہ بھی اسی
طرح گمراہ ہو جاتے ہیں۔ موٹے کا یہ معنی نہیں ہے ایسے ہی موٹے تازے ہیں۔ مطلب
یہ ہے ڈھیلے دماغ کے۔ پس جی فلانے نے یہ بات کی ہے تو بس بالکل۔ اللہ تعالیٰ
کے بندے تم دلیل کو دیکھو۔ تو خلف الوعید کو اگر یہ دلیل مانتے ہیں تو ہم کہیں گے کہ
خلف الوعید بھی بالفعل ہے قیامت کے دن۔ اللہ تعالیٰ نے قاتل کو وعید سنائی۔
قیامت کے دن عاصی کو جہنم کی وعید ہے لیکن قیامت کے دن خلاف وعید واقع ہو گا
اور بالفعل ہو گا تو پھر ان کے نزدیک جھوٹ بالفعل ثابت ہو گا اور اس کے قائل
نہیں ہیں۔ ہمارے نزدیک خلف الوعید باب کرم سے ہے۔ معتزلی نے کہا: اگر
خلف الوعید ہو تو کذب لازم آئے گا۔ خیالی میں آخر پر ہے۔ اس جگہ تک پہنچو گے تو
پتا چلے گا۔ جو اگلی سے اگلے ورق ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ تعذیب عاصی کی واجب
ہے ورنہ خلف الوعید — خلف الوعید تو کذب لازم آئے گا۔ یہ معتزلہ جو انہوں نے
کے دلیل قائم کر رہے ہیں وہ بھی کذب باری تعالیٰ کو ممتنع بالذات سمجھتے ہیں
دنیا میں اس طرح کئی طرح کے لوگ آئے انہوں نے الوہیت میں گلا پھنسا لیا ہے۔ ایسے
لوگوں کی الوہیت درست نہیں ہے یہ موحد نہیں ہیں لیکن افسوس یہ ہے کہ اپنے آپ کو

موحد موحد بنتے ہیں اشاعرہ توحید نام دیتے ہیں۔ جیسے باتیں ایسی کرتے ہیں جو الوہیت
کے بھی منافی ہیں اور وجوب ذاتی کے بھی منافی ہیں۔ جیسے اس کا نفس تنگ ہوتی ہے
تجھ کو بھی پڑھائی ہے میں مطالعہ کروں گا یہ مجھے کتنا ان تک پہنچ جائیں گے۔ عبد اللہ کو
ایسا کر کہ تم بیچ جاؤ۔ جیسے ادھیڑ ہو جائیں گے۔ جیسے معرادے کا ایک طرف پیٹ مڑا ہوا
رکھا ہے

ہمارا مذہب یہ ہے کہ خلف الوعید باب کرم سے ہے۔ کریم جب وعدہ کرتا ہے وفا کرتا ہے
کریم جب وعید دیتا ہے اس کا خلاف کرتا ہے یہ اس کا کرم ہوتا ہے۔ اور
اللہ تعالیٰ نے وعید جو قاتل کے متعلق فرمایا۔ جزاؤہ جہنم خالداً فیھا وغضب اللہ علیہ
ولعنہ واعد لہ عذابا عظیما۔ بڑی سخت وعید ہے اور یہ خبر ہے، لو جائز قاتل کی
بخشش نہیں ہو گی۔ ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ ویغفر ما دون ذلک لمن یشاء۔
مشرک کی بخشش نہیں ہے جو کہ شرک پر مر گیا۔ ویغفر ما دون ذلک لمن یشاء۔
ہمارے علم کلام میں ہے کہ جہاں پر وعیدیں ہیں وہاں پر مشیت مقدر ہے جزاؤہ
جہنم ان شاء۔ وعید میں مشیت مقدر ہے اور دلیل وہی ہے ویغفر ما دون
ذلک لمن یشاء۔ اب جزاؤہ جہنم والی خبر مشیت پر معلق ہے۔ خلف الوعید جو آیا
پر کذب کے فرد سے نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ فرد ہے (جہد المقل) جب کذب
کا فرد مانتے ہو تو وہ تو بالفعل ہے تو ہو جائز کہ جھوٹ بھی بالفعل بولا ہے لیکن اس
کے قائل نہیں ہیں۔ جہد المقل کے اوائل میں امکان کذب کی عبارتیں نقل ہوتی ہیں
کہ ہم کہتے ہیں کہ پتھر جھوٹ نہیں بولتا۔ پتھر کی تعریف نہیں ہوتی۔ کہ پتھر سے جھوٹ
ممتنع ہے۔ اگر جھوٹ ممتنع ہو اور پھر اس کی نفی کریں اس سے تو تعریف نہیں ہوتی۔
اور تعریف تب ہوتی ہے کہ جھوٹ بول سکتا ہے تب نہ بولے۔ اس وقت اس کی تعریف
ہوتی۔ یہ کہنا ہے جھوٹ نہیں بولتا۔ پتھر تو نہیں بولتا۔ لہذا ممتنع کی سلب سے مدح
نہیں ہوتی۔ لہذا ممکن کی سلب کریں تاکہ مدح ہو۔ اللہ تعالیٰ کی مدح تب ہوگی کہ جھوٹ
ممکن ہو پھر نہ بولے۔ شرح عقائد میں یہ عبارت آئی ہے اسی سے انہوں نے یہ
قاعدہ تھوڑا آگے چلا ہے۔ تو علامہ نے ذکر کیا ممتنع کی نفی سے مدح نہیں ہوتی۔ انہوں
نے تھوڑی مثال دی۔ مثلا ہم کہیں زید جھوٹ نہیں بولتا۔ یہ تعریف ہے کیوں کہ جھوٹ

ممکن ہے پھر نہیں بولتا۔ لہذا اللہ تعالی کی تعریف بھی تب بنے گی کہ اللہ تعالی جھوٹ بول سکے اور نہ بولے۔ اب کہیں گے کہ یہ تعریف ہے۔ میں رشتے تک تو شرح عقائد دیکھ لیا۔ میں خیالی ہم پہلے پڑھ چکے ہیں یہ خیالی ضروری ہے۔ عقائد کی کتابوں میں اس سے ضروری ہیں۔ میں خیالی تک بار نہیں پہنچا۔ علامہ خیالی نے اپنی شرح عقائد کی عبارت پر ذکر کرتا ہے اس نے کہا کہ ممتنع کی نفی سے بھی مدح ہوتی ہے کیونکہ اللہ رب العزت نے شریک کی سلب کیا ہے اپنی ذات سے بمقام مدح میں۔ شریک ممتنع بالذات ہے اللہ تعالی کی فرمان ہے۔ الحمد للہ الذی لم یتخذ ولدا ولم یکن لہ شریک فی الملک۔ تو یہ ان کے نزدیک تو مدح تب ہوگی کہ شریک پر قادر ہو تو شریک ممکن ہو۔ یہ بالکل واضح میں نہیں ہے کیونکہ مدح تب بنتی ہے۔ اسی طرح اللہ تعالی نے ولدی نفی اور محال بالذات ہے۔ صاحبہ کی نفی۔ صاحبہ محال بالذات ہے۔ اللہ تعالی نے مقام مدح میں سلب کی ہے۔ وہ پاک ذات ہے۔ بنایت ہی پاک ذات ہے۔ تو بہت دل کو صاف کرنے کی ضرورت ہے اور پاک کرنے کی ضرورت ہے۔ کھانے پینے سے دھواں پیدا ہوتا ہے۔ خاص کر جب پیٹ میں نوالہ حلال کا نہ ہو۔ کیسی دھواں دماغ کی طرف اٹھتا ہے۔ اس کا نقصان یہ ہوتا ہے کہ عقیدہ خراب ہو جاتا ہے۔ طہارت ضروری ہے۔

تبدلا

مسلم الثبوت ص ۲۱ سبق ۲

ولذلک انبتہ الحکمائ الخ: وثانیاً سے معتزلہ کی دوسری دلیل آئی کہ افعال کا حسن قبح عقلی ہے عقل ادراک حکم بھی کرتی ہے اور حکم بھی لگاتی ہے اور اگر تم کہو کہ حکم عقلی نہیں ہے بلکہ شرعی ہے کذب باری تعالی سے ممتنع نہیں ہوگا اور جھوٹے کے ہاتھ پر معجزات کا اظہار بھی ممتنع نہیں ہوگا۔ تالی باطل ہے والمقدم مثلہ تو مدعی ثابت ہو جائے گا کہ حکم شرعی نہیں ہے۔ اشاعرہ نے معتزلہ کی اس دلیل کا جواب دیا۔ کہ کذب کا نقص عقلی ہے اس میں نزاع ہی نہیں ہے یہ پہلے معنی میں داخل ہے۔ مواقف میں انہوں نے بیان کیا کہ نقص اور قبح میں ملازمہ ہے جو ناقص ہوتا ہے وہ قبیح ہوتی ہے جو قبیح ہوتی ہے وہ ناقص ہوگی۔ یہ نقص دو قسم ہے ایک نقص فی الصفات دوسرا نقص فی الافعال۔ نقص فی الصفات ہو تو یہ پہلے معنی میں داخل ہے۔ اور اگر نقص فی الافعال ہو تو یہ تیسرے معنی میں

[illegible]

داخل ہے وہ ہو کہ قبح عقلی ہے یا شرعی ہے۔ اس کا جواب بھی آ گیا کہ ایک صفت نقصان اور دوسرا فعل نقصان۔ مطلق نقصان وجوب ذاتی کے منافی ہے۔ کیونکہ فعل ہو تو اس میں نقصان، صفت ہو تو اس میں نقصان ہو۔ تو مطلقاً نقصان وجوب ذاتی کے منافی ہے۔ لہذا یہ نقص فی الصفات اور نقص فی الافعال مطلقاً ممتنع ہے کیونکہ جو وجوب ذاتی کے منافی ہیں۔ اب اس پر تائید پیش کی۔ صفات نقصان ہو یا فعل نقصان ہو مطلقاً اس کی استحالہ عقلیہ ہے۔ اس پر تائید پیش کرتے ہیں کہ حکما نے بھی یہی ثابت ہے۔ حکما وہ ہیں جو عقلاء ہیں جو شرع کو نہیں بھی مانتے۔ عقلاء ہیں وہ بھی یہی ثابت کرتے ہیں صفت نقصان ہو یا فعل نقصان ہو۔ نقصان تو دونوں میں ہے مطلق نقص سے اللہ تعالیٰ کی بری ہے جیسے انہوں نے کہا: اللہ تعالیٰ موجود ہے من کل وجوہ کوئی صفت منتظر نہیں ہے اس میں کوئی نقصان نہیں ہے۔ یہ انہوں نے ثابت کیا۔

ترجمہ: اور واسطے اسی کے ثابت کیے اس کو حکمائے۔

لکن یلزم علی الاشاعرۃ امتناع تعذیب الطائع الخ۔ اشاعرہ نے والجواب سے جواب دیا تھا تو اب ماتن کہتا ہے کہ اشاعرہ پر الزام آئے گا۔ نیکوکار کو عذاب دینا ممتنع ہے اس میں اشاعرہ پر الزام آئے گا۔ ہمارا مذہب ہے کہ اللہ تعالیٰ نیکوکاروں کو عذاب دے یہ ممتنع ہے اور معتزلہ کا مذہب بھی یہی ہے کیونکہ یہ نقص ہے[عہ] اور قبیح بھی ہے اس لیے محال ہے اشاعرہ پر الزام اس طرح آئے گا کہ اشاعرہ تعذیب طائع کو ممکن کہتے ہیں۔ اب ان پر الزام یہ ہوگا کہ جب تم کہتے ہو کذب نقص[عہ] اور پہلے معنی میں داخل ہے صفت نقصان ہے اور محال بالذات ہے۔ تعذیب طائع یہ بھی ایک فعل ہے اور نقص ہے لہذا جب یہ نقص ہے اور فعل نقصان ہے تو پہلے معنی میں داخل ہوگا۔ تو جس طرح کذب پہلے معنی میں داخل ہو کر ممتنع بالذات اور محال بالذات ہے اسی طرح امتناع تعذیب الطائع بھی تم کو ماننا پڑے گا کیونکہ یہ نقص ہے اور مستحیل علیہ تعالیٰ ہے۔ یعنی جو جواب تم نے کذب میں دیا یہ تعذیب طائع میں بھی جاری ہوتا ہے۔ کذب ممتنع ہے تو تعذیب طائع بھی ممتنع ہونا چاہیے ہمارا مذہب ہے۔ حالانکہ وہ اشاعرہ تعذیب کے قائل ہوئے ہیں۔

ترجمہ: لیکن لازم آئے گا اوپر اشاعرہ کے ممتنع ہونا تعذیب طائع کا (ان کو ماننا پڑے گا کہ طائع کی تعذیب ممتنع ہو۔ کیونکہ تعذیب ایک فعل ہے اور فعل نقصان ہے کیونکہ قبیح ہے)

عہ اللہ تعالیٰ کی ذات اور صفات میں کمال ہے اس میں کوئی نقصان نہیں ہے

عہ اس قول پر نقص اور قبح میں ملازم ہے اور نقص نقص اور قبح ذات میں وق ۱۲

جیساکہ وہ مذہب ہے ہمارا اور مذہب معتزلہ کا کیونکہ تعذیب طائع نقص ہے محال ہے اوپر اللہ تعالیٰ کے۔

مسالۃ علی التنزل۔ جتنے قبائح ہیں اللہ تعالیٰ کی قدرت ارادے کا تعلق ان سے نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ پاک ذات ہے۔ اصل میں یہ ہوتا ہے کہ ارادے اور قدرت کا قابل نہیں ہوتا نقص اس میں ہے۔ قدرت کا مقدور اور ارادے کا مراد نہیں بن سکتا۔ نقص اس میں ہے۔ وہ قابل نہیں ہوتا کہ خدا کے ارادے اور قدرت کو قبول کر سکے۔ اس میں قابلیت نہیں ہوتی۔ قبیح چیزوں کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے ارادے کا تعلق نہیں ہوتا وہ پاک ذات ہے۔ عجز یہ ہوتا ہے ارادے کرے پھر مراد نہ آسکے۔ جو ارادہ ہی نہ فرمائے۔ اسی طرح پاک ہے جس طرح ولد سے پاک ہے صاحبہ سے پاک ہے۔ کھانے سے پاک ہے پینے سے پاک ہے۔ شریک سے پاک ہے جہل سے پاک ہے عجز سے پاک ہے۔ کذب سے پاک ہے۔ کذب جہل کو مستلزم ہے کذب وہاں آتا ہے جہاں جہل ہوتا ہے۔ یہ جہل پر جہل کی نفی کرنے میں تو کذب بھی نفی ہو جاتا ہے ~~کیونکہ اگر نفی نہ ہو تو~~ ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی شان میں بات کی ہیں ان کی توحید صحیح نہیں ہے۔ اب

مسالۃ علی التنزل۔ یہ مسئلہ علی التنزل ہے وہ کہتے ہیں: جب معتزلہ کی جو دلیلیں آگئی تو اشاعرہ کہتے ہیں کہ چلو ہم مان لیتے ہیں کہ افعال کا حسن قبح عقلی ہے عقل حاکم ہے۔ لیکن ہر جگہ نہیں مانتے۔ یعنی شکر منعم کا وجوب عقلی نہیں مانتے۔ یعنی اس کا وجوب نہیں مانتے یہ علی سبیل التنزل ہے خصم دلیل کر بعد انکار۔

ترجمہ: مسئلہ کیا اشاعرہ نے اوپر تنزل کے کہ شکر منعم کا نہیں ہے واجب عقلاً خلاف ہے واسطے معتزلہ کے۔

یعنی معتزلہ نے کہا: شکر منعم کا حسن عقل ادراک کرتی ہے اور حکم بھی کرتی ہے کہ شکر منعم کا واجب ہے عقلاً۔ جو بندہ کسی پر احسان کرے عقل کہتی ہے کہ اس کا شکریہ ادا کرنا چاہیے۔ تو سب سے زیادہ منعم اور محسن جس کے سوا اور کوئی محسن نہیں ہے وہ تو اللہ تعالیٰ کی ذات ہے اور اس کے انعامات ہیں۔ عقل کہتی ہے کہ منعم کا شکریہ

کرنا واجب ہے۔ عقل کہتی ہے کہ ایمان لے آؤ اور اس کی اطاعت کرو۔

واستدل بانہ لو وجب لوجب لفائدۃ الخ۔ اب انہوں نے دعوی پر دلیل دی۔ دلیل ذرا مزور ہے۔ اشاعرہ کہتے ہیں کہ ہم کہتے ہیں شکر منعم کا عقلاً واجب نہیں ہے اب اس کی نقیض نکال کر مقدم بناتے ہیں۔ اگر عقلاً واجب ہو تو پھر کسی فائدہ کے لیے وجوب ہوگا۔ کیوں کہ اگر عقل شکر واجب کرے اور کوئی فائدہ بھی نہ ہو تو عبث ہوگا۔ عقل عبث کا حکم نہیں کرتی یہ باطل ہے۔ اگر شکر منعم کا عقلاً واجب ہو تو کوئی نہ کوئی فائدہ ضرور ہوگا۔ اب فائدے دو ہیں۔ یا تو فائدہ بندے کا ہوگا یا فائدہ اللہ تعالی کا ہوگا۔ بندے شکر کرے تو اللہ تعالی کو کوئی فائدہ ہو اور پہنچے یہ نہیں ہو سکتا۔ کیوں کہ اللہ تعالی بلند و برتر ہے وہ ذات میں کامل ہے اور صفات میں۔ وہ کسی کمال میں کسی کی طرف محتاج نہیں ہے۔ لہذا اللہ تعالی کا فائدہ نہیں ہو سکتا۔

اب بندے کا فائدہ ہوگا۔ اب بندے کا فائدہ یا دنیاوی ہوگا یا اخروی ہوگا دونوں فائدے ہو سکتے تھے۔ دنیاوی تو نہیں کہہ سکتے کیوں کہ جو شکر کرے گا۔ عبادت کرے گا، نماز، روزہ، حج، زکوۃ یہ تو بڑی مشقت ہے۔ مشقت کو تو فائدہ کوئی نہیں کہتا۔ ساری زندگی کو بیچ کو بیچ کے۔ سچ کہا ہے کہ ساری زندگی ہم کو رسوا کیا ہے۔ یہ مشقت ہے اور ضرر ہے۔ اب رہ گیا ہے کہ کوئی فائدہ ہے بھی سہی تو آخرت میں۔ آخرت اور جو آخرت کے بیچ ہے عقل کو دخل ہی نہیں ہے نہ طاقت ہی نہیں ہے کہ اس کا ادراک کر سکے۔ جب اس کا ادراک ہی نہیں کر سکتی۔ تو پھر فائدہ اخروی کیسے عقلاً ادراک کرے گا تو حاصل کرے گا اور حاصل کرنے کی کوشش کرے گا۔ شریعت آئی اس نے بتایا کہ آخرت ہے اس میں ثواب بھی ہے اور عقاب بھی ہے۔ عقل نہیں سمجھ سکتی تھی۔ اللہ تعالی نے رسول بھیجے۔ شریعت آئی۔ پھر پتا چلا عقل کو۔ پھر اس نے فائدہ حاصل کرنے کے لیے کوشش شروع کی۔

الترجمہ: اور استدلال کیا گیا ہے تو اس سے کہ اگر واجب ہو البتہ واجب ہوگا ساتھ کسی فائدہ کے۔ اور نہیں کوئی فائدہ واسطے اللہ تعالی کے واسطے بلند ہونے اس کے فائدوں سے اور نہ واسطے بندے کے بہر حال بیچ دنیا پس نہیں کیونکہ یہ تو شکر منعم کا مشقت ہے

عہ استدلال کی تقریر الخ بوجہ دلیل ذکر کی گئی [illegible] ۱۲

عہ عقل عبث کی اجازت نہیں دیتی ۱۲

عہ یہ ہو ہی نہیں سکتا کہ بندہ شکر کرے تو اس سے اللہ تعالی کو کوئی فائدہ پہنچے۔ شکر سے اس کی ذات میں یا صفات میں کوئی اضافہ نہیں ہوتا۔

عہ ان کا دعوی [illegible] ساری زندگی [illegible] ۱۲

سے حالانکہ تو یہ کھانا کر کوئی حلوا مل جائے ۱۲

لہ چھوٹے اور لطیفے جھیلنے پڑتے ہیں۔ یا راتوں کو راستے میں جان دینی پڑتی ہے۔ جانی اور مالی مشقتیں پڑتی ہیں۔ ان کو کون فائدہ کہے گا۔ یعنی فائدہ عقلی و دینی ہے دکرنے ترغیبی فائدہ تو ہے ۱۲

اور بہرحال نہیں عقل کے (آخرت کا معاملہ عقل سے باہر ہے اس کو نہیں سمجھ سکتی)۔ میں اس لیے کہ
نہیں مجال واسطے عقل کے نہیں امر آخرت کے (امر آخرت سمعی ہے عقلی نہیں ہے)
اقول بعد تسلیم ما ادعاہ المعتزلۃ الخ۔ اب اقول سے نئے جواب دیتا ہے اشارہ
کو۔ یہ مشہد تنزل پر ہے اور تنزل کا معنی یہ ہوتا ہے کہ تم نے مستدل کی بات کو مان لیا
ہے پھر جواب دے رہے ہو جب ان کی بات مان لی کہ عقل حاکم ہے شکر منعم کا
عقلاً واجب ہے۔ عقل حسن قبح کو ادراک کرتی ہے تو حسن کو واجب کرتی ہے اور قبیح
کو حرام کرتی ہے جب ہم نے ان دعوی مان لیا تو پھر ان کے دعوی میں شکر منعم بھی
آگیا کہ وہ عقلاً واجب ہے۔ تو اب کہنا کہ ہم تمہارے دعوے کو ماننے میں کیوں جزئیوں
کو مان لیا لیکن شکر منعم کا واجب ہے عقلاً یہ نہیں مانتے۔ جب ان کا دعوی
مان لیا ہے دلیلیں مان لیں۔ دعوی تو کلی ہے کہ ہر وہ چیز جس کا عقل حسن کو ادراک
کرے تو حکم کرے کہ واجب ہے اس میں شکر منعم بھی آگیا۔ اب یہ کہنا کہ ہم اس کو نہیں
مانتے۔ اس کا کوئی معنی نہیں بنتا۔ پہلا جواب آیا ہے۔ دوسرا۔ استدلال
مشغول کے ساتھ تھا۔ ہم کہتے ہیں کہ فائدہ ہے بندے کا لازم ہے کہ اخروی فائدہ
اب تم کیا کہو گے کہ عقل کو مجال ہی نہیں ہے کہ آخرت کو سمجھیں اور اس کے اندر
جو ما فیہا اس کو سمجھیں یہ تم کہو گے۔ تو بابا۔ جب تم نے یہ مان لیا کہ عقل حاکم
ہے۔ کہ عقل ہی معلوم کا حسن قبح ادراک کرتی ہے تو پھر کہتا کہ عقل آخرت کا ادراک
نہیں کرتی یہ بڑا مشکل ہے۔ مطلب یہ ہے کہ معتزلہ کہیں گے کہ عقل آخرت
کو سمجھتی ہے۔ عقل کہتی ہے کہ آخرت ہے۔ اور اس میں ثواب عقاب ہے
باقی تفصیل نہیں جانتی۔ جب تم نے ان کی بات مان لی۔ تو اب یہ کہنا کہ
آخرت کا معاملہ عقل نہیں سمجھتی۔ عقل کو مجال ہی نہیں ہے۔ یہ درست نہیں
ہے۔ جیسے ماقبل آیا تھا دلیل بھی آئی۔ کہ ایک بندہ ہے اس پر ساری زندگی ظلم ہوتے
رہے۔ تو مر گیا۔ عقل کہے گی اس مظلوم کو انصاف ملنا چاہیے اب دنیا میں تو
ملا نہیں۔ عدالتوں کے دروازے کھٹکھٹائے۔ دوسروں کے پاس گیا بیٹوں
کے پاس گیا۔ ساری زندگی ظلم سہتا رہا۔ مظلوم رہا نہیں ملا اس کو
انصاف نہ ملا۔ اب عقل سے پوچھو کیا کہے گی۔ عقل کہے گی اس مظلوم کو

یعنی جب ہم مان لیں تو اس عقل سے تفصیل بھی آ جائے گی

الصاف ملنا چاہیے ۔ دنیا میں تو یہ نہیں لہذا ایک اور دار ہے جہاں اس کو الصاف ملے اور وہ دار دار آخرت ہے ۔ باقی آگے تفصیل وہ نہیں جانتی ۔ اتنا کافی ہے

ترجمہ: کہتا ہوں میں : بعد تسلیم اس کے جو دعوی کیا اس کا معتزلہ نے جیسا کہ وہ منفی ہے تنزل کا ۔ قبول کرنا یاں طور کے نہیں محال واسطے عقل کے یہ بڑا مشکل ہے

علی انہ لو تم ہذا الخ: اب کہتا ہے ۔ اگر تمہارے استدلال کو مانیں یعنی تمہارا استدلال بہ جمیع مقدماتہ درست نہیں ہے ۔ اگر مانیں تو یہ لازم آئے گا ۔ کہ کوئی شی عقلاً واجب نہیں ہے ۔ تم نے حرف کیا ۔ شکر منعم عقلاً واجب نہیں ہے لیکن لازم آئے گا کہ کوئی شی بھی عقلاً واجب نہیں ہے ۔ حالانکہ بعض چیزوں کا تم خود اقرار کرتے ہو کہ عقل مستقل ہے ۔ اگر تمہاری دلیل کو مانیں تو وہ کہتی ہے کہ کوئی شی واجب نہ ہو ۔

ترجمہ: علاوہ اس کے کہ بے شک اگر تام ہو یہ استدلال البتہ مستلزم ہوگا استدلال عدم وجوب کو مطلقاً اور جیزمی بات یہ ہے کہ بے شک کلام نہیں خاص کے بعد تسلیم مطلق کے ہے ۔

مع ان المشقۃ لا ینفی الخ: اب جواب کہ ہم نے شق یہ لیتے ہیں کہ فائدہ بندے کا ہے اور ہے بھی دنیا وی ۔ اب تم نے کہا کیا تھا یہ مشقت ہے ۔ انہوں نے کہا بھیجڑا مشقت ہو تو مشقت سے فائدہ کی نفی تو نہیں ہوتی ۔ کیونکہ اسی سے کہا گیا الصلا یا علی متن البلایا ۔ جو عطائیں ہوتی ہیں وہ مصیبتوں کی پیٹھ پر ہوتی ہے ۔ تو وقت مشقت فائدہ کی نفی نہیں کرتا ۔ جیسے مزدور مزدوری کرتا ہے گرمی کا موسم ہوتا ہے ۔ پسینہ پسینہ ہوا ہے ۔ اتنی مشقت جو جھیل رہا ہے خوشی سے نہیں جھیل رہا ۔ خوشی سے جھیل رہا ہے کیوں جھیل رہا ہے ؟ : اس کو پتا ہے کہ جب میں کام سے فارغ ہو جاؤں گا ۔ تو مجھے پانچ سو روپیہ ملے گا تو لہاں مشقت بھی ہے نفع بھی ہے ۔ تو مشقت نفع کے منافی نہیں ہے اور بہترین ہے کہ عطائیں مصیبتوں کی پیٹھ پر ہوتی ہیں ۔ مصیبتیں جھیلنی پڑتی ہیں تب عطائیں ، فائدے حاصل ہوتے ہیں ۔ اور بہتر بات یہ

عہ یعنی چاہیے

عہ جیسے شاحق جبل والا مسئلہ ۔ الایمان والعبد اللعوم ۔ تم ان کا عقل سے ماننے ہو ۱۲ ۔

بہ یعنی جب مطلق مان لیا تو پھر خاص میں کلام یہ درست نہیں ہے مشکل ہے یعنی جب مطلق تسلیم کیا تو خاص کا انکار یہ درست نہیں ہے ۱۲

جب مشقت کچھ جھیلے گا۔ عبادت کرے گا شکر منعم۔ تو ولی بن جائے گا۔ دنیا کے
اندر ولایت اس کو مل جائے گی۔
ترجمہ اور باوجود اس کے کہ بے شک مشقت سے نہیں نفی کرتی فائدے کی کیوں
کہ عطائیں اوپر بہت مشقتوں کے ہوتی ہیں۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے والذین جاہدوا الآیۃ۔

مسلم الثبوت ص ۲۲ سبق ۶

قالوا انہ یستلزم الامن من احتمال العقاب بترکہ الخ۔ اشاعرہ کے جواب میں معتزلہ
کی عقلی دلیل آ رہی اب اور دلیل۔ اشاعرہ نے کہا منعم کا شکر عقلاً واجب نہیں ہے تو معتزلہ
کہتے ہیں کہ ہم کہتے ہیں اگر شکر منعم کا عقلاً واجب نہ ہو تو احتمال تو ہے کہ شکر منعم کا ترک
کیا تو احتمال عقاب کا ہے۔ یہ دلیل جو معتزلہ نے چلائی ہے اشاعرہ پر۔ احتمال
دونوں میں۔ ایک احتمال یہ ہے کہ اگر شکر نہ کیا منعم کا تو عقاب ہوگا۔ چلو یہ بھی احتمال
ہو۔ ابھی شریعت نہیں آئی جو عقل سے بات کر رہے ہیں یعنی عقل حکم کرتی ہے۔ انہوں نے کہا
شکر منعم کا عقلاً واجب نہیں ہے تو معتزلہ ان پر دلیل قائم کر رہے ہیں۔ اور اصل
میں یہ دلیل حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کلام سے ماخوذ ہے۔ آپ کا ایک دہریے
کے ساتھ مناظرہ ہوا۔ تو پھر آپ نے ان پر یہ دلیل چلائی تھی۔ تم مانو گے کہ
احتمال دونوں ہیں۔ ایمان نہ لائے تو عقاب ہوگا کیونکہ یہ یقین کہ عقاب نہ ہونے کا یقین
نہیں کیا یہ کہہ سکتے ہیں۔ یہ نہیں کہہ سکتے۔ ہم کہیں گے تم مانو گے کہ احتمال دونوں
ہیں کہ شکر ترک ترک۔ الحاصل ایمان نہ لایا اور منعم کا شکریہ ترک کیا۔ تو عقاب
کا احتمال ہے یہ کہ عقاب سے امن ہو کہ بالکل عقاب ہوگا ہی نہیں۔ یہ کوئی
نہیں کہہ سکتا۔ نہ دہریے کہہ سکتے ہیں نہ منکرین۔ تو جب احتمال ہے عقاب
کا۔ انہوں نے کہا کہ اگر شکر منعم کا نہ کیا جائے تو احتمال عقاب کا ہے یعنی جیسے راستے
دو ہوں۔ ایک آدمی کہتا ہے کہ اس راستے پر جاؤ امن ہے۔ اس راستے پر نہ جاؤ
خطرہ ہے تو وقت عقل کیا کہے گی۔ وہ عقل کہے گی کہ امن والے راستے کو اختیار
کرو۔ ایک آدمی کی بات ہے۔ عقل اس کو کہے گی اس راستے کو اختیار کر اس میں
امن ہے ایسے راستے کو اختیار نہ کر جس میں خطرہ ہے۔ تو اس وقت
اگر ایمان نہیں لائیں گے شکر منعم کا نہیں کریں گے۔ تو عقاب کا احتمال ہے

[illegible]

اور اگر کریں گے تو پھر عقاب کے احتمال سے امن ہے۔ شکر منعم کا مستلزم ہوا امن کو

احتمال عقاب سے۔ تو آپ نے فرمایا تم کو ماننا پڑے گا اگر ایمان نہ لائے تو عقاب

ہوگا۔ یعنی احتمال عقاب کا۔ وہ مان گئے کہ احتمال ہے۔ پھر کہیں گے ہم تو ایمان لائے ہیں

نمازیں بھی پڑھتے ہیں اطاعت بھی کرتے ہیں۔ عقاب سے بچ جائیں گے۔ تم نے یہ نہیں

کیا تو تم عقاب میں چلے جاؤ گے۔ لہذا تم مانو تاکہ تم احتمال عقاب سے تو بچ جاؤ۔

اگر آگے جنت ہوئی تو جنت میں داخل ہو جاؤ گے کیا نقصان ہے تمہارا؟ اور انکار

کرنے سے دوزخ میں چلے جاؤ گے کتنا نقصان ہوگا۔ تو عقل کہتی ہے احتمال بھی ہو

جلب منفعت سے دفع مضار اولیٰ ہوتا ہے۔ احتمال بھی عقاب کا ہو پھر بھی عقل کہے

گی اس کو ترک کرو۔ اس میں کم از کم عقاب کا احتمال ہے۔ مقابلے میں عقل کہے گی

اطاعت کرو۔ شکر بجا لاؤ اور شکر واجب ہے۔ تو خاص دلیل چلا دی۔ معتزلہ نے

کہا: شکر منعم کا عقلاً واجب ہے۔ کیونکہ شکر احتمال عقاب سے بچاتا ہے اور

جو عقاب سے بچائے تو وہ واجب ہے لہذا شکر منعم واجب ہے۔

یہ ساری شریعت پاک ہے۔ انہوں نے کہا: کہ اگر شکر نہ کرو تو احتمال عقاب کا ہے

نے شکر کرو تو احتمال ثواب کا ہے تو عقل کہے گی لہذا ترک شکر میں احتمال عقاب

کا ہے۔ لہذا شکر کرنا واجب ہے۔ جیسا تمہیں کسی نے کہا یہ راستہ لے گا

تو امن کا ہے یہ راستہ لے گا اس راستے میں خطرہ ہے۔ تو تم کونسا

راستے کو اختیار کرے گا۔ جس میں امن ہو۔ عقل تم کو کہے گی اس راستے پر

نہ جا۔ احتمال تو ہے نا۔ کیونکہ جو لوگ بندہ کہہ رہا ہے۔ اگر عقل ہوگی تو وہ اس راستے

کو ترک کرے گا دوسرے راستے کو اختیار کرنا واجب سمجھے گا۔

ترجمہ: کہا معتزلہ نے بے شک وہ شکر منعم مستلزم ہے امن کو احتمال عقاب سے

ساتھ ترک کرنے شکر کے۔ اور یہ وہ شی جس کے ترک کرنے سے عقاب کا احتمال آئے پس وہ

واجب ہے۔

لہذا منعم کا شکر عقلاً واجب ہے

عدم عقلاً کی بات
۱۲۷

وعورض اولاً بانہ تصرف فی ملک الغیر الخ: اشاعرہ نے معارضہ کیا۔ کئی جواب دیے۔ پہلا جواب یہ ہے کہ تم کہتے ہو کہ شکر منعم عقلاً واجب ہے۔ شکر کا معنی ہے صرف العبد جمیع ما انعم اللّٰہ علیہ الی ما خُلِقَ لاجلہ۔ بندے کا ہر وہ نعمت جو اللہ تعالیٰ نے دی ہے جس کے لیے دی ہیں اسی میں صرف کرے۔ جس کے لیے نعمتیں دی ہیں۔ جتنی نعمتیں بھی اللہ تعالیٰ نے دی ہیں۔ شکر ان نعمتوں کا صرف ہے انہی اپنی جگہوں پر صرف کرے جس کے لیے اللہ تعالیٰ نے ان نعمتوں کو پیدا کیا۔ اب شریعت تو آئی نہیں۔ جتنی نعمتیں بھی بندے کے پاس آئیں یہ اللہ تعالیٰ کی ملک ہیں۔ اب وہ شکر کرے گا تو نعمتوں کو صرف کرے گا۔ تو ملک غیر کی ہے۔ تو ملک غیر میں تصرف لازم آتا ہے اور غیر کے اذن کے بغیر۔ یہ شریعت سے پہلے کی بات ہے۔ ملک غیر میں تصرف اذن کے بغیر ہو یہ حرام ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا: تم نے شکر واجب قرار دیا۔ یہ معارضہ ہے تمہارے مدعی کی نقیض ثابت ہوتی ہے۔

ترجمہ: اور معارضہ کیا گیا دلیل معتزلہ کی پہلی بار یہ بن طور کے شکر تصرف ہے بیچ ملک غیر کے بغیر اذن اس کے۔

ویجاب بل بالاذن العقلی۔ اس کے کئی جواب ہیں۔ یعنی دو جواب۔ پہلا جواب تو یہ ہے۔ پہلے تو ہم یہ تسلیم ہی نہیں کرتے کہ ملک غیر میں تصرف بغیر اذن کے ہے۔ یہاں تصرف ہے ملک غیر میں لیکن بغیر اذن ہم تسلیم نہیں کرتے۔ بلکہ ہم کہتے ہیں کہ اذن ہے۔ کیونکہ عقلی اذن ہے۔ اللہ تعالیٰ نے عقل جو دیا ہے بندہ سمجھے گا یہ نعمتیں اللہ تعالیٰ نے دی ہیں۔ ان کو جس کے لیے اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے ان ہی پر صرف کرنا چاہیے۔ عقل بھی بمنزلہ باطنی رسول کے ہے۔ تو اذن عقلی کافی ہے۔

علی ان مثل الاستظلال الخ: یہاں سے دوسرا جواب دیتے ہیں۔ وہ یہ ہے کہ ہم کہتے ہیں تصرف بھی ملک غیر میں ہے اور بغیر اذن کے ہے لیکن یہ تصرف ملک غیر میں بغیر اذن کے حرام نہیں ہوتا۔ یہ اس وقت ہوتا ہے کہ مالک ملک غیر کا راضی نہ ہو۔ اگر وہ راضی ہو تو پھر بغیر اذن کے بھی تصرف جائز ہوتا ہے مثلاً۔ ہم کسی کی دیوار تلے سایہ لیتے ہو اور وہاں کوئی ضرر بھی نہ ہو۔

یعنی ملک غیر میں تصرف بلا اذن ہر جگہ یہ تصرف بلا اذن جو ناجائز نہیں ہوتے بلکہ اس وقت ہوتا ہے کہ تصرف ملک غیر میں بغیر اجازت کے ہو اور تصرف میں غیر کا نقصان ہو اور وہ غیر راضی نہ ہو۔ اگر نقصان نہیں ہے تو راضی ہے پھر تصرف بغیر اذن کے ملک غیر میں جائز ہوتا ہے۔ جیسے کسی کی دیوار کا سایہ لینا جب اسے کوئی ضرر نہ ہو۔ تو بغیر اذن کے تصرف جائز ہے۔ کسی کی چراغ سے دیا جلانا۔ یہ تصرف ملک غیر میں ہے لیکن بغیر اذن کے ہوتا ہے لیکن ضرر نہیں ہے اس تصرف سے مالک راضی بھی ہے۔ تو اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو صرف کرنا جن کے لیے پیدا کیا ہے انہی جگہوں پر صرف کرنا۔ اللہ تعالیٰ راضی ہے۔ چنانچہ جب شریعت کا حکم آگیا تو تم بھی مانتے ہو۔

ترجمہ اور جواب دیا جاتا ہے بلکہ ساتھ اذن عقلی کے علاوہ اس کے کہ بے شک وہ تصرف بغیر اذن کے مثل سایہ حاصل کرنے کے ہے اور چراغ جلانے کے ہے۔

وثانیا بانہ یشبہ الاستھزاء۔ اب دوسرا اعتراض کر رہا ہے۔ بندے پر اللہ تعالیٰ نے جو نعمتیں کی ہیں۔ جتنی بھی نعمتیں ہوں۔ خدائی عطا کے مقابلے میں بہت تھوڑی ہوتی ہیں۔ اس کی عطائیں تو بے انت اور بے پایاں ہیں۔ بندے کو جتنی بھی نعمتیں ہوں تو بندہ پھر شکر کرے گا تو یہ استھزا بنتا ہے۔ جیسے اڈے پر کوئی گیا تو اڈے والوں نے اس کو روٹی کا ایک ٹکڑا دیا۔ فقیر بننے۔ وہ جب آیا تو تعریف کرے۔ بہت سخی تھے۔ ان کی بہت عطائیں ہیں۔ لوگ کہیں گے کیسے؟ وہ کہے گا کہ یہ ایک ٹکڑا روٹی کا دیا ہے۔ یہ تو استھزا بن جائے گا

استاذ صاحب فرماتے ہیں کہ منڈی والی میں ایک درس ہے پھر طالب علم جنبیل بغل میں ڈال کر آٹا مانگنے جاتے تھے ایک جگہ پر گھر گئے۔ ایک بوڑھی آگئی۔ اس نے آٹے کی ایک چھوٹی پھر کے اس طرح سے آئی استاذ صاحب نے اشارہ کر کے فرمایا۔ طالب جنبیل کر۔ طالب بہت سمجھدار تھا اس نے ناک اوپر کر کے بیٹھ گیا۔ طالب اس نے کہا دادی میری آنکھ میں ڈال دے۔ میں آنکھ کھولتا ہوں۔ یہ اڈے والوں کی دادی تھی میرا خیال ہے۔ بندہ تعریف کرے۔ مجھے اللہ تعالیٰ نے یہ عمل فرمایا یہ عطا فرمایا

عمدہ مطالعہ ضرور ہونا چاہیے دیکھو کہ رسالہ میں اپنا دلیل جس سے سمجھا رہے مدعی کا نقص ثابت ہو ۔ ۱۲ ۔

تو یہ تعریف اس کی نعمتوں کے مقابلے میں روٹی کے ٹکڑے کے برابر نہیں ہے یا سمندر کے
قطرہ. وہ ایسے کہ مجھے اللہ تعالٰی نے قطرہ یا ٹکڑا دیا ہے۔ یہ تو استہزاء بنے گا.
لہذا عقلاً شکر واجب نہیں ہے کیونکہ استہزاء کے مشابہ ہے
گاڈیاں دی مبوک تا۔ ایک گاڈی خان تھا. اس کا بھی ایک قصہ ہے. گھوڑے پر آ رہا تھا
گاڈی وڈے ہیں۔ بڑی بڑی تہبند میں اور بڑے بڑے ٹکلے. آگے نوکر آ رہا تھا
وہ خان کو لگاں لگا رہا تھا چنے والیاں. ایک ٹکلک گر گئی. اس نے گھوڑے
کو روکا. اس نے کہا فلانے. اس نے دیکھا خان تو رکا ہوا ہے. اس نے کہا ادھر آؤ
جب قریب آ گیا اس نے کہا جی صاحب. یہ نیچے دیکھو۔ ایک ٹکلک ادھر گر ہوئی
ہے اس کو اٹھاؤ۔ اس نے اٹھا دی. اب ہاتھ کی ہتھیلی کرو. اس نے کی. اس
ہتھیلی پر رکھ کر کہتا ہے اب کھا لو. پھر اس کو کہتا ہے ہمارے ساتھ رہو گے
تو اسی طرح مزے کرو گے۔ سخاوت تو کی نا. ان گاڈیوں سے پوچھنا وہ تمہارا ٹکلہ
کونسا ہے؟

ترجمہ اور معارضہ کیا گیا دلیل معتزلہ کی دوسری بار. بایں طور کہ وہ شکر بلا شبہ مشابہ ہے استہزاء کے
وھو ضعیف الخ. اب اس کا دو وجہ سے رد کرتا ہے. تو یہ کہتا ہے کہ یہ معارضہ
ضعیف ہے اور کمزور ہے کیونکہ اللہ تعالٰی کے نزدیک معتبر اخلاص ہے بندہ صرف
کرے تھوڑا یا بہت. اللہ تعالٰی تھوڑے بہت کو یہاں دی صورتوں کو نہیں دیکھتا بلکہ
نیات کو دیکھتا ہے. اللہ تعالٰی تمہاری صورتوں کو نہیں دیکھتا تمہاری نیتوں کو دیکھتا ہے
تو اعتبار اخلاص کا ہے. لہذا یہ معارضہ کہ یہ استہزاء کے مشابہ ہو جائے گا یہ
درست نہیں ہے۔ دوسرا اشارہ کو جواب یہ ہے کہ تم بھی کہتے ہو۔ تو پھر تم کیوں
کہتے ہو کہ جب شرع وارد ہوگی پھر تو شکر واجب ہے. شکر واجب تو بھی ہے اور
تمہارے نزدیک استہزاء کے مشابہ بھی ہے۔ یہ الزامی جواب ہے

ترجمہ: اور یہ ضعیف ہے کیونکہ معتبر نزدیک اللہ تعالٰی کے اخلاص ہے اور
بھی ایسے کہا جائے کہ بے شک وارد ہوا ساتھ وجوب اس کے جو مشابہ ہے استہزاء کے.
پس تو اس میں تدبر کر۔

ایسی چیز جو شرع واجب ... استہزاء ... ہو ... نہیں ہے

مسلم الثبوت ص۲۲ سبق ۲

مسئلة لا خلاف في ان الحكم ای: اب اتفاقی مسئلہ بیان کرتا ہے اس میں اشاعرہ معتزلہ اور
ماتریدیہ کا اس میں اتفاق ہے. بعض احکام جو ہیں مخصوصہ بعثت سے معلوم نہ ہوں یعنی بعض مسائل
مخصوصہ بعض احکام بعثت سے پہلے معلوم نہیں ہو نہ ہو تو یہ جائز ہے. یہاں جی ۔ ۔ ۔ اتفاقی مسئلہ
یعنی بعض حکم خاص مخصوصہ بعثت سے پہلے معلوم نہ ہو یہ جائز ہے یعنی جو اشاعرہ ہیں ان
وہ سارے ملکے کے قائل ہیں کہ کوئی ایک حکم بھی بعثت سے پہلے ہمیں معلوم نہیں ہے کیونکہ حاکم شرع ہے
تو شرع بعثت سے آتی ہے پہلے نہیں ہوتی ہے اور جو معتزلہ ہیں وہ شرع سے پہلے بھی تکلیف
کے قائل ہیں عقل سے عقل کو حاکم مانتے ہیں عقل حسن قبیح کا ادراک کرتا ہے تو بندہ مکلف ہوتا ہے
لیکن بعض میں وہ بھی کہیں گے. پھر معتزلہ نے اشاعرہ جو ہیں کہ اس میں اختلاف ہے کہ حکم ہر فعل میں
قدیم ہے یا حادث ہے تو اشاعرہ کا مذہب یہ ہے ہمارا ماتریدیہ کا کہ حکم ہر فعل میں حکم قدیم ہے
اور معتزلہ حدوث کے قائل ہوتے ہیں بہر حال یعنی اگرچہ ہر فعل میں حکم قدیم ہو لیکن بعض حکم
مخصوصہ بعثت سے پہلے معلوم نہ ہو تو یہ جائز ہے اتفاقی مسئلہ ہے اور ہر فعل کا حکم قدیم ہے
تو اسکی دلیل ذکر نہیں فرمائی معنی ہر فعل میں حکم قدیم ہے حکم کے کئی معنی ہیں اصول فقہ میں
تو ایک حکم کا معنی ہے خطاب اللہ تعالیٰ المتعلق بافعال المکلفین اقتضاءاً او تخییراً
کیونکہ حکم خطاب اللہ ہے خطاب اللہ یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے خطاب کلام ہے کلام نفسی تو اللہ کی صفات
ہے اسکی ذات کے ساتھ قائم ہے تو وہ قدیم ہے تو حکم بھی اس حکم کا خطاب خطاب کا تعلق بھی ہے
تعلق یعنی ہمیں معلوم نہیں ہے ہمیں ظہور سے آتا ہے تو حکم ہر فعل میں اگرچہ قدیم بھی ہو لیکن
پھر بھی حکم قدیم تو ہے لیکن بعثت سے پہلے علم نہ ہو یہ جائز ہے. اشاعرہ کے نزدیک بعثت سے
پہلے کیونکہ حکم شرع سے آئے گا بعثت سے پہلے شرع ہے نہیں نہ عقل کسی شئے کے حسن کا
ادراک کر سکتی ہے فعل کا نہ قبیح کا نہ کسی کو محض واجب یا حرام قرار دے سکتی ہے

ترجمہ مسئلہ: نہیں خلاف بیچ اس بات کے بے شک حکم اگرچہ ہے بیچ ہر فعل کے قدیم
تو حکم کا معنی ہر فعل میں قدیم ہے ہاں تو وہ خطاب اللہ تعالیٰ ہے. تو خطاب اللہ تعالیٰ خطاب
کلام تو جھٹ ہاں وہ کلام نفسی ہے اللہ تعالیٰ کی ذات کے ساتھ قائم ہے اسکی صفت ہے قدیم ہے
پھر منسر بعث پاس جب آئی تو کلام نازل ہوئی تو یہ جو نزول کلمات ہیں یہ کلام لفظی ہے
یہ اللہ تعالیٰ نے تو کلام نفسی اللہ کی صفت ہے اور کلام لفظی جو ہے یہ دال ہے اور یہ کلام لفظی

یہ جو نازل ہوئی کلمات جو پڑھتے ہیں ہمارے ساتھ جو قائم ہیں حادث ہے ہمارے ساتھ جو قائم ہے تاں یہ حادث ہے ہم بھی حادث ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی ذات کے ساتھ جو قائم ہے وہ کلام نفسی ہے وہ اللہ تعالیٰ کی صفت ہے اور یہ کلام لفظی اس کلام کے دال ہے۔ اور کلام نفسی خدا کا کلام ہے وہ صفت ہے اللہ تعالیٰ محل حوادث نہیں ہے اگر کوئی کلام خدا کا سننے تاں قرآن مجید الحمد سے لے کر والناس تک۔ یکدم سننے گا ہر جانب سے سنے گا۔ ہمارا جو آلہ قراءت ہے زبان یہ کمزور ہے عاجز ہے ہم پڑھتے ہیں آل آل پڑھیں گے تو حمد نہیں آیا الحمد حمد جو پڑھیں گے آل تو فناء ہو گیا اسی طرح ترتیب آئے گی۔ اللہ کی ذات پاک ہے ہر عیب و عجز سے۔ تو ہر فعل میں جو حکم ہے قدیم ہے۔ مثلاً اللہ تعالیٰ کو علم ہے کہ زید پیدا ہوگا ازلی علم ہے پھر وہ پیدا ہو گیا پھر وہ فوت ہو گیا یہ کلام کے تعلقات ہیں۔ تو کلام قدیم ہے یہ تعلقات حادث ہیں تعلق آئے گا تاں ازل میں تعلق ہے زید سیولد اگر پیدا ہوا تو پھر تعلق آیا قد ولد جب فوت ہو گیا تو پھر تعلق آیا قد مات یہ تعلقات ہیں تو کلام کے یہ تعلقات حادث ہیں تعلقات کے حدوث سے کلام کا حدوث لازم نہیں آتا جیسے تمہارا تعلق میرے ساتھ ہوا ہے تاں تعلق حادث ہے تاں میں تو پہلے ہوں یہ نہیں کہ میں قدیم ہوں معنی ہے کہ تمہارے تعلق سے پہلے تمہارا تعلق ہوا تعلقات کے حدوث سے میں تو حادث نہیں ہوا تاں بس میں اسی وقت وجود میں آ گیا تاں اللہ تعالیٰ کی کلام کے تعلقات ہیں یہ کلام نازل ہوئی پھر خطاب آئے تعلقات۔ ترجمہ اور نہ نہیں خلاف بیچ اس بات کے کہ بے شک حکم اگرچہ ہے بیچ ہر فعل کے قدیم۔ لیکن وہ حکم معلوم عقل تاں نہیں ہو سکتی لیکن جائز ہے کہ نہ جانا جائے حکم یہ ناجائز ہے پہلے بعثت کے بعض اس حکم سے مخصوصہ بعثت سے پہلے مخصوصہ حکم یہ معلوم نہ ہو جائز ہے۔ یہ تو آ گیا اتفاق۔

اما عند المعتزلۃ فلانہ: اب اخراج ہے آپ کا اتفاقی مسئلہ میں وہ علیحدہ علیحدہ ہے۔ معتزلہ ان کا استخراج یہ ہے کہ حکم اگرچہ ذاتی ہے ذاتی ہے کا معنی یہ ہے کہ شرع پر موقوف نہیں ہے عقل فعل کے حکم کو جانتی ہے عقل واجب کرتی ہے کہ یہ فعل واجب ہے تو بعثت سے پہلے بھی تکلیف مکلف ہے بندہ لیکن اگرچہ حکم ذاتی ہے عقلی لیکن بات یہ ہے کہ یہ ہو سکتا ہے کہ جو محلت ہے حسن قبیح کی وہ عقل ادراک نہ کر سکے یہ ہو سکتا ہے۔ تو عقل حکم کو معلوم تب کرے گی کہ یہی یہ واجب ہے یہ حرام ہے ادراک کرتی ہے یہی یہ فعل حسین ہے لہٰذا واجب ہے

یہ قبیح ہے لہٰذا حرام ہے لیکن جتنے تک حسن قبیح کی علت معلوم نہ کر لے تو حکم نہیں آ سکتا. ہو سکتا ہے کہ ادراک
حسن و قبیح کا تو کر لیا لیکن علت علت حسن کی ادراک نہیں کی جتنے تک علت کا ادراک نہ آئے وہ حکم نہیں آ سکتا
عقل کے نزدیک. ہاں جی... تو اتفاق ہو گیا کہ حاصل حکم بعثت سے پہلے معلوم نہ ہو جائز ہے. اب اخراج ہر
ایک کا علیحدہ علیحدہ ہے معتزلہ کے نزدیک فعل حاکم ہے تو فعل کا حسن قبیح کا ادراک کر لی ہے تو حکم بھی لگا لی
ہے حاکم ہے تو پھر وہ کیسے کہتے ہیں کہ معلوم نہیں ہے یعنی اسلئے کہ اگرچہ حکم ذاتی ہے یعنی شرع
پر موقوف نہیں ہے لیکن اس حکم کو جاننا فعل کا حکم جاننا یہ تب ہے کہ اس فعل کے حسن یا اس
فعل کے قبیح کی علت کو جانے اور یہ جائز ہے کہ علت عقل ادراک نہ کر سکے وہ کہتے ہیں جتنے تک
علت حسن قبیح کی نہیں جانیں گے تو جتنے تک حکم نہیں لگ سکتا تو علت پوشیدہ رہ جائے تو عقل
اسکا ادراک نہ کر سکے یہ ہو سکتا ہے تو بعض ایسے احکام بھی ہیں جوان کی علت حسن و قبیح کی
علت عقل ادراک نہیں کر سکتی جب ادراک نہیں کر سکتی تو پھر حکم بھی معلوم نہیں کر سکتی. ترجمہ
بہر حال نزدیک معتزلہ کے پس واسطے اسکے کہ اگرچہ ہے حکم ذاتی لیکن بعض حکم وہ ہیں نہیں
ادراک کئے جاتے ساتھ عقل کے نہیں ادراک کیا جاتا ساتھ عقل کے علت حسن کی اور قبیح کی بیچ
اس حکم کے. جب علت نہیں معلوم تو پھر حکم نہیں آ سکتا.

و اما عند غیرهم: معتزلہ کا مذہب آ گیا یعنی ان کا طریقہ اخراج آ گیا اب تخریج اشاعرہ
کے نزدیک. عند غیرهم اشاعرہ ہوں ماتریدیہ حنفیہ ہوں. وہ فرماتے ہیں یعنی موجب تو ہے
حکم کی کلام نفسی قدیم ہو جب کون ہے اللہ تعالیٰ کا خطاب لیکن اس کا ظہور ہوتا ہے تعلق
سے حکم نازل ہوتا ہے تو تعلق ہوتا ہے. اقیموا الصلوۃ یہ تو وحی ہوئی تو تعلق ظاہر ہوا
پر تعلق حادث ہے بعثت سے حدوث سے حادث ہوا بعثت ہوئی اللہ کے نبی آئے رسول
وحی اتری تو تعلق کلام قدیم خطاب تو قدیم ہے تعلق ظاہر ہوا بعثت سے پہلے
تعلق ظاہر نہیں تھا بعثت کے بعد تعلق ظاہر ہوا. اب فرماتے ہیں پہلے یہ واضح ہے
تو یہ تعلق تو حادث ہے بعثت سے پہلے تعلق نہیں ہے تو بعثت سے پہلے حکم بھی مخصوصہ
نہیں ہے تو کوئی حکم متشخص ہو نہیں ہے. ہاں جی... اب غیر معتزلہ وہ کہتے ہیں کیونکہ
حاکم شریعت ہے اور شریعت بعثت سے پہلے نہیں آئی اگرچہ خطاب قدیم ہے کلام نفسی
لیکن اس خطاب کا تعلق. وہ بعثت کے بعد ہے تعلق حادث ہے بعثت کے بعد سے
بعثت سے پہلے تو تعلق نہیں ہے یعنی اسکا ظہور نہیں ہے تو پھر حکم مخصوصہ

معلوم نہیں ہے وہ تو عنبر سے حکم کو کہتے ہیں ناں سالبہ جزئیہ جو ہوتا ہے ناں سالبہ کلیہ کا بعض ہوتا ہے
اشاعرہ سالبہ کلیہ کے قائل ہیں یہ سالبہ جزئیہ کے. تو سالبہ جزئیہ بھی سالبہ کلیہ میں ہے تو سالبہ
جزئیہ میں متفق ہو گئے معتزلہ بھی دوسرے اشاعرہ بھی. ترجمہ اور بہر حال نزدیک غیر ان کے
کیونکہ موجب اگرچہ ہو کلام نفسی قدیم لیکن گا ہے ہوتا ہے ظہور اسکا ساتھ تعلق کے اور وہ
حادث ہے. تعلق حادث ہے. تعلق ہمارے ساتھ ہوتا ہے ناں جب تعلق حادث ہے تو حکم بھی
حادث ہیں. ساتھ حدوث بعثت کے پس نہیں حکم متشخص پہلے اسکے. خلا حرج عندنا
ثواب تفریع بٹھایا ہے. یعنی ہمارے نزدیک تکلیف نہیں ہے بعثت سے پہلے. معتزلہ کے نزدیک تو
خاص فعل میں ناں یا خاص ترک میں. وہ ہوگی وہ جس میں تکلیف نہیں ہوگی وہ کونسے جیسے حسن قبیح کی علت عقل
کو معلوم نہیں ہے ناں وہ ایسا حکم ہوگا جو معلوم متشخص نہیں ہے تو پھر اسکے ساتھ تکلیف بھی نہیں ہے
دو ہیں دوسرے اشاعرہ ان کے نزدیک بعثت سے پہلے تکلیف ہی نہیں ہے لہٰذا کوئی کیا کر رہا تھا
کوئی کیا کر رہا مثالیں ہیں بیوی بچے آزاد مخلوق: وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِينَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُولًا
لہٰذا جو پہاڑوں کے اوپر رہتے ہیں جنگلی لوگ جن تک دعوت نہیں پہنچی ان تک دعوت
نہیں پہنچی تو پھر اشاعرہ کہیں گے مکلف نہیں ہیں بعثت سے پہلے تو معتزلہ کہیں گے
بعد میں مکلف ہوں گے کہ عقل جس میں حسن قبیح کا ادراک کر لیتی ہے لیکن علت نہیں ادراک
کرتی تو وہاں حکم نہیں لگا سکتی وہ مجبور ہے تو پھر وہ مکلف نہیں ہیں معذور ہیں ان کو
پتا ہی نہیں ہے کہ کیا کرنا ہے کیا نہیں کرنا. ترجمہ پس نہیں حرج نزدیک ہمارے.
یعنی اشاعرہ کے نزدیک. وَ اَمَّا الخلاف المنقول: اب پہلے تو ذکر کیا اتفاقی مسئلہ
لاخلاف. اب اختلافی مسئلہ بیان کرتے ہیں وہ یہ ہے کہ ~~اشیاء افعال میں~~. اہل سنت
کے درمیان یہ خلاف منقول ہوا ہے علماء نے اس مسئلہ کو ذکر کیا ہے افعال کے احکام میں
اصل اباحت ہے یا حرمت ہے یا تفصیل ہے. بعض نے کہا اصل افعال میں اباحت ہے
یہ اکثر حنفیہ اور شافعیہ کا مختار ہے اصل اباحت ہے. اور اکثر حنفیہ اور شافعیہ کے
علاوہ اہل سنت سے انہوں نے کہا اصل افعال میں حرمت ہے اور تیسرا مذہب ہے
صدر الاسلام کا اس نے کہا کھانے پینے کی اشیاء ہیں ان میں اصل اباحت ہے کھانے
پینے کی چیزیں ہیں ناں آخر گذران ہے بھوک جو بندہ ہو سی موت کھا سکتا ناں. تے جو انفس
کے مسائل ہیں. نفوس کے متعلق قصاص ہو گیا قاتل کا ان میں اصل حرمت ہے.

اصل افعال میں اباحت

ہاں جی ۔۔۔ اب اختلاف والا مسئلہ بیان کرتا ہے جو اہل سنت کے درمیان میں ہے۔ بعض کے
نزدیک اباحت اصل ہے جتنے دلیل حرمت کی نہیں آئے گی تب اصل اشیاء میں اباحت ہے یہ
اکثر حنفیہ اور شافعیہ کا مذہب ہے۔ اور بعض ان کے علاوہ جو ہیں ان کے نزدیک اصل
افعال میں حظر ہے حرمت ہے افعال ممنوع ہیں جتنے تک کہ کوئی اجازت نہ آئے تو تب
تک حرام نہیں جائیں گے اور تیسرا مذہب ہے صدر الاسلام کا انہوں نے تفصیل کی
ہے انہوں نے کہا اگر افعال ہیں اموال کے قبیلے سے ہیں تو اصل اباحت ہے اور اگر ہیں نفوس
کے قبیلے سے تو پھر ان میں حرمت ہے۔ ترجمہ اور بہر حال خلاف منقول درمیان
اہل سنت کے نہ ہے کہ بے شک اصل افعال کا اباحت ہے جیسا کہ وہ مختار ہے
اکثر حنفیہ اور شافعیہ کا یا حظر ہے جیسا کہ چلے گئے طرف اسکے غیر ان کے اور
فرمایا صدر الاسلام نے اباحت بیچ اموال کے۔ بیع ہبہ اجارہ کھانے
پینے کی چیزیں ہیں اور حظر بیچ النفس کے۔
فقیل ان ذلك : اب اکثر حنفیہ نے شافعیہ نے شاعرہ ہیں ناں اہل سنت
ان پر سوال ہو گیا کہ تمہارے نزدیک تو شریعت سے حکم ہے شرع سے تو پھر یہ اصل
افعال میں اباحت کیسے ہوگی یا حظر یہ تو حکم ہے حکم آنا ہے شریعت سے۔ شریعت
سے پہلے تو حکم ہی نہیں ہے یہ کیسے کہہ سکتے ہیں اصل افعال میں اباحت ہے یا حظر
تو اباحت بھی تو حکم شرعی ہے۔ ہاں جی ۔۔۔ خاص کر اشاعرہ پر اعتراض ہوتا ہے
انہوں نے کہا حکم شرع سے آتا ہے شرع پر موقوف ہے شریعت آئے گی تو بتائے گی
یہ حسن ہے یہ قبیح ہے یہ واجب ہے یہ حرام ہے یہ تمہارے لیے مباح ہے
یہ مکروہ ہے یہ اصل اباحت کیسے ہو گئی پھر۔ اصل اباحت کا تو یہ معنی ہے کہ
شریعت کے نزول سے پہلے اصل ہوگی اباحت ہے تو اسکا جواب دیا یہ اختلاف
بعد شرع کے ہے کیسے بنی یعنی ادلہ سمعیہ ہیں جو دلالت کرتی ہیں کہ جتنے
تک دلیل حرمت کی قائم نہ ہو تو وہ فعل ماذون ہے یا ممنوع عنہ۔ تو احکام
یہ آ گئے ادلہ سمعیہ ہوگی جس سے ہم کہہ رہے ہیں یہ ممنوع ہے یہ ماذون
ہے۔ ہاں جی ۔۔۔ یہ اختلاف شرع کے بعد ہے ادلہ ہیں سمعیہ مطلب ہے
جتنے تک دلیل حرمت کی قائم نہیں ہوگی تو ہم کہیں گے یہ ماذون ہے۔ یا ممنوع ہے

جتنے تک دلیل حرمت کی جب دلیل حرمت کی آگئی تو وہ ممنوع ہے واضح ہے اگر دلیل حرمت
کی منزل آئے تو اس وقت اذن ہے جو کہیں گے اذن ہے ان کی دلیل حرمت کی قائم نہیں اصل
اباحت ہے وہ کہیں گے اصل اباحت ہے لہٰذا۔ دوسرے کہیں گے دلیل حلت کی قائم نہیں تو وہ کہیں
گے یہ ممنوع ہے ترجمہ بس کیا گیا کہ بے شک یہ وہ اختلاف بعد شرع کے ہے سائق
ادلہ سمعیہ کے یعنی دلالت کرتی ہیں وہ ادلہ اس بات پر کہ بے شک جب تک نہ قائم
ہو تیج اسکے دلیل تحریم کی ماذون فیہ ہے یا ممنوع عنہ ہے۔
و فیہ ما فیہ اب ماتن اسکے رد کی طرف اشارہ کرتا ہے یہ جو جواب دیا انہوں نے
یہ اسکے اندر اعتراض ہے جو اسی کے اندر ہے کہ بات سنو جب دلیل تحریم کی قائم
نہیں ہوئی تو تم کہو گے ماذون ہے اباحت ہے تو پھر آگئی دلیل تحریم کی تو پھر نسخ
کہنا چاہیے کیونکہ اباحت بھی تو ایک حکم ہے حالانکہ اباحت اسکو نسخ کوئی نہیں کہتا اباحت کے
بعد حرمت دلیل تحریم کی آئی نسخ کوئی نہیں کہتا یا دلیل حلت کی قائم نہیں تھی تو وہ
وہ کہیں گے ممنوع ہے تو اب دلیل آگئی حلت تو اسکو نسخ کوئی نہیں کہتا اس
سے پتہ چلا کہ شرع سے پہلے ہے تو وہ حکم شرعی نہیں ہے اباحت کا اگر
حکم شرعی بناتے ہو تو پھر نسخ ماننی پڑے گی۔ رفع اباحت اصلی کا اسکو
نسخ کرنا پڑیگا حالانکہ نسخ کوئی نہیں کہتا۔ ہاں جی ۔ ۔ ۔ ۔ جتنے تک دلیل
تحریم کی قائم نہیں ہوئی تھی تو بس اباحت ہے اس فعل میں اگر دلیل حلت کی قائم نہ
ہو۔ یہ اختلاف شرع کے بعد ہے تو حکم شرعی مانتے ہو یا نہیں مانتے اگر مانتے
ہو اباحت حکم شرعی ہے تو پھر دلیل تحریم کی قائم نہ تھی تو پھر حرمت آگئی
تو وہ تو نسخ کہنا چاہیے اباحت حکم شرعی ہے وہ اٹھو گیا تو دوسرا حکم
آگیا حالانکہ اسکو نسخ تو نہیں کہتے ہیں اس سے پتہ چلا کہ یہ
شرع سے پہلے ہے اباحت حکم شرعی نہیں ہے اصل اشیاء میں
اباحت ہے۔ ترجمہ اور بیچ اس قبیل کے وہ اعتراض ہے جو بیچ اسی
کے ہے۔ یعنی اندر اسی کے ہے۔

مسلم الثبوت ص ۲۳ سبق: 1

واما المعتزلة فقسموا الافعال الاختیاریۃ الخ   اصل بات اس میں تھی کہ عقل حاکم ہے یا نہیں ہے تو معتزلہ کے نزدیک عقل حاکم ہے افعال کی دو قسم ہیں افعال اختیاریہ اور افعال اضطراریہ۔ تو افعال اختیاریہ کی انہوں نے تقسیم کی کہ اس کی دو قسم ہیں۔ ایک تو وہ ہیں کہ عقل ان کی جہت محسنہ اور مقبحہ یعنی علت حسن اور قبح کی ادراک کرتا ہے اور دوسرے وہ ہیں کہ عقل علت حسن کی اور قبح کی نہیں ادراک کرسکتا۔ پہلا قسم کہ عقل ادراک کرتا ہے جہت کا معنی علت ہے وہ فعل کو حسین کرتی ہے واجب کرتی ہے علت۔ حسن قبح کی علت عقل ادراک کرتی ہے۔ انہوں نے اس کے پانچ اقسام مشہورہ ذکر کیے۔ اور وہ جن کے حسن قبح کو عقل ادراک نہیں کرتا تو ان میں شرع تک سے پہلے ہوا کہ بات تو اسی میں چلی ہوئی ہے۔ یعنی حسن قبح عقلی۔ عقل حاکم ہے۔ شرع سے پہلے کی بات ہے۔ اس میں تین اقوال ہیں۔ پہلا قول اباحت ہے دوسرا حظر ہے اور تیسرا قول توقف ہے۔

ترجمہ: اور بہرحال معتزلہ پس تقسیم کیا انہوں نے افعال اختیاریہ کو۔ (یہ بتایا کہ افعال اختیاریہ وہ ہے کہ جن کے بغیر انسان گزران بقا ممکن ہو۔ کچھ وہ ہیں کہ جن کے بغیر انسان کا گزران بقاء ممکن نہیں ہے جیسے کھانا پینا غذائیت کا ہے۔ قوام بدن۔ ان کے ماسوا ہے یعنی ان کے بغیر تعیش اور بقاء ممکن ہو۔ جیسے اکل فاکہہ) اور یہ وہ ہیں جو ممکن ہے بقا اور تعیش بغیر ان کے مثل کھانے فاکہہ کے (یعنی جو ویسے طعام کھانے کے بعد اوپر دل کی خوشی کے لیے کھاتے ہیں۔ اکل فاکہہ یہ فعل اختیاری ہے پھر اس میں دو قسمیں ہو گئیں۔ کچھ وہ افعال ہیں کہ عقل علت حسن قبح کی ادراک کرتی ہے اور دوسرا قسم کہ عقل علت حسن قبح کی کو ادراک نہیں کرتی۔) تقسیم کی انہوں نے طرف اس کے جو ادراک کرسکتی ہے کی جاتی ہے قبح اس کا جہت محسنہ یا مقبحہ۔ اس کے پانچ مشہور اقسام ہیں۔ واجب حرام مکروہ، مندوب، مباح۔ عقل علت حسن اور قبح کی ادراک کرتی ہے پھر دیکھیں فعل اور ترک دو جہتیں ہیں۔ یا تو ترک قبیح ہوگا یا ترک قبیح نہیں ہے۔ اگر ترک قبیح ہو تو پھر فعل واجب ہوگا۔ یہ پہلا قسم آگیا۔ اور ترک حرام ہے۔ تو پھر دیکھیں گے کہ ترک جس طرح قبیح ہے فعل قبیح ہے یا فعل قبیح نہیں ہے جس طرح ترک قبیح نہیں ہے۔ اگر فعل بھی قبیح ہو یہ ہو گیا مکروہ۔ (پہلے آگیا ترک قبیح ہے تو فعل ہوگیا واجب مقابلے پہ ترک قبیح تو فعل واجب

ہو گیا جو مقابلے میں فعل ہے ۱۲

(۲۲۹)

اور اگر فعل قبیح ہے یہ حرام ہوگا۔ ترک واجب ہوگا۔ اگر ترک قبیح نہیں ہے اور فعل بھی قبیح نہیں ہے۔ یہ اباحت ہوگی۔ اگر فعل حسن ہے اور ترک اس کا قبیح نہیں ہے یہ ہوگیا مندوب

تقریر ثانی: عقل حسن قبح کی علت ادراک کرتا ہے یا نہیں کرتا۔ اگر کرتا ہے تو اس کے پانچ قسم ہیں عقل علت ادراک کرتا ہے یا تو فعل ترک ہر ایک قبیح ہوگا۔ یا فعل اور ترک ہر ایک قبیح نہیں ہے پہلے اگر ترک قبیح ہو تو پھر فعل اس کا واجب ہو جائے گا۔ اور اگر فعل قبیح ہے تو اس کا ترک واجب ہوگا۔ پہلے کا ترک قبیح ہے تو فعل واجب ہے اور اگر فعل قبیح ہے تو اس کا ترک واجب ہے۔ اب یہ رہ گیا فعل ترک قبیح نہیں۔ یہ ہوگا کہ فعل حسن ہے یا ترک حسن ہے۔ اگر فعل حسن ہو تو یہ مندوب ہوگیا۔ اور ترک اچھا ہو تو یہ مکروہ ہوگیا۔ اور اگر فعل حسن نہ ہے اور نہ ترک حسن اور اسی طرح نہ فعل قبیح ہے نہ ترک قبیح ہے۔ یہ جہت باقی رہ گئی تھی۔ یہ مباح ہے۔

دوسرا۔ افعال کے حسن کی علت ادراک کرتی ہے۔ اب حسن کو دیکھیں۔ حسن میں قوت ہے تو واجب اگر حسن ہے لیکن قوت نہیں ہے ضعیف ہے تو مندوب۔ اسی طرح قبح کی علت ادراک کی قبیح شدید ہے تو یہ حرام۔ قبیح ہے لیکن شدید نہیں ہے یہ ہوگیا مکروہ۔ اور اگر اس میں حسن بھی نہیں ہے قبح بھی نہیں ہے یہ ہوگیا اباحت۔

خلاصہ کلام: پہلی تقریر میں فعل کے ترک کا دخل آیا۔ یا تو فعل اور ترک ہر ایک قبیح ہوگا یا ہر ایک قبیح نہیں ہے۔ صورت متعین بن جاتی ہیں۔ اگر فعل اور ترک ہر ایک قبیح ہے۔ ترک قبیح ہے تو فعل اس کے مقابلے ہے وہ واجب ہوگا۔ اگر فعل قبیح ہے تو ترک واجب ہوگا اور فعل حرام ہو جائے گا۔ اور اگر فعل حسن ہے یہ مندوب ہو جائے گا۔ اگر فعل حسن نہیں ہے تو یہ مکروہ میں داخل ہوگا اور اگر فعل نہ حسن ہے نہ قبیح ہے تو یہ اباحت میں داخل ہوگا۔

ترجمہ: پس تقسیم کیا انہوں نے افعال اختیاریہ کو طرف اس کے جو ادراک کیا جاتا ہے نیچے اس کے جہت محسنہ یا جہت مقبحہ پس منقسم ہوگا وہ فعل طرف اقسام خمسہ مشہورہ کے۔ اور طرف اس کے جو نہیں ہے اس طرح (یعنی عقل حسن قبح کی علت ادراک نہیں کر سکتا۔) اور واسطے ان کے نیچے اس کے پہلے شریعت کے تین اقوال ہیں۔ یعنی نیچے اس فعل کے تین اقوال ہیں

الاباحۃ تحصیلاً لحکمۃ الخلق الخ: پہلا قول اباحت ہے۔ تحصیلاً لحکمۃ الخلق سے ان کی دلیل نقل کرتا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے ان چیزوں کو پیدا تو کیا ہے۔ تو کوئی نہ کوئی حکمت تو ہوگی اس حکمت کی تحصیل سکتا ہے۔ پس حکمت کی تحصیل ضروری ہے اور یہ تحصیل تب ہوگی کہ ہم

پہلی تقریر

دوسری تقریر

فعل حرام ہوگا

لازم ہے ہم ان کو مباح تو کہیں۔ دفعاً للعبث۔ یہ تحقیل کی دلیل ہے۔ کیونکہ اگر حکمت کی تحصیل نہ کریں تو پھر عبث لازم آتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے تو کوئی حکمت ہی نہیں ہے تو عبث لازم آئے گا۔ اللہ تعالیٰ عبث سے پاک ہے تو لہذا ۔۔۔ چیزیں پیدا کیں ہیں۔ ان کے مستعملین کا انتفاع قبل ہوتا ہے۔ جب اللہ تعالیٰ نے چیزوں کو پیدا کیا ہے تو کوئی حکمت تو ہے۔ اس حکمت کی تحصیل کے لیے ہم لازم ان کو مباح[عـہ] کہیں۔ کیونکہ اگر اللہ تعالیٰ نے ان کو پیدا کیا ہے اور ان کی کوئی حکمت ہی نہ ہو۔ تو پھر عبث لازم آئے گا۔ یہ محال ہے

ترجمہ: اباحت۔ واسطے حاصل کرنے حکمت خلق کے دفعاً (یہ تحقیل کی علت ہے) واسطے دفع عبث کے۔

وربما یمنع الاستلزام۔ اب مذکورہ دلیل کے لزوم پر منع وارد کی۔ انہوں نے کہا کہ تم کہتے ہو کہ اس لیے پیدا کیا ہے اللہ تعالیٰ نے۔ اس میں حکمت یہی ہے کہ ہم ان سے انتفاع پکڑیں تاکہ ہمیں خلق کی حکمت حاصل ہو۔ یہ کوئی ضروری نہیں ہے۔ کہ تحصیل حکمت خلق اباحت کی علت ہے۔ ہو سکتا ہے کہ حظر اس میں حکمت خلق کا تحصیل ہے کہ ہم کہیں کہ حرام ہیں۔ پھر بھی حکمت خلق ہوگی۔ مذکورہ استلزام ہم تسلیم نہیں کرتے۔ کہ اگر مباح نہ ہو تو پھر خلق کا فائدہ کوئی نہیں ہوگا۔ ان میں کوئی ملازمہ نہیں ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ مباح کبھی نہیں ہیں تو فائدہ پھر بھی ہے۔ مثلاً ہم کہیں کہ یہ ہیں حرام۔ حکمت یہ ہے کہ تم جو خواہش کرو گے ان کی طرف۔ یہ تو حرام۔ پھر عقل کہے گی کہ یہ تو حرام ہیں ان کے قریب مت جانا۔ یعنی منہ میں پانی آجائے تو کھڑے رہو دیکھتے۔ ان کو ہاتھ بھی نہ لگاؤ۔ پھر اس پر تم کو ثواب ملے گا۔ منہ وہ اپنے خواہش نفسانی سے روکتا ہے تو ایمان میں، قلب میں ایک مٹھاس پیدا ہوتی ہے تو خواہشات نفسانی سے جو روکیں گے اس پر ہمیں ثواب حاصل ہوگا۔ اگر حظر ہو تو پھر بھی حکمت کی تحصیل ہے۔ تم نے کہا کہ اگر مباح نہ ہو تو ان کی خلق کا فائدہ نہیں ہے ہم کہتے ہیں کہ مباح نہیں ہیں اور فائدہ بھی ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا تو نفوس خواہش کریں گے، ہم کہیں گے کہ یہ حرام ہیں۔ مباح نہیں ہیں۔ اب یہ [illegible] ہم نہیں گے۔ ہمیں ثواب حاصل ہوگا۔ یہ خلق کی حکمت کی تحصیل ہو جائے گی۔ [illegible] جیسے علوم ہیں تم جاؤ اردو پڑھو۔ اس کا رنگ بھی اور ہے تو طرز بھی اور ہے۔ [illegible] اگر مباح نہ ہوں یہ ملزوم ہے۔ تو پھر خلق کا کوئی فائدہ ہی نہیں ہوگا

[عـہ] یعنی ان سے انتفاع پکڑنا ہمارے لیے مباح ہے۔ کیونکہ اگر اللہ تعالیٰ نے ان کو پیدا کیا ہے اور ان کو مباح نہ کریں تو پھر اللہ تعالیٰ نے پیدا تو کیا ہے۔ اور ان میں کوئی حکمت ہی نہ ہو۔ تو عبث لازم آئے گا۔ بے فائدہ تو چیزوں کو نہیں پیدا کیا۔ تو پھر پیدا کرنے کی حکمت یہی ہے کہ ہم ان سے انتفاع پکڑیں۔ کیونکہ اگر ہم نہیں کہ پیدا کیا ہے لیکن حکمت کوئی نہیں۔ یعنی اس کی تحصیل تو پھر عبث لازم آئے گا۔

خلق کا فائدہ نہ ہو یہ عبث لازم آئے گا۔ لہذا مباح قرار دیں تاکہ حکمت خلق کی تحصیل ہو۔ اور عبث بھی لازم نہ آئے۔ یہ اس پر اعتراض کرتا ہے کہ ہم یہ استلزام تسلیم نہیں کرتے کہ اگر مباح نہ ہوں تو پھر بے فائدہ خلق ہوگی۔ عبث لازم آئے گا۔ یہ ہم نہیں مانتے۔ ہم کہتے ہیں کہ اگر محظور ہوں پھر بھی خلق کی حکمت ہے اور تحصیل ہو سکتی ہے بے عبث۔ جیسے جب اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہمارے نفوس میں میلان پیدا کیا۔ ہمارے نفوس ان کی طرف میلان کریں گے پھر ہم ان سے رکیں گے۔ یہ سمجھ کر حرام ہیں۔ تو جب رکیں گے تو ثواب مترتب ہوگا۔ یہ فائدہ ہے خلق کا۔

ترجمہ: اور کہا ہے منع کیا جاتا ہے استلزام۔

والحظر لئلا یلزم التصرف فی ملک الغیر الخ: دوسرا قول ہے حظر کا۔ یہ تو شریعت سے پہلے کی بات۔ المصنف نے کہا: یہ اور بعض افعال ایسے ہیں کہ عقل ان کے حسن قبح کو ادراک نہیں کرتی تو اس میں تین قول ہیں۔ پہلا اباحت۔ دوسرا حرام۔ اب ان کی دلیل بیان کرتا ہے۔ یعنی وہ اس ہے۔ شریعت سے تو پہلے کی بات ہے۔ حرام اگر نہ قرار دیں تو پھر ملک غیر میں بغیر اذن غیر تصرف لازم آتا ہے۔ غیر کی ملک میں تصرف بغیر اس کی اجازت کے یہ حرام ہے۔ لہذا وہ افعال حرام ہیں۔

ترجمہ: دوسرا قول حرام ہے تاکہ نہ لازم آئے تصرف بیچ ملک غیر کے بغیر اذن اس کے۔

وقد مر الخ: اب اس کا جواب دیتا ہے دو وجہ سے۔ اور اس کا حوالہ دیتا ہے وقد مر کہ پہلے تو ہم یہ تسلیم نہیں کرتے کہ ملک غیر میں اذن کے بغیر تصرف ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ اذن ہے۔ کونسا؟ یعنی اذن عقلی: ایک۔ دوسرا: چلو ہم مان بھی لیں کہ بغیر اذن کے تصرف ہے تو پھر یہ مطلق تصرف بغیر اذن کے حرام بھی نہیں ہوتا۔ وہی تصرف بغیر اذن کے حرام ہوتا ہے جس سے غیر کو ضرر ہوتے غیر راضی نہ ہو۔ یہاں تو ضرر متصور ہی نہیں ہے اللہ تعالیٰ کو کوئی ضرر نہیں دے سکتا کہ اس کی ملک میں کوئی تصرف کرے۔ جیسے دیا جل رہا تھا ہم نے جا کر دیا روشن کر لیا۔ یا غیر کی دیوار کے سائے تلے اس کی اجازت کے بغیر کھڑے ہو گئے۔ ضرر نہیں ہے۔ تو یہ تصرف اگرچہ ملک غیر میں بغیر اذن کے ہے لیکن جائز ہے۔ وقد مر یہ پیچھے آ چکا ہے۔

ترجمہ: اور تحقیق گزر چکا۔

ولا یرد علیھما انہ کیف یقال بالاباحۃ الخ: اب یہاں سوال ہو گیا۔ وہ یہ ہے کہ تم نے اباحۃ اور حظر کا قول کیا۔ دونوں پر اعتراض ہے۔ وہ یہ ہے کہ سنتی یہ ہے کہ عقل حسن قبح کا ادراک نہیں کرتی۔ جب ادراک ہی نہیں کرتی تو پھر عقل ان کو مباح یا حرام کیسے قرار دے سکتی ہے۔ تو جب عقل نہ حسن کی علت کو نہ قبح کی علت کو ادراک کر سکتی ہے تو مباح یا حرام کیسے کہے گی۔ یہ ۔ کیونکہ فرض یہ کیا ہوا ہے کہ علت حکم کا علم ہی نہیں ہے۔ اس کا جواب دیا۔ تفصیلاً۔ ہم جو بیان کیا ہے کہ مباح ہے یا حرام ہے یہ اجمال ہے۔ یہ اجمالی حکم ہے۔ جزئی جزئی کا نہیں ہے کہ یہ مباح ہے، یہ مباح ہے۔ بلکہ اجمالی حکم ہے۔ اور جو ہم نے کہا کہ عقل حسن قبح کی علت کا ادراک نہیں کر سکتا پھر مباح قرار نہیں دے سکتا، محظور یعنی تفصیلاً قرار نہیں دے سکتا۔ عقل کو خاص حکم کے تفصیل حکم کی نہیں ہے یہاں جو ہم نے کہا کہ اباحت یا حظر یہ اجمالی حکم ہے۔ ما قبل اقسام خمسہ میں جو حکم تھا وہ تفصیلی ہے اور یہاں پر جو آیا ہے یہ اجمالی ہے۔ عقل حسن قبح کا ادراک نہیں کر سکتی یعنی تفصیلاً۔ باقی یہ کہ حکم اجمالی بھی نہیں لگا سکتی اس کی نفی نہیں ہے۔ جیسے جنہوں نے قول کیا انہوں نے دلیلیں بھی اجمالی دیں۔ تحصیلاً لحکمۃ الخلق۔

ترجمہ: اور نہیں وارد ہوتا اور ایراد ہوتے کہ بے شک کیسے کہا جائے گا ساتھ اباحت اور حظر عقلیین کے حالانکہ تحقیق فرض کی گئی ہے کہ نہیں حکم واسطے عقل کے ~~بیچ~~ دنیا کے کیونکہ فرض (یہ لانہ ہے لا یرد کی دلیل۔) یہ ہے کہ نہیں علم ساتھ علت حکم کے تفصیلاً (یعنی علم تفصیلی نہیں ہے باقی یہ کہ اجمالی نہیں ہے اس کی نفی نہیں ہے؟) علت تفصیلی اور علت اجمالی۔ تفصیل علت کی صفت ہے۔ ماقبل کا ادراک نہیں ہے یعنی تفصیل نہیں ہے خاص علت حکم کی پھر حکم بھی خاص ہے۔ باقی یہ کہ اجمالی علم نہیں ہے اس کی نفی نہیں ہے۔ اجمالی علم عقل کو ہے جیسا کہ اس پر عقلی دلیل بھی اجمالی دی ہے تحصیلاً لحکمۃ الخلق۔) کیونکہ فرض یہ ہے کہ نہیں علم ساتھ علت حکم کے تفصیلاً اور نہیں منافی ہے علم اجمالا کو۔ یعنی اجمال ہے کہ سارے افعال کو شامل ہے اس نے کہا اللہ تعالیٰ نے اشیاء پیدا کی ہیں۔ اب اگر مباح قرار نہ دیں تو پھر حکمت کی تحصیل نہیں ہو گی۔ یعنی خلق کا کوئی فائدہ نہیں ہو گا۔ عبث لازم آئے گی۔ لہذا کم از کم یہ کہیں گے مباح ہے۔ باقی یہ کہ یہ کرو۔ یہ نہ کرو۔ اس کا ہم نہیں کہتے۔ پس مباح ہے۔ یعنی نفی تفصیل کی ہے۔

عـہ مباح اور حرام بھی حکم ہیں۔ تو جب حکم کی علت کا ادراک نہیں کر سکتی تو پھر مباح اور حرام والا حکم کیسے لگا سکتی ہے۔

عـہ حکم کی علت تفصیلی کا علم نہیں ہے باقی اجمالی کا علم نہیں ہے اس کی نفی نہیں ہے اجمالی دلیل بھی دی ہے وہ بھی اجمالی دی ہے۔

مسلم الثبوت ص ۲۳ سبق ۲:

اقول ایرد علیہما انہ یلزم جواز القذاف الخ: اب ایاں پر اعتراض کرتا ہے۔ اباحت اور حظر دونوں پر اعتراض ہے۔ یعنی اباحت والوں کے قول پر کہ مباح ہے فعل۔ اب عقل حسن قبح کو تو ادراک نہیں کر سکتی۔ ہو سکتا ہے کہ وہی فعل نفس الامر میں حظر ہو۔ تو یہ فعل پر حظر اباحت دو حکم متضاد جمع ہو جائیں گے۔ دوسرا قول ان پر بھی اعتراض ہوتا ہے کہ حظر ہے۔ کیونکہ دلیل یہی ہے کہ عقل حسن قبح کی علت کو ادراک نہیں کر سکتی۔ ہو سکتا ہے کہ نفس الامر میں اباحت ہو۔ اباحت حظر ایک فعل پر جمع ہو گئے۔

ترجمہ: کتابوں میں وارد ہوتا ہے اور ان دو کے کہ لازم آئے گا جواز القذاف ایک فعل کا ساتھ دو حکم کے جو متضاد ہیں بیچ نفس الامر کے۔

ولا ینفع الاجمال والتفصیل الخ: اسے کسی نے جواب دیا اس کا رد کرتے ہیں۔ کسی نے جواب دیا کہ یہاں دو حکم متضاد کا اجتماع نہیں ہو رہا۔ کیونکہ جنہوں نے کہا ہے کہ اباحت اور نفس الامر میں ہو حظر۔ اباحت والا حکم اجمال ہے اور نفس الامر والا حکم تفصیل ہے یا دوسرا۔ جنہوں نے کہا حظر ہو سکتا ہے کہ نفس الامر میں مباح ہو۔ نفس الامر میں جو حکم ہے وہ تفصیلی ہے اور جنہوں نے حظر کہا وہ اجمالی ہے۔ اجمال اور تفصیل والا فرق آ گیا تو دو حکم متضاد نہ ہوئے۔ ایک حکم ہے اجمالی اور دوسرا حکم ہے تفصیلی۔ جیسے ماتن اجمال اور تفصیل کا فرق آیا۔ اس کا جواب دیتا ہے کہ یہاں پر اجمال اور تفصیل نفع نہیں دیتا۔ کیونکہ یہ اختلاف (یعنی اجمال اور تفصیل والا اختلاف) ملت دلیل میں ہے کہ دلیل اجمالی ہے دلیل تفصیلی۔ اباحت اور حظر فعل میں جمع ہیں فعل ایک ہے۔ مباح جو ہوگا متن ہوگا۔ نفس الامر میں محظور ہو اور ہم مباح کہہ رہے ہیں فعل ایک ہے۔ لہذا دلیل والا اجمال تفصیل نفع نہیں دیتا۔ کیونکہ دو حکم متضاد ایک فعل پر جمع ہیں اور دو حکم اباحت حظر اکٹھے ہو رہے ہیں۔ مشکل ہے یہ مسلم الثبوت ہے۔ ایسی ایسے ہی نہیں چھوڑ دیا ان کتابوں کو۔ تنظیموں نے اس لیے چھوڑ دی ہیں کہ یہ آسان ہیں جو حلوا تھا۔ کم زبان رگڑ رگڑ کر یہ کتابیں سمجھ میں آ گئی ہیں۔ انہوں نے کہا ڈھکیلو اور یہی منظور ہے مسلم الثبوت نہیں پڑھاتے۔ خود بھی تشدد ہو گئے اور دوسروں کو بھی کر دا ہیں گے ساتھ یہ بھی ہوگا کہ یہ مجاہدین ہیں۔ ان لوگوں نے اہل سنت کو نقصان

پہنچایا ہے۔ جھوٹا گروہ ثابت کیا ہے۔ کہ بریلوی جھوٹا گروہ ہے۔ ہم تو مخنور رہے کہ بریلوی تو پاکستان میں بہت کثیر تعداد میں ہے۔ انہوں نے ہمیں جھوٹا گروہ پیش کیا ہے۔

ترجمہ: اور نہیں نفع دے گا اجمال اور تفصیل کیونکہ اختلاف علت کا نہیں اٹھاتا متناقض کو۔

اجمال اور تفصیل والا فرق۔ ہم ایک مثال میں چلے جاتے ہیں کہ الحمد للہ۔ دال پر رفع پڑھتے ہیں۔ اب اس پر ایک دلیل تفصیلی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی طرح سنا۔ صحابہ نے حتیٰ کہ ہم نے تو پھر پڑھا الحمدُ للہ۔ ایک بندہ ہے جس کو سماع ہے ہی نہیں۔ کہ حضور نے کس طرح پڑھا۔ اس کو نحو کا ایک قاعدہ یاد ہے۔ وہ کہتا ہے کہ مبتدا مرفوع ہوتا ہے۔ اس نے اس دلیل اجمالی سے پڑھا الحمدُ للہ۔ یہ دلیل اجمالی ہے اور وہ دلیل تفصیلی ہے لیکن حکم سے دونوں کہ رفع پڑھنا ہے۔ اختلاف علت کا ہے اس کا حاصل نفع دیا۔ یہاں ہم نے کہا۔ ادراک عقل حسن قبح کی علت کا نہیں کرتی۔ بات شرع پاک سے پہنچی ہے۔ تو وہ افعال مباح ہیں دلیل اجمالی سے کہا۔ یہ کہ عقل حاکم نہیں ہے حسن قبح کا ادراک نہیں کرتی یہ تفصیل ہے۔ اثبات اجمال کا ہے اور نفی تفصیل کی ہے لیکن یہاں پر یہ جواب نہیں چل سکتا۔ یہ اختلاف دلیل میں ہے اور دو حکم متضاد ایک محل میں جمع ہو رہے ہیں۔ حکم ہے اباحت اور حظر۔

ہماری قوم بڑی شریف قوم ہے کونسی؟ بریلوی مسلک پر امن ہے روشن خیال بڑے حلیم اور دانا لوگ ہیں اب مجھے خطرہ ہے کہ کہیں بریلویوں کو دہشت گرد قرار نہ دے دیا جائے۔ کیونکہ حکومتیں بہانے مانگ رہی ہیں۔ دینی جماعتوں کو مغرب پسند نہیں کرتا۔ یہ بڑے وحشت پسند ہیں۔ دہشت گرد ہیں۔ اخیر ہمیں پھر الیکشن میں بھی حصہ نہ لینے دیں۔ ایسی صورت نہ بنانا۔ ایسی صورت بنانا کہ لوگ تمہارے اوپر اعتماد کریں۔ ادھر بھی طریقے سے کام کرو اور ادھر بھی طریقے سے کام کرو۔ سانپ بھی مر جائے اور لاٹھی بھی بچ جائے۔

فتامل: یہ فتامل ہے کہ تو اس میں تامل کر۔ تامل یہ ہے کہ تم نے کہا کہ اجمال تفصیل نفع نہیں دیتا۔ ہم کہتے ہیں ایک محل پر دو حکم اکٹھے نہیں ہو سکتے۔ دو حکم متضاد اکٹھے نہیں ہو رہے۔ کیونکہ جنہوں نے مباح کا حکم لگایا وہ معنوں پر یا حظر کا لگایا

فتدبر: تدبر یہاں پر بنتا ہے کہ یہاں پر تفصیل اجمال کے منافی نہیں ہے۔ ماقبل کہا: اجمال تفصیل نفع نہیں دیتا: یہاں پر اجمال تفصیل نفع دے رہا ہے۔ وہاں جو اجمال تفصیل نفع نہیں دے رہا ہوں کہ فعل ایک ہے اس کے اوپر دو حکم جمع ہیں اباحت اور حظر۔ یہاں پہ دلیل۔ اور دلیل میں اجمال تفصیل نفع دے رہا ہے۔ تفصیلی دلیل معلوم نہیں ہے۔ اس سے دلیل اجمالی کی نفی نہیں ہوتی۔ ہم اجمالاً حکم لگا رہے ہیں۔ ہمارے پاس کوئی تفصیلی دلیل ہے خصوصیت پہ یہ اس کے منافی ہے۔ یہاں نفع دے رہا ہے۔ ماقبل نہیں دے رہا۔

ترجمہ: پس تو تدبر کر۔

عہ ماقبل اجمال تفصیل دلیل میں نہ تھا اور اجتماع دو حکموں کا فعل پر تھا: عدت کا اعتقاد یعنی اجمال تفصیل فعل کے لئے وقتی تو نہیں اجتماع اس لئے کہ تفصیل دلیل کا اجمال نفع نہیں دیتا۔ اور یہاں پر بات دلیل میں ہے تو لہٰذا اور اجمال تفصیل بھی دلیل میں ہے تو لہٰذا یہاں پر اجمال تفصیل نفع دے گا۔ فافہم ۱۲ محمد نعیم غفرلہ

مسلم الثبوت ص ۲۴ سبق نمبر 1:

تنبیہ: الحنفیۃ قسموا الفعل الخ پہلے معتزلہ کے نزدیک افعال کی تقسیم آئی کہ افعال اعتبار سے کے دو قسم ہیں۔ کچھ تو وہ ہیں کہ ان کے حسن قبح کی علت عقل ادراک کرتی ہے۔ کچھ وہ افعال ہیں جن کے حسن قبح کی علت عقل ادراک نہیں کرتی۔ پہلا قسم جن کے حسن قبح کی علت عقل ادراک کرتی ہے۔ اس کے پانچ قسم مشہور ہیں۔ اور جن کے حسن قبح کی علت عقل ادراک نہیں کرتی۔ تو شرع سے پہلے ان میں معتزلہ کے تین اقوال ہیں۔ وہ آ گئے۔

اب حنفیہ کے نزدیک افعال کی تقسیم: کہ فعل ہے کہ اس کی ذات میں حسن ہے یا لذاتہ حسن نہیں ہے۔ حسن ذات کی نظروں نہیں ہے بلکہ غیر کی نظروں حکم ہے یعنی غیر نے اس کے اندر حسن پیدا کر دیا ہے۔ پہلا قسم جو حسن فعل کی ذات میں ہے پھر یہ دو قسم ہے ایک حسن سقوط کو قبول ہی نہیں کرتا۔ وہ ایسا حسن ہے وہ فعل کی ذات کا مقتضی ہے۔ اور سقوط کو قبول نہیں کرتا جیسے ایمان۔ ایمان ایسا فعل ہے جو حسین لذاتہ ہے۔ حسن اس کی ذات کا مقتضی ہے کبھی سقوط کو قبول نہیں کرتا۔ ایمان تصدیق ہے۔ یا وہ فعل حسین لذاتہ ہے۔ ذات میں حسن ہے لیکن سقوط کو قبول کرتا ہے جیسے نماز اوقات مکروہہ میں ساقط ہو جاتی ہے۔ نماز میں حسن ہے۔ عبادت ہے۔ اور ذات میں حسن ہے اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے تواضع ہے

عہ اقرار ہے وغیرہ یعنی تصدیق سقوط کو قبول نہیں کرتی ۱۲

دوسرا قسم کہ فعل کی ذات میں حسن نہیں ہے بلکہ ذات میں قبح ہے لیکن غیر نے اس میں حسن کو پیدا کر دیا ہے۔ اب پھر غیر کی نظروں اس کے دو قسم ہو جائیں گے۔ کچھ وہ ہیں کہ غیر جس نے حسن پیدا کیا ہے بندے کے اختیار میں نہیں ہے۔ تو جب بندے کے اختیار میں نہیں ہے تو وہ غیر ضرور ہوگا۔ بندے کے اختیار کو غیر میں

مسلم الثبوت ص ۲۵ سبق 1

اور حکم حادث ہے واسطے ثبوت نسخ کے اور وہ جو ثابت ہے قدم اس کا (قدم تو خطاب کا ثابت ہے) تو ممتنع ہے عدم اس کا۔

والجواب ان الحادث ھو التعلق فافھم۔ بس اب جواب دیتے ہیں۔ ہم نے جو حکم کی تعریف کی ہے خطاب اللہ تعالیٰ المتعلق ـ المتعلق ہی کہا۔ تو کلام نفسی قدیم ہے لیکن اس کا تعلق۔ افعال مکلفین کے ساتھ تعلق۔ یہ تعلق حادث ہے ـ تو تعلقات کے حدوث سے کلام کا حدوث لازم نہیں آتا۔ جب بندہ پیدا ہو جاتا ہے تو پھر تعلق آتا ہے۔ کلام اس کا نفسی وہ قدیم ہے۔ اس کا تعلق حادث ہوتا ہے۔

ترجمہ: اور جواب یہ ہے کہ بے شک حادث (حکم ہے یا خطاب ہے یہ دونوں یعنی دونوں ایک شئی ہے۔ تعریف۔ الحکم خطاب اللہ۔ یہ حکم، خطاب اللہ تعالیٰ کی صفت ہے۔ صفت بسیط قدیمہ ہے پھر تعلق ہوتا ہے۔ جیسے تم آئے تو تعلق ہوا ہمارے ساتھ۔ تو تعلق ہوا اس کے حدوث سے میں تو حادث نہیں ہوا کہ اسی وقت پیدا ہو گیا۔ میں پہلے تھا تعلق بعد میں ہوا۔ کسی شئی کا تعلق حادث ہو تو شئی کا حدوث لازم نہیں آتا۔) وہ تعلق ہے پس تو اس میں فھم کر۔

مسلم الثبوت ص ۲۵ سبق ۲۰

الثالث منقوض باحکام الصبی الخ۔ ماتن نے فرمایا یہاں ابحاث ہیں: پہلی بحث: تعریف جامع نہیں ہے۔ احکام وضعیہ تعریف سے نکل جائیں گے۔ تو اس کا جواب آگیا ـ دوسری بحث تھی۔ تعریف مانع نہیں اس کا جواب آیا۔ اب تیسری بحث۔ اس اعتبار سے ہے کہ تعریف جامع نہیں ہے وہ احکام صبی کے افعال کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں۔ خطاب اللہ تعالیٰ المتعلق بفعل المکلف:۔ بچہ نماز پڑھتا ہے یہ فعل ہے اس کے ساتھ حکم تعلق پکڑتا ہے صبی کی نماز مندوب ہے بیع کرتا ہے اور اس کی بیع کرنا صحیح ہے بچہ کسی کا مال تلف کرتا ہے تو اس پر اس کا اولاً اس کا ضمان واجب ہوتا ہے یہ احکام ہیں محدود میں داخل ہیں لیکن تعریف اس پر صادق نہیں آتی۔ کیونکہ تعریف میں ہے خطاب اللہ تعالیٰ کا جو متعلق ہے فعل مکلف کے ساتھ۔ صبی کے یہاں بھی احکام ہیں کہ نماز پڑھے تو اس کی نماز صحیح ہے مندوب ہے۔ بیع شراء کرے تو صحیح ہے کسی کا مال جنایت۔ مالی حقوق اس پر واجب ہوتے ہیں۔ یہ وجوب حکم ہے صحت حکم ہے۔ مندوب حکم ہے۔ یہ احکام ہیں یعنی جو حکم کی تعریف کی ہے وہ بھی نہیں آتی

عه یعنی و تعلقات سے حدوث کا حدوث لازم نہیں آتا ۱۲ تعلقات سے منعم خود۔

عه یہ السوال بھی اسی اعتبار سے ہے کہ تعریف جامع نہیں ۱۲۔

یہ سمجھ نہیں آتی۔ کیونکہ تعریف میں قید بفعل المکلف ہے۔ صبی مکلف تو نہیں ہے۔ یہ تو

سوال۔

ترجمہ:۔ تیری بحث منقوض ہے یعنی تعریف ساتھ احکام افعال صبی کے ایسی سے یہ من ہے بیان) مندوب ہونا نماز اس کا اور صحت بیع اس کی اور واجب ہونا حقوق مالیہ کا بیچ ذمہ اس کے پہلی بار۔ جو ابتداء اس پر آتے ہیں اس لیے اگر کہا پھر ولی اس کی طرف سے ادا کرے گا۔)

واجیب بانہ لا خطاب للصبی۔ اس کے جواب دیتے ہیں پہلا جواب یہ ہے کہ صبی کے افعال کے احکام تعریف میں نہیں آتے تو اس سے تو خطاب ہی نہیں ہے۔ لہذا یہ حکم میں داخل ہی نہیں ہے۔ لہذا تعریف میں نہ آئے لا خطاب للصبی۔ حکم تو ہوتا ہے خطاب اللہ۔ صبی کو سرے سے خطاب ہی نہیں ہے تو اگر اس پر تعریف صادق نہ آئے تو کوئی حرج نہیں ہے

اب سوال تھا کہ اس کی نماز کو مندوب کہہ رہے ہیں۔ بیع کو صحیح۔ یہ تو احکام ہیں اس کا جواب دیتے ہیں کہ یہ ولی کو حکم ہے کہ وہ اس کو تحریض کرے۔ اسکو بار کہ بچے نماز پڑھے۔ اب وہ نماز پڑھے گا۔ اس لیے نماز مندوب ہے اس لیے کہ ولی کو خطاب ہے کہ تحریض کرے۔ اس کی نماز کا ثواب ولی کو ملے گا۔ باقی حقوق کی ادائیگی ہم کہتے ہو پہلے صبی پر ہے۔ یہ ادا بھی ولی کے اوپر ہے۔ کہ وہ صبی کے مال سے ادا کر رہا ہے۔ تو جب صبی کے مال سے ادا کر رہا ہے تو تم نے سمجھا کہ پہلے صبی کے اوپر آیا پھر ولی پر۔ یہ پہلے ہی ولی پر۔ ولی تو بالغ مکلف ہے۔

ترجمہ:۔ اور جواب دیا گیا بایں طور کہ بے شک نہیں خطاب واسطے صبی کے اور جزی حیثیت کہ واسطے ولی کے تحریض ہے (صبی کو تو خطاب ہی نہیں ہے ولی کو تحریض ہے۔ ولی اس کو سبز انگیختہ کرے) اور واسطے اس کے (ولی کے) ثواب ہے اور اوپر ولی کے ادا کرنا ہے۔

والصحۃ عقلیۃ الخ۔ اب ہے کہ صبی خود مباشرت کرے بیع کرے تو وہ صحیح ہوتی ہے تو صحۃ بیع یہ کیا حکم ہے۔ اب اس کا جواب دیتا ہے۔ یہ جو ہم کہتے ہیں کہ صبی کی نماز مندوب ہے اور بیع صحیح ہے یہ حکم شرعی نہیں ہے عقلی ہے۔ یہ حکم عقلی ہے۔ ہوتی ہے بڑی کتابیں ہیں۔ مکوریاں رگڑ رگڑ۔ محنتاں کر کر۔ خون کا رونا پڑتا ہے راتیں گزارنا پڑتی ہیں۔ مستاں آسان سمجھو تے شادیاں کرکے آ بیٹھے ہیں۔

صحت کا حکم عقل کرتی ہے۔ اب نہ یہ کہ صحت کا حکم عقل کیسے کرتی ہے۔ یعنی عقلی حکم
اس طرح ہے کہ شریعت پاک میں آیا کہ جو وضو کرے تو کپڑے پاک ہوں جگہ پاک ہو۔
اس کو استقبال قبلہ ہو۔ نیت باندھے قرآت کرے۔ رکوع سجود اس طرح پڑھے
تو اس بچے نے اس طرح پڑھی ہے۔ تو جب بڑا ہوا سمجھا تو عقل نے کہا نماز صحیح ہے
اب یہ مطابقت آ گئی۔ شریعت پاک نے جو بیان کیا ہے کہ جو کوئی اس طرح نماز پڑھے
تو نماز یہ ہوتی ہے تو اس بچے کو جو تعریف اور تعلیم دی گئی تو اس نے وہ سارا کیا جیسا
شریعت پاک کا حکم ہے تو پھر عقل نے کہا یہ صحیح ہے۔ اس نے بیع کی۔ شریعت
نے بتایا کہ جو بندہ۔ بعت اشتریت مقابلے میں۔ مبادلۃ المال بالمال بالتراضی۔
تو بیع ہو جاتی ہے۔ اس نے کہا بعت بکذا اس نے کہا: اشتریت۔ تو ایجاب
قبول آ گیا۔ مبادلۃ المال بالمال ہے عقل کہے گی یہ بیع صحیح ہے۔ اچھے ایسے۔ تو نہیں
ہے کہ نہیں۔ لوگ کہتے ہیں کہ سکر ہو گئے۔ آپ کو معلوم ہو پتا ہو ہر شئی قوالی کر رہی
ہے۔ ہر چیز قوالی پڑھ رہی ہے مگر بندہ دیکھے اور سنے تو۔ کان رکھے۔ کان دل کے۔

ترجمہ۔ اور صحت عقلیہ ہے کیونکہ وہ صحت تام ہوتی ہے ساتھ مطابقت کے۔

ع٥ صحت عقلی کا مطلب ... شریعت پاک نے اس کا اعتبار کیا ہے۔ شریعت نے سارے اعتبارات سے ... جب اس کا اعتبار کرتا ہے تو ... حقیقت کے مطابق ہوتا ہے۔

وفیہ ما فیہ۔ اس پر اعتراض کرتا ہے کہ جو تم نے کہا: ولی تعریف کرتا ہے تو ثواب ولی
کو ہے۔ ولی اس کے مال سے حقوق مالیہ ادا کرتا ہے۔ اس میں اعتراض ہے کہ صبی نماز
پڑھے۔ تو ثواب بھی صبی کو ملے گا کیونکہ اللہ تعالیٰ کسی کا جو عمل بندہ کرے اجر[ع٦]
ضائع نہیں فرماتا۔ صبی ثواب سے محروم نہیں ہوگا اور تو یہ۔ تو جب صبی کی نماز پر
ثواب مترتب ہو رہا ہے ثواب کا مترتب ہونا دلیل ہے کہ اس کی نماز مندوب ہے
تو وہاں حکم آ گیا۔

ع٦ ان اللہ لا یضیع اجر من احسن عملا

ترجمہ۔ اور بیچ اس کے وہ اعتراض ہے جو نہیں چھپا اس سے ہے۔

الرابع ولا یخرج ما یثبت بالاصول الثلثۃ عن الخطاب اھ۔ اب چوتھی بحث: حکم کی تعریف
کی خطاب اللہ۔ حکم تو ہوتا ہے خطاب اللہ۔ اس سے تو اصول ثلثہ نکل گئے۔ کتاب اللہ یہ
خطاب اللہ ہے۔ اور سنت بھی نکل گئی کیونکہ وہ خطاب اللہ نہیں ہے خطاب الرسول ہے
اجماع نکل گیا ہے وہ بھی خطاب اللہ نہیں ہے قیاس بھی نکل گیا وہ بھی خطاب اللہ نہیں ہے ادلہ
ولا یلزم النسخ لان سقوط الطلب قبل الاداء: اب اس پر سوال تھا کہ جب تم نے فرمایا کہ واجب علی الکفایہ واجب ہے ہر ایک ایک پر ہے تو بعض کے کرنے سے ساقط ہو جاتا ہے یہ سقوط تو نسخ ہے اور نسخ تو حکم جدید سے ہوتی ہے۔ یہاں پر تو حکم جدید نہیں ہے۔ جب ہر ایک ایک پر واجب ہے تو بعض کے کرنے سے ساقط کیسے ہوتا ہے۔ ساقط ہوتی ہے یا تو ادا کر دیا جائے ادا تو انہوں نے کیا نہیں ہے یا صاحب حق نے انہیں بری کر دیا۔ بعض کے کرنے سے جو ساقط ہو رہا ہے اس وجہ سے حکم جدید آ گیا۔ یہ تو نسخ ہو گئی ہے۔ یہاں پر نسخ تو ہے نہیں۔ تو اس کا جواب دیتے ہیں۔ کہ نسخ تو حکم جدید سے ہوتا ہے لیکن یہاں پر قاعدہ یہ ہوتا ہے کہ جو وجوب کی علت تھی وہ منتفی ہو گئی۔ کبھی کبھی علت کے انتفاء سے معلول منتفی ہو جاتا ہے۔ علت وجوب کی وجہ یہ ہے کہ بعض نے عمل نماز جنازہ

مسلم الثبوت ص ۲۸ سبق: ۲

قالوا اولاً سقط بفعل البعض الخ: پیچھے ایک مذہب آگیا فرض کفایہ ہر ایک ایک پر ضروری ہوتا ہے واجب علی الکفایہ ہر کسی ایک کو کرنا ضروری ہوتا ہے۔ اور بعض کے کرنے سے دیگر بعض سے ساقط ہو جاتا ہے۔ واجب علی العین۔ ہر ایک ایک پر واجب ہوتا ہے اور ہر ایک ایک پر کرنا ضروری ہوتا ہے۔ اب جنہوں نے کہا: کہ بعض پر واجب ہوتا ہے۔ بعض مبہم پر۔ واجب علی الکل والوں کی دلیل آئی بناءً ثم الکل سے کہ۔ اب ان کی دلیل پہلی

قالوا اولاً: بعض پر واجب ہوتا ہے ہر ایک ایک پر واجب نہیں ہوتا دلیل یہ ہے اگر ایک ایک پر واجب ہوتا تو بعض کے کرنے سے ساقط نہ ہوتا۔ یہ تو بعض کے کرنے سے ساقط ہو جاتا ہے۔ اگر کل پر واجب ہوتا تو ساقط نہ ہوتا۔ جیسا کہ کل پر واجب ہوتا تو ساقط اس وقت ہوتا کہ ہر ایک ایک کرے۔ بعض سے جو ساقط ہو جاتے تو معلوم ہوا کہ بعض پر واجب تھا۔ ہر ایک ایک پر ہوتا تو بعض کے کرنے سے ساقط نہ ہوتا۔ کیونکہ کسی شیء کا سقوط تو ذمہ سے تب ہوتا ہے جب ادا کیا جائے۔ ادا تو بعض نے کیا ہے۔ بعض کے کرنے سے ساقط ہو رہا ہے تو معلوم ہوا کہ واجب بھی بعض پر تھا۔ ترجمہ: کہا انہوں نے پہلی واری ساقط ہوتا ہے واجب ساتھ کرنے بعض کے اور اگر ہوتا واجب اوپر کل کے نہ ساقط ہوتا۔ قلنا المقصود وجود الفعل الخ: اب دلیل کا جواب دیتے ہیں بعض کے کرنے سے ساقط ہو جاتا ہے اس کا یہ معنی نہیں ہے کہ بعض پر واجب تھا اور پر واجب ہی نہیں تھا بلکہ اس کے سقوط کی وجہ اور ہے وہ یہ ہے کہ مقصود وجود فعل ہے۔ فعل کا پایا جانا یہ ہی مقصود ہے۔ اب بعض نے جو کیا تو فعل پایا گیا تو مقصود حاصل ہو گیا تو اس لیے ساقط ہو گیا نہ اس لیے کہ ہر ایک ایک پر واجب نہ تھا۔ کسقوط ما علی الکفیلین باداء احدھما الخ: اب اس کی ایک مثال دیتا ہے۔ تم نے کسی کے پیسے دینے تھے اس نے کہا ضامن کوئی دے۔ تو تم نے علی کو ضامن بنا لیا۔ علی نے کہا میں دوں گا۔ اب دونوں پر ہو گیا وجوب۔ تیسرے پر بھی ہو گیا اور اس پر بھی ہو گیا۔ اب دائن تیسرے سے بھی مطالبہ کرے گا اور دوسرے سے بھی مطالبہ کرے گا اب تم دو میں سے ایک نے چلا دیا۔ تو دوسرے کی ذمہ داری ساقط ہوگی ذمہ سے جو واجب ہو رہا ہے یہ اس لیے تو نہیں ہے کہ واجب صرف اول پر تیسرے پر تھا اس پر واجب نہ تھا بلکہ اس لیے کہ مقصود وجود فعل تھا پیسے دے دینا۔ واجب ادا کر دینا وہ پایا گیا بس اس سے ذمہ ساقط ہو گیا۔ تقریر ثانی: مثال دیتے میں کفیلین کی۔ ایک کفیل ہے ایک ہے اصیل۔ دونوں کو تغلیب کے طور کفیلین کہا۔ اس نے دین دینا تھا دائن نے کفیل مانگا۔ تو ایک آدمی کفیل بن گیا اب دائن دونوں سے مطالبہ کر سکتا ہے۔ ذمہ دونوں کے اوپر آ گیا۔ لیکن ان میں سے ایک نے دے دیئے تو دوسرے سے ذمہ ساقط ہو گیا۔ مقصود کیا تھا وجود فعل۔ وہ ہو گیا بس اس سے ذمہ داری ساقط ہو گئی۔ ترجمہ: کہا ہم نے مقصود وجود فعل ہے اور تحقیق پایا گیا وہ

عندالبعض اور واجب تھا۔

مثلاً مسعود اس شخص کے جو بطور کفیلین کے ہے مسعود شخص کا ساتھ ادا کرنے ایسا ان سے کہے ہے ۔

وثانیاً الابہام فی المکلف کالابہام فی المکلف بہ. اب دوسری دلیل دی. انہوں نے کہا کہ بعض مبہم پر واجب ہے ۔ دلیل پہلی بھی آچکی ہے یہ دوسری دلیل ہے انہوں نے کہا یہ اس طرح ہے جیسے مکلف بہ میں ابہام ہوتا ہے ۔ مکلف بہ میں سے جو ایک بندہ کر لیتا ہے پس وہ ادائیگی ہو جاتی ہے جیسے کفارہ قسم کا تھا. دس مسکینوں کو طعام کھلاؤ یا کپڑے پہناؤ یا رقبہ ۔ قرآن مجید میں کیسے ہے؟ فکفارتہ اطعام عشرۃ مساکین من اوسط الآیۃ. یہ ہے مکلف بہ . اس کو کہتے ہیں واجب مخیر اب جو کوئی ان میں سے ایک ادا کر دے گا تو واجب ادا ہو جائے گا. تو مکلف وہ بھی مبہم ہیں بعض مبہم میں سے بعض بھی ادا کر دیں گے. ذمہ ساقط ہو جائے گا. جیسے مکلف بہ میں تین میں میں سے کوئی ایک کر دیتا ہے تو دوسرے ساقط ہو جاتے ہیں اسی طرح مکلف بھی مبہم ہیں بعض نے کر دیئے. جو واجب ان پر تھا پس وہ ساقط ہو گیا. توضیح ثانی. اس میں قیاس کیا ہے. ایک ہے مکلف مبہم ایک ہے مکلف بہ مبہم. مکلف مبہم کو ہم مکلف بہ مبہم پر قیاس کرتے ہیں جیسے وہاں مکلف بہ میں تین ہیں ان میں سے کوئی ایک کرے گا تو بس واجب ادا ہو گیا باقی ساقط ہو گئے. اسی طرح مکلف مبہم ہیں جو کرے گا دوسروں سے ذمہ ساقط ہو جائے گا

ترجمہ: اور دوسری وار ابہام بیچ مکلف کے مثل ابہام کے بیچ مکلف بہ کے. (اور جب یہ جائز ہے کہ مکلف بہ مبہم ہو اور یہ واقع ہے تو مکلف مبہم بھی جائز ہوگا. انہوں نے کہا کہ اگر مکلف مبہم ہو تو ہم کس کو کہیں گے کہ جاؤ اور واجب ادا کرو ۔ معین ہے ہی نہیں. انہوں نے کہا یہ جائز ہے جیسے مکلف بہ مبہم جائز ہے)

قلنا تاثیم المبہم غیر معقول الخ اب اس کا جواب دیتا ہے. تم نے مکلف مبہم کو مکلف بہ مبہم پر قیاس کیا. تم نے واجب مخیر کے اوپر قیاس کیا. واجب علی الکفایہ کو واجب مخیر کے اوپر قیاس کیا جس طرح واجب مخیر مبہم ہے جو ان میں سے ایک ادا کر دے ادا ہو جاتا ہے اور باقی ساقط ہو جاتے ہیں اسی طرح مکلف مبہم بھی ہے. جو ادا کر دیں گے پس باقیوں سے ساقط ہو جائے گا. تو کہتا ہے کہ یہ قیاس قیاس مع الفارق ہے. مقیس مقیس علیہ میں کوئی مناسبت ہوتی ہے. یہاں مناسبت نہیں ہے. کیونکہ جب مکلف ہوا مبہم. انہوں نے ادا نہ کیا تو تاثیم مبہم کی لازم آئے گی. اور جو مکلف بہ ہے واجب مخیر وہ ہے مقیس علیہ. اگر کوئی ایک بھی ادا نہ کیا تو تاثیم معین کی لازم آئے گی. مفید بہ تو معین ہے. تاثیم معین کی معقول ہے اور تاثیم مبہم کی یہ معقول نہیں ہے. پھر غیر معقول کو معقول پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے. ترجمہ: کہتے ہیں ہم تاثیم مبہم کی غیر معقول ہے.

عہ قسم توڑنے والا ۱۲ .

مسلم الثبوت ص ٢٨٥ سبق ٣٠

قیل مذهبهم اثم الکل بسبب ترک البعض الخ: پیچھے آگیا ایک ہے مکلف مبہم۔ ایک ہے مکلف به مبہم۔ مکلف مبہم کو یہ مکلف به مبہم پر قیاس کرتے ہیں۔ مکلف به مبہم ہو تو وہ جائز ہے جیسے کفارے میں۔ جس کا ذکر ہے۔ واجب مخیر میں۔ وہ جائز ہے تو مکلف مبہم بھی جائز ہے تو اس کا جواب دیا تھا۔ یہ قیاس مع الفارق ہے کیونکہ مکلف مبہم ہو تو گناہگار بھی مبہم ہوں گے۔ اور مکلف به واجب مخیر ہو ترک کرے تو گناہگار معین ہوگا۔ معین کی تاثیم معقول ہے مبہم کی تاثیم غیر معقول ہے۔ قیل سے اس کا انہوں نے جواب دیا۔ ان کا مذہب یہ نہیں ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ مکلف مبہم ہے۔ جیسے بعض مکلف ترک کریں تاثیم لازم آئے گی تو بعض مبہم من حیث مبہم۔ ایسا ہے بعض کے ترک سے تاثیم لازم آئے گی۔ وہ یہ نہیں کہتے کہ بعض ترک کریں تو گناہگار بھی بعض مبہم ہیں کیونکہ بعض مبہم کا ترک تب ہوگا جب ہر ایک ایک ترک کرے گا۔ پھر کہیں گے کہ جنہوں نے بعض مبہم پر واجب ہے کے ترک بعض مبہم سے گناہگار ہوں گے اس کا یہ معنی نہیں ہے کہ بس بعض مبہم گناہگار ہوں گے بلکہ ہر ایک ایک گناہگار ہوگا۔ تو بعض مبہم کا ترک کل کے ترک سے اندر ہے۔ کیونکہ بعض مبہم کا ترک تب لازم آئے گا جب ہر ایک ایک ترک کرے۔ جس جس کو علم ہوتا ہے مثلاً جنازہ۔ فرض کفایہ واجب تو بعض پر تھا۔ ادائیگی تو بعض کے کرنے سے آگئی لیکن ترک بعض مبہم کا تب ہوگا جب ہر ایک ایک ترک کرے تو تاثیم کل کی لازم آگئی۔ تم نے کہا تاثیم بعض مبہم کی غیر معقول ہے۔ تاثیم بعض مبہم کی من حیث بعض مبہم وہ بے شک غیر معقول ہے لیکن تاثیم مبہم کی من حیث کہ وہ بعض مبہم کل کے اندر ہیں۔ کل تو معین ہے لہذا بعض مبہم جو کل کے ضمن میں ہے وہ معین کے ضمن۔ یہ معقول ہے غیر معقول نہیں۔ یہ مشکل ہے ایسے نہیں ہے؟۔

ترجمہ: کہا گیا ہے مذہب ان کا گناہ کل کا ہے بہ سبب ترک بعض کے۔ (ترک بعض نے کیا کیونکہ جو واجب بعض پر تھا۔ بعض جیسے مبہم زید، عمرو، بکر تو یہ بس مبہم ہیں لیکن ان بعض مبہم کا ترک تب ہوگا جب ہر ایک ایک ترک کرے۔ جب ہر ایک ایک ترک کرے گا تو بعض مبہم کے ترک کرنے سے تاثیم کل کی لازم آگئی کل معین ہے۔ چلو جی

قلنا ترک البعض یقتضی اولاً وبالذات الخ: اب اس کا پھر جواب دیتا ہے۔ قلنا تاثیم المبہم کا جواب آیا تھا قیل سے۔ پھر اب قلنا سے اس کا جواب دیتا ہے۔ واجب بعض مبہم پر واجب ہے۔ بعض کر دیں تو بس ادا ہو گیا۔ تو اولاً و بالذات وجوب بھی بعض پر ہے۔ اب جو ترک کرے گا بعض مبہم اگرچہ یہ کل کے ضمن میں۔ لیکن پھر بھی واجب جو بعض مبہم پر تھا تو ترک کل سے

لیکن اولاً و بالذات تاثیم الٰہی بعض کی ہوگی اور کل کی تاثیم ثانیاً و بالعرض ہوگی۔ تو بہرحال۔ یہ مطلب آیا کہ اولاً و بالذات تاثیم مبہم کی لازم آئی۔ لیکن کل کی تاثیم ہے تو وہ ثانیاً و بالعرض ہے۔ یہاں بھی اولاً و بالذات تاثیم مبہم کی لازم آئے گی اور یہ غیر معقول ہے۔ تو یہ ثانی ایک ہے واجب اور دوسرا ہے اس کا ترک۔ واجب ادائیگی بعض مبہم پر ہے۔ اب ترک کریں گے۔ انہوں نے کہا اثم الکل۔ ترک تب ہوگا کہ جب کل نے ترک کر دیا۔ واجب تو بعض مبہم پر تھا۔ تاثیم بعض کی آئی کل نے ترک کیا ہے۔ واجب کی ادائیگی ان پر ہے تو ترک پر تاثیم بھی اولاً و بالذات انہی کو آئی یا تو ان کی طرف ثانیاً و بالعرض۔ تاثیم مبہم کی لازم آئی اولاً و بالذات۔ اور یہ معقول نہیں ہے۔

ترجمہ: کیونکہ ہم ترک بعض کا تقاضا کرتا ہے اولاً و بالذات گناہ بعض کا کیونکہ جو واجب بعض پر تھا۔ ترک کرے گا تو اولاً و بالذات گناہگار وہی ہوں گے۔ اب یہ تھا کہ بعض مبہم ہیں تو کل کے بیچ۔ اب ہمیں بعض میں پتا چلا کہ ترک مبہم کیسے ہوا؟ کسی نے بھی ادا نہیں کیا۔ تو الحاق ہے ترک رجوع کرے گا طرف گناہ جمیع کے ثانیاً و بالعرض (دوسری بار اور بالعرض) لیکن لازم آئے گی تاثیم مبہم کی۔

اقول الکل من فرد البعض المبہم الخ اب اقول سے اعتراض کر رہے ہیں۔ ایک ہے بعض مبہم، بعض مبہم یہ کلی ہے۔ کل اس کا ایک فرد ہے۔ بعض مبہم کلی ہے اس کے دو فرد ہو گئے۔ ایک فرد یہ ہے کہ بعض مبہم من حیث بعض یہ لحاظ ہے بعض مبہم کا۔ کہ بس بعض مبہم ہیں قطع نظر کل سے۔ ایک ہے بعض مبہم جو کل کے ضمن میں ہے تو کل بھی بعض مبہم کا فرد ہو گیا کہ بعض مبہم ہو گئی کلی۔ اب اس پر دلیل دیتا ہے کہ بعض مبہم کلی ہے کل وہ اس کا ایک فرد ہے یعنی وہ اس سے کہ ایک ہے اتیان اور ایک ہے ترک۔ کیونکہ یہ ایک ایک ادا کرے جس کو وجوب کا علم ہو گیا۔ یہ ایک ایک ادا کرے تو بعض مبہم ادا کریں تو ادا ہو جاتا ہے اور کل ادا کریں تو بھی ادا ہو جاتا ہے تو فرد وہی ہوتا ہے جس پر کلی والا حکم لگتا ہے جب کل اتیان کریں واجب علی الکفایہ کا تو اتفاقاً گویا انہوں نے واجب ادا کیا۔ ٹھیک ہے اتوا بما وجب علیہم اتفاقاً۔ تو بعض ادا کریں تو انہوں نے بھی ما وجب علیہم ادا کیں۔ یہ تو بعض پر حکم۔ بعض والا حکم کل پر لگ رہا ہے تو گویا کل بھی بعض کا فرد ہے۔ بعض مبہم کے دو فرد ہو گئے۔ ایک اس کے ابہام کا لحاظ۔ ایک ہے کل کے ضمن میں۔ کل ادا کر دیں تو واجب ادا ہو گیا۔ اب ہے اس کا ترک۔ تو جس طرح کل ادا کریں تو واجب ادا ہو جاتا ہے

عــہ یعنی جس بعض مبہم پر وجوب تھا

اسی طرح کل ترک کریں کبھی تو گناہ کل کو ہوتا ہے وہ بھی تاثیم لبعض کا ایک فرد ہے اثم الکل فرد ہے اثم البعض کا. تو اب جو تاثیم ہے کل کی۔ ایک ہے تاثیم مبہم کی من حیث مبہم. تو ایک ہے تاثیم مبہم کی من حیث معین (کل) تو غیر معقول ہے تاثیم مبہم کی من حیث مبہم. اگر تاثیم ہو لبعض مبہم کی تو وہ اس لحاظ سے کہ وہ کل کے ضمن میں ہے تو پھر یہ تاثیم مبہم کی معقول ہے. کیوں کہ یہ متحقق ہو رہی ہے کل کے تحقق سے. یہ تو معقول ہے تو جو غیر معقول ہے وہ لازم نہیں آرہا اور جو لازم آرہا ہے وہ معقول ہے انہوں نے کہا: تاثیم المبہم غیر معقول ہے تو مطلقاً غیر معقول نہیں ہے۔

ترجمہ: کہتا ہوں میں کل یہ ہے فرد ہے لبعض مبہم سے کیوں کہ کل جب آئے گا ساتھ اس کے (واجب کے) تو آئے ساتھ اس شئی کے جو واجب ہے اوپر ان کے اتفاقاً (یہ ہو گیا اتیان) (اب ترک) پس اثم کل کا وہ فرد ہو گا اثم لبعض کا ہے اسی طرح ہے جب اتیان کل فرع ہے اور فرد ہے اتیان لبعض کا تو پھر ثم اثم الکل بھی فرد ہوگا اثم البعض کا۔ کیوں جو لبعض ترک کریں لبعض مبہم لبعض کے ضمن میں تو ایک مبہم یا کل کے ضمن میں. علیحدہ علیحدہ لحاظ ہے) اور یہ قسم تاثیم مبہم سے معقول ہے یقیناً (کیوں کہ تاثیم مبہم کی کل کے ضمن میں ہے تعیین ہے یہ تعیین کے منافی نہیں ہے تعیین کے منافی ہے تاثیم مبہم من حیث مبہم. تو تاثیم مبہم اس اعتبار سے جو کل کے ضمن میں ہے تو یہ معین ہو گیا کل تو معین ہے) کیوں کہ نہیں منافی ہے تاثیم مبہم کی جو کل کے ضمن میں ہے (کل کے تحقق سے متحقق ہے) لیکن منافی تعیین کے. تحقیق کے.

نعم المبہم الغیر المجامع اٰ: یہ اب دوسرا اعتبار ہے. مبہم من حیث مبہم. اور ایک مبہم اور اس کے ساتھ یہ لحاظ کہ علاوہ کل کے ضمن میں ہے. تو کل ادا کر دیں تو واجب لبعض مبہم پر تھا تو ادا ہو گیا. لبعض مبہم اس کے ضمن میں ہے تو کل معین ہے. اب دوسرا اعتبار ہے کہ مبہم من حیث مبہم یہ غیر معقول ہے.

ترجمہ: ہاں مبہم غیر مجامع للکل (مبہم ایک مجامع للکل اور دوسرا مبہم ہو گیا غیر مجامع للکل اور یہ مبہم من حیث مبہم ہے) یعنی من حیث مبہم یہ غیر معقول ہے پس تو اس میں تفکر کر۔ کیوں کہ یہ دقیق ہے.

مسلم الثبوت ص ٢٩ سبق ١.

وثالثاً قال اللہ تعالیٰ اٰ: واجب علی الکفایہ لبعض مبہم پر واجب ہوتا ہے یہاں سے اس کی تیسری دلیل بیان کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے فلولا نفر من کل فرقۃ منھم طائفۃ الآیۃ. فرقۃ: ایک بڑی جماعت طائفہ. ایک چھوٹی جماعت. پس کیوں نہیں نکلے یا کوچ کیا ایک بڑی جماعت میں سے ایک چھوٹی جماعت نے

لولا کلمہ تحضیض اور لوم کے لیے آتا ہے۔ اگر مضارع پر داخل ہو تو تحضیض ہوتی ہے ابھارنا اور انگیختہ کرنا۔
اگر ماضی پر داخل ہو تو پھر دیکھیں گے کہ فعل کا تدارک ممکن ہے یا ممکن نہیں۔ اگر تدارک ممکن ہے تو یہ تحضیض
کے لیے۔ اور اگر تدارک ممکن نہیں تو ملامت کے لیے آتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: کیوں نہیں نفر کیا، کوچ کیا
ہر بڑی جماعت میں، فرقہ جماعت عظیمہ ایک چھوٹی جماعت نے لیتفقھوا فی الدین تاکہ وہ چھوٹی
جماعت تفقہ فی الدین حاصل کرتی۔ فقاہت حاصل کرتی۔ پھر واپس قوم کے پاس آتی ولینذروا
قومھم اذا رجعوا الیھم۔ اس آیت مبارکہ میں ہر بڑی جماعت سے ایک چھوٹی جماعت۔ مطلب یہ ہے
کہ تحصیل علم واجب کیا گیا۔ اللہ تعالیٰ فلولا نفر آلایۃ ملامت کیا ہے، تو کیا ہے جس کے ترک پر ملامت ہو وہ واجب
ہوتا ہے۔ اس سے پتا چلا کہ ایک بڑی جماعت سے ایک طائفہ بعض منھم ہیں یعنی بعض منھم پر واجب
ہے دین کا علم سیکھنا۔ اس آیت سے پتا چلا کہ علم دین کا سیکھنا یعنی تفصیلی علم لیتفقھوا فی الدین۔ تفصیلی
علم۔ ایک بڑی جماعت سے ایک چھوٹی جماعت منھم میں بعض۔ بڑی جماعت سے بعض ہیں اور
بعض نہیں منھم تو معلوم ہوا تفصیلی علم سیکھنا واجب علی الکفایہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے واجب علی العین
نہیں رکھا۔ دنیا کا نظام ــــ اس میں حکمت ہے۔ ہر ایک پر تفصیلی علم واجب ہوتا ـــ تو پھر دنیا کا نظام
ــــ ہے حکمت سے چل رہا ہے۔ بعض پر رکھا ہے بعض معین ـــ اس میں ان کی دلیل ہے کہ تو کہتے ہیں
کہ واجب علی الکفایہ بعض پر ہوتا ہے ہر ایک ایک پر نہیں ہوتا۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا
تمہاری ہر بڑی جماعت سے چھوٹی جماعت نے کیوں کوچ نہیں کیا۔ معلوم ہوا کہ تحصیل علم
کے لیے نکلنا واجب تھا انہوں نے ترک کیا تو ملامت آئی۔ ہر بڑی جماعت سے چھوٹی جماعت
کو کوچ کرنا ہے۔ اور چھوٹی جماعت بعض ہے تو منھم ہے۔ بڑی جماعت کون ہے؟ جیسے پورا شہر ہے
ہر بستی جماعت ہے۔ ہر بستی ایک بڑی جماعت ہے ان سے ایک چھوٹی طائفہ طلب علم کے لیے نکلے۔ جب
واپس آئیں تو ان کو دین پڑھائیں سکھائیں۔ ترجمہ: اور ڈر سنائیں۔ کیا انہوں نے ڈر سنایا۔ فرمایا
اللہ تعالیٰ نے پس کیوں نہیں کوچ کیا ہر بڑی جماعت سے ان سے چھوٹی جماعت نے۔
فلذا سقط بالسقوط البعض البعض جمعا بین الادلۃ۔ اس کا جواب دیتے ہیں آیت مبارکہ
تو بعض پر وجوب معلوم ہوتا ہے تفصیلی علم کا۔ اور دوسری دلیلیں ہیں جو ہر مسلمان پر طلب علم
فرض ہے۔ ہر ایک ایک پر۔ تو پھر یہ آیت مؤولہ ہے اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ واجب تو
ہر ایک ایک پر ہے لیکن بعض کے کرنے سے دوسروں سے ذمہ داری ساقط ہو گئی۔ تاویل کریں
گے کیونکہ ادلہ ہیں۔ جن سے پتا چلتا ہے کہ ہر ایک ایک پر فرض ہے۔ اس آیت پر عمل کریں تو
دوسرے دلائل معطل ہو جائیں گے۔ تو سارے ادلہ پہ عمل کرنا اہمال سے اولیٰ ہوتا ہے۔

وہ اس طرح ہے کہ قرآن مجید کی اس آیت سے بعض کے عمل سے دوسروں سے ذمہ داری ساقط ہو
جاتی ہے۔ واجب تو تھا لیکن بعض کے کرنے سے دوسروں سے ذمہ ساقط ہو گیا۔ دنیادار جتنے ہیں
یہ ملنے والے یہ اگر صحیح کام کریں۔ تاجر اور کھیتی باڑی اور یہ سارے دنیا کا کام کرتے ہیں اور
طالب علم دین سیکھتے ہیں۔ یہ طالب علم ان کی جانب سے بھی فریضہ ادا کر رہے ہیں جو فریضہ ان
پر بھی ہے۔ تو یہ اپنا فریضہ بھی ادا کرتے ہیں اور ان کی جانب سے بھی لہذا ان کو چاہیے کہ وہ
طالب علموں کی خدمت کریں۔ ان کی جانب سے فریضہ ادا کرتے ہیں اور ان کو کام کاج کرنے کا موقع
مل گیا۔ لہذا ان پر ضروری ہے کہ طالب علموں کو تکلیف نہ پہنچائیں، طعام یہ کریں۔ کیوں کہ
طالب علم نہ تو ان سے صحت میں کم ہوتے ہیں، نہ عقل دانائی میں کم ہوتے ہیں۔ کسی بات میں
ان سے کم تر نہیں ہیں۔ لیکن یہ طالب علم دنیا کے کاروبار چھوڑ کے دین کی تحصیل کرتے ہیں
تو وہ دنیاداری کرتے ہیں۔ اب طریقہ یہ ہے وہ کمائیں۔ کمائی سے کچھ حصہ طالب علموں کو دیں تاکہ
طالب علموں کا شکریہ ادا کریں۔ تم ہماری جانب سے بھی یہ فریضہ ادا کر رہے ہو۔ اگر کوئی نہ کرے
تو سارے گنہگار ہوں گے تو وہ ایک گناہ سے بچے ہوتے ہیں۔ حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب کی ایک
تقریر ہے۔ استاذ کہتے ہیں کہ آپ لاہور تشریف لے گئے تھے۔ آپ نے تقریر فرمائی تھی۔ کہیں
ملتی ہو تو یاد کر لینا۔ اس قسم کی۔ آپ نے فرمایا: لوگوں کے اوپر ہے کہ طالب علموں کی خدمت
کریں۔ طالب علم اپنا فریضہ بھی ادا کر رہے ہیں اور ان کی جانب سے بھی تو ذمہ ان سے ساقط ہو
ترجمہ: کہتے ہیں ہم موول (یہ آیت موول ہے) یا تو سقوط یا تو فعل بعض کے مجموع کرنے پر جیسا کہ ادلہ کے
تم فی التحریر؟ اب سوال ہو گیا۔ یہ تحریر علامہ ابن الہمام کی ہے اصول الفقہ۔ فقیہ علامہ کمال الدین۔
آپ نے فرمایا: اشکال ہے تم کہتے ہو بعض کے فعل سے اوروں سے ذمہ ساقط ہو گیا۔ یہ مسئلہ جنازہ
کا ہے جبکہ صبی عاقل اکٹھے ہو گئے طالب علم مدرسے کے سارے صبی تھے عاقل تھے۔ انہوں نے جنازہ
پڑھا لیا۔ تو اوروں عاقل بالغوں سے جنازہ ساقط ہو گیا۔ حالانکہ ان پر وجوب نہیں ہے۔ تو تم
تم کہتے ہو بعض نے ادا کر دیا تو اوروں سے ذمہ ساقط ہو گیا۔ یہاں بھی تو ان سے ذمہ ساقط ہو رہا ہے
لیکن یہ صبی عاقل ہے ان پر واجب ہی نہیں ہے۔ انہوں نے اشکال کیا ہے کہ تم کہتے ہو کہ واجب تو ہر
ہر ایک پر ہے لیکن بعض نے چونکہ فعل کر دیا ہے تو اوروں سے ذمہ ساقط ہو گیا ہے
جیسے صبی عاقل جنازہ پڑھا دیں تو اوروں سے ساقط ہو گیا لیکن یہ صبی عاقل پر تو واجب ہی
نہیں ہے۔ تو پھر یہاں پر کیوں ساقط ہو رہا ہے۔ واجب تو تب ساقط ہو جو من وجب
علیہ ادا کریں۔ ان سے واجب تب ساقط ہوگا۔ ترجمہ: پھر نیچے تحریر کے اشکال کیا گیا یا تو سقوط

جنازہ کے سقوط کے ساتھ مثل صبی عاقل کے جیسا کہ وہ صحیح تر ہے نزدیک شافعیہ کے باوجود اس کے کہ بے شک نہیں وجوب اوپر اس کے۔ جس پر واجب تھا ان میں سے تو کسی نے ادا نہیں کیا۔ اب تو ان پر یہ ایک ایک کو گناہگار ہونا چاہیے

اقول لا اشکال فان ذلک لسقوط الدین باداء المتبرع۔ اس کا جواب دیا اشکال نہیں ہے یہ اس طرح ہے جیسے ایک آدمی نے دین دینا تھا تو دوسرے نے کہا کہ میں دیے دیتا ہوں۔ وہ دے دیتا ہے۔ تو دین ساقط ہو جاتا ہے گا یہ ایسا ہو گا کہ متبرع کی ادائیگی سے بھی ذمہ ساقط ہو جاتا ہے صبی عاقل متبرع کی حیثیت میں ہے۔ متبرع نے جو ادا کر دیا تو ان سے سقوط اس لیے آیا ہے۔ اس کی نظیر یہ ہے۔

ترجمہ: لیکن یہاں میں نہیں کوئی اشکال کیونکہ یہ سقوط مثل سقوط دین کے ہے ساتھ ادائیگی متبرع کے۔

مسلم الثبوت ص ۲۹ سبق: ۲

مسالۃ ایجاب امر من امور معلومۃ صحیح ای۔ اب اور مسئلہ: جب چند امور ہوں معلوم۔ ان میں سے ایک کو واجب کرنا یہ صحیح ہے اس کو واجب مخیر کہتے ہیں۔ واجب مخیر کی تکلیف صحیح ہے۔ ہاں جی: چند امور معلوم ہیں ان میں سے ایک واجب کرتا ہے یہ تکلیف ایجاب صحیح ہے۔ اس کو کہتے ہیں واجب مخیر اختیار ہوتا ہے۔ اس کی مثال دیتے ہیں جیسے اقسام میں کفارہ ہے۔ تین ہیں مثلاً کفارہ میں۔ دس مسکینوں کو کھانا کھلانا یا دس مسکینوں کو کپڑے پہنائے یا جو ہے۔ اور کیا ہے؟ تحریر رقبہ۔ یا غلام آزاد کرے۔ یہ تین امور ہیں جو معلوم ہیں ان میں سے ایک کا ایجاب صحیح ہے۔ واجب مخیر کی تکلیف صحیح ہے۔ چلو جی۔ مطلب یہ ہے۔ چند امور ہیں واجب ان میں ایک ہے لیکن وہ مبہم ہے واجب مبہم کے ساتھ تکلیف صحیح ہے۔ واجب مبہم یہ ہے کہ امور معلوم ہیں ان میں سے ایک جو ہے وہ مبہم۔ تو واجب مبہم کے ساتھ تکلیف صحیح ہے۔ اس کی دو دلیلیں ہیں: ایک تو تخصیل الکفارۃ: ایک عقلی دلیل مثلاً ایک بادشاہ ہے اس نے خادم کو کہا: کہ یہی تین گھوڑے اصطبل میں باندھے ہوتے ہیں۔ وہ کہتا ہے کہ ایک گھوڑا لے آ۔ میں نہیں کہتا کہ فلانہ فلانہ۔ ایک گھوڑا۔ یہ واجب ہو گا مخیر تو واحد مبہم اب وہ ان میں سے ایک لے آیا۔ جب وہ ایک لے آیا تو بادشاہ یہ نہیں کہے گا کہ تو نے امتثال نہیں کیا۔ یہ کہا تو نے واحد مبہم ادا کیا۔ واحد مبہم اس نے مقرر کیا وہ ان تین میں سے کوئی ایک لے آیا۔ اس کو کہیں گے اس نے امر کا امتثال کیا ہے۔ دوسری نقلی دلیل ہے تخصیل الکفارۃ۔ قرآن مجید میں کفارہ ہے قسم کا۔ قسم کا بھی ہے اور کفارے بھی ہیں اس میں او آیا ہے۔ او احد الامرین کے لیے ہوتا ہے۔ آگے فرائے گا بہرحال۔ احد الامرین بھی واحد مبہم ہوتا ہے۔ واحد مبہم کے ساتھ تکلیف جائز ہے تو واقع ہے۔ یہ دو دلیلیں۔ چلو۔

دیکھی وجہ کو کھائی قلیتی یا الغنی دین جب صبی عاقل ادا کر دیا تو بھی عاقل متبرع ہے۔ ادا کرنا ... کا سقوط ہو جاتا ہے

ترجمہ: مسالہ: واجب کرنا ایک شئی کا امور معلوم سے صحیح ہے اور یہ واجب مخیر ہے (تو واحد مبہم سا تو تکلیف ہوگی) مثل اقسام کفارہ کے۔

وقیل ایجاب بالجمیع ویسقط بفعل البعض الخ اب دوسرا مذہب ذکر کرتے ہیں۔ چار مذہب آئیں گے۔ دوسرا مذہب وہ کہتے ہیں امور معلومہ سے واحد مبہم نہیں ہے بلکہ جمیع واجب ہیں۔ ان کا جمیع واجب ہے ہاں بعض کے کرنے سے بعض کے فعل سے ذمہ ساقط ہو جاتا ہے۔ پہلے اور اس میں فرق آگیا پہلا کہتا ہے واجب ایک ہے لیکن مبہم ہے یہ کہتا ہے کہ جمیع واجب ہے امور معلومہ جمیع واجب ہیں لیکن ایک کے کرنے سے باقی ساقط ہو جاتے ہیں۔ ہاں جی

(حاشیہ: یعنی واجب ہے ۱۲ — یعنی ایک ادا)

ترجمہ: اور کہا گیا ایجاب سا تو جمیع کے اور ساقط ہوتا ہے وہ ایجاب کرنا سا تو فعل بعض کے (یعنی واجب جمیع لیکن بعض کے کرنے سے باقی ساقط ہو جاتے ہیں)

فلو اتی بالجمیع الخ اب اس پر تفریع بیٹھاتا ہے انہوں نے کہا اگر کوئی بندہ سارے امور ادا کرے تو ثواب بھی جمیع کا یعنی ثواب اس کو واجب کا ملے گا ایک کے کرنے پر دوسرے ہو بیٹھے کے کرنے سے۔ تو اگر جمیع ادا کر دے تو جمیع واجبات کا ثواب ملے گا۔ ثواب واجبات کا مستحق ہوگا۔ ثواب جمیع واجبات کا مستحق ہو رہا ہے اس لیے کہ جمیع واجب تھے۔ تو بعض کے کرنے سے دوسرے ساقط ہو رہے ہیں لیکن اگر سارے کر دے تو ثواب جمیع واجبات کا ملے گا۔ ترجمہ: پس اگر آیا مکلف سا تو جمیع کے تو مستحق ہوگا ثواب واجبات کا۔ چلو جی

اقول ذلک فرع جواز اجتماع الجمیع الخ اب ماتن قیل والوں کا رد کرتا ہے۔ یہ جو تم نے کہا کہ اگر جمیع کو ادا کرے تو ثواب واجبات کا مستحق ہوگا۔ یہ تو تب ہے کہ پہلے جمیع کا اجتماع جائز ہو۔ تو پھر ثواب جمیع واجبات کا ملے گا۔ حالانکہ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ اجتماع جمیع کا جائز ہی نہیں ہوتا۔ مثلاً تقرر امام کا مسئلہ ہے۔ تقرر امام لوگوں پر واجب ہے اب لوگوں میں جامع شرائط دو ہیں۔ خود جو جامع شرائط ہیں اگر دونوں کو کر دیں تو یہ حرام ہے ایک کا تقرر واجب ہوگا۔ شرطیں مثلاً تین ہیں پائی گئیں۔ دو میں پائی گئیں۔ مستعد میں لیکن نصب ایک کا ہوگا امامت کے۔ اجتماع جائز ہی نہیں ہے بلکہ الٹا حرام ہے۔ ہاں جی: یہ جو تم نے کہا کہ ثوابات جمیع کا مستحق ہوگا یہ تب ہے کہ اجتماع واجبات کا جائز ہو۔ حالانکہ اجتماع جائز ہی نہیں ہوتا۔ اگر دو ہوں جامع شرائط۔ ایک جیسے شرطیں ہیں تو پھر دو کا اجتماع جائز ہونا چاہیے حالانکہ دو کا اجتماع حرام ہے۔ چلو جی

ترجمہ: کہتا ہوں میں: ذلک (یعنی اتیان بالجمیع اور ثواب واجبات کا) فرع ہے جواز اجتماع جمیع کی

(کہ جس پر عمل واجب ہو تو ہو تو اب ہو) لوگوں کا یہ نہیں جائز اجتماع جس کی مقرر نہ کرنے ایک مستعدین کے واسطے امامت کے۔

ثم هذا الاحتمال مما لم يشتهر قائله: اس کا قائل مشہور نہیں ہوا۔ بعض نے کہا: کہ یہ ایک معتزلہ کا گروہ ہے یعنی قیل ایجاب بالجمیع سے جو قول کیا گیا۔ ترجمہ: پھر یہ احتمال اس سے ہے جو نہیں مشتہر ہوا قائل اس کا وقیل معین عنده تعالیٰ وهو بالفعل مختلف۔ اب تیسرا مذہب۔ پہلے اور دوسرے میں فرق آگیا اب تیسرا مذہب: امور معلوم میں ان میں سے ایک کو واجب کرنا یہ صحیح ہے ان کا مذہب یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک واجب معین ہے اور بندے کی نظروں میں معین نہیں ہے وہ تعیین فعل کے بعد آئے گی جب بندہ فعل کرے گا تو وہ جانے گا کہ یہ واجب ہے۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک متعین ہے۔ اب جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک متعین تھا بندے نے بھی وہی کیا تو بس واجب ادا ہوگیا۔ اگر اللہ تعالیٰ کے نزدیک واجب متعین تھا اس نے کوئی اور ادا کیا ان امور میں سے کوئی ایک تو پھر واجب ساقط ہوگیا: یعنی جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک متعین ہے تو بندے کے نزدیک واحد مبہم ہے اب بندہ جو کرے گا مثلاً کفارہ وہ ستین ہے۔ یا رقبہ، دس مسکینوں کو طعام یا کپڑے اب اللہ تعالیٰ کے نزدیک متعین ہے ان تین میں سے ایک۔ تو وہ متعین ہے۔ بندہ جب کرے گا مثلاً اس نے رقبہ آزاد کیا وہ جانے گا کہ واجب رقبہ تھا یا دس مسکینوں کو طعام کھلا دیا تب پتہ چلے گا کہ واجب یہی تھا جو ہم نے ادا کیا۔ لہذا بندے کی نظروں واجب مختلف ہو رہا ہے اللہ تعالیٰ کی نظروں واجب مختلف نہیں ہے بلکہ معین ہے۔ ترجمہ: کہا گیا ہے: معین ہے نزدیک اللہ تعالیٰ کے اور وہ (یعنی تعیین) ساتھ فعل کے پس مختلف ہوگا واجب (بندے کی نظروں مختلف ہوگا)۔

ورد بأن الوجوب يجب ان يكون قبل الفعل: اب اس کا رد کرتے ہیں پہلے اور تیسرے میں فرق آگیا کہ وہ واجب واحد مبہم ہے۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بھی۔ واحد مبہم واجب کیا تو بندے نے بھی واجب مبہم پر عمل کیا۔ اب اس کا رد کرتا ہے: وہ جیسے یہ کہ تم نے کہا کہ بندہ جب فعل کرے گا پھر تعیین آئے گی تعیین کے بعد وجوب پتا چلے گا۔ یہ صحیح نہیں ہے ہوگا کہ فعل سے پہلے اس کو جاننا ضروری ہے کہ یہ واجب ہے۔ فعل سے پہلے وجوب کا علم ضروری ہے۔ کیونکہ واجب کا معنی یہی ہے کہ تو واجب کو ادا کر جیسا کہ وہ واجب ہے۔ امتثال کا معنی ہوتا ہے۔ وہ امتثال کرے گا۔ واجب کو ادا کرے گا۔ ایسے واجب کو ادا کرے گا جیسا کہ وہ واجب ہے تو پھر اسے امتثال سے پہلے وجوب کا علم ہوگا۔ ٹھیک ہے نا۔ لیکن کہا کہ فعل کے بعد تعیین آئے گی۔ تو اب وجوب تو امتثال سے پہلے۔ اور فعل ہے امتثال کے ساتھ۔ لیکن جو شئی ایک پر مقدم ہوگی تو دوسرے پر بھی ---- وجوب

سے مقدم ہے تو فعل سے بھی وجوب پہلے ہوگا۔ ہاں جی: اس نے کہا فعل کے کرنے کے بعد تعیین آتی ہے یہ مبہم ہے
ہمارا بندے کے نزدیک مختلف ہو سکتا ہے۔ چلو۔ اس کا رد کرتے ہیں کیونکہ جب تک اسے یہ علم نہ
ہو کہ میرے اوپر یہ واجب ہے وہ امتثال نہیں کر سکتا کیونکہ امتثال کا معنی ہوتا ہے واجب
ادا کرنا جیسا کہ واجب ہے تو اب وجوب امتثال سے پہلے ہوگا۔ تو فعل تو امتثال سے آتا
ہے امتثال وہی ادائیگی ہے تو پھر وجوب فعل سے پہلے پتا ہوگا۔ کہ میرے اوپر واجب ہے
تو پہلے پتا ہو کہ واجب مبہم ہے کرے گا تو بس۔ اللہ تعالیٰ نے بھی واجب مبہم واجب کیا۔ تو بندے نے بھی سمجھا کہ
میرے اوپر واجب مبہم ہے تو ان امور ثلاثہ میں سے کوئی ایک بھی کرے گا تو واحد مبہم اس کے اندر پایا
جائے گا۔ کیونکہ واحد مبہم کے وہ تینوں افراد ہیں۔ واحد مبہم کلی ہے تو پھر کلی اپنے افراد کے ضمن میں
ہوگی۔ ترجمہ: اور رد کیا گیا بایں طور کہ وجوب واجب ہے کہ ہو پہلے فعل کے تاکہ امتثال کرے عالم

عمل یکن کو والی
مجمع ا.ر

وقیل معین لا یختلف لکن یسقط بہ وبالآخر۔ اور بس اب چوتھا مذہب: انہوں نے کہا معین ہے
مختلف نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک متعین ہے بندے پر بھی ان امور سے جو واجب ہے وہ معین ہے
تو مختلف بھی نہیں ہوتا۔ تیسرے اور اس میں فرق آگیا فرق دیکھتے ہیں ا) پہلے تھا وہ غیر معین ہے
واحد مبہم ہے تو دوسرا آگیا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک واجب ہے تو بندے کے نزدیک مبہم ہے تو یہ آگیا
کہ معین ہے تو مختلف بھی نہیں ہوتا۔ اب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے واجب کیا وہ معین تو مختلف
تو ہے نہیں۔ وہ تو تین ہے بس اب بندہ ان امور ثلاثہ میں سے ایک کرے گا۔ اب اگر اس نے
وہی کیا جو معین تھا تو بس ادا ہو گیا لیکن اگر دوسرا کیا تو پھر دوسرے سے ساقط ہو جائے گا معین
ساقط ہو جائے گا۔ چلو جی:

ترجمہ۔ اور کہا گیا: معین ہے نہیں مختلف ہوتا لیکن ساقط ہوتا ہے ساتھ اس کے (جو معین ہے) اور
ساتھ دوسرے کے (پھر دوسرے سے ساقط ہو جائے گا۔) چلو۔

لنا الجواز عقلاً والنص دل علیہ۔ اب پہلے مذہب پر دلیل: امور معلومہ میں سے واحد مبہم
واجب ہے۔ الجواز عقلاً: دو دلیلیں۔ پہلی عقلی تو دوسری نقلی۔ عقلی تو یہی ہے۔ جو میں نے تم کو مثال دی۔
کونسی؟ گھوڑے والی۔ یاد ہے تم نے کہا۔ سردار صاحب نے کہا: خادم کو کہ جاؤ تین گھوڑے کھڑے ہیں
ان میں سے واحد مبہم لے آ۔ معین نہیں کرتا۔ ان تین میں سے کوئی ایک احدھا لے آ۔ اب وہ جائے
گا۔ تو ان تین میں سے ایک لے آئے گا۔ وہ سردار کہے گا میں نے تیرے اوپر احدھا واجب کیا تھا
تو بھی احدھا لے آیا۔ احدھا کلی ہے تو ایک اس کا ایک فرد ہے تو احدھا ہے ایک۔ یہ نہیں
کہیں گے کہ اس نے امتثال نہیں کیا۔ اور نص بھی دلالت کرتی ہے۔ نص میں آتا ہے

(پاپے)

کہ واحد مبہم تیرے اوپر واجب ہے تو خارج میں بھی واقع کرے بغیر واحد مبہم ۔ یہ اس کا پیچھا بھی نہیں کر سکتا۔ کیونکہ خارج میں جو کرے گا معین ہو گا۔ تکلیف مستحیل تب ہو گا کہ وہ کہے کہ میں نے تیرے اوپر واحد مبہم واجب کیا ہے تو واقع بھی واحد مبہم کو کر۔ یہ نہیں کر سکتا۔ کیونکہ جو بھی کرے گا وہ تو معین ہو جائے گا۔ ترجمہ: اور جزئی نہیں کہ مستحیل ہے وقوع اگر تکلیف دیا جائے ساتھ واقع کرنے اس کے غیر معین یعنی واقع کرے غیر معین واقع کو نیچے خارج کے۔ ختم ہو گئی بات۔ چلو جی طالبعلم: استاد نے فرمایا اچھا:

مسلم الثبوت ص ۳۵ سبق ۱

وثانیا لکون الواجب احدھما الخ: چند امور معلوم ہیں ان میں سے واحد مبہم کو واجب کرنا۔ یہ تکلیف صحیح ہے اس کو واجب مخیر کہتے ہیں اس کی دلیلیں آگئیں۔ ایک عقلی دلیل ہے اور دوسری نقلی ہے۔ دوسرے ہیں قائلین یعنی دوسرا مذہب ایجاب بالجمیع۔ انہوں نے کہا: واجب مخیر کی انہوں نے نفی کی۔ تو مخیر کے ساتھ تکلیف جائز نہیں ہے ان کی دوسری دلیل۔ پہلی آگئی۔ اس کا جواب بھی آگیا: اب دوسری دلیل دیتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں۔ واجب مخیر ہے۔ واجب ہے تو پھر ترک کرنا جائز نہیں ہے۔ احدھما واجب ہے۔ واجب وہ ہوتا ہے جس کا کرنا ضروری ہو ترک ممنوع ہو۔ تخییر کا مطلب ہے کہ ترک جائز ہے۔ تو پھر اگر واجب مخیر مکلف بہ ہو تو یہ ہوگا کہ کرنا ضروری بھی ہو اور نہیں بھی۔ ترک جائز ہے کیونکہ تخییر ہے۔ ترک جائز نہیں ہے کیونکہ واجب ہے۔ ایک شئی واجب بھی ہو اور ایک شئی واجب نہ بھی ہو۔ یہ تو تناقض آئے گا۔ ان میں تناقض آگیا۔ تناقض تو محال ہے۔ نتیجہ آیا یہ تکلیف بھی محال ہے۔ ہاں جی۔ واجب مخیر کے ساتھ تکلیف جائز نہیں ہے کیونکہ اگر واجب مخیر ہے کہ وہ احدھما واجب ہے تو ترک کرنا جائز نہیں ہے۔ مخیر ہے تو جائز ہے۔ تو ایک شئی واجب بھی ہو تو ترک کرنا جائز بھی ہو۔ یہ ہو گیا واجب ہے بھی اور نہیں بھی۔ یا تخییر ہے بھی اور نہیں بھی۔ یہ تو متناقض ہے۔ تو جو تناقض کو مستلزم ہو وہ بھی محال ہو گیا۔ یہ تکلیف جائز نہیں ہے۔

کہ تناقض محال ہے اور جو اس کو مستلزم ہو وہ بھی صراحۃً محال ہوگا

ترجمہ: اور کہا انہوں نے دوسری بار ہونا واجب ایک ان دو کا اور ہونا واجب کا تخییر بیچ اس کے یہ کون دو کیا ہیں؟ متناقض ہیں۔

قلنا الواجب المبہم والمخیر فیہ المتعینات الخ: اب اس کا جواب دیتا ہے۔ موضوع ایک نہیں ہے تناقض تب ہوتا ہے کہ موضوع ایک ہو۔ واجب ہے مبہم۔ تو تخییر متعینات میں ہے وہ تو افراد ہیں۔ واجب مبہم ہے۔ اس کا موضوع مبہم ہے۔ تو مخیر وہ افراد۔ تو موضوع بدل گیا۔ تخییر کا محل افراد ہیں۔ جو ان میں سے متعین کرے گا۔ تخییر کا محل فرد ہے۔ تو واجب کا محل ہے مبہم۔ تو تناقض نہیں ہو سکتا۔ تناقض تب تھا جب واجب کا محل ہے تخییر بھی اسی کی ہوتی۔ حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ واجب مبہم ہے تو مخیر متعینات ہیں۔ تو متعینات افراد ہوئے۔ اس کو تعیین میں اختیار ہے۔ واجب

واحد مبہم ہے۔ واجب ہے احدھما۔ تخییر اس کو تعیین میں ہے۔ فرد جو متعدد ہیں، تین ہیں۔ کسی ایک کو اختیار کرے۔ اس کو کرو۔ اس کو کرو۔ اس کو کرو۔ جس کو کرے گا۔ تین میں سے ایک کو اختیار کرنا، وہ افراد ہو گئے تو مخیر ہے افراد میں۔ واجب ہے مبہم۔ ہاں جی واجب کا موضوع احدھما یعنی: احدھما واجب ہے تو تخییر وہ ہے افراد میں۔ تخییر ہے تعیین میں تو واجب ہے احدھما۔ ترجمہ: کہتے ہیں ہم واجب کیا ہے؟ مبہم ہے اور مخیر بیچ اس کے متعینات ہیں۔ وہ افراد ہیں۔ اور یہ جائز ہے۔

کوجوب احد النقیضین مع امکان کل منھما: اب اتنا ہے کہ اس کی ایک نظیر بھی ہمارے پاس ہے۔ جیسے کہتے ہیں احد النقیضین ہو واجب۔ دو نقیضین ہوں آپس میں۔ ایک نقیض اٹھ جائے۔ تو دوسری نقیض اس کی وہ واجب ہو جاتی ہے۔ اس کا اٹھنا بھی ممکن ہے۔ اس کا اٹھنا بھی ممکن ہے۔ یہ اٹھ جائے تو یہ واجب ہے۔ یہ اٹھ جائے تو یہ واجب ہے۔ تو ہر ایک ممکن بھی ہے۔ ہر ایک ممکن بھی ہے تو واجب بھی ہے۔

ہاں جی۔ استاد محب اللہ صاحب ہوتے نا۔ ایک سبق پڑھا دیتے۔ بس کافی ہو جاتا۔ ہوا کہ انہوں نے لکھی ہے۔ انہوں نے لکھی تو وہ جانتے ہیں کہ کیا رکھا ہوا ہے بیچ۔ کس عقیدت درود پڑھ کے فاتحہ پڑھو۔ آج پڑھنا۔ سبق کے آخر میں یاد کروانا۔ چلو جی۔ کہتے ہیں احد النقیضین واجب۔ ہر ایک کا اٹھنا ممتنع ہے۔ ایک اٹھ گئی تو دوسری واجب ہو جائے گی۔ دوسری اٹھ گئی تو پہلی واجب ہو جائے گی۔ ہر ایک ممکن بھی ہے۔ ممکن ہے کہ پائی جاتی ہے۔ واجب بھی ہے۔ محال ہے ارتفاع۔ یہ بھی اٹھ گیا تو یہ بھی۔ دونوں اٹھ گئے۔ انسان بھی تو لا انسان بھی محل واحد ہے۔ تو فرمایا: ہر ایک ممکن بھی ہے کہ ان میں سے ایک واجب بھی ہے تو جو واجب ہے وہ ممکن بھی ہے۔ احد النقیضین ممکن بھی ہے تو احد النقیضین واجب بھی ہے۔ تو واجب اور ممکن اکٹھے۔ واجب ہے تو اس کا اٹھنا ممتنع ہے۔ ممکن ہے تو اس کا ارتفاع جائز ہے۔ تو اس کا جواب بھی یہی دیتے ہیں۔ یعنی واجب ہے احد النقیضین۔ وہ مبہم ہے۔ تو جو آگے گیا۔ ممکن وہ متعینات ہیں۔ واجب ہوئی ایک تو یہ محل ہے احد النقیضین۔ ممکن یہاں بھی اسی طرح کہیں گے۔ واجب ہے احدھما۔ تو ممکن ہے جو ایک ہوگا افراد۔ تو امکان جا رہا ہے افراد کی طرف۔ تو وجوب جا رہا ہے احد النقیضین کی طرف۔ اور یہ مبہم ہے۔ یہ واجب مبہم ہے۔ اور جو امکان ہے وہ تعینات ہے۔ ہاں جی

ترجمہ: مثل وجوب احد النقیضین (یہ احدھما ہے) باوجود امکان ہر ایک کے ان دو سے۔

ومثالنا الوجوب بالجمیع الخ: اب ہے تیسرا۔ کہ واجب مبہم کی تکلیف جائز نہیں ہے۔ المؤلف نے کہا: ایک ہے وجوب بالجمیع جیسے واجب مخیر میں۔ وہ جمیع کے وجوب کے قائل ہیں۔ ایک ہے واجب علی الجمیع یہ ہے واجب علی الکفایہ۔ تو دو ہو گئے ایک ہے وجوب بالجمیع تو دوسرا وجوب علی الجمیع۔ تو ان کا حکم ایک ہونا چاہیے

١٣-٤٩

واجب علی الجمیع میں تو ہم کہتے ہو کہ واجب ہر ایک ایک پر ہے اگر بعض کر دیں تو دوسروں سے ذمہ ساقط ہو جاتا ہے۔ وجوب بالجمیع بھی اسی طرح ہے۔ ہم کہتے ہیں واجب تینوں ہیں پہچھے کیا تھا ایجاب بالجمیع الخ۔ لیکن اگر کوئی ایک ادا کر دے تو دوسرے ساقط ہو گئے۔ اب دلیل دیتا ہے بیان کرتا ہے کہ واجب علی الجمیع کیوں ہے؟ مقتضی دونوں میں ایک ہی وہ ہے حصول مصلحت۔ واجب علی الجمیع میں جیسے جنازہ بعض نے جو ادا کیا جو مصلحت تھی وہ حاصل ہو گئی اور جنہوں نے نہیں کیا ان سے ذمہ ساقط ہو گیا تو اسی طرح وجوب بالجمیع مخیر یہاں بھی مصلحت کا حصول ہے تو واجب تینوں تھے ایک جو ادا کر دیا تو مصلحت کا حصول ہو گیا تو باقی ساقط ہو گئے۔ ہاں جی۔

یہاں امور معلوم ہیں ان میں تم کہتے ہو واجب ایک مبہم ہے حالانکہ یہ واجب علی الجمیع کی مثل ہے تو یہاں بھی کہو کہ تینوں واجب ہیں۔ لیکن بعض کے کرنے سے مصلحت حاصل ہو گئی باقی ساقط ہو گئے جس طرح واجب علی الجمیع میں تم کہتے ہو کہ واجب تو تمام پر ایک ایک پر ہے جتنے کو علم ہو گیا بعض صورتوں میں جیسے جنازہ ہوتا ہے۔ واجب جمیع پر ہے لیکن بعض نے جو کر لیا تو مصلحت حاصل ہو گئی تو جنہوں نے وہ عمل نہیں کیا ان سے ذمہ ساقط ہو گیا۔ اگر سارے کریں تو ثواب واجب کا ملے گا تو یہاں بھی تینوں ادا کریں تو تینوں واجبات کا ثواب ہو گا۔ تو اس کی مثل ہے۔ ترجمہ: اور کیا انہوں نے تیری بار وجوب بالجمیع یعنی مخیر کے مثل واجب علی الجمیع کے ہے یعنی کفایہ کے۔ ا جمیع علی الجمیع تو ہر ایک ایک پر ہے تو وجوب بالجمیع بھی واجب سارے ہوتے ہیں یہ مثل جو ہیں کیونکہ مقتضی دونوں یعنی ان دو کے ایک ہے اور وہ حصول مصلحت کا ہے ساتھ مبہم کے تو جب حصول مصلحت ہو گیا تو باقی سے ذمہ ساقط ہو گیا۔)

قلنا تاثیم واحد لا بعینہ غیر معقول الخ۔ اب اس کا جواب دیتا ہے کہ جو قیاس تم نے کیا ہے یہ قیاس مع الفارق ہے ایک واجب علی الجمیع۔ اب واجب تھا جمیع پر اور انہوں نے ترک کیا تو تاثیم معین کی لازم آئے گی کیونکہ کل تو معین ہیں۔ واجب علی الکفایہ واجب تھا جمیع پر۔ تو اس کا ترک تب ہے کہ ہر ایک ایک ترک کرے جیسے جنازہ کسی نے بھی نہیں پڑھا۔ تو تاثیم کل کی لازم آئے گی کل تو متعین ہے واجب مبہم تھا لیکن بعض مبہم کا ترک تب ہو گا کہ کوئی بھی ادا نہ کرے۔ تو گناہگار سارے ہوں گے۔ اب واجب مبہم کل کے ضمن میں کل تو متعین ہے لہذا تاثیم متعین کی لازم آئی یہ معقول ہے۔ برخلاف اس صورت کے کہ یہاں صورت کے واحد لا بعینہ یہاں تم نے کہا کہ واجب علی الجمیع۔ تو وجوب بالجمیع ہے تینوں واجب ہوں کسی ایک کو بھی کوئی نہ کرے تو پھر تاثیم ایک معین کی لازم آئے گا۔ واجب ہو بعض مبہم ہے تو ترک کرنے پر تاثیم بعض مبہم کی لازم آئے گی۔ اور یہ معقول نہیں ہے۔ تاثیم واحد لا بعینہ

واجب علی الجمیع میں تو تم کہتے ہو کہ واجب ہر ایک ایک پر ہے اگر بعض کر دیں تو دوسروں سے ذمہ ساقط ہو جاتا ہے۔ وجوب بالجمیع بھی اسی طرح ہے۔ ہم کہتے ہیں واجب تینوں ہیں پیچھے کہا تھا ایجاب بالجمیع الخ۔ لیکن اگر کوئی ایک ادا کر دے تو دوسرے ساقط ہو گئے۔ اب دلیل دیتا ہے بیان کرتا ہے کہ الواجب علی الجمیع کیوں ہے؟ مقتضی دونوں میں ایک ہی وہ ہے حصول مصلحت۔ واجب علی الجمیع میں جیسے جنازہ بعض نے جو ادا کیا جو مصلحت تھی وہ حاصل ہو گئی اور جنہوں نے نہیں کیا ان سے ذمہ ساقط ہو گیا تو اسی طرح وجوب بالجمیع مخیر یہاں بھی مصلحت کا حصول ہے تو واجب تینوں تھے ایک جو ادا کر دیا تو مصلحت کا حصول ہو گیا تو باقی ساقط ہو گئے۔ یہاں بھی۔

یہاں امور معلوم ہیں ان میں تم کہتے ہو واجب ایک مبہم ہے حالاں کہ یہ واجب علی الجمیع کی مثل ہے تو یہاں بھی کہو کہ تینوں واجب ہیں۔ لیکن بعض کے کرنے سے مصلحت حاصل ہو گئی باقی ساقط ہو گئے جس طرح واجب علی الجمیع میں تم کہتے ہو کہ واجب تو ہر ایک ایک پر ہے جتنے کو علم ہو گیا بعض صورتوں میں جیسے جنازہ ہوتا ہے۔ واجب جمیع پر ہے لیکن بعض نے جو کر لیا تو مصلحت حاصل ہو گئی تو جنہوں نے وہ عمل نہیں کیا ان سے ذمہ ساقط ہو گیا۔ اگر سارے کریں تو ثواب واجب کا ملے گا تو یہاں بھی تینوں ادا کریں تو تینوں واجبات کا ثواب ہو گا۔ تو اس کی مثل ہے۔ ترجمہ: اور کیا انہوں نے شیری بار وجوب بالجمیع بیچ مخیر کے مثل واجب علی الجمیع کے ہے بیچ کفایہ کے۔ (جیسے علی الجمیع تو ہر ایک ایک پر ہے تو وجوب بالجمیع بھی واجب سارے ہوتے ہیں مثل جو ہیں) کیونکہ مقتضی (وجوب) بیچ ان دو کے ایک ہے اور وہ حصول مصلحت کا ہے سو تو مبہم کے (تو بس جب حصول مصلحت ہو گیا تو باقی سے ذمہ ساقط ہو گیا)

قلنا تاثیم واحد لا بعینہ غیر معقول الخ۔ اب اس کا جواب دیتا ہے کہ جو قیاس تم نے کیا ہے یہ قیاس مع الفارق ہے۔ اس واجب علی الجمیع۔ اب واجب تھا جمیع پر اور انہوں نے ترک کیا تو تاثیم معین کی لازم آئے گی کیوں کہ کل تو معین ہیں۔ واجب علی الکفایہ واجب تھا جمیع پر۔ تو اس کا ترک تب ہوگا کہ ہر ایک ایک ترک کرے جیسے جنازہ کسی نے بھی نہیں پڑھا۔ تو تاثیم کل کی لازم آئے گی۔ کل تو معین ہے واجب مبہم تھا لیکن بعض مبہم کا ترک تب ہوگا کہ کوئی بھی ادا نہ کرے۔ تو گناہگار سارے ہو گئے۔ اب واجب مبہم کل کے ضمن میں۔ کل تو معین ہے لہذا تاثیم معین کی لازم آئی یہ معقول ہے۔ بر خلاف اس صورت کے کہ کسی صورت میں واحد لا بعینہ یہاں تم نے کہا کہ الواجب علی الجمیع۔ تو وجوب بالجمیع ہے تینوں واجب ہوں کسی ایک کو بھی کوئی نہ کرے تو بعد تاثیم ایک مبہم کی لازم آئے گی۔ واجب ہو بعض مبہم ہے تو ترک کرنے پر تاثیم بعض مبہم کی لازم آئے گی۔ اور یہ معقول نہیں ہے۔ تاثیم واحد لا بعینہ

[illegible]

[illegible]

بعض

کی غیر معقول ہے تاثیم مبذر الواحد معقول ہے۔ ہاں جی۔ ایک وجوب بالجمیع ہے دوسرا واجب علی الجمیع وجوب بالجمیع کو ترک کرے گا تو تاثیم واحد کی لازم آئے گی معین کی ہوگی ہے بر خلاف واجب علی الجمیع کے اگر ترک کریں تو اولاً وبالذات غیر معین کی لازم آئے گی اور ثانیاً وبالعرض کل کی لازم آئے گی۔ ایک ہے تاثیم معین کی اور دوسرا ہے تاثیم مبہم کی۔ تاثیم مبہم کی یہ غیر معقول ہے اگرچہ اس کا جواب پیچھے آیا ہے۔ مطلق تاثیم مبہم کی لازم نہیں آتی۔ تو وجوب بالجمیع تو بعض واحد مبہم اس وقت ہوگا کہ کسی ایک کو معین کرے۔ امور متعلقہ میں سے ایک واحد مبہم کرنا تھا۔ اس کا ترک کرے گا مکلف تو ایک معین ہے تو اس کی تاثیم لازم آئے گی یہ جائز ہے کہ اگر بعض مبہم پر ہو واجب کفایہ میں۔ تو بعض مبہم کی تاثیم ہوگی ترک کرنے پر جو معقول نہیں ہے۔ ترجمہ: کہتے ہیں ہم تاثیم واحد لا بعینہ کی غیر معقول ہے (یہ جو واجب علی الکفایہ میں ہے۔ وہ ہیں بعض مبہم۔ بعض مبہم تو واحد لا بعینہ ہیں) بر خلاف تاثیم ساتھ ترک واحد کے یہ معقول ہے۔ اور ترک واحد اس طرح ہوگا مثلاً تین چیزیں تھی اس نے ترک کیا واحد مبہم کو۔ تو تاثیم معین کی لازم آئے گی یہ معقول ہے۔ آخر پر استاذ صاحب نے فرمایا: تین دفعہ قل شریف الحمد شریف اول آخر درود شریف پڑھیں۔ علامہ محب اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ کو ایصال ثواب کریں

وقالا الوجوب بالجمیع الخ: اس سبق کا خلاصہ یہ ہے۔ کہ جو وجوب مخیر کی نفی کرتے ہیں انہوں نے اپنے مذہب پر یہ دلیل الزامی دلیل دی۔ انہوں نے کہا: وجوب بالجمیع وجوب علی الجمیع کی مثل ہے کیونکہ مقتضی ان دونوں کا ایک ہے اور حصول مصلحت ہے۔ جب یہ دونوں ہم مثل ہیں تو ان کا حکم ایک جیسا ہونا چاہیے۔ یعنی واجب علی الکفایہ جمیع پر واجب ہے تو وجوب بالجمیع بھی جمیع واجب ہونا چاہیے۔ یا واجب علی الکفایہ بعض مبہم پر واجب ہے تو اس کی واجب مخیر بھی واحد مبہم پر واجب ہونا چاہیے۔ لیکن تم نے فرق کیا۔ وہ اس طرح کہ واجب علی الکفایہ میں تو تم کہتے ہو کہ واجب علی الجمیع پر ہے اور بعض کے کرنے سے دیگر بعض سے ذمہ ساقط ہو جاتا ہے۔ اور کہتے ہو کہ بعض مبہم پر واجب نہیں ہے۔ واجب مخیر جو واجب علی الکفایہ کی مثل ہے۔ تو تمہارے نزدیک یہاں بھی جمیع واجب ہونے چاہیے تھے جیسا کہ واجب علی الکفایہ ہے کیونکہ ایک دونوں مثل ہیں۔ لیکن تم یہاں پہ کہتے ہو جمیع واجب نہیں ہے بعض مبہم یعنی واحد مبہم واجب ہے۔ حالانکہ ایسا ہونا چاہیے تھا کہ جس طرح وہاں جمیع پر وجوب ہے اسی طرح یہاں پر بھی جمیع واجب ہونے چاہیے تھے۔ جواب: واجب علی الکفایہ میں ہم نے جمیع پر واجب کیا اور بعض مبہم پہ واجب نہیں کیا اس کی وجہ یہ ہے۔ جمیع معین ہے لہذا اگر جمیع ترک کریں گے تو تاثیم معین کی لازم آئے گی بر خلاف بعض مبہم کے۔ بعض مبہم پہ واجب ہوتا ہے اور بعض مبہم اس کو ترک کرتے تو تاثیم غیر معین کی لازم آتی اور یہ غیر معقول ہے۔ اور وجوب مخیر میں ہم نے کہا: واحد مبہم واجب ہے اور یہ واحد کا ترک اسی وقت ہوگا جب اس نے کوئی بھی نہ کیا۔ تو یہاں پہ ترک کرنے والا معین ہے یعنی جس نے کفارہ لازم ہے تو لہذا وجوب واحد مبہم سے تاثیم مبہم کی لازم نہیں آئے گی بلکہ معین کی لازم آئے گی اور یہ معقول ہے [illegible] بعض مبہم والی صورت میں تاثیم مبہم کی لازم آ رہی تھی اس لیے ہم نے اس سے عدول کیا۔ جمیع کا قول

مسلم الثبوت صفحہ ۱۳۵ سبق ۲

قالوا علم ما یفعلہ فھو الواجب ۔ یہاں سے جو تھے مذہب کی دلیل ہے جو کہتے ہیں معین ہے لا یختلف ۔ یہ اس کی دلیل ہے ۔ وہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو واجب کرتا ہے ۔ اس کو علم ہے امر ہے جس چیز کا امر کر رہا ہے وہ جانتا ہے ۔ اور یہ بھی جانتا ہے کہ مکلف نے کیا کرنا ہے ۔ علم ما یفعلہ ۔ اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو واجب کرتا ہے میں نے ان امور سے یہ واجب کیا ہے اور وہ بھی جانتا ہے کہ مکلف ان سے کیا کرے گا ۔ تو جو اللہ تعالیٰ جانتا ہے اس نے کیا کرنا ہے ۔ جو امر کرتا ہے جس کا ۔ واجب کرتا ہے جس شئی کو ۔ اس کو بھی جانتا ہے ۔ وہ تو متعین ہے

چلو جی: اللہ تعالیٰ جو امر کرتا ہے اس کو بھی جانتا ہے اور یہ بھی جانتا ہے جو مکلف واقع کرے گا اور جس طرح وہ یہ جانتا ہے کہ مکلف واقع نہیں کرے گا ۔ اس کو بھی جانتا ہے ۔ جو نہیں کرے گا ۔ تو جو اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ یہی یہ کرے گا وہ تو متعین ہے کیوں جو اس کے علم کا تعلق ہے ۔ وہ متخلف نہیں ہو سکتا ۔ وہ متعین ہے لہذا وہی واجب ہے جو مکلف کرے گا ۔ اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ یہ کرے گا ۔ اللہ تعالیٰ اسی کو واجب کرتا ہے ۔ ترجمہ: کہا انہوں نے ۔ جانتا ہے اللہ تعالیٰ اس شئی کو جو کرے گا مکلف اس کو پس وہ واجب ہے ۔

اللہ تعالیٰ امر کرتا ہے تاکہ وہ امتثال کرے ۔ تو وہ جو امتثال کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو جانتا ہے ۔ واجب کر رہا ہے اس کو بھی اللہ تعالیٰ جانتا ہے ۔ جو واجب کیا وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک متعین ہے ۔ ان کے اندر بہت باریک چیزیں ہیں ۔ چلو جی ۔

قلنا تکونہ احدھا بالخصوصلہ ۔ تو اس کا جواب دیتے ہیں ۔ ہم کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو واجب کر رہا ہے اس کو بھی جانتا ہے جو مکلف کرے گا وہ بھی اللہ تعالیٰ جانتا ہے اور جو ان میں سے نہیں کرے گا اس کو بھی جانتا ہے لیکن اللہ تعالیٰ کے علم کا تعلق ۔ ہم کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے احدھما واجب کیا ۔ جو واجب کرتا ہے علم بھی اسی کا ہوتا ہے ۔ واجب کیا احدھما ۔ علم بھی احدھما کا ہے ۔ احدھما تو مبہم ہے ۔ علم معلوم کے تابع ہوتا ہے ۔ ہاں جی اس نے مبہم واجب کیا ۔ اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ جس نے واجب مبہم واجب کیا ہے وہ ہے احدھما ۔ میں نے احدھما واجب کیا ہے علم بھی احدھما کا ہے ۔ علم معلوم کے تابع ہوتا ہے ۔ یہی ہے ۔ ہم نے جو جو افعال کرنے ہیں اللہ تعالیٰ کو ہمارے کرنے سے پہلے علم ہے تو جو ہم نے کرنا ہے اپنے اختیار سے ۔ کرتے تو ہم اپنے اختیار سے ہیں تو جو جو ہم نے کرنا تھا اپنے اختیار سے ۔ اللہ تعالیٰ کو قبل از وقت ہمارے پیدا ہونے سے بھی پہلے علم ہے ۔ اب اس علم کا تخلف تو محال ہے کہ ہم وہ وہ کام نہ کریں اپنے اختیار سے ۔ ہم نے اسی طرح کرنا ہے جس طرح اللہ تعالیٰ کو علم ہے ۔ علم کا تعلق یہ ہے کہ ہم یہ یہ کریں گے اپنے اختیار سے اختیار پختہ ہوتا ہے ۔ یہ جو کہتے ہیں کہ ہم مجبور محض ہیں ۔ جبر تو نہیں اختیار پختہ ہو رہا ہے ۔

عہ یہاں پر مسلم احدھما ہے ۱۲

مسلم الثبوت ص ۲۴۵ . سبق ۲۰ .

قالوا علم بالفعلة فهو الواجب ۔ یہاں سے چوتھے مذہب کی دلیل ہے جو کہتے ہیں معین ہے لا یختلف ۔ یہ اس
کی دلیل ہے ۔ وہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو واجب کرتا ہے ۔ اس کو علم ہے امر ہے جس چیز کا امر کر رہا
ہے وہ جانتا ہے ۔ اور یہ بھی جانتا ہے کہ مکلف نے کیا کرنا ہے ۔ علم بالفعلہ ۔ اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو واجب
کرتا ہے میں نے ان امور سے یہ واجب کیا ہے اور وہ یہ بھی جانتا ہے کہ مکلف ان سے کیا کرے گا ۔ تو جو اللہ تعالیٰ
جانتا ہے اس نے کیا کرنا ہے ۔ جو امر کرتا ہے جس کا ۔ واجب کرتا ہے جس شئی کو ۔ اس کو بھی جانتا ہے ۔ وہ تو متعین ہے
چلو جی: اللہ تعالیٰ جو امر کرتا ہے اس کو بھی جانتا ہے اور یہ بھی جانتا ہے جو مکلف واقع کرے گا اور جس طرح وہ
یہ جانتا ہے کہ مکلف واقع نہیں کرے گا ۔ اس کو بھی جانتا ہے ۔ جو نہیں کرے گا ۔ تو جو اللہ تعالیٰ جانتا
ہے کہ یہی یہ کرے گا وہ تو متعین ہے کیوں جو اس کے علم کا تعلق ہے ۔ وہ متخلف نہیں ہو سکتا ۔ وہ متعین
ہے لہذا وہی واجب ہے جو مکلف کرے گا ۔ اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ یہ کرے گا ۔ اللہ تعالیٰ اسی کو واجب کرتا
ہے ۔ ترجمہ: کہا انہوں نے ۔ جانتا ہے اللہ تعالیٰ اس شئی کو جو کرے گا مکلف اس کو پس وہ واجب ہے ۔
اللہ تعالیٰ امر کرتا ہے تاکہ وہ امتثال کرے ۔ تو وہ جو امتثال کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو جانتا ہے ۔ واجب کر رہا
ہے اس کو بھی اللہ تعالیٰ جانتا ہے ۔ جو واجب کیا وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک متعین ہے ۔ ان کے اندر
بہت باریک چیزیں ہیں ۔ چلو جی ۔

قلنا لکونہ احدھا لا بخصوصہ ۔ تو اس کا جواب دیتے ہیں ۔ ہم کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو
واجب کر رہا ہے اس کو بھی جانتا ہے جو مکلف کرے گا وہ بھی اللہ تعالیٰ جانتا ہے اور جو ان میں
سے نہیں کرے گا اس کو بھی جانتا ہے لیکن اللہ تعالیٰ کے علم کا تعلق ۔ ہم کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے
احدھا واجب کیا ۔ جو واجب کرتا ہے علم بھی اسی کا ہوتا ہے ۔ واجب کیا احدھا ۔ علم بھی احدھا
کا ہے ۔ احدھا تو مبہم ہے ۔ علم معلوم کے تابع ہوتا ہے ۔ ہاں جی اس نے مبہم واجب کیا ۔ اللہ تعالیٰ
جانتا ہے کہ میں نے واحد مبہم واجب کیا ہے وہ ہے احدھا ۔ میں نے احدھا واجب کیا ہے
علم بھی احدھا کا ہے ۔ علم معلوم کے تابع ہوتا ہے ۔ یہی ہے ۔ ہم نے جو جو افعال کرنے ہیں اللہ تعالیٰ
کو ہمارے کرنے سے پہلے علم ہے تو جو ہم نے کرنا ہے اپنے اختیار سے ۔ کرتے تو ہم اپنے اختیار سے ہیں
تو جو جو ہم نے کرنا تھا اپنے اختیار سے ۔ اللہ تعالیٰ کو قبل از وقت ہمارے پیدا ہونے سے بھی پہلے
علم ہے ۔ اب اس علم کا تخلف تو محال ہے کہ ہم وہ کام نہ کریں اپنے اختیار سے ۔ ہم نے
اسی طرح کرنا ہے جس طرح اللہ تعالیٰ کو علم ہے ۔ علم کا تعلق یہ ہے کہ ہم یہ کریں گے اپنے اختیار سے
اختیار پختہ ہوتا ہے ۔ یہ جو کہتے ہیں کہ ہم مجبور محض ہیں ۔ جو کرتے ہیں اختیار پختہ ہو رہا ہے

عہ یہاں پر متعلق
احدھا [illegible]
۱۲

اب بندہ اپنے اختیار سے اس طرح بندے پہ محال ہے۔ کرے گا اپنے اختیار سے۔ ٹھیک جی۔ تو اللہ تعالیٰ کو علم ہے کہ میں واجب کر رہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے واجب احدھما کیا ہے۔ جو احدھما ہے۔ واجب بھی احدھما کیا۔ تو علم بھی احدھما کا ہے کیونکہ علم معلوم کے تابع ہوتا ہے۔ علم معلوم کے ساتھ تعلق پکڑتا ہے لا بخصوصہ۔ ترجمہ: کہتے ہیں ہم واسطے ہونے اس کے (یعنی علم بالفعلہ) احدھما لا بخصوصہ۔

9.۲۳ قالوا ولا یجب ان یعلم الآمر الواجب الخ: اب یہ دلیل ہے ان کی جو کہتے ہیں معین ہے اللہ تعالیٰ کے نزدیک۔ اولاً آگے مقابلے میں ثانیاً بھی ہوگا۔ پہلی دلیل انہوں نے یہ دی۔ اللہ تعالیٰ آمر ہے جس چیز کا امر فرماتا ہے وہ واجب ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ وہ جانتا ہے۔ کیونکہ امر میں طلب ہے اور طلب بغیر علم کے نہیں ہوتی۔ تو اللہ تعالیٰ واجب کو جانتا ہے۔ کہ میں نے یہ واجب کیا پھر وہ تو معین ہی ہوا اللہ تعالیٰ کے نزدیک واجب معین ہوا۔ ہاں جی۔ معین ہے تو مختلف بھی نہیں ہوتا۔ ایک تو کہ معین ہے تو مختلف ہوتا ہے۔ بندے کی نظروں مختلف ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک متعین ہے۔ اب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک متعین ہے تو مختلف بھی نہیں ہوتا۔ ہاں اگر بندہ وہی کرے جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک تھا تو واجب ادا ہوا۔ اگر اور کیا تو اللہ تعالیٰ کے نزدیک واجب اور تھا اس نے دوسرا کیا تو پھر وہ ساقط ہو جاتا ہے۔ انہوں نے دلیل یہ دی کہ اللہ تعالیٰ آمر ہے تو امر فرماتا ہے تو مامور بہ کا اللہ تعالیٰ کو علم ہے۔ کہ یہ امر کیا ہے۔ یہ واجب کیا ہے وہ تو متعین ہے۔ لہٰذا وہی واجب ہے جو اللہ تعالیٰ نے امر کیا ہے وہ متعین ہے لہٰذا مختلف نہیں۔ ترجمہ: کہا انہوں نے پہلی واری۔ واجب ہے یہ کہ جانے آمر واجب کو پس ہوگا واجب معین نزدیک اللہ تعالیٰ کے۔ (مختلف بھی نہیں ہوگا۔ ٹھیک جی۔

قلنا لیعلمہ حسب ما اوجبہ - ہم کہتے ہیں آمر واجب ہے کہ جانے واجب کو لیکن واجب کو جانے جیسا کہ واجب کیا۔ آمر کے لیے یہ ضروری ہے کہ جو واجب کر رہا ہے بندے پر۔ اس واجب کو جانے لیکن جیسا واجب کیا ہے ویسا جانے۔ ہم کہیں گے جیسا واجب کیا ہے اسی طرح جانے۔ اللہ تعالیٰ نے واجب کیا احدھما۔ تو علم بھی احدھما کے ساتھ تعلق پکڑے گا۔ کیونکہ علم معلوم کے تابع ہوتا ہے وہ جو پیچھے کہا تھا کہ احدھما لا بخصوصہ۔ ہاں جی۔ دلیلیں آپس میں ملتی جلتی ہیں کیونکہ معین میں بات ہے۔ ایک معین ہے جو مختلف ہوتا ہے۔ دوسرا معین ہے جو مختلف نہیں ہوتا۔ اب اس کا جواب دے رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے امر فرمایا۔ امر سے پہلے جو واجب کیا اس کو جاننا ضروری ہے واجب کا۔ لیکن ہم کہتے ہیں جیسا واجب کیا ویسا ہی علم ہوگا کیونکہ جو علم معلوم کے تابع ہوتا ہے۔ تو واجب کیا احدھما۔ علم بھی احدھما کا ہوگا۔

ترجمہ: کہتے ہیں ہم: جانتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو موافق اس کے جو واقع ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کو کیوں کہ علم تابع ہے واسطے معلوم کے۔ کلام میں یہی ایک بات چلتی ہے کہ علم معلوم کے تابع ہوتا ہے۔ تقدیر اللہ تعالیٰ کا علم ہے۔ تو علم تابع ہے معلوم کے۔ جو افعال ہم نے کرنے تھے اللہ تعالیٰ کو علم ہے کہ زید اپنے اختیار سے یہ یہ کرے گا۔ ویسے اسی کو لکھ دیا۔ اپنے کمال علم کا اظہار کیا۔ لوح محفوظ پر لکھ دیا۔ اب بندہ ویسے نہ کرے یہ نہیں ہو سکتا۔ کیوں کہ اللہ تعالیٰ کے علم کا تعلق ہے لیکن تعلق یہ ہے کہ کرے گا اپنے اختیار سے۔ تو علم معلوم کے تابع ہوتا ہے۔ معلوم تابع علم کے نہیں ہے۔ معلوم تابع ہو علم کے یہ جبر ہوتا ہے۔ علم تابع ہے معلوم کے۔ تقدیر یہی ہے۔

وثانیا لو اتی بالکل معا فالامتثال اما بالکل الخ۔ دوسری دلیل: اگر کل کو ادا کرے تو واجب ادا ہو گیا جیسے ایک کو ادا کرے تو واجب ادا ہو جاتا ہے۔ اب ہم پوچھتے ہیں اگر وہ کل کو ادا کرے تو امتثال تو آ گیا اب ہم پوچھتے ہیں کہ امتثال بالکل آیا یعنی مجموع من حیث المجموع سے امتثال آیا یا کل واحد سے آیا: ہر ایک ایک سے۔ اگر کہو کہ مجموع من حیث مجموع سے امتثال آیا تو پھر مجموع واجب ہو گئے۔ تو پھر ایک کے کرنے سے امتثال نہیں ہو گا۔ حالاں کہ اس کا تو کوئی قائل نہیں ہے۔ بلکہ اگر کل واحد کے کرنے سے۔ ایک کیا امتثال آ گیا دوسرا کیا۔ تو پھر ایک کا امتثال کرنے سے واجب ادا ہو گیا۔ ایک کے امتثال سے واجب ادا ہو گیا تو دوسرے کے کرنے سے تو تیسرے کے کرنے سے واجب ادا ہو گیا۔ مثلاً۔ تو پھر ہر ایک کی ادائیگی یہ امتثال کی علت تامہ ہو گی۔ تو امتثال ہے معلول تو ہر ایک ایک کی ادائیگی مستقل علت ہو گی تو پھر یہ لازم آئے گا۔ توارد علتین مستقلتین علی معلول واحد شخصی۔ یہ بھی درست نہیں ہے یا واحد لابعینہ سے امتثال آئے گا۔ آئے گا واحد احدھا سے امتثال۔ تو احدھا تو مجہول ہے جو مجہول ہوتا ہے تو معدوم ہے۔ تو خارج میں کیسے اس کا وجود آئے گا۔ پھر تو پھر کیا ہو گیا فتعین المعین: معین معین ہو گیا۔ اس طرح بحثیں ہو رہی ہیں۔ ایسے ہی محب اللہ بہاری صاحب کا نام اٹھاتے ہیں۔ یہ علم کا بڑا ہمالیہ تھا۔ دیکھو اس جیسے لوگ بھی مر گئے۔ تو ہمارے نزدیک تو ایسے لوگ مسند کا مل ہیں۔ علمائے طوالیہ نے دین کی بڑی خدمت کی۔ ان کے بغیر ہم کیا ہیں۔ کیا چل سکتے ہیں۔ چلو جی۔ ایک کو ادا کر دے تو امتثال ہو گیا تو جمیع کو کرے تو امتثال ہو گیا۔ اب ہم پوچھتے ہیں۔ تین شقیں ہیں۔ یا تو مجموع من حیث مجموع واجب ہے یا کل واحد واحد ان کے ادا کرنے سے امتثال آ جاتا ہے۔ یا واحد لابعینہ۔ وہ مبہم ہو گیا۔ اگر کہو جمیع مجموع من حیث مجموع۔ مجموع کے ادا کرنے سے امتثال آ جاتا ہے تو پھر تو واجب بھی سارے ہوں گے کیوں کہ ایک شئی ہو اور اس کی جز ...

کوئی آ رہے ہیں. کوئی ٹرک جا رہا ہے. کوئی بس چل رہی ہے. تو دیکھے گا تو سب کو تم سمجھو گے کہ کوئی ایک ہی کل ہے
ایک ہی فنکشن میں لگے ہوئے ہیں لیکن جب ایک ایک فرد کو دیکھے گا تو یہ اپنے مجبوری کے لئے جا رہا ہے اور وہ
اپنے مشن پر ہیں — اس کا اپنا کام ہے. یہ ایک کلی طبعی ہے. اس طرح ہوتا ہے کلی طبعی — چلو جی باقی اس
طرح تو نہیں کہ کلی طبعی خارج میں اکیلی تنہا اور یہ بھی کلی. خارج میں جو ہوتا ہے شخص ہوتا ہے
فرد واحد مشخص ہوگا. کلی طبعی کا یہ معنی ہے. — یا تو امتثال کی علت مجموع من حیث مجموع یا کل واحد
واحد یا غیر معین ہے وہی واحد مبہم آ گیا. احدھا — مجموع من حیث مجموع تو نہیں ہو سکتے. کیونکہ
ورنہ سارے واجب ہوں گے. ہر ایک ایک کو کہیں گے کہ علت ہے تو ناقصہ ہے. جزئیہ. اب مجموع آ گیا
تو امتثال. ورنہ یہ بھی واجب ہے یہ بھی، یہ بھی — تو جمیع واجب ہوں گے. اور اگر ہو کل
واحد تو ہر ایک ایک امتثال کی مستقل علت ہوگا. پس دو طرح تو مستقل علت. اور اگر واحد مبہم ہو
تو واحد مبہم تو مجہول ہوتا ہے. کس کو کہیں گے کہ یہ. واحد مبہم کا تو اسے علم نہیں ہے معلوم
نہیں ہے تو وہ امتثال نہیں کر سکے گا. امتثال نہیں ہوگا تو خارج میں موجود نہیں ہوگا. اس کا
وقوع نہیں ہو سکے گا تو لہذا معین معین ہو گیا:

ترجمہ: اور دوسری وار اگر آئے ساتھ کل کے معاً پس امتثال یا ساتھ کل کے ہے (جو مجموع) پس
واجب ہوگا کل یا ساتھ ہر ایک ایک کے پس لازم آئے گا تعدد علل تامہ کا یا ساتھ ایک لا بعینہ کے
اور وہ غیر موجود ہے پس متعین ہو گیا معین —

اقول لا یلزم وجوب الکل بالامتثال الخ: اب کہتا ہے کہ ہم کہتے ہیں. کل ادا کرے تو امتثال آئے گا تو تم
کیا کہو گے تو پھر کل واجب ہوں گے تو کہتا ہے یہ تو تب ہے کہ کل بدل نہ ہو. اگر کل بدل ہو تو پھر
کل کا وجوب نہیں آیا. مطلب یہ مجموع من حیث مجموع ادا کر دے. امتثال کرے جمیع کو. ایمان
کرے ان کا. تو امتثال ہو گیا لیکن کل کا وجوب ضروری نہیں. کیونکہ کل بدل ہے. وہ جو واجب
تھا وہ تھا احدھا. اب اس نے سارے کر دیئے. یہ سب کا وجوب نہیں آیا. بلکہ یہ قائم
مقام ہے اس احدھما کا. ہاں جی. اگر سارے ادا کر دے تو امتثال آ گیا لیکن کل کا وجوب لازم
نہیں ہے. کیونکہ یہ اس وقت تھا. مستقل بالاصالۃ ہوتا. کل کا امتثال امر مبہم کا قائم مقام
ہے. واجب تھا احدھما اس نے سارے کر دیے. اس سے امتثال آ گیا لیکن واجب کل نہیں ہوا
کیونکہ یہ کل بدل اس واجب کا جو احدھما تھا. ٹھیک ہو نا — اب اس کی ایک مثال
دیتا ہے. مثلاً ایک ہے علت تامہ جو ہے مرکب. ایک جزء معدوم ہے. ایک جزء کے عدم سے
علت تامہ پہ عدم آئے گا. تو پھر جزء کا عدم بھی علت تامہ ہے. کل کے عدم کی.

یعنی ایک علت تامہ ہے لیکن وہ مرکب ہے دو جزوں سے۔ ایک جزو کا جو عدم ہے یہ تامہ علت ہے کل کے عدم
کی۔ علت کل جو مستقل تھی وہ اٹھ گئی۔ اب اگر ایک جزو کی جگہ دو جزیں معدوم ہو جائیں تو یہ بھی تو
علت ہے کل کے عدم کی۔ ایک کا عدم کل کے عدم کی علت ہے۔ دو جزوں کا عدم بھی کل کے عدم کی
علت ہے۔ ہو سکتے ہیں علل۔ تو لہذا یہ نہ کہیں گے کہ توارد علتین الخ ہے کیوں کہ دو جزوں کا جو
عدم ہے ایک جزو کے عدم کے قائم مقام ہے علی سبیل بدل ہے۔ ایک نہ پائی گئی تو دو پائی گئیں
دو نہ پائی گئیں پھر بھی عدم کل ہے۔ دو کا عدم پایا گیا پھر بھی عدم کل ہے۔ دو کا عدم ہیں تو ایک
کا عدم ہے۔ یہ بدل ہو گیا۔ عدم کل عدم جزو کا بدل ہو گیا نہ کہ یہ ایک مستقل علت ہے
ایک ایک کل واحد۔ ہاں جی۔ اب اس کی مثال دیتا ہے علی سبیل بدل ہوتا ہے مجموع پر
اشتمال کرے تو اس سے مجموع کا وجوب لازم نہیں آتا۔ یہ تب تک جب کل و احد واحد
واجب ہوتا۔ بلکہ یہ جو مجموع کا اشتمال ہے یہ تھا قائم مقام ہے واحد لا بعینہٖ کا
یعنی وہ احد تھا کا۔ بس ان کے ضمن میں آگیا۔ ایک کے ضمن میں جو آگیا۔ تو دوسرے
دو جو ہیں تو وہ بس اس کے قائم مقام ہیں۔ ان سے بدل ہیں۔ مستقل نہیں ہیں۔
اب اس کی ایک مثال دیتا ہے۔ ایک علت تامہ مرکبہ۔ اس علت تامہ مرکبہ کی ایک
جزو معدوم ہو گئی۔ تو کل معدوم ہو گیا۔ عدم جزو علت ہوا عدم کل کی۔ تو اگر دو
جزئیں معدوم ہو جائیں تو یہ بھی علت ہیں عدم کل کی لیکن یہ توارد علتین الخ لہذا
نہیں ہے۔ کیونکہ دو جزوں کا عدم یہ عدم جزو واحد سے بدل ہے۔ یعنی ایک بار واحد نہیں
تھی پر تو عدم کل ہو گیا۔ دو کا جو عدم آیا وہ بھی عدم کل آگیا۔ تو یہ بدل ہو گئے اس سے
چلو جی۔ ترجمہ: کیونکہ ہم میں نہیں لازم آتا وجوب کل کا ساتھ اشتمال بالکل کے
اور جزوی بینت کہ لازم آتا اگر نہ ہوتا کل بدل اگر بدل ہو تو وجوب کل لازم نہیں آتا کیا
نہیں دیکھتا تو کہ بے شک عدم جزو علۃ تامہ ہے واسطے عدم کل کے پس جب معدوم ہو جائیں
دو جزئیں ہوگا مجموع وہ ملکہ علۃ تامہ۔ مجموعہ علت تامہ ہے یعنی دو جزوں کا عدم کل
عدم کل کی علت تامہ ہے۔ تو ایک جزو کا عدم بھی عدم کل کی علت تامہ ہے۔ لیکن یہ کیوں
واقع ہے؟ یہ بدل ہے۔ یعنی مجموعہ عدم جزو کے قائم مقام ہے اس لیے بدل ہے۔
بس جی۔

مسلم الثبوت ص ۳۵ . سبق : ۳۰

واجاب فی المنھاج الخ : پیچھے آیا کہ امتثال یا تو مجموع سے آیا یا کل واحد سے آیا۔ امتثال یا تو بالکل آیا یا بکل واحد آیا۔ اگر امتثال بالکل آیا ہے مجموعہ ادا کیے واجب۔ واجب مخیر ہے جیسے کفارہ میں دس مسکینوں کو طعام کھلایا، کپڑے بھی پہنائے اور رقبہ بھی آزاد کیا۔ تو امتثال کس سے آیا۔ کل سے آیا تو کل واجب ہوں گے۔ بالکل و واحد ایک ایک سے۔ ایک سے بھی امتثال آیا تو دوسرے سے بھی امتثال آیا۔ متفق تریا ادا کرنے سے بھی امتثال آیا۔ تو کل تو واجب نہیں ہے۔ تو کل واحد سے امتثال ہے۔ تو امتثال معلول ہوگا تو ہر ایک ایک کا ثبوت وہ علت ہوگا۔ بالکل یا بکل واحد۔ یا دسیب اور علت ہیں داخل ہے۔ اگر کل واحد واحد مستقل علت ہو امتثال کی تو پھر تعدد علل تامہ لازم آئے گا۔ یا واحد لا بعینہ وہ تو مجہول ہے تو غیر موجود ہے اس سے امتثال نہیں ہو سکتا۔ تو اس لیے معین ہوگئیں۔ اقول سے اس کا جواب دیا تھا پہلی شق لے کر جواب دیا تھا ہم کہتے ہیں کہ امتثال بالکل آیا۔ مجموع سے آیا۔ اس تم کہوگے کہ کل واجب ہوگا اور یہ تب ہوگا کہ ہر کل بدل نہ ہو تو پھر مجموع واجب ہوگئے۔ یہ کل بدل ہے۔ یہاں تو ایک جب کل کر دیے تو کل اس کا قائمقام ہے۔ کل واجب نہیں ہے۔ واجب تو تب ہوتے کہ کل بدل نہ ہوتا۔ یہ بدل ہے واجب کا جو اس پر ہے۔ کل جو آگئے تو واجب آگیا یہ کل بدل ہوگا ہے تو قائمقام ہوگیا۔ جیسے ایک کرتا ہے تو واجب ادا ہوگیا۔ تو جب مجموع کیا تو عوض اس ایک کا بدل ہوگیا۔ الاتری ہے کیا: ایک علت تامہ ہے جزء کا عدم یہ علت تامہ ہے عدم کل کی۔ اور جو جزئیں ان کا عدم وہ بھی علت ہے عدم کل کی۔ تو مجموع جزؤں کا عدم ہے اس ایک جزء کے عدم کا قائمقام ہے۔ جیسے یہاں ہے کہ مجموع کے ادا کرنے سے امتثال آتا ہے لیکن مجموع واجب نہیں ہوتے۔ یہ قائمقام ہیں اس واجب کے جو ان میں ایک ہے

واجاب فی المنھاج ۔ اب یہاں منھاج قاضی بیضاوی کی کتاب ہے۔ انہوں نے جواب دیا کہ ہم دوسری شق لے کر بھی جواب دے سکتے ہیں۔ بکل واحد واحد۔ ایک کیا تو امتثال ہوگیا دوسرا کیا تو امتثال ہوگیا تیسرا کیا تو ۔۔۔ تو ہر ایک ایک۔ اب تم کیا کہوگے کہ تعدد علل مستقلہ لازم آئے گا۔ جب ایک سے امتثال آگیا تو دوسرا علت ہے تو پھر اس کی ضرورت ہی نہیں ہے۔ اگر ان کے ایک ایک سے امتثال نہیں ہوا تو ایک علت مستقلہ ہی نہیں ہے امتثال کی۔ یہ اعتراض ہوگا توارد علتین مستقلتین علی معلول واحد شخصی۔ ایک نے بھی امتثال کیا۔ تیسرے نے بھی، یہ توارد باطل ہے کیونکہ۔ اگر ایک امتثال کے لیے کافی ہے تو دوسرے کی حاجت نہیں اگر ایک کافی نہیں تو وہ علت تامہ بھی نہیں۔ تو یہ کہتا ہے کہ ہم کہتے ہیں کہ کل واحد سے امتثال آیا۔ مجموع سے نہیں بلکہ کل واحد سے۔ اب تم کہوگے کہ توارد علتین الخ

علل دو قسم کے ہوتے ہیں ایک علل حقیقیہ عقلیہ۔ توارد علتین علل حقیقیہ عقلیہ میں محال ہوتا
ہے۔ لیکن جو علل شرعیہ ہیں یہ علل حقیقیہ سے نہیں ہیں یہ معرفات ہیں۔ علت
حقیقی تو اللہ تعالیٰ وحدہ لاشریک لہ ہے۔ یہاں بھی۔ ہم دوسری شق لے کر جواب دے سکتے ہیں کہ
امتثال بکل واحد آیا۔ اب تم کہو گے کہ توارد لازم آیا تو یہ انہوں نے کہا: یہ توارد علل حقیقیہ
میں ہوتا ہے اور علل شرعیہ یہ معرفات ہیں۔ یہ علت حقیقی نہیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے واجب
کیا وہ وحدہ لاشریک لہ ہے یہ معرفات ہیں یہ کشف کرتی ہیں۔ یہ علل حقیقیہ تو ہے نہیں
کہ توارد لازم آئے تو یہ لازم باطل ہے۔ تو یہ معرفات ہیں لہذا معرفات کا توارد محال نہیں
ہے یہ کاشف ہیں کشف کرتی ہیں۔ علت وہ ایک ہے۔

ترجمہ: اور جواب دیا قاضی بیضاوی نے نہج منہاج کے باین طور کہ بے شک امتثال ہا کو کل
واحد ہے اور یہ معرفات ہیں (علل حقیقیہ نہیں ہیں)

وفیہ نظر ظاہر۔ اب ماتن جواب کو رد کرتا ہے کہ اس میں نظر ہے اور وہ نظر بھی ظاہر ہے۔
وہ یہ نظر ظاہر ہے جو توارد علتین از جو علل حقیقی۔ توارد علتین جائز نہیں ہے جو معنی ہے ان میں
پایا جاتا ہے وہ علل شرعیہ میں بھی پایا جاتا ہے۔ جیسے اس میں جاری کرتا ہوں۔ توارد علتین
ہو اگر ایک علت نے وجود دیا تو دوسری علت نے بھی وجود دیا۔ دونوں مؤثر ہیں ایک معلول
پر ایک مستقل بھی ہے تاثیر میں۔ پھر یہ سوال ہوتا ہے ایک نے وجود دیا دوسری جو آتی
اس نے کیا کیا۔ ہم پوچھیں گے کہ دوسری نے وجود دیا یا نہیں دیا۔ ایک نے جو وجود دیا۔ اگر
ایک نے وجود دیا تو دوسری بھی وجود دے تو تحصیل حاصل کی ہے وہ تو پہلے آ چکا ہے
اگر ایک نے وجود دیا دوسری بھی ساتھ تھی۔ دونوں نے اس وجود کو نکالا۔ عدم سے وجود میں
نکالا۔ ہم پوچھتے ہیں ایک مستقل ہے وجود دینے میں۔ یا نہیں۔ اگر ایک مستقل تھی
تو پھر دوسری کی تو ضرورت نہیں ہے اگر ایک مستقل نہیں تھی۔ تو پھر علت تامہ بھی نہیں
ہے۔ جو دلیل علل توارد علتین کی رکھتا ہوں یہ وہ علل شرعیہ میں بھی وہ دلیل جاری
ہوتی ہے۔ ہم کہیں گے ایک کا رکھنا۔ امتثال کے لیے کافی ہے یا کافی نہیں ہے۔ ایک
نے جو امتثال دیا۔ دوسری کے رکھنا ہے بھی وہی امتثال آیا تو تحصیل حاصل ہے وہ امتثال
تو ہو چکا۔ اور اگر دونوں مل کر امتثال کریں۔ تو پھر ہم پوچھیں گے ایک کافی ہے امتثال کے لیے
علت شرعیہ یا کافی نہیں ہے۔ اگر کافی ہے تو دوسری کی حاجت نہیں ہے۔ اگر کافی نہیں ہے
تو علت مستقلہ نہیں ہے پھر علت ناقصہ ہو گی۔ خلاف مفروض لازم آئے گا ترجمہ: اور نہیں اس کے
نظر ظاہر ہے۔

ادائی۔

تقسیم الوقت الی الموقت از اب ۔ کتاب ہی خود متن ہے ۔ وقت کی تقسیم ہے نہ موقت کی بھی یعنی یہاں سمجھو کہ واجب کی تقسیم ہے۔ کہ واجب دو قسم ہے ایک واجب ہے موقت نہ دوسرا واجب ہے غیر موقت ۔ اب واجب موقت کیا ہے وہ ہے جس کی ادائیگی وقت کے اندر ہو ۔ نہ وقت سے پہلے ادائیگی ہو سکے نہ وقت کے بعد ادائیگی ہوگی ۔ بلکہ وقت کے بعد قضا ہوگی ادائیگی نہیں ہوگی تسلیم ما وجب نہیں ہو گی مثل ما وجب ہوگی ۔ اور واجب غیر موقت وہ ہے جو موقت ۔ پہلے کی مثال ہوگی جیسے نماز ۔ یہ واجب موقت ہے ۔ وقت کے اندر ادا ہوگی ۔ وقت سے پہلے بھی نہیں ہو سکتی نہ وقت کے بعد بھی ادا نہیں ہو سکتی بلکہ قضا ہوگی ۔ واجب غیر موقت وہ ہے اس کی ادائیگی وقت میں کریں تب بھی ۔ بعد کریں تب بھی ادائیگی ہی ہوگی جیسے زکوٰۃ ہے ۔ سال گزرا زکوٰۃ واجب ہوگی ۔ اب فوراً دے دے تو بھی ادا ہے اگر دیر سے دی کچھ وقت کے بعد تو بھی ادا ہوگی ۔ یہ ہو گیا غیر موقت ۔ یہ واجب مقید نہیں ہے ۔ یہ واجب مطلق ہے ۔ استاذ کی روح قبر میں خوش ہو رہی ہوگی تمہیں کیا پتا ہے سبحان اللہ بزرگوں کی روحانی توجہ ہوتی رہتی ہے ۔ پتا بھی نہیں ہوتا ۔ چلو جی

(حاشیہ: جب بھی ادا کرے ادا ہوگا)

ترجمہ: تقسیم وقت کی نہج موقت کے ۔

اما ان یفضل فیسمی ظرفا: اب موقت کی تقسیم کر رہا ہے ۔ واجب موقت ہو گیا ۔ اب دیکھیں گے یا تو ادائیگی وقت کے اندر ہو گی ۔ یا تو وقت بچ جاتا ہے یا وقت نہیں بچتا ۔ واجب موقت میں یا تو یہ ہے کہ واجب ادا ہو گا ہے تو ادائیگی وقت کے اندر ہو گی تو وقت بچ بھی جاتا ہے یا واجب موقت ہے لیکن جو واجب کو ادا کریں تو وقت بچتا نہیں ہے ۔ ادائیگی پورا احاطہ کرتی ہے ۔ کوئی وقت بچتا نہیں ہے ۔ اگر واجب سے وقت بچ جاتا ہے تو اس کو کہتے ہیں واجب موسع کہ وقت جو ہوگا یہ ظرف ہوگا ۔ یہ وقت کی تقسیم ہے ۔ وقت ظرف ہے تو واجب کو کہیں گے واجب موسع ۔ دونوں باتیں آ رہی ہیں ۔ تقسیم الوقت الی الموقت ۔ تو وقت بھی آ رہا ہے اور موقت بھی ۔ اس وقت کو ہم کہیں گے ظرف ۔ ادا جو ہو گا یعنی مؤدی وہ مظروف ہو جائے گا ۔ اس واجب کو کہتے ہیں موسع ۔ اس کی مثال دی وقت صلوٰۃ ۔ بندہ نماز کو وقت کے اندر پڑھتا ہے ۔ اس میں پندرہ منٹ لگتے ہیں یا پانچ منٹ یہ تو لیٹ ہو کر وقت داخل ہوا تو سارے وقت کو مؤدی نے گھیر لیا سارے وقت کو تو مؤدی نہیں گھیر لیتا ۔ بلکہ وقت بچ جاتا ہے ۔ اب کہتا ہے کہ جو وقت ہے ایک سبب ہے وجوب کا ۔ تین چیزیں آ رہی ہیں ۔ وقت سبب ہے وجوب کا دوسرا وقت ظرف ہے مؤدی کا ۔ تیسرا شرط ہے ادا کی ۔

عو واقت کو کیم موسع کہتے ہیں

یہ علم ہے اور بزرگوں کی محنت کی ہوئی ہے۔ اور اصول فقہ ہے۔

ترجمہ: یا یہ کہ زائد ہوگا وقت۔ پس نام رکھا گیا وقت ظرف اور موسّع (واجب موسّع ہے) مثل وقت نماز کے اور وہ سبب ہے واسطے وجوب کے اور ظرف ہے واسطے مودّی کے اور شرط ہے واسطے ادا کے۔

وهو الحكم في كل موقت الخ اب فرماتے ہیں کہ جو فرمایا کہ وقت شرط ہے ادا کے لیے۔ یہ حکم یعنی ادا کی شرط ہے ہر موقت میں ہوگا۔ ترجمہ: اور یہ حکم بیچ ہر موقت کے ہے۔ یہ فرق بیان کیا۔ سببیت ہر ایک میں نہیں ہوتی۔ چلو جی

مسلم الثبوت ص ۳۱ . سبق نمبر 1 .

ليس الشرط المظروف عين المشروط الخ یہ سمجھ آیا کہ وقت ہے ظرف مودی کے لیے ظرف مظروف کے مقارن ہوتا ہے اور شرط ہے ادا کی۔ ادا وہی مودّی یعنی ہے ادا مشروط ہوتی اور وقت شرط ہوا ظرف مظروف آپس میں متصل ہوتے ہیں مقارن ہوتے ہیں اور وقت ظرف ہے تو مودی کے مقارن ہے اگر شرط ہے مودی کی تو شرط مقدم ہوتی ہے ادا مشروط وہ موخر ہوتا ہے اس سے تو پھر یہ لازم آیا کہ مودی کی ظرف ہے تو مودی کے ساتھ مقارن ہے شرط کیا تو مطلب ہے کہ متقدم ہے۔ ایک شئی وقت مقارن بھی ہوتے مقدم بھی ہو۔ یہ نہیں ہو سکتا۔ اس عبارت سے ثابت ہو رہا ہے کہ مظروف اور مشروط ہیں۔ تو اس نے کہا: مظروف مشروط کا عین نہیں ہے کیونکہ جو مودی ہے وہ مودی ہے اور ادا یہ مؤدّی نہیں ہے ادا مصدر ہے اور مودی اسم مفعول ہے تو یہ غیر ہے تو ایک شئی نہیں ہے۔ یہاں جی شرط ہے ادا کی تو پھر ادا بن جائے گی مشروط۔ ادا بھی وہ عین مودی ہے۔ جواب دیا کہ مظروف مشروط کا عین نہیں ہے کیونکہ مظروف مودی ہے اور مشروط ہے ادا۔ تو ادا غیر ہے مودی کا ادا مصدر ہے اعتباری شئی ہے۔ عین مودی نہیں ہے۔ اعتراض یہی تھا کہ ادا ہی مودی ہے۔ ادا جب مودی ہے تو مشروط اور مظروف ایک ہو جائیں گے۔ تو کہتا ہے کہ ایک نہیں ہیں: ادا مودی کا غیر ہے مودی فعل ہے مفعول ہے جو بندہ کرتا ہے واقع کرتا ہے اور جو ادا ہے یہ انتزاعی شئی ہے۔ فاعل کا فعل ہے جس سے منتزع ہوتا ہے۔

ترجمہ: اور نہیں ہے مظروف عین مشروط کا کیونکہ ادا غیر ہے مؤدّی کا۔ (مظروف عین مشروط نہیں ہے۔ مشروط ہے ادا اور مظروف ہے مودی۔ اور مودی یہ ہے مفعول سے ادا ہے مصدر مصدر یہ انتزاعی اعتباری ہوتے ہیں۔ تو عین نہ ہوا۔

وما فی التحریر المراد بالاداء الفعل المفعول الخ: ابن الہمام نے اپنی کتاب تحریر میں اعتراض کیا تھا۔ اس کا جواب دیتے ہیں۔ انہوں نے یہ فرمایا ادا یہ مودی ہے کیونکہ ادا یہ فعل ہے تو فعل وہ انتزاعی نہیں ہے بلکہ فعل مفعول ہے تو ادا فعل مفعول ہے جیسے کہتے ہیں کبھی کبھی مصدر کو بھی فعل کہتے ہیں۔ وہ فعل جو مفعول ہوتا ہے جیسے کہتے ہیں میں نے کام کیا۔ تو وہ جو فعل ہے فاعل کرتا ہے اس سے واقع ہوتا ہے خارج میں۔ اس کا وجود آتا ہے تو ادا یہ فعل فاعل کا نہیں ہے کہ انتزاعی اعتباری ہو بلکہ فعل مفعول ہے اس کو کرتا ہے تو خارج میں وجود میں آتا ہے۔ تو جس طرح وقت ظرف ہو مودی کی اور شرط ہو ادا کی تو وہ فعل مفعول ہے یہ بھی مودی ہو جائے گا تو پھر مظروف اور مشروط متحد ہو جائیں گے۔ باقی فعل فاعل کا نہیں ہے جو اس سے منتزع ہوتا ہے وہ اعتباری انتزاعی شئی ہے اس کا خارج میں لا وجود لہ۔ اس کا تو وجود ہی نہیں ہے۔ مشروط کا تو وجود ہونا چاہیے۔ وجود تو جو ادا فعل مفعول ہے۔ تحریر میں رد کرتا ہے اور یہ اس کا جواب دے گا۔ وقت ظرف ہے مودی کی تو شرط ہے ادا کی۔ ادا مصدر نہیں ہے اعتباری ہو کہ اس کا تو وجود ہی نہیں ہے۔ یہ فعل مفعول ہے جیسے ضربت زیدا۔ مارا میں نے زید کو۔ ضرب وہ فعل مفعول ہے۔ اس کو اس نے کیا۔ وہ جو مصدر ہوتی ہے اعتباری تو انتزاعی شئی ہوتی ہے اس کا خارج میں وجود نہیں ہوتا۔ مشروط کے لیے ضروری ہے کہ اس کا وجود ہو۔ وجود تو فعل مفعول کا ہے لہذا ادا یہ مودی ہے تو پھر مظروف اور مشروط ایک ہو جائیں گے۔ علامہ اس کا رد کرتے ہیں مندفع۔ یہ ما فی التحریر مندفع ہے یہ ٹھیک ہے کہ ادا مصدر ہے۔ اب تم کہتے ہو کہ مصدر ہے تو اعتباری تو خارج میں وجود نہیں۔ ہم اس کو تسلیم نہیں کرتے۔ ادا حادث ہے اگرچہ ہے اعتباری لیکن ادا حادث ہے۔ جو حادث ہو اس کا عدم سے وجود آتا ہے مسبوق بالعدم ہے۔ اگرچہ اعتباری ہے تو مشروطیت کی صلاحیت رکھے گی۔ تم نے کہا وہ اعتباری ہے تو پھر وہ مشروط نہیں بن سکتی اس کا وجود نہیں ہے۔ تو یہ کہتا ہے جو معنی حاصل کا ہے مصدر انتزاعی ہے تو اعتباری ہے لیکن مشروطیت کی صلاحیت رکھتی ہے لہذا مظروف اور مشروط عین نہ ہوئے۔ ادا مصدر ہے تو مودی مفعول ہے۔ بات آگئی۔

تحریر والے نے مدار یہ رکھی کہ یہ مصدر ہے اعتباری ہے اس کا وجود نہیں ہے لہذا مشروط نہیں بن سکتا۔ مشروط کے لیے موجود ہونا چاہیے وہ کہتا ہے کہ یہ ٹھیک ہے کہ مصدر ہے تو اعتباری ہے لیکن یہ حادث ہے جب عدم سے اس کو وجود آتا ہے لہذا مشروطیت کی صلاحیت رکھے گا۔ یہ ادا مصدر لیکن مودی کا بھی غیر ہے وہ مظروف ہے اس کا غیر ہے لیکن مشروطیت کی صلاحیت رکھتا ہے کیونکہ حادث ہے۔ حادث کا وجود آتا ہے۔ اعتباری ہے لیکن وجود آئے گا اتنا کافی ہے مشروطیت کی صلاحیت رکھتا ہے۔

عہ واجب موقت کو واجب موسع اور واجب مضیق بھی کہتے ہیں۔

اور ماضی التحریر مراد سا تو ادا کی فعل معقول ہے پس متحد ہوں گے (مراد امور ماضی ہیں گئی) تو فعل
فاعل کا (جو مصدر ہے) کیونکہ وہ فعل (فاعل سے منتزع ہوتا ہے) اعتباری ہے یعنی وجود ولمحہ اس
کے ماضی التحریر کیا ہے؟ پس مندفع ہے کیونکہ حادث اگرچہ ہے حادث اعتباری عہ صلاحیت
رکھتا ہے واسطے مشروطیت کے۔ اعتباری چیزیں بھی مشروطیت کی صلاحیت رکھتی ہیں جیسے
ابوۃ بنوۃ یہ اعتباری چیزیں ہیں لیکن مشروط ہوتی ہیں ساتھ نکاح کے۔ بعد نکاح کے ابوۃ ہوتی
ہے ایک اعتباری صفت ہے لیکن حادث ہے مشروط ہے نکاح تو یہ ابوۃ مشروط ہو گئی۔

واما ان یساوی فیسمی معیارا و مضیقا اگر پیچھے وقت کی تقسیم آ رہی ہے۔ تو تقسیم الوقت فی المؤقت
پہلے کیا یا تو موقت بچ جاتا ہے فعل سے جو مامور بہ ہے یا تو وقت بچ جاتا ہے یا وقت مساوی ہوتا ہے
اگر وقت بچ جائے تو اس کو کہتے ہیں ظرف۔ موسع بھی کہتے ہیں اور واجب کی صفت ہے عہ موقت اور موسع۔
اگر وقت بالکل برابر ہوتا ہے بچتا نہیں ہے تو اس کو کہتے ہیں معیار۔ اور وقت مضیقا۔ تو پھر واجب
کو بھی یہ قسم ملے گا واجب مضیق۔ پیچھے جو تھا اس کی مثال دی تھی نماز۔ اب مقابلے میں غیر موقت
بھی ہوگا ہے اس کی مثال زکوۃ۔ یہ دوسرا قسم ہو گیا وقت نہیں بچتا بلکہ فعل سارے وقت کو گھیر
لیتا ہے تو وقت کی کوئی چیز نہیں بچتی۔ اس کو معیار کہتے ہیں جیسے روزہ۔ یہ واجب ہے تو مضیق
ہے تو وقت اس کے لیے معیار ہے۔ واجب موسع کی مثال ہوگی وقت صلوۃ۔ اور اس کی مثال ہو گی
جیسے روزہ۔ ترجمہ: اور یا یہ کہ برابر ہو گا وقت موقت کے اور نام رکھا گیا وقت معیار اور مضیق

وهو قد یکون سببا للوجوب الخ۔ اب بیان ہے یہ بیان کرتے ہیں وقت جو معیار ہے یہ کبھی
وجوب کا سبب ہوگا اور وقد لا یکون سببا۔ وقت جو معیار مضیق ہے کبھی وجوب کا سبب
ہوگا اور کبھی وجوب کا سبب نہیں ہے سبب اور ہے لیکن معیار ہے۔ اب کہتا ہے کہ اگر وجوب کا
سبب ہو اس کی مثال ہے رمضان شریف کا وقت یہ وجوب صوم کا سبب ہے۔ اب اس
پر دلیل دیتا ہے اس لیے کہ شریعت اس کو فرض روزے کے لیے معین کیا ہے۔ جو فرض روزے
کے لیے ہی مقرر ہے۔ فلم یبق۔ تفریع ہو گئی کیونکہ فرض روزے کے لیے مقرر ہے تو
معیار ہے سارے وقت کو احاطہ کرے گا تو اس میں غیر اس کا مشروع ہی نہیں ہے
اب دوسری تفریع بیان کی یعنی تعین شرعا پر دوسری تفریع بیان کی۔ تعیین نیت بھی شرط
نہیں ہے یعنی نیت ہے روزہ کا لیکن نفلی کی کرے یا نیت مباینہ جو کہ مباین نیت۔ روزہ
نفلی روزہ کفارے کا عہ جو کہ رمضان کے روزے کے مباین ہو۔ نذر کا، واجب آخر کا
حنفیہ کے نزدیک روزہ رمضان کا ہو گا جمہور اس میں خلاف کرتے ہیں۔ یہاں بھی:

وقت جو معیار ہے کبھی وجوب کا سبب ہوگا اور کبھی وجوب کا سبب نہیں ہوگا۔ اگر وجوب
کا سبب ہو جیسے ~~رمضان~~ وقت رمضان وجوب کا سبب ہے کیونکہ شرع پاک نے اس وقت کو روزے
رمضان کے لیے متعین کیا ہے یہ تعیین اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ معین
ہے روزے رمضان کے لیے۔ معیار ہے تو اور کی تو گنجائش ہی نہیں ہے کہ اور روزہ اس کے اندر
آئے۔ اب جس پر تو ہو بیان کر دی ہے لہذا تعیین نیت شرط نہیں ہے۔ مطلقاً نیت کرے نفل کی کرے
واجب آخر کی کرے روزہ رمضان کا ہی واقع ہوگا چلو جی۔

ترجمہ: اور وہ معیار گاہ ہوتا ہے سبب واسطے وجوب کے مثل رمضان کے تعیین کیا گیا شرعاً
واسطے فرض روزے کے پس نہیں باقی رہے گا غیر روزے فرض کا (غیر ہوگا تو روزہ) مشروع
(یعنی اس میں مشروع نہیں ہے) پس نہیں شرط کی گئی نیت تعیین کی بلکہ صحیح ہے ساتھ نیت مباین
کے نزدیک حنفیہ کے۔ خلاف ہے واسطے جمہور کے۔ (وہ کہتے ہیں کہ جو نیت کی وہی ہوگا) چلو جی
الا بنية المسافر للمباین۔ الا یہ جو استثناء ہے۔ یہ استثنی ہے پچھلی عبارت بل یصح
بنية مباينة سے ہے۔ ہاں اگر مسافر آدمی ہے رمضان شریف میں سفر کرتا ہے دن میں
تو مسافر اگر نیت کرے رمضان کے علاوہ کسی مباین کی تو وہ نیت صحیح ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے
مسافر کو رخصت دی۔ جب اس کو رخصت ہو گئی چاہیے تو روزہ رکھے چاہیے تو نہ رکھے
روزہ رکھے تو اس کو جو رخصت جو ہے تو وہ جس جس روزے کی نیت کرے گا مسافر کا روزہ
وہی ہو جائے گا۔ مسافر نیت مباین کرے تو کر سکتا ہے اس کی نیت صحیح ہے۔

ترجمہ: خلاف ہے واسطے جمہور کے مگر نیت مسافر کی واسطے مباین کے (اور حنفیہ یہ دلیل ہے کیونکہ
کہ مسافر کو رخصت ہے شارع کی جانب سے تو لہذا اس پر تعیین نہیں ہے تو جب اس کو
رخصت ہے تو جو چاہیے۔ چاہے تو بالکل روزہ نہ رکھے۔ اگر کوئی رکھو ے نیت مباین
سے تو وہ صحیح ہو جائے گا) واسطے ترخیص کے۔

استاذ صاحب کو کسی نے یا جیبی (آئے والی) لا کر دی تھی تو آپ نے فرمایا وہ اس کو
اٹھا لے۔ یعنی واپس لے لے۔ استاذ صاحب نے جتنی لگائی تھی اتنی لگا۔ استاذ نے فرمایا
جس نے دی ہے وہی اٹھائے ——— فافہم ———

اس کی معیار کے ساتھ بھی مشابہت ہے کہ ظرف کے ساتھ بھی مشابہت ہے معیار کے ساتھ تو
اس لیے کہ پورے سال میں ایک حج کی گنجائش ہے دوسرا تو نہیں ہو سکتا۔ اس اعتبار
سے یہ معیار کے مشابہ ہے اور ظرف کے مشابہ ہے کیونکہ اشہر شوال ذی قعدہ
ذی الحجہ اور کے دس ایام ہیں۔ اس پانچ دنوں میں ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲ تک سارا حج
تمام ہو جاتا ہے کہ باقی وقت بچ جاتا ہے تو یہ مشابہت ہوگی اس کی ظرف کے ساتھ۔
اب تو یہ بیان کرتا ہے کہ یہ مطلق نیت کرے گا تو فرض ادا ہو جائے گا اور اگر نفل کی نیت
کی تو نفل واقع ہوگا۔ مطلق نیت کرے گا تو فرض ادا ہو جائے گا جیسے معیار ہے جس
کیا تھا کہ مطلق نیت کرے گا تو نذر معین کا واقع ہوگا۔ اور نفل کی نیت کرے گا کیونکہ ظرف
ہے وقت باقی بچ جاتا ہے حج کے علاوہ۔ تو اگر نفل کی نیت کی تو نفل ہوگا۔

ترجمہ: اور حج ذو شبہین ہے ساتھ معیار کے اور ظرف کے کیونکہ حج نہیں گنجائش رکھتا ہے
سال کے مگر ایک اور اس احاطہ کرتے فعل اس کا وقت اس کو (یعنی جمیع وقت کو) جمیع وقت کو
اور اسی جگہ سے (کیونکہ اس کی جمع مشابہتیں ہیں) ادا ہوگا فرض حج ساتھ مطلق
نیت کے اور واقع ہوگا نفل سے جب نیت کرے اس کی۔

مسالۃ اذا کان الواجب موسعاً: اب فرماتے ہیں واجب کی دو قسم آگئے: ایک واجب موسع
اور دوسرا واجب مُضَیَّق۔ واجب موسع جمیع وقت اس کے ادا کا وقت ہے اول
سے لے کر آخر تک۔ جمیع وقت، وقت ادا کا ہے۔ وقت کسی میں جز جز میں ادا کرے گا
ادا ہی ہوگی۔ ترجمہ، مسالہ جب ہے واجب موسع پس جمیع وقت وقت ہے واسطے ادا اس کے۔

قال القاضی واکثر الشافعیۃ الخ: اب دوسرا مذہب: پہلا مذہب آگیا جمہور کا۔ دوسرا
مذہب ہے قاضی ابوبکر اور اکثر شافعیہ کا۔ یہ فرماتے ہیں واجب وقت کی ہر ہر جزء میں
یا فعل ہے اگر اس جزء میں فعل نہیں کیا تو پختہ ارادہ ہے اس کا بدل پختہ ارادہ ہے
اول وقت داخل ہوگا آخر تک تو ہر جزء میں واجب فعل ہے یا عزم فعل ہے۔ اگر
فعل نہیں کر سکا تو ارادہ فعل اس کا بدل ہوگا یہاں تک۔ اور جب وقت آخر
جزء پر پہنچے گا اب فعل متعین ہو گیا۔ اگر آخر جزء میں فعل نہیں کیا عزم کیا تو پانچ منٹوں کے بعد
تو وقت نکل گیا تو فعل تو آیا ہی نہیں۔ عزم بدل تھا فعل کا اور آخر جزء میں فعل متعین
ہو جاتا ہے اب عزم اس کا قائمقام نہیں ہوتا کیونکہ عزم اگر کرے تو وقت تو نکل جائے
گا۔ پھر تو قضاء ہو جائے گا۔ ترجمہ: اور فرمایا قاضی نے اور اکثر شافعیہ نے

12/252

واجب نہیں ہر وقت کے فعل ہے یا عزم فعل ہے از روئے بدل کے اور متعین ہوگا فعل پہنچ آخر کے ولا یوجبون تجدید العزم فی کل جزء ای اے لہذا یہ ایک اعتراض ہے۔ اس مذہب پر کہ تم نے کہا کہ وقت کی ہر جزء میں یا فعل کرے یا عزم کرے۔ عزم فعل سے بدل ہے۔ اعتراض یہ ہے کہ فعل ایک ہے تو عزم وہ ہے بدل وہ ہے متعدد۔ مبدل منہ ایک ہو گیا اور بدل چونکہ عزم ہے وہ متعدد ہو رہے ہیں فعل تو وہی مامور بہ ہے جو اس کے اندر وقت میں کرنا ہے۔ ایک جزء میں نہیں کیا تو عزم۔ پھر دوسری جزء میں فعل نہیں کیا تو عزم تو عزم متعدد ہو رہے ہیں اور فعل ایک ہے تو اس کی کوئی نظیر شریعت میں نہیں ہے کہ مبدل منہ واحد ہو تو بدل متعدد ہوں ہاں جی بچھڑا بچھڑا یہ علم ہیں۔ بچھڑا یہ علم ہیں۔ یہ اشکال بس ایک رسالہ ہے رسالہ نہیں ہے بڑی کتاب ہے۔ چھوٹی بڑی کا معنی ہے ایکی تو بہت مغلوط۔ چھوٹی اس کا جواب دیتے ہیں دو جواب ہیں۔ پہلا جواب یہ ہے کہ مبدل منہ ایک ہے تو بدل بھی ایک ہے۔ جب جزء اول میں اس نے فعل نہیں کیا تو عزم کیا تو وہی ایک عزم باقی اجزاء میں پھیل جائے گا۔ علیحدہ علیحدہ تجدید عزم کی ضرورت نہیں ہے بس وہ عزم باقی جزؤں میں پھیل جائے گا۔ جو کام بھی کر رہا ہے جیسے روزے کی نیت رات کو کی۔ صبح صادق کا وقت رات نکل رہی تھی اور صبح صادق کے وقت یہ داخل ہو رہی تھی اس وقت جو داخل تھی سارے دن میں وہی نیت سرایت کر گئی۔ دن کی ہر ہر جزء میں نیت کی تجدید تو نہیں ہوگی۔ دوسرا جواب عزم متعدد ہیں تو فعل مبدل منہ بھی متعدد ہیں جب جزء اول میں فعل نہیں کیا تو عزم اس کا بدل آ گیا۔ تو ثانی میں فعل نہیں کیا تو عزم آ گیا۔ یہ عزم اس لیے کہ فعل کا ہونا ہے بلکہ ثانی جزء میں جو ترک فعل ہے اس کا بدل ہے۔ تو پھر ثالث میں فعل نہیں کیا تو عزم کیا یہ اس فعل کا قائمقام ہو گیا۔ اور اسی طرح آخر تک حتی کہ جزء اخیر میں جا کر متعین فعل ہو جائے گا۔ اب افعال بھی متعدد ہیں تو اعزام بھی متعدد ہیں ہاں جی۔ جیسے روزے کی نیت کی تو وہ نیت سارے دن میں پھیل گئی کیونکہ روزہ امساک عن الاکل والشرب والجماع۔ صبح صادق سے لے کر غروب آفتاب تک مع النیۃ۔ نیت کی معیت اول میں تھی وہ سارے میں پھیل گئی۔

ترجمہ: اور نہیں واجب کرتے وہ تجدید عزم کو بیچ ہر جزء بلکہ اول عزم پھیل جاتا ہے مثل پھیلنا نیت کا (یعنی: مثل پھیلنے نیت کے اس محل میں) پس نہ وارد ہوگا (اب اس سوال کی تقریر ہے) وہ جو کہ معترض کہتا ہے کہ بے شک بدل متعدد ہے اور مبدل منہ واحد ہے۔ (یہ ایک جواب آ گیا)۔ علاوہ اس کے کہ بے شک التفاتات فعل ساتھ عدد اجزاء کے جتنے وقت کے اجزاء ہیں التفاتات بھی اتنے ہیں پس مساوی ہو گئے وہ التفاتات اعزام کو۔ اعزام متعدد ہیں تو التفاتات بھی متعدد ہیں کیونکہ ہر جزء التفات کا ظرف تھی التفات نہیں کیا تو عزم آ گیا پھر دوسری جزء التفات کا ظرف تھی التفات نہیں کیا تو عزم آ گیا تو التفات متعدد ہو گئے۔

عزم تو کئی ہیں اور فعل واحد نہیں ہے بلکہ متعدد ہیں۔

چھوٹی۔ اچھا۔

مسلم الثبوت ص ۳۲ سبق : ۱

وعن لبعض الشافعیۃ الخ: واجب موسع میں بات چلی ہوئی ہے۔ پہلا مذہب: جمیع وقت ادا کا وقت ہے جس جز میں جو ادا کرو۔ اول، وسط، آخر۔ جمیع وقت ادا کا وقت ہے۔ دوسرا مذہب تھا قاضی ابو بکر اور اکثر شافعیہ کا: انہوں نے کہا: احد الامرین واجب ہے۔ وقت کی ہر جزء میں یا فعل کرے یا عزم کرے عمل کا۔ بعض شافعیہ کا قیل بل عن بعض المتکلمین۔ بعض شافعیہ اور بعض متکلمین کا مذہب انہوں نے کہا وقت ادا کا اول ہے: اگر موخر کرے گا فان اخرہ یہ تفریع ہے وقت ادا کا اول ہے اگر موخر کرے گا تو قضا ہوگی۔ یہ تیسرا مذہب آگیا اب چوتھا بعض حنفیہ کا: انہوں نے کہا: وقت ادا کا آخر ہے فان قدمہ سے تفریع بتاتی کہ اگر اس نے ادا کو مقدم کیا تو نفل ہوگی لیکن فرض ساقط ہو جائے گا۔ امام کرخی نے کہا: اگر آخر وقت تک صفت تکلیف ہے باقی رہا تو جو مقدم کیا ہے ادا کو تو وہ واجب ہے۔ اگر صفت تکلیف سے باقی نہیں رہا مثلاً مجنون ہو گیا یا حیض نفاس عارض ہوا تو پھر نفل ہوگی واجب نہیں ہوگا لیکن اس سے فرض ساقط ہو جاتا ہے۔ یہاں تک یہ مذاہب ہیں۔ امام کرخی کے نزدیک اول وقت میں اس نے فعل کیا لیکن اس کا وجوب موقوف ہے آخر وقت میں دیکھیں گے صفت تکلیف کی ہے یا نہیں باقی ہے تو واجب ہو جائے گا پس وہ واجب ہے اور اگر صفت تکلیف سے باقی نہیں ہے تو نفل ہے تو اس سے فرض ساقط ہو جائے گا چوتھی

ترجمہ: اور بعض شافعیہ سے اور کہا گیا بلکہ بعض متکلمین سے وقت اس کا اول اس کا ہے پس اگر موخر کیا اس نے اس کو (ادا کو) پس قضاء ہے اور بعض حنفیہ سے جو مروی ہے بلکہ آخر وقت کا ہے پس اگر مقدم کیا اس نے اس کو پس نفل ہے ساقط ہوگا ساتھ اس کے فرض۔ فرمایا کرخی نے اگر باقی رہا ساتھ صفت تکلیف کے آخر وقت تک پس وہ جو مقدم کیا اس نے اس کو واجب ہے۔

لنا ان الامر ومتسع وقت الفعل الخ: اب جمہور کی دلیل۔ جمہور کا مذہب تو آگیا: جمیع وقت وقت ادا کا ہے۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ کلام چلی ہوئی ہے واجب موسع میں۔ تو آمر نے ادا کے لیے وقت کو پھیلا دیا ہے لہذا اگر مکلف جس جزء میں بھی ادا کرے گا تو عاصی نہیں ہوگا تو عاصی نہ کہیں گے یہ سے لیے یولا لو اتی فی ای جزء لا یُعَدُّ عاصیًا۔ عاصی کیوں نہیں ہے اس لیے کہ اس نے واجب ادا کیا ہے۔ تو معلوم ہوا کہ مکلف جس جزء میں بھی ادا کرے تو عاصی اس کو کوئی بھی نہیں کہتا۔ جتنے مذاہب بھی ہیں اس پر اجماع ہے۔ عاصی اس لیے نہیں ہے کہ اس نے امر کا امتثال کیا ہے امتثال اس لیے ہے

کہ اس نے واجب کو ادا کیا ہے اپنے وقت میں جیسا کہ وہ واجب تھا یا آگے آ رہا ہے ہمارے
یہ وقت کو فراخ کیا ہے وسعت دی ہے اب جس جزء میں بھی مکلف واجب کو ادا کرے
گا تو عاصی نہیں ہوگا یہ اجماع ہے اس بات پر کہ عاصی نہیں ہوگا جس جزء میں بھی ادا کرے
عاصی کیوں نہیں ہوا اس لیے کہ وہ ممتثل ہے۔ امتثال کرنے والا ہے۔ تو امتثال اس لیے
ہے کہ جیسا واجب تھا اس نے ویسا ہی ادا کیا۔ جس جزء میں جو اس نے ادا کیا وہی جزء
وہ وقت ہے۔ مطلب یہ ہے کہ جمیع وقت، وقت اداء کا ہے چلو جی۔

ترجمہ: واسطے ہمارے کہ بے شک امر نے توسیع دی وقت فعل کی کیونکہ اگر آتا مکلف بیچ
جس جزء کے نہ شمار کیا جائے گا وہ مکلف گناہگار بالاجماع۔

والتعیین تضییق الخ: اب ان مذہبوں کی رد کرتا ہے۔ جنہوں نے۔ بعض شافعیہ نے بعض
متکلمین نے کہا اول وقت ہے یہ تعیین ہے اور بعض حنفیہ نے کہا: آخر ہے یہ بھی تعیین ہے
تو فرماتے ہیں کہ یہ تعیین تضییق ہے کیونکہ ہماری کلام تو واجب موسع میں ہے
واجب مضیق میں نہیں ہے۔ دوسرے مذہب کی رد کرتا ہے انہوں نے کہا: فعل
یا عزم۔ اختیار ہے کہ فعل کرے یا فعل کے بدلے میں عزم کرے۔ فعل نہیں کیا تو فعل کے
بدلے عزم کرے۔ تو فرماتے ہیں کہ جتنے نصوص ہیں ان میں ادائیگی کا ذکر ہے فعل کا ذکر
ہے جیسے اقم الصلوٰۃ لدلوک الشمس الآیۃ تو فعل کا ذکر ہے۔ عزم کا تو ذکر ہی نہیں ہے
تو پھر عزم کا ذکر نص پر زیادتی ہے۔ اور اس عزم پر کوئی دلیل بھی نہیں ہے۔ تو نص
پر زیادتی بلا دلیل ہے اور نص پر زیادتی نسخ ہے اور نسخ بلا دلیل یہ باطل ہوگی
ہے۔ نسخ تو وہ بھی بلا دلیل۔ یہ باطل ہے۔ چلو جی:

ترجمہ: اور تعیین تنگی کرنا ہے اور تخییر درمیان فعل اور عزم کے زیادتی ہے۔

واستدل بان المصلی فی غیر الآخر ممتثل الخ: اب۔ اور کونسا مذہب ہے۔ قاضی ابوبکر اور اکثر شافعیہ
ان کا رد تو آ گیا۔ اب مختار مذہب پر استدلال ہے اور مذہب قاضی کا رد کرتے ہیں۔
کہ مختار مذہب کہ جمیع وقت اداء کا ہے۔ وہ یہ ہے کہ نمازی آدمی آخر کے غیر میں۔ غیر کا ہے
اول کے وسط۔ آخر کے غیر میں اختلاف نہیں ہے کیونکہ آخر کو تو قاضی بھی مانتا ہے
کہ یہ وقت ہے۔ صرف آخر کے غیر میں اختلاف کرتا ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ جو مصلی
ہے آخر کے غیر میں اس نے نماز پڑھی۔ ہم اس کو کہتے ہیں کہ وہ ممتثل ہے۔ اس نے
واجب ادا کیا ہے۔ جیسا کہ واجب ہے۔ اس کو ممتثل جو کہتے ہیں اس لیے کہتے ہیں کہ

علہ ان نصوص میں فعل کا ذکر ہے اور عزم کا نہیں ہے اور نہ کوئی اور نص عزم میں وارد ہوتی ہے تو یہ نص پر زیادتی بلا دلیل ہوگی۔

[illegible]

کہ اس نے واجب کو ادا کیا ہے اپنے وقت میں جیسا کہ وہ واجب تھا یا ان جی آخر تک ہمارے
لیے وقت کو فراخ کیا ہے وسعت دی ہے اب جس جزء میں بھی مکلف واجب کو ادا کرے
گا تو عاصی نہیں ہوگا یہ اجماع ہے اس پر کہ عاصی نہیں ہوگا جس جزء میں بھی ادا کرے
عاصی کیوں نہیں ہوا اس لیے کہ وہ ممتثل ہے۔ امتثال کرنے والا ہے۔ تو امتثال اس لیے
ہے کہ جیسا واجب تھا اس نے ویسا ہی ادا کیا۔ جس جزء میں جو اس نے ادا کیا وہی جزء
وہ وقت ہے۔ مطلب یہ کہ جمیع وقت، وقت ادا کا ہے چلو جی۔
ترجمہ: واسطے ہمارے کہ بے شک امر نے توسیع دی وقت فعل کی کیونکہ اگر آیا مکلف بیچ
جس جزء کے نہ شمار کیا جائے گا وہ مکلف گناہگار بالاجماع۔
والتعین تضییق الخ: اب ان مذہبوں کی رد کرتا ہے۔ جنہوں نے ـ بعض شافعیہ نے بعض
متکلمین نے کہا اول وقت ہے یہ تعیین ہے اور بعض حنفیہ نے کہا: آخر ہے یہ بھی تعیین ہے
تو فرماتے ہیں کہ یہ تعیین تضییق ہے کیونکہ ہماری کلام تو واجب موسع میں ہے
واجب مضیق میں نہیں ہے ـ دوسرے مذہب کی رد کرتا ہے انہوں نے کہا: فعل
یا عزم ـ اختیار ہے کہ فعل کرے یا فعل کے بدلے میں عزم کرے۔ فعل نہیں کیا تو فعل کے
بدلے عزم کرے۔ تو فرماتے ہیں کہ جتنے نصوص ہیں ان میں ادائیگی کا ذکر ہے فعل کا ذکر
ہے جیسے اقم الصلوۃ لدلوک الشمس آلایۃ تو فعل کا ذکر ہے۔ عزم کا تو ذکر ہی نہیں ہے
تو پھر عزم کا ذکر نص پر زیادتی ہے۔ اور اس عزم پر کوئی دلیل بھی نہیں ہے۔ تو نص
پر زیادتی بلا دلیل ہے اور نص پر زیادتی نسخ ہے اور نسخ بلا دلیل ہے یہ باطل ہوگی
ہے۔ نسخ تو وہ بھی بلا دلیل ـ یہ باطل ہے۔ چلو جی:
ترجمہ: اور تعیین تنگی کرنا ہے اور تخییر درمیان فعل اور عزم کے زیادتی ہے۔
واستدل بانہ المصلی فی غیر الآخر ممتثل الخ: اب ـ اور کونسا مذہب ہے۔ قاضی ابوبکر اور اکثر شافعیہ
ان کا رد تو آگیا۔ اب مختار مذہب پر استدلال ہے یہ اور مذہب قاضی کا رد کرتے ہیں۔
کہ مختار مذہب کہ جمیع وقت ادا کا ہے۔ وہ یہ ہے کہ نمازی آدمی آخر کے غیر میں۔ غیر کا ہے
اول کے وسط ـ آخر کے غیر میں اختلاف نہیں ہے کیونکہ آخر کو تو قاضی بھی مانتا ہے
کہ یہ وقت ہے۔ صرف آخر کے غیر میں اختلاف کرتا ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ جو مصلی
ہے آخر کے غیر میں اس نے نماز پڑھی۔ ہم اس کو کہتے ہیں کہ وہ ممتثل ہے۔ اس نے
واجب ادا کیا ہے۔ جیسا کہ واجب ہے۔ اس کو ممتثل جو کہتے ہیں اس لیے کہتے ہیں کہ

عله: ان نصوص میں فعل کا ذکر ہے اور عزم کا نہیں ہے اور مذکور نہیں اور نفس عزم میں عالی دلیل ہے تو یہ نص پر زیادتی بلا دلیل ہوگی۔

اس نے نماز پڑھی ہے۔ نہ اس لیے کہ اس نے احد الامرین ادا کیا۔ تو ممتثل اس لیے کہہ رہے ہیں
کہ اس نے نماز پڑھی۔ ممتثل تو وہ ہوتا ہے جو واجب کو ادا کرتا ہے جیسا کہ وہ واجب ہے۔ غیر آخر
میں اس نے نماز پڑھی تو ممتثل ہو رہے ہیں اس لیے کہہ رہے ہیں کہ اس نے نماز پڑھی
نہ اس لیے کہ اس نے احد الامرین پر عمل کیا ہے۔ اور یہ ممتثل تب ہے۔ غیر آخر میں
کرے۔ اول میں کرے تو وسط میں کرے۔ تو یہ وقت ادا کا وقت ہے۔ باقی رہ گیا
آخر تو اس میں تو اختلاف ہی نہیں ہے اس میں تو وہ بھی کہتے ہیں کہ یہ وقت ہے
اور جمہور بھی کہیں گے کیونکہ وہ جمیع وقت کہتے ہیں۔ بالاتفاق۔ مصلی ممتثل ہے۔ اس نے
امتثال کیا ہے امر کا امتثال کیا ہے کیونکہ اس لیے کہ اس نے نماز پڑھی ہے نہ اس لیے کہ
اس نے احد الامرین کا اتیان کیا ہے۔ جیسے ابو بکر کہتے ہیں کہ یا نماز کے پڑھے یا عزم کرے
یہ نہیں کہ اس نے یا نماز پڑھی ہے یا عزم کیا ہے۔ ان میں سے احد الامرین لایا ہے
بلکہ اس لیے کہ نماز پڑھی ہے۔ اب ممتثل تو وہی ہوتا ہے جو واجب کو ادا کرتا ہے واجب
کے وقت میں جیسا کہ وہ واجب ہوا ہے۔ معلوم ہوا کہ آخر کا غیر بھی ادا کا وقت
ہے۔ غیر اس لیے کہ غیر کو تو وہ بھی مانتا ہے۔ چلو جی

ترجمہ: اور استدلال کیا یا ہیں طور کہ مصلی بیچ غیر آخر کے ممتثل ہے واسطے ہونے اس
کے مصلی قطعاً نہ واسطے ہونے اس کے لانے والا ساتھ احد الامرین کے۔

ور بما یمنع المقدمۃ الاولیٰ۔ اب کسی نے اس مقدمے کا جواب دیا۔ غیر آخر میں جو
مصلی ہے وہ ممتثل اس لیے ہے کہ اس نے نماز پڑھی ہے نہ اس لیے کہ احد الامرین کا
اتیان کیا۔ وہ کہتا ہے کہ ہم اس مقدمہ کو نہیں مانتے۔ ہم کہتے ہیں کہ وہ ممتثل اس
لیے ہے کہ اس نے احد الامرین کا اتیان کیا ہے۔ تم نے نماز کی ادائیگی اور احد الامرین
کے اتیان میں منافات سمجھی۔ منافات نہیں ہے۔ احد الامرین کا اتیان وہی
نماز پڑھی ہے۔ ہم اس مقدمے کو نہیں مانتے۔ بالاتفاق۔ ممتثل ہے اس لیے
کہ اس نے نماز پڑھی ہے نہ اس لیے کہ اس نے احد الامرین کا اتیان کیا ہے۔ وہ کہتا ہے
کہ اس مقدمے کو ہم تسلیم نہیں کرتے۔ ہم کہتے ہیں کہ وہ ممتثل ہے اس لیے کہ اس
نے احد الامرین کا اتیان کیا ہے۔ تم نے احد الامرین اور ادائیگی نماز میں منافات سمجھی۔ نہیں
منافات نہیں ہے۔ احد الامرین ادائیگی نماز میں متحقق ہے۔ فتقبل النفا۔ یہ اس
کا جواب دیتے ہیں اور مقدمہ ممنوعہ کا اثبات کرتے ہیں۔ ہم نے جو مقدمہ ذکر کیا

تعالیٰ اجماعی مقدمہ ہے۔ اس پر اجماع ہے کہ وہ ممتثل اسی لیے ہے کہ اس نے نماز پڑھی ہے نہ اس لیے
کہ احد الامرین کا اتیان ہے۔ یہ اجماعی مقدمہ ہے۔ اجماعی مقدمے کے اوپر منع مقبول نہیں
ہوتی۔ منع صحیح نہیں ہے ہاں جی۔ لہذا استدلال بن گیا۔ اور منع اکھڑ گئی
ترجمہ۔ اور کہا جو منع کیا جاتا ہے مقدمہ نہیں کیا لگا جائے گا کہ بے شک وہ مقدمہ مجمع علیہا
اجماع قطعی۔ قطعی اجماع ہے۔ قطعی اجماع پر کبھی منع ہو سکتی ہے۔ چلو جی۔
اقول الاجماع علی الامتثال بما بخصوصہا۔ اس نے مقدمے ممنوعے کا اثبات کیا۔ اور
منع کا جواب دیا۔ تو اس کا جواب دیتے ہیں کہ تم نے کہا اس پر اجماع ہے کہ وہ ممتثل اس
لیے ہے کہ اس نے نماز پڑھی ہے نہ اس لیے کہ احد الامرین کا اتیان ہے۔ یہ جو اجماع ہے یہ ایک
اور اجماع پر مبنی ہے یہ اجماع فرع ہے اور اجماع کی۔ اب ہم تم کو اور اجماع دکھاتے
ہیں۔ وہ اجماع یہ ہے کہ ممتثل جس جزء میں امتثال کر رہا ہے تو اس جزء میں واجب بھی
ہو۔ اس پر اجماع ہو۔ کہ اسی جزء میں واجب ہے تو پھر یہ اجماع اس کی فرع بنے گا۔ یہ
اجماع جو تم نے بیان کیا ہے اور اجماع کی فرع ہے پہلے اور اجماع ہو کہ جس جزء میں
اس نے نماز ادا کی ہے اسی جزء میں واجب بھی ہو۔ اس پر پہلے اجماع ہو کہ اسی جزء
میں واجب ہے۔ تو پھر یہ اجماع اس کی فرع بنے گا۔ یہ اجماع جو تم نے بیان کیا ہے اور اجماع
کی فرع ہے کہ پہلے اس پر اجماع ہو۔ حالانکہ اس پر اجماع نہیں ہے۔ اختلاف ہے بعض
نے کہا اول وقت ہے، بعض نے کہا آخر وقت ہے۔ اجماع کہاں ہوا؟ جب وہ اجماع نہیں ہے
یہ تو اس پر متفرع تھا لہذا یہ اجماع بھی فاسد ہو گیا ہاں جی۔ یہ اجماع تب ہو گا کہ
پہلے ایک اور اجماع ہونا چاہیے کہ یہ اس کی فرع ہے۔ پہلے اس پر تم اجماع ثابت کرو کہ جس
جزء میں اس نے نماز ادا کی ہے اسی جزء میں اس پر واجب بھی ہو۔ اجماع ہو
تب یہ اجماع ثابت ہو گا۔ اس پر اجماع نہیں ہے کیونکہ اس میں اختلاف ہے
کوئی کہتا ہے کہ اول وقت ہے تو کوئی آخر وقت ہے۔ چلو جی۔
ترجمہ۔ کہتا ہوں میں اجماع اوپر امتثال کے ساتھ نماز مخصوصہ کے بیچ اس جزء کے فرع
ہے اجماع اوپر وجوب نماز کے بیچ اسی جزء کے حالانکہ تحقیق متقدم ہو چکا ہے اختلاف
بیچ اس کے۔ لہذا اس پر اجماع نہیں ہے۔ جب یہ اجماع نہیں ہے تو جو اجماع اس کی
فرع تھی وہ بھی اجماع نہیں ہوا۔ اجماع فاسد ہو گیا۔ ہاں جی۔ جب اصل
میں اجماع نہیں ہے تو فرع میں بھی اجماع نہیں ہو گا۔ فتامل: لہ تو اس میں تامل کر

قلنا العصیان ممنوع: جمہور اس کا جواب دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تم کہتے ہو کہ وقت کی اول جزء میں نہ فعل کرے نہ عزم کرے تو گناہگار ہوگا۔ ہم نہیں مانتے کہ گناہگار ہوگا۔ فعل نہیں کیا نہ عزم بھی نہیں کیا تو ہم نہیں مانتے کہ گناہگار ہوگا۔ جیسے وقت داخل ہوگیا کوئی بندہ ہے اس نے فعل بھی نہیں کیا نماز کا داخل ہوتے ہی نہ عزم بھی نہیں ہے غافل ہے۔ اس کے دل میں خیال بھی نہیں ہے۔ عزم نہیں کرتا۔ تو گناہگار تو نہیں۔ تو ہم گناہ کو تسلیم نہیں کرتے۔ کیونکہ بہت واری ایسا ہوتا ہے کہ اول وقت میں نہ فعل ہوتا ہے نہ اس کا ارادہ ہوتا ہے۔ ہاں گناہگار تو تب ہوگا کہ سارا وقت گزر جائے آخر میں تو وہ بھی کہیں گے کہ فعل متعین ہے۔ آخر میں بھی اس نے نہ کیا نہ سارا وقت گزر گیا اب گناہگار ہوگا۔ اول وقت میں وقت داخل ہوتا ہے بندہ پڑھا رہا ہے یا کوئی کام کر رہا ہے۔ نہ اس نے فعل کیا نہ اس کے دل میں عزم آیا۔ تو گناہگار تو کوئی نہیں رہا۔ ہم یہ تسلیم نہیں کرتے کہ وقت کی اول جزؤں میں فعل اور عزم کے ترک سے گناہگار ہوگا۔ کیونکہ بہت واری ایسا ہوتا ہے کہ اول الاوقات میں نہ فعل کرتا ہے نہ عزم کرتا ہے لیکن اس کو گناہگار تو کوئی نہیں کہتا کہ تو گناہگار ہے۔ سارا وقت گزر گیا اس نے امتثال نہ کیا تو ترک واجب ہوا ہے تو پھر گناہگار ہوگا۔

ترجمہ: کہتے ہیں ہم: العصیان ممنوع ہے کیسے گناہگار ہوگا حالانکہ بہت واری ہوتا ہے کہ نہیں پایا جاتا ہے بیچ اول وقت کے فعل یا ارادہ اس کا۔

ولو قیل المراد عدم ارادۃ الترک: بعض نے جواب دیا۔ کہ عزم کے دو معنی ہیں 1۔ ایک عزم کا معنی ہے ارادہ فعل نہ ایک ہے عزم کا فعل۔ عزم کا معنی ہے ارادہ فعل نہ عزم کا ترک ہوگا عدم ارادہ فعل۔ فعل کا ارادہ نہیں کیا۔ دوسرا معنی ہے عزم کا عدم ارادہ ترک۔ اب اگر عزم کا معنی ہو عدم ارادہ ترک۔ نہ عزم نہ کرے تو وہ ارادۂ ترک بن جائے گا۔ تو گناہگار ہوگا۔ وہ کہتے ہیں کہ فعل بھی نہیں کیا نہ عزم بھی نہیں کیا تو گناہگار ہوگا تو عزم سے مراد وہ لیتے ہیں عدم ارادہ ترک۔ یہ نہیں لیتے ارادہ فعل۔ یہاں بھی عزم کا ایک معنی ہے ارادہ فعل۔ دوسرا معنی ہے عدم ارادہ ترک۔ اب جو عزم نہیں کرے گا تو وہ ہوگا ارادہ ترک۔ ارادہ ترک کرے تو گناہگار ہوگا کہ نہیں ہوگا۔ ترک کا ارادہ جو کیسے بیٹھا ہو۔ عدم ارادہ ترک یہ ہو گیا عزم۔ عدم عزم عزم نہیں کیا: تو ارادہ ترک ہے۔ بے شک گناہگار ہوگا۔ انہوں نے مستدل کی توجیہ کی جانب سے۔

ترجمہ: اور اگر کہا جائے: مراد عزم سے عدم ارادہ ترک ہے۔

ارادہ ترک ۱۲

قلنا هو من احکام الایمان الخ: اس کا جواب دیتا ہے کہ ہماری بحث چلی ہوئی ہے واجب موسع
میں. اس میں جو عزم ہوتا ہے وہ ارادہ فعل ہوتا ہے. تم نے جو عزم کا معنی کیا: عدم ارادہ ترک
یہ تو احکام ایمان سے ہے. کوئی ایماندار آدمی ترک کا ارادہ تو نہیں کرتا ہے نا. ہماری بحث اس
میں نہیں ہے جو تم نے عزم کا معنی کیا. عزم بایں معنی باب ایمان سے ہے. جو ہماری ہے وہ واجب
موسع میں ہے یہاں عزم کا معنی ہوگا ارادہ فعل - یہ اس کا ترک کیا ہوگا عدم ارادہ فعل ـ ایماندار
آدمی ہے عدم ارادہ ترک اس کی شان ہے. ــ الا ترٰی سے اب اس کی تائید پیش کرتا ہے: لو اخل بالعزم
اگر اس نے عزم نہ کیا تو یہی ہوگا ارادہ ترک کیا تو گناہگار ہوگا یعنی جو آخر کا غیر اول اجزاء ہیں
بلکہ وقت داخل ہونے سے پہلے کوئی ارادہ کرے ارادہ ترک مغرب کی نماز کا. اب گناہگار ہوگا
تے ہماری بحث ہے غیر آخر کے جو وقت کے اول اجزاء ہیں ان میں عزم ـ تو وہ عزم ارادہ فعل ہے
عزم نہیں ہوگا تو عدم ارادہ فعل ہے اس سے گناہ گار نہیں ہوتا کیوں بہت واری ایسا ہوتا ہے کہ ارادہ
نہیں ہوتا. عدم ہوتا ہے. فعل بھی نہیں ہوتا چلو جی. اگر اس نے عزم نہیں کیا بایں معنی کہ اس نے ترک
کا ارادہ کیا. عزم کا عدم ارادہ ترک عزم میں حمل یہ ہوگا کہ ارادہ ترک. تو یہ وقت سے پہلے
کوئی کچھ کرے تو گناہ گار ہوگا. یہ اس لیے کہ یہ مومن کی شان سے نہیں ہے.
ترجمہ: کہتے ہیں ہم یہ عزم احکام ایمان سے ہے کیا نہیں دیکھتا تو اگر اخلال کرے ساتھ عزم کے بایں طور
ارادہ کرے ترک کا البتہ گناہ گار ہوگا اگرچہ نہیں داخل ہوا وقت لیکن تو اس میں منعم کرے.
وفی التلویح لو کان العزم بدلاً لیسقط بہ المبدل الخ: ایک کتاب ہے تلویح. یہ اصول فقہ میں ہے
تلویح میں کہا: قاضی ابوبکر اور اکثر شافعیہ جو فرماتے ہیں کہ عزم فعل کا بدل ہے چلو یہ ایک
ایک دوسرے کا بدل نہیں ہے چلو عزم بدل ہے. تو کہتا ہے کہ عزم بدل نہیں ہو سکتا. کیونکہ
اگر عزم بدل ہو. تو بدل مبدل منہ کا قاعدہ یہ ہوتا ہے کہ بدل آ جائے تو مبدل منہ ساقط
ہو جاتا ہے حالانکہ کوئی عزم کرے وقت میں فعل نہیں کیا تے فعل کی جگہ بدل آیا عزم
فعل ساقط تو نہیں ہوتا. اس لیے تو وہ کہیں گے کہ آخری اجزاء میں فعل متعین ہے یا نہیں
تو معلوم ہوا کہ بدل نہیں ہے ورنہ مبدل منہ ساقط ہو جائے.
ترجمہ: اور تلویح میں ہے اگر ہے عزم بدل ساقط ہوگا ساتھ اس کے مبدل مثل سائر ابدال
کے (اور جیسے بدل ہوتے ہیں).
والجواب منع الملازمۃ الخ: اب اس کا جواب دیتے ہیں. دلیل میں انہوں نے کہا اگر بدل ہو تو مبدل
اس کے بدلے ساقط ہو جائے گا. یہ کہتے ہیں ہم یہ ملازمہ تسلیم نہیں کرتے ہیں.

قاضی ابوبکر اور اکثر شافعیہ ۱۲

وہ کہتے ہیں کہ بدل آجاتے تو مبدل ساقط ہو جاتا ہے ہم یہ ملازمہ تسلیم نہیں کرتے یہاں وجوب ساقط ہوتا ہے
ملازمہ یہ ہے کہ بدل آجاتے تو وجوب ساقط ہوتا ہے مطلب یہ ہے جس جزء میں ہیں تو اول اجزاء غیر
آخر کے۔ جس جس وقت کی جزء میں وہ فعل سے بدل ہے تا اس جزء میں فعل کا وجوب ساقط ہو گیا
تو پھر اگلی جزؤں میں چلا گیا حتیٰ کہ اسی طرح منتقل ہوتا رہا ہے۔ تو بدل آگیا مبدل منہ ساقط ہو گیا اس
کا یہ معنی نہیں ہے کہ مطلقاً ساقط ہو گیا۔ تو آخر جزء میں تو وہ بھی کہتے ہیں عزم بدل نہیں ہے فعل کرنا
پڑے گا۔ تو مطلقاً ساقط نہیں ہوتا ہاں جس جزء میں عزم فعل کا بدل ہے اس جزء میں فعل ساقط
ہو رہا ہے ہاں جی۔ ہم یہ ملازمہ تسلیم نہیں کرتے۔ اگر بدل سے مبدل منہ ساقط ہوتا ہے تو آخر میں
وہ کیوں فعل کو متعین کرتے ہیں۔ عزم سے ساقط ہو تو ــــ وہ یہ نہیں کہتے کہ بدل ہے تو مبدل منہ مطلقاً
ساقط ہو گیا بلکہ معنی یہ کہ جس جس جزء میں عزم بدل ہے فعل سے۔ اس جزء میں فعل ساقط ہو رہا ہے
چلو جی: ترجمہ: جواب منع ملازمہ ہے بلکہ لازم سقوط وجوب ہے۔ تو پھر یہ ہوگا کہ کان العزم
بدلاً ــــ مبدل منہ ساقط نہیں ہوتا سقوط مبدل یہ لازم نہیں ہے۔ اس جزء میں سقوط وجوب لازم
ہے یعنی فعل کا وجوب اسی جزء میں ساقط ہے عزم جو آگیا۔ وجوب جو ساقط ہو جاتا ہے یہ تھوڑی بات ہے
انہوں نے کیا وہ اس کا التزام کریں گے۔ ان سے یہ التزام آسان ہے کیونکہ فعل کا وجوب ساقط ہوا
عزم آگیا۔ وجوب اسی آن میں چلو جی ترجمہ بلکہ لازم سقوط وجوب ہے (اسی جزء میں) تو عزم کو
وجوب سے بدل بنا رہے ہیں جب عزم آگیا تو اس جزء میں ادائیگی ساقط ہو رہی ہے اور تحقیق التزام کیا اس
کا انہوں نے۔

قالوا لو کان واجبا ان: اب ان کی دلیل جو کہتے ہیں آخر وقت ہے یہ بعض حنفیہ ہیں: آخر میں
ہے اور بعض شافعیہ اور بعض متکلمین کہتے ہیں اول میں ہے۔ ان کی دلیلیں آگئیں تو رد بھی ــــ
اب بعض حنفیہ کی دلیل اور یہ بعض شافعیہ کی رد بھی ہے۔ یعنی دلیل بھی دی اور رد بھی کیا۔ وہ کہتے ہیں
اگر اول وقت میں واجب ہوتا تو تاخیر سے گناہگار ہوتا حالانکہ اول سے تاخیر کرے تو گناہگار
تو نہیں ہوتا معلوم ہوا اول وقت میں واجب نہیں ہے ہاں آخر وقت میں تاخیر کرے گا تو وقت تو نکل
جائے گا تو پھر گناہگار ہوگا۔ معلوم ہوا واجب آخر وقت میں ہے ہاں جی۔ ترجمہ: کہا انہوں نے
اگر ہے واجب پہلے (یعنی اول وقت میں) گناہگار ہوگا ساتھ تاخیر اس کے۔
قلنا ممنوع ان: اس کا جواب دیتے ہیں کہ ہم یہ ملازمہ تسلیم نہیں کرتے۔ تو اول واجب ہو تو تاخیر سے
گناہگار ہو یہ تب ہے کہ واجب موقت مضیقاً ہو۔ ہماری کلام واجب موسع میں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے
وقت کو ادائیگی کے لیے فراخ فرمایا ہے۔ فراخ مایا یہ مطلب ہے کہ تاخیر جائز ہے۔ اول وقت میں تاخیر کرے

ہے کیونکہ واجب موسع ہے مضیق نہیں ہے ہاں جی۔ یہ اس وقت ہے کہ واجب مضیق ہو کہ وقت بچتا ہی نہیں ہے پھر تاخیر کرے۔ تو گناہگار ہوگا۔ یہ ہے واجب موسع کہ وقت زائد ہے۔ اس کا وقت فراخ ہے۔ اول وقت سے تاخیر کرے تو گناہگار نہیں ہوگا۔ یہ تاخیر واجب کی مفوت نہیں ہے۔ کیونکہ آگے جز تک پڑی نہیں حتی کہ آخر والی متعین ہوجاتی ہے۔ اب تاخیر کرے گا تو وہ تاخیر مفوت ادائیگی ہوگی۔ چلو جی

ترجمہ: کیا ہم نے ممنوع ہے اور جزی ہیئت کہ لازم آئے گا عصیان اگر ہو کا واجب مضیق (حلال کردہ واجب موسع ہے) بلا موسع۔

مسلم الثبوت ص ۳۳ سبق: ۱

مسالۃ: السبب فی الموسع الجزء الاول عینا (تو پہلے آیا ادائیگی کا وقت اس مذاہب آئے۔ اب ہے سبب۔ واجب الموسع کی ادائیگی کا سبب اس میں مذاہب ہیں پہلے بیان کیا تھا فقیہ کا انہوں نے کہا واجب موسع میں سبب اداء کا ثان وقت ثان سبب ہے ثان سبب اداء کا جزء اول ہے انہوں نے یہ بھی کہا متعین یعنی جزء لا یتجزی کہ متعین متصل متعین کا معنی یہ ہے کہ منتقل نہیں۔ بس اول جز ہے دلیل دی للسبق۔ کیونکہ اگر جزء اول نہ ہو وسط ہو یا آخر ہو تو ترجیح بلا مرجح لازم آئیگی تو جزء اول جو ہے ثان سبقیت کی وجہ سے راجح ہے لہذا جزء اول ہی متعین ہوگی ثان وسط میں ہو یا آخر میں تو وہم ہوگا کہ اول کیوں نہیں ہے وسط ہے تو اول کیوں نہیں ہے یا آخر کیوں نہیں ہے اول میں کوئی تزاحم نہیں ہے ثان مزاحمت نہیں ہے کیونکہ اول سابق ہے وجوب میں اسلئے وہ راجح ہوگی۔ ہاں جی ------ تو پیچھے اداء کا وقت بیان کیا وہ وقت جزء لا یتجزی نہیں وہ وقت وہ تھا جس میں واجب و موسع سمجھا جاتا ہے تو یہاں سے وقت اداء کا سبب ہے وہ کونسی جزء ہے۔ کیونکہ یہ ثان نہیں کہہ سکتے کہ سارا وقت سبب ہے کیونکہ سارا وقت سبب ہو تو پھر سبب وقت سے باہر واقع ہوگا جتنے تک سارا وقت نہ گزر جائے جتنی تک سبب نہیں ہوگا تو وقت کی جزء میں سبب نہیں گی پہلا مذہب ہے امام شافعی کا انہوں نے فرمایا جزء اول ہے یعنی جونہی وقت داخل ہوتا ہے تو اول جزء وقت کی ہوتی ہے ثان یہی وجوب اداء کا سبب ہوتی ہے اور یہ جزء لا یتجزی ہوتی ہے دوسرا (عینا) متعین یعنی آگے منتقل نہیں ہوتا .... کیونکہ جزء میں جو ہیں ثان آپس میں یا اول یا وسط آخر۔ تو آخر جزء لا یتجزی ہو یا وسط یہاں یہ ہوگا کہ اول کیوں نہیں ترجیح بلا مرجح ہے اول میں سبقیت وہ پہلی پہلی جزء ہے باقیوں سے سبقت کرتی ہے لہذا یہی جزء متعین ہے یہ تو ہے عند الشافعیہ دوسرا ہے

ہے کیونکہ واجب موسع ہے مضیق نہیں ہے مان گئی۔ یہ اس وقت ہے کہ واجب مضیق ہے تو وقت بچتا ہی نہیں ہے پھر تاخیر کرے تو گناہ گار ہوگا۔ یہ ہے واجب موسع تو وقت زائد ہے۔ اس کا وقت فراخ ہے۔ اول وقت سے تاخیر کرے تو گناہ گار نہیں ہوگا۔ یہ تاخیر واجب کی مفوت نہیں ہے۔ کیونکہ آگے جزئیں پڑی ہیں حتیٰ کہ آخر والی متعین ہو جاتی ہے۔ اب تاخیر کرے گا تو وہ تاخیر مفوت ادائیگی ہوگی۔ چلو جی

ترجمہ: کیا ہم نے ممنوع ہے اور جزئیت کہ لازم آئے گا عصیان اگر ہو تا واجب مضیق (حلال کردہ واجب موسع ہے) بلا موسع۔

مسلم الثبوت ص ٣٣ سبق: 1

مسألة: السبب في الموسع الجزء الاول عينا)۔ تو پہلے آیا ادائیگی کا وقت اس مذاہب آئے۔ اب ہے سبب۔ واجب الموسع کی ادائیگی کا سبب اس میں مذاہب ہیں پہلے بیان کیا شافعیہ کا انہوں نے کہا واجب موسع میں سبب اداء کا تو وقت تو سبب ہے تو سبب اداء کا جزء اول ہے انہوں نے یہ بھی کہا معین یعنی جزء لا یتجزی تو معین متصل معین کا معنی یہ ہے کہ منتقل نہیں۔ بس اول جزء کی دلیل دی للسبق۔ کیونکہ اگر جزء اول نہ ہو وسط ہو یا آخر ہو تو ترجیح بلا مرجح لازم آئیگی تو جزء اول جو ہے تو سبقیت کی وجہ سے راجح ہے لہٰذا جزء اول ہی متعین ہوگی تو وسط میں ہو یا آخر میں تو وہم ہوگا کہ اول کیوں نہیں ہے وسط ہے تو اول کیوں نہیں ہے یا آخر کیوں نہیں ہے اول میں کوئی تزاحم نہیں ہے تو مزاحمت نہیں ہے کیونکہ اول سابق ہے وجوب میں اسلیے وہ راجح ہوگی۔ ہاں جی ------ تو پیچھے اداء کا وقت بیان کیا وہ وقت جزء لا یتجزی نہ تھی وہ وقت وہ تھا جس میں واجب موسع سما جاتا ہے تو یہاں ہے وقت اداء کا سبب ہے وہ کونسی جزء ہے۔ کیونکہ یہ تو نہیں کہہ سکتے کہ سارا وقت سبب ہے کیونکہ سارا وقت سبب ہو تو پھر سبب وقت سے باہر واقع ہوگا جتنے تک سارا وقت نہ گزر جائے جتنے تک سبب نہیں ہوگا تو وقت کی جزئیں سبب بنیں گی پہلا مذہب ہے امام شافعی کا انہوں نے فرمایا جزء اول ہے یعنی جونہی وقت داخل ہوتا ہے تو اول جزء وقت کی ہوتی ہے تو یہی وجوب اداء کا سبب ہوتی ہے اور یہ جزء لا یتجزی ہوتی ہے دوسرا کہ عینا معین یعنی آگے منتقل نہیں ہوتا .... کیونکہ جزئیں جو ہیں تو آپس میں یا اول یا وسط آخر۔ تو آخر جزء لا یتجزی ہو یا وسط یہاں یہ ہوگا کہ اول کیوں نہیں تو ترجیح بلا مرجح ہے اول میں سبقیت وہ پہلی پہلی جزء ہے باقیوں سے سبقت کرتی ہے لہٰذا یہی جزء متعین ہے یہ تو ہے عند الشافعیہ دوسرا ہے

مذہب اکثر حنفیہ کا وہ فرماتے ہیں اول جزء ہے جو سبب ہے وجوب اداء کا لیکن اول جزء معین نہیں
ہے بلکہ منتقل ہوتی ہے اول جزء گزر گئی اول جزء کے ساتھ متصل واجب ادا کر دیا تو اول متعین ہے
تو اگر اول جزء میں نہیں کیا اول جزء کے ساتھ متصل تو ثانی کی طرف سبب منتقل ہوگا تو ثانی
کے بعد کر دیا نہیں تو ثالث تک اسی طرح آخر تک وہ آخری جزء لا یتجزی وقت کی ہوگی
وہ بھی سبب ہوگی لیکن اسکے بعد وقت نکل جاتا ہے تو پھر قضاء دے گی پھر قضاء کے لیے
کیا ہوگا؟ سارا وقت ہوگا۔ ہاں جی ۔۔۔۔ جزء اول ہے لیکن معین نہیں ہے بلکہ منتقلہ ہے
۔۔۔۔ مثلاً آخری جزء ہے ناں کافر مسلمان ہوا کوئی بالغ ہوا ہے پھر وقت چلا گیا تو اس
پر بھی قضاء واجب ہو جائے گی۔ کالمسبب اب اسکی قیاس کرتے ہیں کالمسبب مثل مسبب کے
یہ تو سبب ہے مثل مسبب کے مطلب ہے کہ مسبب اول جزء معین کر دیا ناں اول جزء میں مسبب
وہ اسکی وقت ہوگا اداء کا تو اگر اول میں نہیں وسط میں وسط میں اداء کا وقت ہوگا
یا آخر میں تو جیسے مسبب کا وقت منتقل ہوتا رہتا ہے اسطرح سبب بھی مسبب کی
طرح ہے۔۔۔۔ چلو جی۔۔۔۔ اب قیاس کیا کہ۔۔ سبب اول وقت میں اداء ہو گیا تو اول وقت
میں نہیں کیا تو وسط میں ہے تو وسط بھی سبب کا وقت ہے یا آخر میں ہے تو یہ بھی مسبب منتقل
ہوتا ہے ناں سبب بھی اسی طرح ہوگا۔ ہاں۔ ترجمہ مسالۃ۔ سبب بیج موسع کے جزء اول ہے
عیناً نزدیک شافعیہ کے واسطے سبقت کے اور نزدیک اکثر حنفیہ کے بلکہ ہے جزء اول ہے لیکن موسع
عین معین نہیں ہے بلکہ موسع ہے تو منتقل ہوتا ہے۔ بلکہ موسع سبب واجب بھی موسع ہے تو سبب بھی
جزء موسع ہوگی آخر تک مثل مسبب کے۔ وعند زفر } اکثر حنفیہ کا بیان تو مطلب ہے کہ
امام زفر کا اختلاف ہے امام زفر صاحب کہتے ہیں جزء اول ہے تو منتقلہ ہے لیکن آخر تک منتقل نہیں
ہے بالکل آخر جزء لا یتجزی تک بلکہ منتقل ہوتی رہتی ہے حتی کہ اتنا وقت بچ جائے جس میں واجب
ادا ہو سکے۔ پانچ منٹ واجب ادا ہونے کا وقت اسکے بعد پھر جزء منتقل نہیں ہوگی
ہاں جی ۔۔۔۔ جزء ہے ناں اول تو ہے بھی منتقلہ لیکن حتی کہ آخر پر جا کے ٹھہر جاتی ہے
اتنا وقت کہ واجب موسع اداء ہو سکے پھر منتقل اسکے بعد منتقل نہیں ہوتی آخر تک منتقل نہیں
ہوتی و لعد الخروج اس مطلب ہے کہ اگر آخری وقت ہے ناں جزء لا یتجزی آخری وقت اس وقت
جو مسلمان ہوا یا بالغ ہوا تو ناں اکثر حنفیہ کہیں گے قضاء اس پر واجب ہے امام زفر کہیں گا کہ قضاء
واجب نہیں ہے کیونکہ سبب وہ جزء نہیں ہے سبب وجوب اداء کا سبب کیونکہ قضاء کا سبب
بھی وہی ہوتا ہے جو وجوب اداء کا تو انہوں نے وجوب اداء کا سبب نہیں پایا ناں قضاء

بھی ان پر نہیں ہوگی پھر جب وقت نکل جاتا ہے فرماتے ہیں فالکل پھر کل وقت سبب ہوگا سارا وقت سبب ہوگا جب بھی ادا کریگا تو سبب بھی سارا وقت ہے۔ چلو۔ ترجمہ اور نزدیک زفر رحمہ اللہ جزء اول منتقل ہوتی رہتی ہے طرف اسکے جو ساتھ جائے اداء۔ یعنی گنجائش رکھے وہ اداء کا اداء کی گنجائش رکھتا ہے اور بعد خروج کے پس کل یعنی جمیع وقت سبب ہوگا۔ روی عن ابی الیسر ان الاخیر ایک روایت ہے ابی الیسر سے تو وہ فرماتے ہیں جب جزء اخیر پہ متعین ہوجاتی ہے اسوقت جو آخری جزء سببیت کیلئے متعین ہوجاتی ہے۔ چلو جی --- اول یہ منتقل ہوتی رہتی ہے لیکن جب سارا وقت نکل جاتے تو پھر آخری وہ متعین ہوجاتی ہے تو وہ متعین ہوگئی تو مسلمان ہوا کافر یا صحیح عاقل ہوا اس پر بھی قضاء واجب ہے۔

ترجمہ اور روایت کی گئی ہے ابی الیسر سے بے شک اخیر متعین ہے اسوقت جب وقت نکل گیا۔ واستدل ! اب استدلال وجنہوں نے کہا اول جزء متعین ہے ان پر۔ انکا رد بھی ہے اس پر استدلال بھی ہے انہوں نے کیا جو شخص وسط میں مسلمان ہوا یا وسط وقت میں بالغ ہوا تو اس پر اجماع ہے کہ اس پر نماز واجب ہے اب اگر اول جزء متعین ہوتی تو پھر یہ نہ ہوتی تو پھر وسط میں یہ واجب نہیں ہونی چاہیئے کیونکہ جزء اول متعین تھی ہے تو وسط ہے حالانکہ اجماع ہے کہ واجب ہے تو معلوم ہوا کہ جزء اول ہے لیکن منتقلہ ہے اول میں وہی اداء جب وسط میں کرینگے ہاں جزء وسط والی جزء تو وہ سبب بن جائیگا وجوب کا۔ ہاں جی ترجمہ ---- اور استدلال کیا ہے تو اجماع کے اوپر وجوب کے وجوب اوپر اس شخص کے جو اسلام لے آیا یا بالغ ہوا بیچ وسط وقت کے۔ ویمکن ان یقال ! اب ماتن کہتا ہے کہ وہ استدلال کا جواب دے سکتے ہیں وہ کہیں گے یہ جو وسط میں مسلمان ہوا یا بالغ ہوا وسط میں تو یہ ان کے لیے اول جزء ہوگی وسط میں جو مسلمان ہوگیا پہلی جزء میں تو مسلمان نہیں تھا ناں اب جو مسلمان ہوا تو یہ وسط اس کیلے اول جزء ہوگی تو جزء اول ہی سبب ہے اس لیے وجوب آرہا ہے کہ ان کے لیے تو اول ہے۔

ترجمہ اور ممکن ہے یہ کہ کہا جائے بے شک وہ جزء جو وسط والی تھی۔ وہ اول ہے بیچ حق ان دو کے۔ ہاں جی ---- فتدبر تو رد کی طرف اشارہ ہے کہ ایک ہے جزء اول وقت کی ایک ہے جزء اول مکلف کے دو تھا ان کی جو وقت تکلیف کی۔ ہماری بحث چلی ہوئی ہے جو وقت کی اول جزء ہے وقت کی جزء اول تو وہی ہے جب وقت داخل ہوا تھا اب یہ جو وسط میں بالغ ہوا یا مسلمان ہوا تھا ان کی جو اول جزء بن رہی ہے یہ اول جزء تکلیف کی ہے اول جزء تکلیف میں کلام نہیں کر رہے بلکہ سبب ہے وہ اول جزء ہے وقت۔ ہاں جی ....

فتدبر پس تو اس میں تدبر کر۔

مسلم الثبوت ص ٣٣ سبق: ٢.

فرع: صح عصر یومہ فی الناقص لا امسہ الخ: پیچھے جمہور کا مذہب آیا کہ واجب موسع میں سبب جز سے منتقل ہوتا ہے آخر جز تک اب اس پر تفریع بیان کر رہا ہے کہ جب آخری جز تک سبب منتقل ہوتا ہے تو آج کے دن کی عصر ناقص جزء میں صحیح ہے لیکن جو کل کی عصر ہے وہ صحیح نہیں ہے: پیچھے گیا تھا کہ جب وقت نکل جاتا ہے تو پھر کل وقت سبب ہوتا ہے یعنی پھر کل وقت قضاء کا سبب ہے اسلئے وقت قضاء کا سبب ہوتا ہے بات گئی آج کے دن کی عصر ناقص وقت میں صحیح ہے یہ کیوں ہے؟ کیونکہ سبب منتقل ہوتا رہا حتی کہ وقت ناقص داخل ہوگیا. تو یہ واجب ناقص وقت میں ہوئی ہے تو یہ ادی کا وجوب ہے. واجب بھی ناقص ہوئی ہے تو ادا بھی ناقص وقت میں کی. لا امسہ کل کی جو عصر کی نماز ہے وہ صحیح نہیں ہوگی وہ ناقص وقت میں صحیح نہیں ہوگی.

ترجمہ. تفریع: صحیح ہے عصر اسی دن کی بیچ ناقص کے نہ کل کی.

اب لا امسہ سے اس پر دلیل دیتا ہے عصر امس کا سبب تھا کل وقت - کہتے ہیں وجوب قضاء کا سبب وہی ہوتا ہے جو وجوب ادا کا سبب ہوتا ہے تو وہ کل وقت ہے وقت نکل گیا کل وقت سببا ہے - لہذا کل وقت من وجہ کامل ہے اور من وجہ ناقص ہے. تو جو من وجہ کامل ہو من وجہ ناقص ہو وہ ناقص من کل وجہ میں ادا نہیں ہوگا کیونکہ پھر اس وقت ادی کا وجوب نہیں ہے. واجب ہوئی ہے. جمیع وقت ہے عصر کا. بعض جزیں اس کی کامل ہیں بعض جزیں اس کی آخری ناقص ہیں تو پھر من کل وجہ ناقص میں یہ قضاء صحیح نہیں ہوگی کیونکہ ادی کا وجوب نہیں ہوگا. واجب ہوئی ہے اس کا سبب کل وقت ہے کل وقت میں بعض جزیں کامل ہیں اور بعض جزیں ناقص ہیں پھر اس کی قضاء جمیع وقت ناقص میں صحیح نہیں ہوگی چلو جی. کل وقت کامل من وجہ ہے اور ناقص من وجہ ہے جو سبب ہے اب جو ناقص وقت میں ادا کر رہا ہے یہ ناقص من کل وجہ ہے چلو جی. ترجمہ: کیونکہ سبب اس کا (عصر امس کا) یعنی جملہ ناقص ہے من وجہ (مطلب یہ ہے کہ جب کل وقت جو سبب ہے تو بعض جزیں کامل ہیں من وجہ اور ناقص من وجہ) پس نہ ادا ہوگا بسبب ناقص من کل وجہ کے.

واعترض بلزوم صحتہ اذا وقع الخ: اب اس پر اعتراض ہوگیا - کہ اگر مثلا قضاء کرنی تھی گزشتہ عصر تو اس نے قضاء اس طرح شروع کی کہ اول وقت سے شروع ہوا اور آخر تک چلا گیا. بعض ناقص اور بعض جزیں کامل ہیں تو یہ اس کی نماز عصر کی صحیح ہوگی یہ جو صحیح ہو رہی ہے کہ تم نے پیچھے کہا: جملہ وقت ہے ناقص من کل وجہ ہے وہ جو ناقص وقت میں

ادا کر رہا ہے۔ سبب بنا من وجہ کامل اور من وجہ ناقص اور اب جو قضاء کر رہا ہے۔ صحیح میں
پھر یہ ہے کہ بعض کو کامل میں کیا اور بعض کو ناقص میں کیا۔ نماز تو صحیح ہو جائے گی حالانکہ
کامل من کل وجہ نہیں ہے۔ یعنی بعض ناقص اجزاء آ گئے تو بعض کامل اجزاء آ گئے۔ ہاں جی۔
بعض اجزاء کامل میں ہو گئے تو بعض ناقص میں ہوں گے یہ تو صحیح ہے۔ ناقص من کل وجہ تو
نہیں ہے۔ یہ صحیح ہے تو پھر مطلب کیا ہوا؟ جب وقت نکل جاتا ہے تو کل وقت سبب ہوتا ہے
تو ناقص میں نماز صحیح نہیں ہوگی۔ پھر یہاں بھی ناقص میں نماز صحیح نہیں ہونی چاہیے۔ کیونکہ اداء
کا وجوب نہیں ہے۔ واجب ہوئی تھی ناقص تو ادا کر رہا ہے تو بعض جز اس کی ناقص تو بعض
کامل ہیں تو یہ صحیح ہے۔ اعتراض ہوا اس پہ کہ اداء کا وجوب نہیں ہے۔ جو کہا کہ ناقص من
کل وجہ ہے دوسرے دن جو قضاء کر رہا ہے یہ ناقص من کل وجہ ہے۔ تو وہ واجب ہوئی ہے من
وجہ کامل کے من وجہ ناقص۔ تو ناقص من کل وجہ میں نہیں ہوگا۔ اب یہاں پہ بھی ناقص وقت
داخل ہوا اور وقت گزر گیا اور دوسرے دن قضاء کرے اس طرح کہ سارے وقت کو گھیر لے یہ اداء
کا وجوب نہیں ہے۔ واجب ناقص میں ہوئی تھی اور اب جو کر رہا ہے بعض جز اس کا کامل میں تو بعض
جز ہیں ناقص ہیں چلو جی۔

ترجمہ: اور اعتراض کیا گیا ساتھ لزوم صحت اس کے (عصر اس کے) جب واقع ہو بعض اس کا بیچ ناقص
کے اور بعض اس کا بیچ کامل کے۔ (مثلاً شروع ہوا کامل میں اور پورا کیا اس کو ناقص میں)
فعدل الی ان الکل کامل اعتبارًا بالغلبۃ الخ: اس کا جواب دیا ہے وہ جیسے اس پہ ہو گئے کہ
جب وقت نکل جاتا ہے تو سارا وقت قضاء کا وقت ہوتا ہے صرف یہ کہ مکروہ نہ ہو۔ تو یہاں
جو صحیح ہے اس پہ کہ جو بعض اجزاء اس کے کامل ہیں تو بعض اجزاء اس کے ناقص ہیں لیکن
کامل جز ہیں وہ زیادہ ہیں ناقص سے۔ تو کامل کو غلبہ دیا گیا تو للاکثر حکم الکل کے تحت گویا کہ
جو واجب اس نے ادا کیا ہے یہ کامل من کل وجہ ہے ہاں جی۔ اور بعض کامل ہیں جو وہ اکثر
ہیں اور جو ناقص ہیں وہ تھوڑے ہیں۔ کامل اکثر کو اقل پر غلبہ دے دیا تو گویا کل
اجزاء کامل ہیں اس لیے نماز صحیح ہو رہی ہے چلو جی

ترجمہ: پس عدول کیا گیا طرف اس کے کہ بے شک کل کامل ہے واسطے اعتبار کے ساتھ غلبہ کے
پس واجب ساتھ اس کے کامل ہے من کل وجہ

فورد من اسلم فی الناقص الخ: اب اس پر اعتراض ہو گیا۔ اب یہ ہے کہ ایسا شخص مسلمان
ہوا تو ناقص جز میں تھیں ہو کا وقت ہے تو ناقص جزوں میں وہ مسلمان ہوا ہے

نے نماز نہیں پڑھی۔ اس کے بعد ناقص جزء میں اس کی نماز صحیح نہیں ہوگی حالانکہ چاہیے کہ صحیح ہو کیونکہ اس کے لیے وہ وقت جو بعض جزء ہیں وہی سبب ہے وجوب کا۔ لہذا کل وقت کی طرف تو اس کی اضافت نہیں کر سکتے۔ بعض کامل ہے بعض ناقص کیونکہ کامل جزوں کو تو اس نے پایا ہی نہیں ہے۔ اس وقت تو مکلف ہی نہیں تھا تو پھر چاہیے کہ دوسرا ناقص وقت میں اس کی نماز صحیح ہو یہ ادا کا وجب ہے عائشۃ۔ حالانکہ صحیح نہیں ہے چلو جی ایک شخص ناقص وقت میں مسلمان ہوا اور نماز نہیں پڑھی دوسرے دن ناقص وقت میں قضاء کی اس کی قضاء صحیح نہیں ہے۔ لہذا اس کے حق میں کل کی طرف اضافت نہیں کر سکتے کہ سبب کل وقت ہے۔ جب وقت نکل گیا تو کل وقت۔ وقت کل میں اجزاء کامل بھی ہے ناقص بھی ہے کامل کو علیحدہ نا کیا۔ اس لیے تو نسبت بھی نہیں کر سکتے کل وقت کی طرف پھر چاہیے کہ نماز صحیح ہو حالانکہ صحیح نہیں ہے۔

ترجمہ: پس وارد ہو وہ جو اسلام لے آیا پیچ ناقص پس نہیں نماز پڑھی اس نے بیچ ناقص کے نہیں صحیح قضا اس کی بیچ ناقص غیر اس کے میں باوجود بعذر اضافت کے بیچ حق اس کے طرف کل کے۔ کیونکہ نہیں کہہ سکتے کہ یہاں کل وقت سبب ہے قضاء کا۔ چلو جی۔

فاجیب بمنع عدم الصحۃ ای: اب اس کا جواب دیتے ہیں پہلے تو تم نے کہا۔ لا یصح فی ناقص غیرہ۔ پہلے تو ہم اس عدم صحت کو تسلیم نہیں کرتے۔ تم نے کہا ہے کہ صحیح نہیں ہے۔ ہم اس عدم صحت کو تسلیم نہیں کرتے۔ ہم کہتے ہیں کہ صحیح ہے۔ جواب آگیا۔ اب اس پہ عاللہ لا روایۃ سے دلیل دی کہ ہم عدم صحت کو نہیں مانتے کہ متقدمین سے کوئی روایت نہیں ہے۔ عدم صحت پر کوئی روایت نہیں آئی۔ تو روایت جو نہیں ہے تو ہم التزام کر لیتے ہیں کہ صحیح ہے۔ اگر کوئی روایت ہوتی عدم صحت پر تو پھر التزام نہ کرتے۔ ہاں جی۔ لہذا جب متقدمین سے عدم صحت کی روایت نہیں ہے تو پھر ہم عدم صحت کا قول نہیں کرتے لیکن صحت کا التزام کر لیتے ہیں۔ چلو جی

ترجمہ: پس جواب دیا گیا ساتھ منع عدم صحت کے کیونکہ نہیں روایت متقدمین سے پس التزام کر لیا گیا صحت کا (فیلتزم الصحۃ) چلو جی۔

والحق ان لا نقض ای: اب حق جواب دیتا ہے کیونکہ پہلے جو جواب ہے کہ عدم صحت کو تسلیم نہیں کرتے۔ اس پہ دلیل دی کہ عدم روایت۔ عدم روایت کو صحت کی دلیل بنایا لہذا کہا کہ صحت کا التزام کرتے ہیں۔ عدم دلیل سے کوئی شی ثابت نہیں ہوتی۔ کہتے ہیں

عدم وجدان دلیل نہیں ہے۔ ہو سکتا ہے کہ متقدمین سے روایت ہو عدم صحت ہے لیکن ہم کو نہیں ملی۔ کیونکہ پہلے جواب پر اعتراض تھا اس لیے حق جواب دیتا ہے۔ کہتا ہے کہ وقت میں فی ذاتہ کوئی خرابی نہیں ہے۔ کیونکہ وقت ایک جیسا ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے وقت کی ذات میں — لذاتہ اس میں کوئی نقص نہیں ہے ہاں نقص جو آیا وہ عارض آ گیا کہ بعض اوقات ایسے ہوتے ہیں جن اوقات میں نماز مشابہ ہو جاتی ہے۔ لوگوں ان وقت میں بتوں کی عبادت کرتے ہیں سورج کی عبادت کرتے ہیں۔ سورج کی پرستش — حدیث میں ہے کہ جب سورج طلوع کرتا ہے تو شیطان سینگ کرتا ہے یا نصف النہار پر یا جب غروب کرتا ہے۔ پھر جو شمس کے پجاری عبادت کر رہے ہوتے ہیں تو شیطان کہتا ہے کہ وہ میری عبادت کر رہا ہے۔ اب اس میں جو مسلمان نماز پڑھے گا تو مشابہت پیدا ہوتی ہے اس مشابہت کی وجہ سے ان وقتوں میں نماز صحیح نہیں ہے تو کراہت آ گئی۔ اب لکھا ہے کہ عصر یوم وہ ہے ادا۔ تو قضاء اور اداء میں فرق ہے۔ ادا میں شرافت ہے کہ ادا ہے۔ تو قضاء میں اتنی نہیں ہے۔ اس لیے ان اوقات میں ادا میں تو تحمل کر لیا کہ ہے تو وقت مکروہ لیکن ادا کی شرافت۔ تھوڑے نقصان کراہت سے ادائیگی والی شرافت کو نہیں ترک کیا۔ تھوڑے عیب نقص کو برداشت کر لیا تاکہ ادائیگی والی شرافت فوت نہ ہو بر خلاف قضاء کے۔ قضاء میں اتنی شرافت ہے نہیں جتنی شرافت ادا میں ہوتی ہے اس لیے ہم نے کہا کہ یہاں قضاء صحیح نہیں ہے — کامل وقت میں قضاء ہوگی۔ سمجھ گیا جی۔ اور حق یہ ہے کہ نہیں نقص بیچ وقت کے لذاتہ اور جزی نیت لازم آیا نقص اداء کو بالعرض (اس کو لزوم الاداء پڑھنا ہے) پس برداشت کیا گیا یہ نقص بیچ ادا کے واسطے بزرگی ادا کے (تاکہ بزرگی اور کمال فوت نہ ہو جائے) نہ غیر اس کا (وہ) ہے قضاء۔ اس کی ادا والی شرافت ہے نہیں لہٰذا نقص برداشت نہیں کیا گیا اس لیے کہا کہ کامل وقت میں پڑھے۔ یہ جو حسن اسلم ہے — وہ کہ کامل وقت میں پڑھے — چلو جی —

کلام ھذا کی خلاصہ راقم الحروف کے الفاظ میں۔

واعترض بلزوم صحته اہ تقریر گزشتہ روز کی عصر کی نماز کا صحیح ہونا لازم آئے گا جب اس کو اس طرح قضاء کرے کہ اس کے بعض افعال جزء کامل اور بعض جزء ناقص میں واقع ہو یا یوں طور کہ وہ آج کے دن نماز کو ادا کرنے اس طرح شروع ہوا کہ جوں ہی وقت داخل ہوا وہ اس وقت نے

عدم وجدان دلیل نہیں ہے۔ ہو سکتا ہے کہ متقدمین سے روایت ہو عدم صحت پر لیکن ہم کو نہیں
ملی۔ کیونکہ یہ پہلے جواب پر اعتراض تھا اس لیے حق جواب دیتا ہے۔ کہتا ہے کہ وقت میں
فی ذاتہ کوئی خرابی نہیں ہے۔ کیونکہ ہر وقت ایک جیسا ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے
ہر وقت کی ذات میں۔ لہذا اس میں کوئی نقص نہیں ہے ہاں نقص جو آیا وہ عارض آ گیا
کہ بعض اوقات ایسے ہوتے ہیں جوان وقتوں میں نماز مشابہ ہو جاتی ہے۔ لوگوں ان
وقت میں بتوں کی عبادت کرتے ہیں، سورج کی عبادت کرتے ہیں۔ سورج کی پرستش ۔۔۔
حدیث میں ہے کہ جب سورج طلوع کرتا ہے تو شیطان سینگھ کرتا ہے یا نصف النہار ہے یا جب
غروب کرتا ہے۔ پھر جو شمس کے پجاری عبادت کر رہے ہوتے ہیں تو شیطان کہتا ہے کہ وہ
میری عبادت کر رہا ہے۔ اب اس میں جو مسلمان نماز پڑھے گا تو مشابہت پیدا ہوتی ہے
اس مشابہت کی وجہ سے ان وقتوں میں نماز صحیح نہیں ہے تو کراہت آ گئی۔ اب
کہتا ہے کہ عصر یومہ وہ ہے ادا۔ تو قضاء اور اداء میں فرق ہے۔ ادا میں شرافت ہے
کہ ادا ہے۔ تو قضاء میں اتنی نہیں ہے۔ اس لیے ان اوقات میں اداء میں تو تحمل کر لیا
کہ ہے تو وقت مکروہ لیکن اداء کی شرافت۔ تھوڑے نقصان کراہت سے اداءگی والی شرافت
کو نہیں ترک کیا۔ تھوڑے عیب نقص کو برداشت کر لیا تاکہ اداءگی والی شرافت فوت نہ ہو
بر خلاف قضاء کے۔ قضاء میں اتنی شرافت ہے نہیں جتنی شرافت ادا میں ہوتی ہے
اس لیے ہم نے کہا کہ یہاں قضاء صحیح نہیں ہے۔ کامل وقت میں قضاء ہوگی۔ سمجھے یہاں بھی۔
ترجمہ: اور حق یہ ہے کہ نہیں نقص بیچ وقت کے لذاتہ اور جزی نیت لازم آیا نقص اداء
کو بالعرض (اس کو لزوم الاداء پڑھنا ہے) پس برداشت کیا گیا یہ نقص بیچ ادا
کے واسطے بزرگی اداء کے (تاکہ بزرگی اور کمال فوت نہ ہو جائے) نہ غیر اس کا (وہ
ہے قضاء۔ اس کی اداء والی شرافت ہے نہیں لہذا نقص برداشت نہیں کیا گیا۔
اس لیے کہا کہ کامل وقت میں پڑھے۔ یہ جو مسئلہ ہے۔ وہ کہیں کامل وقت
میں پڑھے ۔۔۔ چلو جی ۔۔۔

واعترض بلزوم صحۃ ... تقریر کلام ھذا کی خلاصہ راقم الحروف کے الفاظ میں۔
گذشتہ روز کی عصر کی نماز کا صحیح ہونا لازم آئے گا جب اس کو اس طرح قضاء کرے
کہ اس کے بعض افعال جزء کامل اور بعض جزء ناقص میں واقع ہو بایں طور کہ وہ آج کے
دن نماز کو ادا کرنا اس طرح شروع ہوا کہ جوں ہی وقت داخل ہوا وہ اس وقت نے

دےکر آخر تک نماز کو لے گیا اور آخری جزء میں نماز کو ختم کیا۔ مذکورہ دلیل کی بنیاد پر اس کا صحیح ہونا لازم آتا ہے باوجود اس کے جائز نہیں۔ حاصل بیان کیا کہ جب وقت گزر جاتے تو کل وقت سبب بنتا ہے۔ اور کل وقت من وجہ کامل اور من وجہ ناقص ہوتا ہے۔ تو لہذا جب اس نے دوسرے دن اسی طرح عصر کی نماز سارے وقت میں ادا کی جو من وجہ کامل اور من وجہ ناقص ہے۔ تو یہ نماز اس کی صحیح ہونی چاہیے۔ کیونکہ یہ ادی کما وجب حالانکہ جائز نہیں ہے۔ فعدل الی ان الکل۔ اس کا جواب دیتے ہیں کہ کل وقت قضاء کا سبب ہے اب ہم کیا کہیں گے یہ من وجہ کامل اور من وجہ ناقص ہے تو ہم کہتے ہیں ہم اس سے اس بات کی طرف عدول کرتے ہیں کہ کل وقت سبب ہے اور وہ کامل من کل وجہ باعتبار الغالب۔ اکثر اجزاء چونکہ کامل ہیں تو اعتبار الغالب کر دیا کہ ~~کل~~ کامل من کل وجہ ہے۔ اب جب یہ وقت کامل من کل وجہ سبب ہے تو پھر واجب بھی کامل من کل وجہ ہوگا۔ پس واجب ہے کہ اسی طرح ادا کی جائے۔ یعنی گزشتہ روز کی نماز عصر جو من کل وجہ کامل وقت میں ادا کرے گا تو جائز ہوگی اور اگر سارے وقت میں ادا کی تو اس میں ناقص اجزاء بھی ہیں ادی کما وجب نہیں ہوگا۔ ھذا خلاصۃ ما فی شرح العلامۃ عبد الحق الخیرآبادی قدس سرہ۔ ص ۱۴۴۔

مسلم الثبوت ص ۳۴ سبق: ۷

مسالۃ: لا ینفصل الوجوب عن وجوب الاداء۔ اب یہ اور مسئلہ: ایک ہے نفس وجوب اور دوسرا ہے وجوب اداء۔ تو نفس وجوب اور وجوب اداء میں فرق ہے۔ نفس وجوب تو یہ ہے کہ جیسے اس نے تیرے سے قرضہ مانگا تو نے اس کو قرضہ دے دیا۔ ٹھیک ہے۔ اب اس وقت نفس وجوب آ گیا اس پر واجب ہے یعنی یہ قرضہ اس کے ذمے ہے نفس وجوب یہ ہوتا ہے کہ یہ شئی تیرے ذمے ہے۔ اور وجوب اداء یہ ہوتا ہے جو شئی تیرے ذمے تھی وہ ادا کر۔ اب ایک مسئلہ ہے ہمارے نزدیک اور شافعیہ کے نزدیک بہرحال آگے مسئلہ آ رہا ہے۔ ہمارے نزدیک یہ ہے کہ نفس وجوب اور وجوب اداء ایک دوسرے سے منفصل جدا ہوتے ہیں مطلقاً خواہ واجب بدنی یا واجب مالی ہو۔ واجب بدنی میں بھی نفس وجوب اور وجوب ادا علیحدہ علیحدہ ہوتے ہیں۔ اور واجب مالی میں بھی علیحدہ علیحدہ ہوتے ہیں۔ امام شافعی صاحب فرق کرتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں واجب بدنی میں نفس وجوب وجوب اداء سے جدا نہیں ہوتا بس۔ یعنی مطلب یہ ہے کہ نفس وجوب اور وجوب اداء ایک ہی شئی ہے۔ ہاں واجب مالی میں وہ کہتے ہیں نفس وجوب وجوب اداء علی حدہ علیحدہ ہوتے ہیں: ہاں جی۔ مثلاً نماز کا وقت داخل ہو گیا۔ یہ واجب بدنی ہے۔ شافعیہ فرمائیں گے کہ نفس وجوب آ گیا اور وجوب اداء بھی ہو گیا ہے۔ اور واجب مالی جیسے زکوٰۃ۔ سال کے اول میں مالک نصاب ہو گیا تو

نفس وجوب آگیا۔ لیکن وجوب اداء حولان حول کے بعد ہے۔ یہ نفس وجوب اور وجوب اداء میں
فرق آگیا۔ واجب بدنی میں وہ فرماتے ہیں پس نفس وجوب اور وجوب ادا میں کوئی علیحدگی نہیں
ہے۔ پس وہی نفس وجوب وجوب اداء کا عین ہے۔ یہ امام شافعی صاحب کا مذہب ہے چوتھی
ترجمہ: مسالہ: نہیں جدا ہوتا وجوب، وجوب ادا سے بیچ بدنی کے نزدیک شافعیہ کے
برخلاف مالی کے مثل زکوٰۃ کے۔
یہاں پر دعوے تو دو ہوگئے۔ نفس وجوب وجوب اداء سے بدنی میں جدا نہیں ہوتا لیکن اس کی
دلیل ذکر نہیں کی۔ اور دوسرا دعویٰ۔ مالی واجب میں نفس وجوب وجوب اداء سے جدا ہوتے ہیں
اس کی دو دلیلیں دیے ہیں۔ بدلیل عدم الاثم بالتاخیر۔ پہلی دلیل یہ ہے کہ نفس وجوب وجوب اداء
سے منفصل ہے کیوں کہ اگر واجب مالی میں وجوب ادا منفصل نہ ہوتا نفس وجوب سے۔ تو
پھر وجوب ادا کی تاخیر کریں تو بندہ گناہگار ہوتا ہے۔ زکوٰۃ کی صورت میں ابتداء سال میں
مالک نصاب ہوا نفس وجوب ہے تاخیر کرے تو گناہگار نہیں ہوتا۔ معلوم ہوا کہ نفس وجوب ہے
تو وجوب ادا نہیں ہے اس لیے گناہگار نہیں ہو رہا۔ ایک تو یہ ہو گیا۔ دلیل کو سنا پڑتا ہے
تو واجب مالی میں نفس وجوب وجوب ادا سے منفصل ہے کیوں کہ اگر نفس وجوب وجوب اداء
سے منفصل نہ ہوتا تو پھر تاخیر سے گناہگار ہوتا لیکن تاخیر سے گناہگار نہیں ہوتا اگر حولان
حول کے بعد زکوٰۃ ادا کرے بالاتفاق۔ لہذا نفس وجوب وجوب ادا سے منفصل ہوگا۔ یہ
مشکل نہیں ہیں۔ بالاتفاق نفس وجوب وجوب ادا سے علیحدہ نہیں ہیں واجب بدنی میں۔ اور اس کی
دلیل ذکر نہیں کی پس بداہت کے حوالے کیا۔ نماز کا ٹائم داخل ہو گیا اس نے ادا کر دی۔ پس
نفس وجوب بھی ہے تو وجوب ادا بھی۔ چوتھی۔ واجب مالی میں نفس وجوب اور وجوب ادا
علیحدہ علیحدہ ہیں اس پر دلیل دیتا ہے کہ اگر نفس وجوب وجوب ادا سے منفصل نہ ہوتا تو پھر تاخیر
سے گناہگار ہوتا کیوں کہ وجوب ادا میں تاخیر کرے تو گناہگار ہوتا ہے اور یہاں گناہگار نہیں
ہو رہا تو معلوم ہوا کہ نفس وجوب وجوب اداء سے علیحدہ ہے۔ جو گناہگار اس لیے نہیں
ہو رہا۔ کہ نفس وجوب ہے تو وجوب ادا نہیں ہے۔ وجوب ادا ہوتا تو تاخیر سے گناہگار ہوتا۔
ساتھ دلیل عدم گناہ کے ساتھ تاخیر کے۔
چوتھی۔ ترجمہ: ساتھ دلیل عدم گناہ کے ساتھ تاخیر کے۔ اگر وجوب ادا نفس وجوب سے جدا ہے اس لیے
والسقوط بالتعجیل۔ اس سے دوسری دلیل۔ اگر وجوب ادا نفس وجوب سے جدا ہے اس لیے جو مالک نصاب ہوا —
ابتدا سال میں زکوٰۃ دے دی اور ابھی حولان حول نہیں ہوا تو زکوٰۃ دے دے تو زکوٰۃ ذمہ سے ساقط
ہو جاتی ہے۔ زکوٰۃ ذمہ سے ساقط اس لیے ہو رہی ہے کہ نفس وجوب ہے اور وجوب ادا تو نہیں ہے

اور ذمہ سے ساقط ہو رہی ہے۔ تو ذمہ سے سقوط یہ دلالت کرتا ہے اس بات پر پہلے کہ نفس وجوب
ہے اور وجوب ادا اس لیے نہیں ہے وہ تو حولان حول کے بعد ہے۔ یہاں تک دوسری دلیل دیتے
ہیں کہ نفس وجوب سے وجوب ادا جدا ہوتا ہے۔ ذمہ سے ساقط اس لیے ہو رہی ہے کہ نفس وجوب ہے
تو وجوب ادا نہیں ہے تو علیحدہ ہو گیا۔ ترجمہ۔ اور ساتھ دلیل سقوط کے ساتھ تعجیل کے۔ چوتھی
اقول یرد الوضوء قبل الوقت۔ اب دلیل کے اوپر اعتراض کرتا ہے۔ اعتراض دلیل کے اوپر
ہوتے ہیں۔ کہ تم نے دلیل دی کہ نفس وجوب ہے اور وجوب ادا نہیں ہے اس لیے تاخیر سے گناہگار
نہیں ہوتا۔ اگر وجوب ادا ہوتا تو تاخیر سے گناہگار ہوتا۔ یہ دلیل پر اعتراض ہوتا ہے۔ یہ جو دلیل
واجب مالی میں چلائی یہ دلیل واجب بدنی میں بھی جاری ہوتی ہے۔ واجب بدنی میں تم کہتے
ہو کہ نفس وجوب سے وجوب ادا منفصل نہیں ہے۔ مدعی متخلف ہے وہ کس طرح۔ یعنی نماز
کا وقت داخل نہیں ہوا تھا تو بندے مکلف نے پہلے وضو کر لیا۔ اب جو وقت داخل ہوا تو جلد
گیا تو چلا گیا۔ آخری پانچ منٹ رہ گئے۔ تو اس وقت وضو تو واجب ہو گیا تھا۔ واجب کی ادائیگی
سے پہلے جتنے ۔۔۔ اس سے پہلے وضو واجب ہو جاتا ہے۔ کیونکہ واجب کا مقدم ہے۔ اور واجب کا مقدم
بھی واجب ہو جاتا ہے۔ تو اب اگر اس نے وضو نہیں کیا تو تاخیر کی تو گناہگار نہیں ہے
ایک بات۔ دوسرا تم نے کہا: تعجیل سے واجب ذمہ سے ساقط ہو گیا۔ یہ تب ہے کہ پہلے نفس وجوب
ہو۔ حالانکہ نفس سے پہلے وضو واجب ہی نہیں ہے (لیکن تعجیل ہے) یہاں تک اعتراض کرتا ہے
تم نے مالی میں دلیل چلائی کہ نفس وجوب سے وجوب ادا منفصل ہوتا ہے تو باقی بدنی رہ گئی تو اس
میں نہیں مانتا۔ یہ کہتا ہے کہ تمہاری تقریر واجب بدنی میں جاری ہوتی ہے مدعی متخلف
ہے۔ ایک شخص نے وقت داخل ہونے سے پہلے وضو کر لیا اب وقت داخل ہو گیا۔ تو اس نے
وضو نہیں کیا تو تاخیر سے وہ گناہگار نہیں ہو گا تو پھر چاہیے کہ نفس وجوب سے وجوب ادا
جدا ہو حالانکہ واجب بدنی میں تم کہتے ہو کہ جدا نہیں ہے۔ ایک ۔ دوسرا۔ وقت سے پہلے
اس نے وضو کرنا تھا اب وقت داخل ہو گیا تو ذمہ ساقط ہو گیا وقت سے پہلے کرنے سے
حالانکہ وقت سے پہلے نفس وجوب تو نہیں ہے۔ یہ سقوط ہو رہا ہے تو معلوم ہوا کہ
جو فرق تم نے کیا یہ فرق صحیح نہیں ہے۔ واجب مالی میں جس طرح نفس وجوب اور وجوب
ادا علیحدہ علیحدہ ہوتے ہیں اسی طرح واجب بدنی میں بھی جدا ہیں۔ پھر تمہارے نزدیک واجب
بدنی میں نفس وجوب سے وجوب ادا علیحدہ ہونا چاہیے۔ چھٹی
ترجمہ: کہتا ہوں میں وارد ہوتا ہے وضو پہلے وقت کے۔

واما الحنفية فقالوا بالانفصال مطلقاً. اب حنفیہ کی دلیل۔ پہلے امام شافعی صاحب کا مذہب آ گیا۔
اب حنفیہ کی دلیل۔ پہلے ان کا مذہب بیان کرتے ہیں انہوں نے کہا واجب خواہ بدنی ہو
خواہ مالی ہو نفس وجوب سے وجوب ادا منفصل ہوتا ہے مطلقاً۔ مطلقاً کا معنی ہے خواہ
واجب بدنی ہو یا مالی ہو۔ یہ آ گیا ان کا مذہب۔ یعنی ہمارا مذہب۔ ہاں کیا کہا:
ترجمہ: اور بہرحال حنفیہ پس کہا انہوں نے
ضیاء الحق حسام الدین۔ مولانا سے مثنوی صادر ہوئی تھی آپ سالکین پر مثنوی پڑھتے
پڑھ رہے تھے تو غیب کا مشاہدہ ہو گیا۔ تھے تو وہ تھے وہ نور میں مستغرق تھے مثنوی کے
درس میں بیٹھے اور تھے وہ دور تھے ان کا مشاہدہ ہوا کوئی فرشتے ہیں ان کے ہاتھوں میں
تلواریں ہیں تو وہ مار رہے ہیں لوگوں کو۔ بعض لوگ نظر آتے ہیں پھر ان کو الٹا دوزخ
میں ڈال رہے ہیں۔ مولانا مرحوم صاحب پھر اس کو مثنوی میں ذکر کرتا ہے۔ اے ضیاء الحق
جو تو نے حال دیکھا۔ وہ حال دیکھو جیسا کہ مولانا اس کا ذکر کرتے ہیں۔ فرمایا جو مانیں گے ان کا یہ
حال ہو گا اور منکرین کا یہ حال ہو گا۔ یہ میں نے بات کیوں کی۔ کہ ناحق قسم کے سبق
شروع کرتے ہیں تو پھر چھوڑ جاتے ہیں۔ یہ نہ سمجھو۔ تلوار ہوتی ہے۔ لہذا اس سے بچو
پندرہ منٹ جو اذان سے باقی ہیں اور سبق کے لیے پندرہ منٹ ہیں تو آ جاؤ۔ کیونکہ پندرہ
منٹ بھی قیمتی ہیں۔ جو سبق پر نہیں آتے میں نے اس لیے ذکر کیا۔ تو مطلب یہ ہے بعض
وسباق۔ سارے اسباق ایسے ہوتے ہیں۔ کوئی عالم غیب میں محو ہو مستغرق ہے۔ کسی
کو فرشتے مار رہے ہوتے ہیں۔ وہ کون ہوتے ہیں؟ وہ دشمنان ہوتے ہیں۔
منکرین ہوتے ہیں۔ اس سے بچنا چاہیے تو ایسے حال ہوتے ہیں لہذا ایک تو سبق
میں طہارت سے ہونی چاہیے۔ دوسرا سبق پہ محبت زیادہ والہانہ جنون کی حد تک کلاس
ہونی چاہیے۔ پھر کوئی جا کے بندہ بنے گا۔ ویسے تو یہی حال ہے خود ذکر ہو رہا ہے۔ سارے
دعوت اسلامی والوں کو ایک میں تلوار ہے ـــــ یہ تو نہیں ہے کہ ان کو قتل کرو۔ وہ
ایک ہی مٹی ہوتی ہے۔ بعض ہم نے تفرقہ پیدا کیا۔ ہم ہم ہوتے تھے تم تم ہو گئے
چلو جی۔ کوئی اچھا کام صورتاً ہو تو ہے لیکن اس کا نتیجہ ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس سے
بچائے۔
ترجمہ: اور بہرحال حنفیہ پس کہا انہوں نے ساتھ انفصال کے مطلقاً۔ چلو جی۔

۱۱-۲۰

ممن حاضت آخرا لا قضاء علیہ ۔ یہ عبارت پڑھتے ہوئے طالب علم عرفان فظیری کا گلا بیٹھ گیا

استاذ صاحب مسکرا دیے اور سارے طالب علم بھی ہنس دیے ۔ اسکے بعد استاذ صاحب نے فرمایا اب

تحفہ ہے ۔ اب توضیح بیان کرتے ہیں۔ یعنی توضیح یہ ہے کہ عورت شام داخل ہوگئی ظہر کا شام نہ

ہوگیا ہوگیا ۔ تو آخری وقت میں عورت عارضہ حیض سے مبتلا

لیس وقت تنگ داخل ہو گیا ہے ... ہوگیا ہوگیا ۔ تو آخری وقت میں عورت عارضہ حیض سے مبتلا

ہوئی اب اس پر قضاء لازم ہے ۔ یہ توضیح آگئی اس پر کہ اگر نفس وجوب، وجوب ادا سے منفصل نہیں

پہلے نہ ہوتا ۔ وقت داخل ہوا تو نفس وجوب آگیا ۔۔۔ وجوب ادا ابھی نہیں ہوتا تو اس نے پہلی جزء میں وقت

کی تو پائی ہیں ۔ جو قضاء ہوتی ہے وہ وجوب ادا پر ہوتی ہے ۔ پہلے وجوب ادا تھا تو پھر اس کی

تو پھر وجوب قضاء آ جائے گی ۔ وجوب قضاء یہ وجوب ادا پر آتا ہے تو پھر اس پر قضاء

نہیں ہے معلوم ہوا نفس وجوب وجوب ادا سے جدا ہے کیونکہ جب حیض کی حالت ہوگی

تو وجوب ادا نہ رہا اس لیے وجوب قضاء نہیں ہے کیونکہ وجوب قضاء موجوب ادا پر

متفرع ہوتا ہے یاں بھی ۔ ترجمہ : لیں وہ عورت جو حیض والی ہوئی بیچ آخر وقت کے نہیں قضا اوپر اس کی ۔

بخلاف من طہرت آخراً ۔ نماز عبادت بدنی ہے تو منفصل ہوتا ہے ۔ بخلاف اب کہتا ہے کہ

برخلاف مثلاً عورت آخر وقت میں پاک ہوگئی ۔ جب آخر وقت میں پاک ہوگئی تو اس پر

وجوب ادا آگیا ۔ تو اس پر قضاء ہے ۔ اس پر قضا کیوں لازم ہے؟ اس لیے کہ وجوب ادا تھا یاں بھی ۔

وجوب قضا متفرع ہوتا ہے وجوب ادا پر ۔ جو پاک ہو جائے آخر وقت میں پر اس کے بعد نام

نکل گیا ۔ تو اس پر قضا واجب ہے کیونکہ اس پر وجوب ادا آ چکا تھا وجوب قضا اس لیے واجب ہے

ترجمہ : برخلاف اس عورت کے جو پاک ہوئی بیچ آخر وقت کے ۔

واستدلوا لوجوب القضاء علی بأنہم کل وقت ای ۔ ایسے مذہب پر توضیح ہوگئی منفصل ہے

مطلقاً یعنی نفس وجوب ہوتا ہے وجوب ادا نہیں ہوتا، وجوب ادا ہوتا ہے تو نفس وجوب

نہیں ۔ جدا جدا ہوتے ہیں ۔ آخر وقت میں حیض والی ہوگی تو قضاء نہیں ہے حالانکہ

پہلی جزء میں تو اس نے پائی ہیں لیکن قضاء نہیں ہے کیونکہ وجوب قضاء وجوب ادا پر

ہوتی ہے ۔ اگر وجوب قضاء نفس وجوب پر ہوتی تو پھر تو اس پر قضاء ہوتی برخلاف

جو آخری وقت میں پاک ہوتی ہے وجوب ادا تھا اس لیے وجوب قضاء ہے ۔

اب حنفیہ کا استدلال : کہ نفس وجوب وجوب ادا سے منفصل ہوتا ہے وہ کہتے ہیں

کہ شخص جو سویا ہے جیسا تھا کہ وقت سے پہلے جو سویا تو اس وقت اٹھا جب وقت

نکل چکا تھا ۔ ایک طالب علم تھا سبزہ زار شریف میں شام کو جو وہ سوئی تھا تو آتا تھا پھر

عقدہ مراد استاذ صاحب کی پچھاڑ ... یا عرفان فظیری والا ...

... جرم ... عرفان فظیری

سوتا تھا لیکن پھر کفتان میں درمیان پھر بھی درمیان اور جب نکلا ہو ایسا تو اکٹھا تھا۔
استدلال کیا۔ نائم نے بستر پر پورا وقت سوتا رہا تو اس پر قضاء واجب ہے۔ یہ قضاء تب
واجب ہے کہ پہلے نفس وجوب تو ہو۔ اس پر اتفاق ہے کہ وجوب ادا منتفی ہے۔ وجوب ادا
یہ ہوتا ہے کہ تو ادا کر۔ خطاب آئے گا۔ یہ نائم ہے سمجھتا ہی نہیں ہے تو فہم ہی نہیں رکھتا اس
کو خطاب کیا جائے تو نماز ادا کر یہ سفہ ہے لہذا نائم کو چونکہ شعور نہیں ہے فہم نہیں ہے
لہذا خطاب نہیں ہے ہاں پھر قضاء کیوں واجب ہے۔ یعنی نفس وجوب ہے جو وقت
داخل ہوا۔ وہ سبب ہے نفس وجوب کا۔ اب قضاء جو متفرع ہو رہی ہے نفس وجوب پر متفرع
ہو رہی ہے ہاں جی۔ سونا وقت سے پہلے اور بیدار ہوا وقت کے بعد۔ سارا وقت نائم رہا
اب اس پر قضاء واجب ہے۔ یہ قضاء تب واجب ہے نفس وجوب ہونا چاہیے
اب دیکھو نفس وجوب ہے وجوب اداء نہیں ہے بالاتفاق۔ کیونکہ وجوب ادا ہوتی ہے کہ بھئی
ذمہ جو شئی ہے وہ ادا کر یہاں خطاب آتا ہے تو نائم کو خطاب نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ سفہ
لازم آتا ہے الخطاب من لا یفہم قبیح۔ اللہ تعالیٰ قبیح اور قبیح سے پاک ہے تو معلوم
ہوا کہ نفس وجوب تھا اب دیکھو نفس وجوب پایا گیا وجوب ادا ہے ہی نہیں۔ نفس وجوب
وجوب ادا سے منفصل پایا گیا۔ چلو جی
ترجمہ۔ اور استدلال کیا انہوں نے ساتھ وجوب قضاء کے اوپر نائم کے پہنچ پورے وقت کے
اور وہ وجوب قضاء فرع ہے وجوب کی اور اتفاق ہے اوپر منتفی ہونے وجوب اداء کے
اوپر اس کے مثل جیسے پہلے گزر ہو چکا ہی۔ کہ نفس وجوب ہے تو وجوب اداء نہیں ہے تو قضاء میں ہی
آخر میں پائی ہو گی۔ وجوب آ رہا ہے۔ نفس وجوب نہیں ہے کیونکہ ابتدائی وقت میں صرف
(والی تھی) یہ استثناء کیوں ہے؟ واسطے عدم خطاب کے (نائم کو خطاب کیوں نہیں ہے؟) واسطے
سمجھنے کے لغو ہے۔ اللہ تعالیٰ پاک ذات ہے۔ نائم کو شعور ہی نہیں ہے اس کو خطاب
نہیں ہے۔ چلو جی

مسلم الثبوت ص ۳۲ سبق: ۲:

قیل وانما یلزم اللغو الخ: پیچھے استدلال میں آیا تھا۔ قضاء واجب ہے پورا وقت
سویا رہا اول سے آخر تک تو پھر قضاء واجب ہے ٹھیک ہے۔ کیوں قضاء جو واجب ہے؟
قضاء جو واجب ہے یہ فرع ہے وجوب کی تو معلوم ہوا کہ نفس وجوب تھا تو وجوب ادا تو نہیں
ہے۔ نفس وجوب کی فرع ہے۔ نفس وجوب ہوتا ہے تب قضاء واجب ہوتی ہے۔ لہذا نفس وجوب

وجوب ادا سے علیحدہ پا گئی۔ اس لیے کہا والاتفاق علی انتفاء وجوب الاداء علیہ۔ اس پر وجوب ادا
نہیں ہے۔ وجوب مقتضاء ہے، وجوب ادا نہیں ہے۔ اب کہا کہ وجوب ادا کیوں نہیں ہے؟
اس لیے کہ اس کو خطاب نہیں ہے نائم کو خطاب نہیں ہے۔ خطاب کیوں نہیں ہے؟ یعنی لغو لازم
آتا ہے۔ اب اس پر سوال کرتا ہے کہ ہم کہتے ہیں کہ وجوب ادا بھی ہے لیکن وجوب ہے تو
وجوب ادا بھی ہے اب تم کہو گے کہ خطاب نہیں ہے۔ تو ہم کہتے ہیں کہ خطاب بھی ہے تم
نے کہا لغو لازم آئے گا۔ یہ کہتا ہے کہ لغو لازم نہیں آتا۔ ٹھیک ہے۔ کیونکہ خطاب کی دو اعتبار
ہیں ایک نائم کو خطاب ہے نائم مخاطب ہے فعل کے ساتھ یہ معنی کہ اب تو فعل کر حالت نوم میں
ایک۔ لہذا یہ خطاب تنجیزی ہو گیا۔ اور ایک خطاب ہے تعلیقی نائم کو خطاب ہے جب تو
بیدار ہو جائے پھر تو ادا کر۔ تو مخاطب ہو گیا تو یہاں لغو تب لازم آتا کہ وہ مخاطب ہوتا
کہ تو حالت نوم میں فعل ادا کر۔ یہ تو ہے نہیں۔ لہذا دوسرا قسم خطاب کا ہو گیا یعنی وہ مخاطب
ہے تعلیقاً۔ اس کو خطاب ہے کہ جب تو بیدار ہو جائے تو اس کے بعد تو ادا کر۔ اب یہ لغو نہیں
ہے۔ ہاں جی۔ علم الکلام بھی پیچ ہے کے اصول سا تھا۔ ایک دوسرے کے ساتھ۔ وجوب ادا
منتفی ہے کیونکہ مخاطب نہیں ہے خطاب معدوم ہے۔ اس سے جو لغو لازم آتا ہے۔ یہ کہتا ہے
کہ خطاب کی دو جہتیں ہیں ایک یہ کہ وہ مخاطب ہے بالفعل مخاطب ہے فعل کے ساتھ۔
اب لغو تب لازم آتا وہ مخاطب ہوتا پہلا قسم حالت نوم میں تو یہ فعل کر۔ تو یہ بے شک
لغو ہے۔ سفہ ہے۔ اس کو معلوم ہی نہیں ہے کوئی عاقل بھی نائم کو نہیں کہے گا کہ تو پانی
لے آ اس حالت میں جو تو نائم ہے اس حالت میں مجھے پانی پلا۔ عاقل بھی یہ خطاب نہیں
کرتا۔ لوگ کہیں گے یہ پاگل ہے وہ تو سویا ہوا ہے۔ کہ اللہ پاک کیسے خطاب فرمائے گا۔
دوسرا قسم ہے کہ خطاب ہے تعلیقی جب تو بیدار ہو جائے اس کے بعد تو یہ فعل کر۔ یہ لغو
نہیں ہے لہذا یہاں تعلیقی ہو گا تو وقت وجوب ادا بھی ہے اور نفس وجوب بھی۔
نفس وجوب وجوب ادا سے منفصل نہیں ہے۔ ٹھیک جی۔

ترجمہ۔ جزی نیست کہ لازم آتا ہے لغو اگر ہو نائم مخاطب ساتھ فعل کے اب (حالت نوم)
بلکہ وہ مخاطب ہے ساتھ فعل کے بعد انتباہ کے (بیدار ہونے کے بعد)
اب کہتا ہے قیاسی دلیل ہے کالخطاب للمعدوم۔ معدوم کو خطاب یہ بھی دو قسم ہے
ایک ہے معدوم کو خطاب آلان ٹھیک ہے۔ جیسے کسی کو الہام ہو گیا کہ میری پشت میں
بیٹا ہے وہ کہتا ہے بیٹے پانی لے آؤ۔ تو خطاب معدوم کو الآن بھی دو جہتیں ہیں۔

دو اعتبار ہیں۔ ایک یہ کہ معدوم کو خطاب کرتا ہے حالت عدم میں تو یہ کر۔ ایک یہ خطاب معدوم کو
تعلیقی جب پیدا ہو جائے تو بڑا ہو جائے تو پھر یہ کرنا۔ یہ قسم اور اعتبار جائز ہے۔
خطاب ہوتا ہے مثلاً کوئی کہتا ہے اکرم زیداً یہ خطاب تنجیزی ہے یا کہتا ہے اذا جاءک
زید فاکرمہ یہ تعلیقی ہے۔ تو معدوم کو خطاب دو طرح کا ہے۔ ایک لغو ہے تو دوسرا
لغو نہیں ہے یہ بھی اسی طرح ہو گیا۔ نائم کو خطاب یہ بھی معدوم کی طرح ہو گیا۔ معدوم تو
معدوم ہے تو نائم بھی بے شعور ہے۔ خطابات دو قسم ہو گئے ایک لغو ہے دوسرا جائز ہے
لہذا لغو لازم نہ آیا۔ چلو جی۔ قرآن مجید میں جو خطاب آئے۔ جب قرآن مجید نازل ہو رہا
تھا۔ ہم اس وقت معدوم تھے جو موجود تھے ان کو خطاب ہو گیا تنجیزی تو ہمیں ہو گیا تعلیقی
ان کے ضمن میں خطاب آ گیا۔ یہ ضمنی خطاب ہو گیا۔ معدوم کو خطاب ضمنی یہ جائز ہے۔ تو جب
تم پیدا ہو جاؤ گے جب تم فاہم ہو جاؤ گے تم نے یہ کرنا ہے اقیموا الصلوٰۃ۔ ترجمہ: مثل خطاب کے واسطے معدوم کے۔
والجواب ان الکلام فی الخطاب الخ اب جواب دیتا ہے کہ کبھی تم نے قیاس کیا ہے نائم کو معدوم پر
قیاس کیا ہے۔ یہ قیاس مع الفارق ہے معدوم کو جو خطاب ہے وہ خطاب تعلیقی ہے تو ہماری
کلام ہے خطاب تنجیزی میں۔ ہم کہتے ہیں کہ نائم کو خطاب تنجیزی لغو ہے۔ ہماری کلام خطاب
تعلیقی میں ہے ہی نہیں۔ تم نے نائم معدوم پر قیاس کیا معدوم کو خطاب جو ہوتا ہے وہ تعلیقی ہوتا
ہے۔ اور نائم کو خطاب تنجیزی ہے۔ ہاں جی۔ نائم کو خطاب ہو تو وہ ہو گا کہ حالت نوم میں یہ کر۔ کیونکہ
ہماری کلام خطاب تنجیزی میں چلی ہوئی ہے یہ سارے خطاب تنجیزی آ رہے ہیں۔ تو خطاب
تنجیزی ہم کہتے ہیں یہ نائم کو لغو ہے۔ خطاب تعلیقی میں ہماری کلام نہیں ہے۔ ترجمہ: اور جواب
یہ ہے کہ بے شک کلام بیچ خطاب کے از روئے تنجیز کے ہے اور خطاب معدوم کو جو کہ ثابت
صحیح ہے تعلیقاً۔ از روئے تعلیق کے۔ لہذا قیاس کرنا الخطاب للمعدوم پر نائم کو یہ قیاس
مع الفارق ہو گیا۔ ولا فرق یہ دوسری وجہ ہے جواب دیتا ہے خطاب تعلیقی جو ہوتا ہے
اور تنجیزی میں فرق ہے۔ وہ یہ ہے جو خطاب تعلیقی ہوتا ہے صبی اور بالغ میں کوئی فرق نہیں
ہے برخلاف خطاب تنجیزی کے وہ مکلف کے ساتھ خاص ہے۔ خطاب مکلف کو وہ ہوتا ہے
عاقل بالغ مستیقظ۔ تو نائم تو مستیقظ نہیں ہے لہذا اس کو خطاب نہیں ہو سکتا۔
خطاب تنجیزی مکلف کو ہوتا ہے نائم مکلف ہوتا ہے عاقل بالغ مستیقظ۔ لہذا اس کو
تنجیزی خطاب نہیں ہو سکتا۔ برخلاف تعلیقی کے یہ خطاب تو عام ہے صبی کو بھی
ہے اور بالغ کو بھی۔ کیونکہ خطاب تنجیزی میں طلب ہوتی ہے۔ اور وجوب ادا خطاب

سے آتا ہے۔ یہ واجب ادا کر یہ خطاب سے آیا۔ لیکن وجوب تو سبب سے آ جاتا ہے۔ اس سے حساب
کیا جائے گا۔ خطاب کے لیے ضروری ہے کہ فہم رکھتا ہو خطاب کو سمجھے۔ اس کو علم آئے کہ میں
نے یہ کرنا ہے۔ نائم کو تو فہم ہی نہیں ہے۔ چلو جی۔

ترجمہ: اور نہیں فرق بیچ اس خطاب کے درمیان صبی اور بالغ کے برخلاف اداء کے
فعلی وقضاء آ کر: بس اب ایک تفریع بیان کرتا ہے۔ صبی سویا تو صبی تھا جب بیدار ہوا تو بالغ
تھا۔ اس کی عمر ابھی ہوئی تھی تو نائم لکھا ہوا تھا۔ اب پندرہ سال کا پورا ہو گیا۔ ٹھیک ہے۔ یا سویا
جو سہی۔ صبی تھا نیند میں احتلام ہو گیا۔ احتلام علامت ہے وہ تو بالغ ہو گیا۔ فرماتے ہیں جو
بیدار ہی ہوا تو حالت بلوغ میں تھا۔ صبی بیدار ہوا اس حال میں کہ بالغ تھا۔ تو فرماتے ہیں
کہ اب یہ ہے نماز کا نائم جو تھا وہ پورا نماز کا نائم سویا تھا۔ اب بیدار ہو گیا۔ تو نماز
کا وقت نکل گیا۔ یا تو جوں ہی بیدار ہوا بالغ تھا۔ تا بلوغ آ گیا سارا نائم جو سویا رہا اور
گزر گیا صبی تھا پھر تو بالکل بالیقین اس پر یہ نماز واجب نہیں ہو گی۔ وجوب عدم ادا نہیں ہے، نفس
وجوب جو نہیں ہے۔ یا یہ بھی ہو سکتا ہے کہ حالت نوم میں وقت کے اندر صبی بالغ ہوا
ہو اور بیدار ہو بالغ۔ یا درمیان میں بالغ ہوا ہو تو فرماتے ہیں عنہ۔ احتیاطاً اس پر قضاء ہے
ہو سکتا ہے بالغ ہوا وقت تھا اس نماز کا ابھی۔ ابتدا، اجزائے وسط۔ ٹھیک ہے ناں۔
یہاں جی سویا تو صبی تھا جب بیدار ہوا تو بالغ تھا اب اس پر وجوب قضاء نہیں ہے لا قضاء علیہ
کیونکہ انتباہ ہوا حالت بلوغ میں تو وقت تو نکل چکا تھا اگر اب یہ احتمال
یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وقت نکلنے کے بعد بالغ ہوا یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وقت نماز کا تھا
کہ بلوغ ہو گیا تھا اب جو بیدار ہوا حالت بلوغ میں لیکن وقت نکل چکا تھا۔ نماز بہت
اہم عبادت ہے۔ قیامت کے دن سب سے پہلے حقوق اللہ میں نماز کے متعلق پوچھا جائے گا
لہٰذا یہ احتیاطاً قضاء کرے۔ اس لیے کہتے ہیں کہ سو احتمال ہوں ان میں ننانوے یہ ہوں
کہ نماز ہو گئی ایک احتمال کہتا ہے کہ نہیں ہوئی اعادہ کرو۔ یہ ہمارے فقہ میں
لکھا ہوا ہے۔ وہ بدمذہبوں کے پیچھے نماز کا مسئلہ۔ کتنے احتمال ہوں گے کہ نہیں ہوئی۔ کتنے
احتمال ہوں گے کہ ہو گئی ہے۔ ایک مولوی صاحب تھے ان علاقوں میں آئے تھے ان کے علاقے کے لوگ بڑے پیند کرتے
تھے۔ انہوں نے کہا: مولوی صاحب ہم تو عجیب ہیں پتا نہیں ہوتا کہ امام وہابی ہے کہ کون
ہے۔ ہم کیا کریں؟ اس نے کہا: کہ جب تکبیر پڑھی جائے تو دیکھو کہ حضور کا نام آئے
تو جو ہم کا انگوٹھوں آنکھوں پر رکھے سمجھو کہ وہ ٹھیک ہے اس کے پیچھے نماز صحیح ہے۔ اور جو دیکھو

عدم وجوب قضاء لیکن ہے

عدم وجوب قضاء لیکن ہے لیکن قضاء ہے۔ احتیاطاً

کہ اس نے نام نہیں لیا سر کو اس طرح کرے گا. تو سمجھ لینا وہ بے ایمان ہے. ان کے پیچھے نماز
نہ پڑھو. مولوی صاحب جٹ پٹ لوگوں کو اس طرح مثالیں دے دے کر سمجھاتے تھے
پہلے تھے خواجہ صاحب کے مرید تھے تونسہ شریف۔ اس کو دعا تھی. کیا نام تھا ان کا؟
گامن شاہ رحمہ اللہ. سارے کو سنا رحمہ اللہ. ساری زندگی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کی تعریف کرتا رہا ہے. صحابہ کرام کی. اس نے بڑا اچھا دیکھا ہے. چلو جی.
ترجمہ. پس اوپر اس کے اگر بیدار ہوا صبی دراں حالیکہ بالغ ہے (نماز کا وقت تو
نکل چکا تھا) نہیں قضاء اوپر اس کے مگر یہ کہ احتیاطاً. ٹھیک ہے ناں. بس جی۔

مسلم الثبوت ص ۳۱ سبق ۳.

وما قیل ان الوجوب للازم الخ ~~پیچھے استدلال میں آ چکا یعنی عقلی قضا واجب ہے کہ پورا وقت میں~~
~~رہا عمو قضا واجب ہے ٹھیک ہے کیوں قضا واجب ہے~~ ۔ یعنی استدلوا ہے آ رہا ہے کہ وجوب ادا اور نفس
وجوب یہ علیحدہ علیحدہ ہوتے ہیں. وما قیل. یہ کہتا ہے کہ بعض لوگوں نے اور دلیل دی. اس دلیل
کو بیان کر کے اس پر دو اعتراض کرے گا. پہلے تو یہ ہے کہ انہوں نے کہا: کہ جب بندہ عاقل بالغ ہو جاتا ہے
تاں نفس وجوب آ جاتا ہے کیوں کہ عقل حسن قبح کا ادراک کرتی ہے اہ کما ھو مذہبنا ۔ نفس وجوب تو
آ گیا اس لیے کہ عاقل ہے بالغ بھی ہے تو مکلف ہو گیا. عقل حسن کو جانتی ہے تو پھر نفس وجوب آ جائے
گا جس فعل کا حسن عقل ادراک کرے گی تو وہ عقل کہے گی کہ یہ واجب ہے لیکن وجوب ادا نہیں ہے. کیوں
کہ وجوب ادا آئے گا خطاب سے. تو خطاب ابھی نہیں ہے. خطاب تو آئے گا شرع سے. نفس
وجوب ہے. وجوب ادا نہیں ہے. تو وجوب ادا سے جدا ہے ہاں جی. عاقل بالغ ہو جاتا ہے تو عقل
ادراک کرتی ہے چیزوں کے حسن قبح کو. تو عقل سے جب وہ ادراک کرے گا کہ یہ فعل حسین ہے تو نفس
وجوب آ گیا. وجوب ادا نہیں ہے کیوں کہ وہ موقوف ہے خطاب پر اور خطاب شرع سے ہے تو اس
تک مسئلہ شرع نہیں پہنچی: تو عقل ہے دعوت نہیں پہنچی. عاقل بالغ ہے نفس وجوب اس پر ہے. تو
وجوب ادا نہیں ہے. چلو جی
ترجمہ. اور وہ جو کہا گیا کہ بے شک وجوب لازم ہے بسبب معقولیۃ حسن کے جیسا کہ وہ مذہب ہے ہمارا
(دیکھو مذہب ہمارا نہیں کہا: عقل چیزوں کے حسن قبح کا ادراک کرتی ہے)
فیترد علیہ انہ یلزم ثبوتہ بدون الشرع الخ۔ اب اس پر دو وجہ سے رد کرتا ہے. وہ یہ ہے کہ تم نے کہا:
عقل فعل کے حسن کا ادراک کرتی ہے تو وجوب لازم آ جاتا ہے. اس کا مطلب یہ ہے کہ عقل نے
حکم کیا. تو حالاں کہ ہم اہل سنت وجماعت ہیں. اہل حق میں کسی کا قول نہیں ہے. کہ بغیر شرع کے وجوب

عقل سے ثابت ہو۔ ہاں یہ ٹھیک ہے کہ عقل ادراک کرتی ہے کہ یہ فعل حسین ہے لیکن حکم نہیں کرتی کہ واجب
ہو گیا۔ عقل کہتی ہے اگر حکم آیا شرع پاک سے تو وجوب کا آئے گا لیکن باقی خود عقل واجب کرتی ہے یہ کسی
کا قول بھی نہیں ہے۔ تو لہذا تمہارا یہ کہنا کہ عقل ادراک کرتی ہے اور وہ وجوب عقل سے آ جاتا ہے
یہ تو تم نے عقل کو حاکم مان لیا حالانکہ ہمارا مذہب یہ نہیں ہے کہ عقل حاکم ہے۔ کسی نے یہ قول
نہیں کیا۔ دوسرا رد۔ اگر عقل سے آ جائے وجوب۔ تو ادلہ تو بالاتفاق جن سے احکام ثابت ہوتے
ہیں وجوب وغیرہ وہ ہیں چار۔ اس پر اجماع ہے۔ کتاب اللہ، سنۃ رسول اللہ، اجماع، قیاس
اگر وجوب عقل سے بھی ثابت ہو تو پھر اصول پانچ ہو جائیں گے۔ حالانکہ اصول چار ہیں
پانچ نہیں ہیں۔ ہاں جی۔ دو رد کرتا ہے۔ پہلا رد۔ عقل سے نفس وجوب آ جاتا ہے تو پھر تم نے
عقل کو حاکم مان لیا حالانکہ ہمارا یہ مذہب نہیں ہے۔ ہمارا مذہب یہ کہ عقل حسن کا ادراک
کرتی ہے حکم نہیں کرتی۔ اتنا عقل کہتی ہے حکم آیا تو وجوب کا آئے گا کیونکہ فعل حسین ہے لہذا
شریعت اس کو واجب کرے گی۔ نہ یہ کہ بس عقل حسن کے ادراک سے اس کو واجب بھی قرار دے دیتی
ہے۔ یا حکم لگاتی ہے کہ واجب ہو گیا۔ یہ نہیں ہے۔ یہ کسی نے قول نہیں کیا۔ دوسرا رد۔ ادلہ اصول چار ہیں
اگر عقل سے بھی کوئی حکم وجوب وغیرہ ثابت ہوتا ہے تو پھر تو اصول پانچ ہو جائیں گے۔ حالانکہ
اصول چار ہیں۔ چلو جی۔

ترجمہ۔ پس وارد ہوتا ہے اوپر اس کے (ماتن کے) یہ کہ لازم آئے گا ثبوت اس کا (وجوب کا)
بغیر شرع کے اور حالانکہ نہیں قول کیا ساتھ اس کے کسی ایک نے ہم میں سے۔ کس طرح قول کر سکتا ہے کوئی اس
حالانکہ یہ نہیں ہے واسطے ہمارے اصل خامس۔ (ہمارے نزدیک پانچویں دلیل نہیں ہے) چلو جی

ثم اعلم انھم صرحوا بان لا طلب ای ظاہرا۔ اب اور دلیل بیان کرتا ہے ثم اعلم سے۔ وہ یہ ہے کہ
نفس وجوب وجوب ادا سے منفصل ہوتا ہے کیونکہ حنفیہ نے تصریح کی ہے کہ نفس وجوب میں
طلب نہیں ہوتی۔ حالانکہ نفس وجوب ایک مجرد اعتبار ہے۔ مجرد اعتبار ہوتا ہے یہ شئی
تیرے ذمے ہے بس۔ مطلب تو نہیں ہے۔ یہ شئی تیرے ذمے ہے۔ شریعت کی جانب سے محض
اعتبار ہوتا ہے یعنی خالی طلب سے یہ شئی تیرے ذمے ہے بس۔ اور جو اعتبار ہوتے ہیں
نفس وجوب یہ جبری ہوتا ہے۔ پس نفس وجوب آ جاتا ہے۔ آگے فن سد میں آئے گا
تو یہ سد میں ہو گا۔ باقی رہ گیا وجوب ادا۔ اس میں طلب ہوتی ہے۔ وہ یہ ہوتی ہے کہ کوئی
جو چیز تیرے ذمے تھی وہ ادا کر۔ اب نفس وجوب اس میں طلب نہیں ہے تو وجوب
ادا میں طلب ہے لہذا مغایر عند ہو گئے۔ یہ حنفیہ کی تصریح ہے۔ ہاں جی۔ حنفیہ کی تصریح

کی کہ نفس وجوب میں طلب نہیں ہے۔ ہاں پھر نفس وجوب ہے کیا؟ یعنی یہ ایک محض اعتبار ہے
شریعت کی جانب سے۔ اعتبار سے ہے کہ یہ مثلی تیرے ذمے ہے۔ بس اتنا۔ وجوب ادا طلب سے آتا ہے
لیکن طلب ابھی نہیں ہے۔ جیسے تم نے اس سے کوئی شئی خریدی۔ تو پیسے ہوئے وہ بعد میں۔ پیسے دوں
گا پہلی کو۔ اب پیسے گی اب یہ ہوگا کہ یہ شئی تیرے ذمے ہے۔ کیا طلب ہے؟ نہیں۔ یہ نفس وجوب ہے
جب پہلی آگئی تو پھر یہ کہے گا جو شئی تیرے ذمے تھی اب تو اس کو دے۔ طلب تو اب آئی۔ تو
نفس وجوب پہلے ہے۔ طلب نہیں ہے۔ طلب بعد میں ہے چلو جی۔

ترجمہ: پھر جاننا تو یہ کہ بے شک انہوں نے تصریح کی بایں طور کہ نہیں طلب بیچ اصل وجوب کے (اصل کا معنی نفس وجوب) بلکہ وہ محض اعتبار ہے شرع سے کہ بے شک بیچ ذمے اس مکلف کے
جبرًا واسطے فعل کے (یعنی مطلب یہ ہے کہ یہ شئی تیرے گلے میں ہے۔ اب تو اس کا فعل کرے گا۔ اب
نہیں وہ ادائیگی والا فعل۔ یہ تو جبرًا آگیا۔ بعد میں پھر فعل آئے گا۔ جب فعل آئے گا تو وجوب ادا
ہوگا چلو جی۔ ۔ بیچ ذمے اس کے واسطے جبر کرنے کے واسطے فعل کے۔

واورد ان الفعل بلا طلب آگ: اب اس دلیل پر دو اعتراض: پہلے یہ ہے کہ تم کہتے ہو کہ نفس وجوب
میں طلب نہیں ہے اگر نفس وجوب میں طلب نہیں ہے تو کوئی نماز وقت داخل ہو گیا تھے وجوب ادا نہیں
آیا تو اس نے نماز پڑھ دی۔ اول وقت میں۔ یا زکوٰۃ دے دی نصاب کے بعد وسط سال میں حولان
حول نہیں ہوا۔ تو پھر تم کہتے ہو کہ واجب ساقط ہو گیا۔ ٹھیک ہے نا۔ اگر نفس وجوب میں طلب ہے ہی نہیں
تو پھر فعل بلا طلب ہے واجب کیسے ساقط ہے۔ طلب ہی نہیں تھے فعل کر لیا۔ یہ فعل بلا طلب ہے
اس سے واجب پھر کیسے ساقط ہو جاتا ہے۔ معلوم ہوا کہ واجب جو ہو رہا ہے تو طلب تھی۔ ہاں جی
مثلًا اس نے ابھی وجوب ادا نہیں آیا تھے پہلے اس نے نماز پڑھ لی یا زکوٰۃ دے دی حولان حول سے
پہلے۔ تو تم کہتے ہو واجب ساقط ہو گیا۔ اس سے تو پتا چلتا ہے کہ واجب تب ساقط ہو رہا ہے کہ اس میں
طلب ہے۔ نفس وجوب میں طلب ہے۔ اگر طلب ہی نہیں ہے تو بلا طلب سے پھر واجب کیسے
ساقط ہوتا ہے۔ ایک۔ دوسرا کہ۔ واجب تو ہوتا ہی وہی ہے جس میں طلب ہو۔ نفس وجوب
ہے۔ واجب تو ہوتا ہی وہی ہے جس میں طلب ہو۔ کیونکہ واجب کہتے ہیں کہ طلب ہو فعل کی ترک
منع ہو۔ تو واجب کے معنے میں طلب آگئی ہے۔ تو پھر کیسے کہتے ہو کہ نفس وجوب میں طلب
نہیں ہوتی۔ خطاب اللہ تعالی المتعلق بافعال المکلفین اقتضاءً او تخییرًا۔ اقتضاء میں وجوب
داخل ہے۔ اقتضاء میں تو طلب ہے ہاں جی۔ یہ دوسرا اعتراض تھی گیا۔ ہاں جی کہ تم کہتے ہو
کہ وجوب میں طلب نہیں ہوتی۔ فعل بلا طلب سے واجب ساقط کیسا ہوا۔ دوسرا۔

(۳۴۳)

واجب ۔ واجب ہی تب ہوتا ہے کہ طلب ہو۔ کیونکہ واجب کی حقیقت میں طلب داخل ہے
کہتے ہیں کہ واجب کسے کہتے ہیں: طلب ہو فعل کی تو ترک منع ہو۔ وجوب میں اقتضاء ہوتا ہے
تیسرا ردّ۔ یہ ذرا سے ایک بات کوئی کہتا ہے مقصد الامتثال۔ یعنی وقت جو داخل ہوا تو نفس وجوب
آگیا تو فعل کر دیا تو وقت واجب ادا ہو گیا۔ تو واجب ساقط ہو گیا۔ ٹھیک ہے تو کہا جائے گا کہ یہ
امتثال ہو گیا۔ تو امتثال تب ہوا کہ پہلے کیا ہو؟ پہلے علم بالوجوب ہو۔ پہلے علم بالوجوب تب
ہو کہ پہلے وجوب ہو تو طلب ہو۔ یعنی پہلے علم بالوجوب ہو تو علم ہو کہ طلب ہے تب امتثال ہو گا
جی ہاں جی: تیسرا اعتراض کرتے ہیں۔ جب اس نے اول وقت میں نماز پڑھ لی یا حولان حول سے
پہلے زکوٰۃ دے دی تو تم کہتے ہو کہ امتثال ہو گیا۔ تو امتثال تب ہوتا ہے کہ واجب کو ادا کرنا
جیسا کہ واجب ہے تو پھر پہلے علم بالواجب آئے گا۔ تو علم بالواجب موقوف ہے کہ طلب ہو
تب امتثال ہو گا۔ یہ تیسرا آ گیا۔ سمجھ میں آ رہا ہے جی۔

ترجمہ: اور وارد کیا گیا کہ بے شک فعل بلا طلب کے ساقط کرتا ہے (وجوب کو) واجب کو اور وہ جزی
نیت کہ ہوتا ہے واجب ساتھ ضمن طلب کے اور مقصد امتثال کا جزی نیت کہ ہوتا ہے ساتھ علم
کے ساتھ طلب کے۔ (امتثال ہوتا ہے کہ واجب کو ادا کرنا جیسا کہ وہ واجب ہے وہ تو طلب آ گئی
تو علم بالطلب آئے گا۔ یعنی امتثال ہو گا۔ امتثال ہوتا ہے۔ کوئی امر کرتا ہے کہ یہ کام کر
تو وہ کر لیتا ہے۔ اس کو کہا جاتا ہے کہ یہ امتثال ہو گیا۔ تو یہ امتثال موقوف ہے علم بالوجوب
پر۔ تو علم بالوجوب تب ہو گا کہ پہلے وجوب ہو۔ پہلے وجوب تب ہو گا کہ طلب ہو۔ اب
امتثال آئے گا۔ لہٰذا نفس وجوب میں طلب پائی گئی۔ (کیسے کہتے ہو کہ طلب نہیں ہے)

والجواب انا لا نسلم الخ۔ بس۔ اب جواب دیتا ہے۔ پہلے تو یہ ہے کہ تم نے کہا: سوال میں کہا: کہ
واجب طلب سے ہوتا ہے۔ واجب تب ہوتا ہے کہ پہلے طلب ہو کیونکہ واجب کہتے ہیں طلب الفعل۔
اقتضاء فعل۔ ہم کہتے ہیں (توضیح کا جواب دیتے ہیں۔ توضیح پر جو اعتراض ہے اس کا جواب دیتے
ہیں) ہم کہتے ہیں۔ یہ کوئی حصر نہیں ہے۔ ہم حصر کو نہیں مانتے۔ انما یکون الواجب بالطلب۔ یہ حصر ہے اس
ہم نہیں مانتے۔ کیونکہ جیسے واجب طلب سے ہوتا ہے اسی طرح کبھی واجب سبب سے بھی
ہوتا ہے۔ سبب جو پایا گیا تو وجوب آ گیا۔ تو تمہارا حصر ہم تسلیم نہیں کرتے ہاں اچھی پہلے
اس سوال کا جواب دیتے ہیں کہ تم نے کہا واجب تب ہوتا ہے کہ طلب ہو۔ یہ حصر ہم تسلیم نہیں کرتے
کہ خواہ مخواہ واجب میں طلب ہی ہو تب واجب ہو گا۔ کبھی واجب ہو جاتا ہے تو طلب نہیں
ہوتی۔ جیسے وقت داخل ہوا سبب پایا گیا۔ تو اس سبب یعنی دخول وقت سے نفس وجوب آ گیا۔

[illegible]

سبب سے وجوب آ رہا ہے اور طلب نہیں ہے۔ ایک اور مسئلے پر قیاس ہے۔ تو نے شی خرید کی
تھے ادھار پر۔ ٹھیک ہے نا۔ اس شی کے ثمن کو تم تاریخ کو۔ اب شی جو خرید کر لی۔ اس کے ثمن تیرے
ذمے ہیں لیکن طلب نہیں۔ یہ پر کوئی سمجھتا ہے یا ہوا چلی تیز کسی آدمی کی چادر اڑا کے لے آئی۔ تو چادر
تیرے اوپر آ پڑی تو نے پکڑ لی۔ اب تو نہیں جانتا چادر ہے کس کی۔ اب تیرے ذمے ہے کہ یہ مالک
تک پہنچا تے۔ تو نفس وجوب آ گیا لیکن طلب نہیں ہے کیوں کہ طلب تو تب ہو کہ کوئی مالک کا علم ہو
تے خود مالک کو علم نہیں ہے کہ کہاں چلی گئی ہے وہ طلب کس سے کرے گا۔ تیرے سے طلب نہیں کر سکتا۔
کیوں کہ اس کا تجھے علم نہیں ہے تے لہذا یہ آ گیا مسئلہ۔ نفس وجوب ہے تے طلب نہیں ہے۔ کسی
کو پتا نہ چلے تو اگلے دیتے ہی نہیں ہیں۔ وہ دیتے ہی نہیں ہیں۔ مالک کو پتا نہیں ہو تا وہ دیتے
ہی نہیں ہیں۔ نفس وجوب ہے دینا پڑے گا۔ یا اس دنیا میں یا آخرت میں۔ چلو جی

ترجمہ: اور جواب ہے شک ہم نہیں تسلیم کرتے بے شک۔ واجب جزئی نیت کر ہوتا ہے ساتھ طلب کے
بلکہ ہوتا ہے ساتھ سبب کے اور شی گاہ ثابت ہوتی ہے اور نہیں طلب کی جاتی مثل دین موجل کے
اور مثل کپڑے اڑا یا گیا ہے طرف انسان کے (کسی انسان کے) ہم ایسا انسان نہیں جانتا وہ مالک اس کا۔
ایک کپڑا اڑ گیا ہے۔ کہاں چلا گیا ہے۔ چلو جی۔ اب دوسری بات کی کہ امتثال صحیح تب ہوتا ہے
کہ پہلے علم بالوجوب ہو۔ تم جو کہتے ہو امتثال ہو گیا اور واجب جو ساقط ہو گیا۔ علم بالوجوب پہلے ہوگا
وجوب پایا گیا اور وجوب ادا اب نہیں ہے۔ اس کا جواب دیتا ہے کہ علم بالوجوب پر نہیں ہے
یہ علم بثبوت الوجوب پر ہے۔ یعنی اتنا علم ہو کہ یہ شی میرے ذمے ہے بس۔ اس پر موقوف
ہے۔ نہ اس پر امتثال موقوف ہے کہ تجھے طلب کا علم ہو۔ ہاں جی امتثال جو ہو جاتا ہے تو وہ اس
پر متفرع ہے کہ ممتثل کو علم ہونا چاہیے کہ یہ شی میرے ذمے ہے ثبوت وجوب یعنی وجوب کا ثبوت
ہونا چاہیے باقی طلب کا علم ضروری نہیں ہے۔ انہوں نے کہا تھا کہ انما یکون واجبا بالطلب۔ پہلے وجوب
آئے۔ طلب کا علم۔ یہ کہتا ہے کہ علم بالطلب پر امتثال موقوف نہیں ہے۔ امتثال اس پر
متفرع ہے کہ اس کو یہ علم ہونا چاہیے کہ واجب ثابت ہے ثبوت واجب کا علم ہونا چاہیے
جس میں معنی آ جاتے طلب سے نہیں آیا وجوب کیوں کہ نفس وجوب ہے۔ سبب سے آ گیا ہے۔

ترجمہ: اور امتثال متفرع ہوتا ہے اوپر علم کے ساتھ ثبوت وجوب کے

اور انہوں نے یہ کہا تھا: منفک بالطلب سے واجب پہلے ساقط ہو گا۔ اول وقت میں نماز پڑھ لی یا
حولان حول سے پہلے زکوۃ دے دی تو تم کہتے ہو کہ واجب ساقط ہو گیا تے طلب پہلے ہی منفک
منفک بالطلب ہے تو وجوب ساقط نہیں ہوتا۔ اس کا جواب دیتا ہے یعنی ایک ہے سقوط

ہوئی کہ واجب ساقط ہو گیا۔ اس کے لیے یہ ضروری نہیں ہے۔ اس پر موقوف نہیں ہے سقوط کہ پہلے طلب ہو۔ تو سقوط سبق طلب کا تقاضا نہیں کرتا۔ اس کے لیے ضروری نہیں ہے کہ پہلے طلب ہو تاں ساقط ہو گا۔ کیونکہ ہو سکتا ہے۔ مثلاً تیرے اوپر دین موجل تھا تو نے ٹیم سے پہلے اس کو دے دیا۔ حالانکہ طلب تو نہیں ہے یہ فعل بلا طلب ہے۔ ذمہ ساقط ہو جائے گا۔ یہ سقوط اس کا تقاضا نہیں کرتا کہ پہلے مطلوب ہو تو یہ ساقط ہو گا۔ اگر بلا طلب ادا ہو تو ساقط ہی نہ ہو۔ تو ایک وارث دیوے کے ولد والا دیوے کے وقت طلب کرے دی دیوے میں تو نے ایک دفعہ دے دیا۔ اس نے کہا وہ فعل بلا طلب تھا۔ اس میں تجھ سے طلب ادا ہوں ہوں کہ ٹیم آ گیا ہے۔ تو کوئی بھی اس چیز کو تسلیم نہیں کرے گا۔ یہ بندہ کہے گا کہ پہلے طلب ضروری نہیں ہے۔ سقوط اس کا تقاضا نہیں کرتا کہ پہلے طلب ہو۔ سقوط ہو جاتا ہے اگرچہ فعل بلا طلب ہی ہو۔ پس اپنا یہ لازمہ ہے چلو جی

ترجمہ: پس نہیں تقاضا کرتا سقوط سبقت طلب کا۔ ختم ہو گئی بات۔

مسلم الثبوت ص ۳۵ سبق: ۱

اقول فقہ المقام ان لنا خطاب وضع الخ: احکام کی دو قسم ہیں احکام وضعی اور احکام تکلیفی۔ تو خطاب بھی دو ہیں۔ ایک خطاب وضعی ہے۔ وہ یہ کہ یہ سبب ہے وجوب کا۔ اور دوسرا خطاب تکلیفی ہے اس میں اقتضاء ہے اقتضا میں طلب ہوتی ہے جب خطاب کی دو قسم ہیں تو ہم واجب ہے کہ جو ثابت ہو ایک سے غیر ہو جو ثابت دوسرے سے۔ اس سے غیر ہو۔ پہلا ہو گا نفس وجوب یعنی پہلے خطاب سے ثابت ہو گا نفس وجوب دوسرے خطاب تکلیفی سے ثابت ہو گا وجوب ادا۔ نفس ثبوت میں ہے جب وقت داخل ہو گا ثابت ہو جائے گا کہ ذمے میں ایک حق یعنی ثابت ہے یعنی وہ فعل ثابت ہے۔ جو دوسرے سے ثابت ہے اس کو ایقاع کر۔ خارج میں واقع کر یہ ہے وجوب ادا۔ خطاب دو ہیں ہر خطاب کے ساتھ جو ثابت ہو گا۔ علیحدہ علیحدہ ہوں گے خطاب کی رو سے۔ تو جو ثابت ہو علیحدہ علیحدہ ہوں گے۔ خطاب وضعی سے ثابت ہے نفس وجوب اور خطاب تکلیفی سے ثابت ہے وجوب ادا۔ اور نفس وجوب یہ ہے فعل ثابت ہے لہ حق ہے کہ مؤکد ہے یہ ہے وجوب دوسرا ہے خطاب دو اقتضاء سے آتا ہے خطاب تکلیفی بالاقتضاء۔ ہو تیرے ذمے ہیں اس کو خارج میں واقع کر۔ اس سے معلوم ہوا وجوب اور شئی ہے اور وجوب ادا اور شئی ہے۔ پہلے میں طلب نہیں ہوتی ہے ثانی میں طلب ہوتی ہے۔ چلو جی ترجمہ: کہتا ہوں میں فقہ مقام کا یہ ہے کہ بے شک واسطے ہمارے خطاب وضع ساتھ سببیت کے واسطے وجوب اور خطاب تکلیفی کے ساتھ اقتضاء کے۔ پس واجب ہے یہ کہ ثابت ہو ساتھ ایک ان دو کے غیر ثابت ہے ساتھ دوسرے کے پس ثبوت فعل کا حق مؤکد ہے اوپر ذمہ کے اول ہے اور یہ وجوب ہے اور طلب ساتھ ایقاع اس فعل کے

بے شک وجوب ایک شئی ہے اور وجوب ادا اور ہے پس معلوم ہو گیا کہ یہ بات کہ
نہج خارج کے ثانی ہے اور یہ وجوب ادا ہے پس معلوم ہو گیا یہ بات کرے شک نہیں طلب نہج اول کے بلکہ طلب نہج ثانی
وجوب ادا شئی دوسری ہے اور معلوم ہو گیا یہ بات کرے شک نہیں طلب نہج اول کے بلکہ طلب نہج ثانی
کے۔

والالزم قلب الوضع۔ اب اس پر دلیل قائم کرتا ہے اگر خطاب وضعی اور خطاب تکلیف ان سے جو ثابت ہو وہ ایک
ہی شئی ہو۔ تو پھر قلب وضع ہے۔ خطاب وضعی سے جو ثابت ہوتا ہے وہ اور ہے اور خطاب تکلیفی سے جو ثابت
ہے وہ اور ہے اور یہی اصل ہے اگر ایک ہی چیز دونوں سے ثابت ہو تو یہ قلب وضع لازم آئے گی۔ یہ عین نہیں
ہو سکتے ورنہ وضع کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ ایک وضع ہے خطاب وضعی کی اور دوسرا ہے خطاب تکلیفی
کی جب ان کی علیحدہ علیحدہ وضع ہے تو پھر ان سے جو ثابت ہو وہ ایک شئی نہیں ہو سکتی۔ ہاں جی اب
بطریق استدلال دلیل کو تام کرتا ہے یہ الاثر سمجھے کیا ہے؟ اور وجوب اور وجوب ادا عین نہیں
ہیں اگر عین ہو ایک ہی ثابت ہو۔ دونوں میں طلب ہو تو پھر قلب وضع لازم آئے گی۔ ہر ایک کی وضع علیحدہ
علیحدہ ہے۔ جو خطاب وضعی سے ثابت ہے وہ اور شئی ہے اور اگر خطاب تکلیفی سے بھی وہ ثابت ہو تو پھر اس کی وضع
کا کوئی فائدہ نہیں ہے چاہو جی۔ ترجمہ: ورنہ لازم آئے گا قلب وضع۔ فتدبر میں اسی طرف اشارہ ہے کہ اگر
ایک شئی ہو تو پھر کوئی فائدہ نہیں ہے۔ مقصد نے جو خطاب وضع اور خطاب تکلیف الگ الگ ذکر کیے ہیں جب
یہ علیحدہ ہیں تو معلوم ہوا جو ان سے ثابت ہوتا ہے وہ بھی ایک شئی نہیں ہے علیحدہ علیحدہ شئی ہے۔ ترجمہ پس تدبر کر تم۔

مسألة الاداء فعل الواجب فی وقتہ المقدر له شرعًا: اب اور مسئلہ: جو شئی واجب ہوتی ہے پھر اس کی
دو قسمیں ہوتی ہیں۔ ایک اداء دوسری قضاء۔ پہلے اداء کی تعریف۔ واجب کا کرنا وقت کے اندر
جو واجب کی ادائیگی کا وقت ہے۔ واجب کو اس کے وقت میں ادا کرنا جو وقت اس کے لیے مقرر کیا
گیا شرعًا۔ یعنی شریعت پاک نے جو مقرر کیا ہے۔ اب قضاء اس کے مقابلے میں ہے۔ وہاں پھر وجوب
کی ادائیگی فی وقتہ نہیں ہوگی۔ جو اس کے لیے شرعًا مقرر ہے۔ اس وقت میں فعل نہیں کیا۔ اس کے باہر ہوتا ہے
اس لیے اس کو قضاء کہتے ہیں۔ ہاں جی۔

ترجمہ: اداء فعل واجب کا (واجب کہنے سے نوافل سنن نکل گئے۔ جب کہا فی وقتہ تو قضاء نکل گئی
جب کہا المقدر له شرعًا اس سے وہ نکل گئے جو بادشاہ مقرر کر دیتے ہیں کہ یہ کرو یہ نہ کرو۔
وہ قانونًا تو ہوتے ہیں اور ان کا کرنا ضروری ہوتا ہے۔ وہ کہتے ہیں یہ کرنا پڑے گا لیکن یہ شرعًا نہیں
ہوتے۔ لہذا یہ بھی اداء سے خارج ہے) فعل واجب کا بیچ وقت اس کے جو مقرر کیا گیا واسطے
واجب کے از روئے شرع کے۔

قبل ابتدائه كالتحريمة عند الحنفية الخ. جو تم نے تعریف کی ہے تو حنفیہ کے نزدیک وہ نکل گیا سورج غروب ہو رہا تھا تھوڑی سی ساعت تھی اس نے کہا: اللہ اکبر تو باقی نماز اس نے پڑھی خارج میں حالانکہ حنفیہ کہتے ہیں کہ یہ ادا ہے لیکن اس پر تعریف صحیح نہیں آتی. واجب کا فعل وقت مقدر لہ شرعا میں نہیں ہوا کچھ حصہ وقت مقدر میں ہے بقیہ حصہ خارج میں ہے. اس پر تو تعریف صحیح نہیں آتی. ہاں جی. اس لیے بعض نے اداء کی تعریف میں ابتدا کا لفظ بڑھایا ابتداء فعل الواجب. فعل واجب کی ابتدا کس میں ہو وقت کے اندر ہو جو شریعت پاک نے اس کے لیے مقرر کیا ہے اب آگے عام ہے کہ ابتداء جس طرح وقت کے اندر ہے انتہا بھی وقت کے اندر ہے یا ابتدا اندر ہو گی باقی فعل باہر ہو تو بھی اداء کو شامل ہو جائے گا.

ترجمہ: اور کہا گیا: ابتداء فعل واجب کی مثل تحریمہ کے نزدیک حنفیہ کے. اور ایک رکعت نزدیک شافعیہ کے. بس تکبیر تحریمہ پڑھی اور سورج طلوع کر گیا وہ کہیں گے نماز پڑھ لے. امام شافعی کہتے ہیں کم از کم ایک رکعت ہونی چاہیے وقت کے اندر پھر سورج طلوع کر گیا تو پھر پڑھ لے.

ومنه الاعادة وهو الفعل فيه ثانيا لخلل. اب کہتا ہے کہ ایک ہے اعادہ. اعادہ یہ ہے کہ نماز پڑھی پھر اسی وقت میں اس کو دوبارہ پڑھا. یہ اعادہ بھی اداء میں داخل ہے اس نے ایک بار فعل کیا خلل آگیا تو پھر دوبارہ پڑھتا ہے. یہ بھی ادا میں داخل ہے کیونکہ وقت کے اندر ہے چلو جی.

ترجمہ: اور اداء سے اعادہ ہے اور وہ اعادہ فعل ہے بیچ وقت کے دوسری بار واسطے خلل کے. بعض نے کہا. کہ واجب پہلا ہو گیا ہے یہ ویسے ہے، یہ احتیاطا ہے خلل واقع ہوا لیکن ایسا نہیں کہ بالکل باطل ہو گئی ایسا نہیں ہے. بلکہ ایسا خلل آیا جس سے نماز میں نقصان آگیا فرمایا ہے یہ ادا اور دوسرا اعادہ یہ احتیاطا ہے بعض نے کہا صحیح تر یہی ہے کہ اعادہ ہی واجب ہے. جنہوں نے کہا کہ پہلا واجب ہے اور دوسرا احتیاط کے لیے ہے پھر یہ نہ ادا ہے اور نہ قضاء ہے. سوال تھا کہ فعل ہے ثانیا. صرف خلل سے نقص آتا ہے باعث باقی فعل ہو جاتا ہے. تو یہ نہ ادا ہے کیونکہ ادا یہ ہوتی ہے فعل واجب کا وقت مقدر میں جبکہ یہ وقت مقدر میں ہے لیکن واجب نہیں ہے اور نہ قضاء ہے کیونکہ قضاء ہوتی ہے وقت کے بعد یہ تو وقت کے اندر ہے. تو اس کا جواب دیا الصحیح ہی ہے کہ یہی دوسرا واجب ہے اور اداء میں داخل ہے.

ترجمہ. اور صحیح تر یہ ہے کہ بے شک یہ (دوسرا فعل) واجب ہے۔

والقضاء فعله بعده استدراكا الخ. اب دوسرا ہو گیا قضاء. تو قضاء کی تعریف کرتا ہے قضاء ہے واجب کا کرنا مقدر وقت کے بعد. ہاں جی. تاکہ مافات کا استدراک کرے مافات کو پا لے. آگے فوت ہوا عمدا فوت ہوا یا سہوا فوت ہوا اور اسی طرح اس فعل پر قادر تھا.

ابھی اس کو وضاحت کرو!!

جیسے مسافر روزہ چھوڑے تو قادر رکھا نہیں رکھا یا قادر ہی نہیں تھا تو پھر کوئی مانع ہوگا
مانع پھر شرعی مانع ہے یا عقلی ہے جیسے حیض یہ شرعی مانع ہے۔ عقلی مانع جیسے نوم یا بیہوشی
ہوگیا پڑا ہے۔ ہاں جی

ترجمہ: اور قضاء مثل اس کا بعد وقت کے واسطے پانے مافات کے قصدا یا سہوا قادر ہے
اور یہ مثل اس کے مثل مسافر کے یا نہیں قادر واسطے مانع کے ازروئے شرع کے جیسے مثلاً حیض کے یا
ازروئے عقل کے مثل نوم کے۔

فتسمیة الحج الصحیح ۱۲: اب بتاتے ہیں کہ جو تم نے قضاء کی تعریف کی ہے یہ حج صحیح پر سچی نہیں
آتی۔ احرام باندھا ہے کوئی محذور کا ارتکاب کیا۔ حج فاسد ہوگیا اس کی قضاء واجب ہوتی ہے۔
آئندہ سال۔ اب یہ اپنے وقت مقدر میں شرعاً ہوا کہ حج کا وقت ساری عمر ہے لیکن اس کو
کہتے ہیں حج قضاء۔ قضاء کی تعریف ہے کہ وقت مقدر کے بعد کرے۔ ہاں جی قضاء کی تعریف
حج قضاء پر سچی نہیں آتی۔ حج قضاء ہوتا ہے لیکن سچی نہیں آتی؟ کیسے؟ احرام باندھا تو کوئی
محذور کا ارتکاب کیا تو حج فوت ہوگیا آئندہ سال حج کی قضاء کرے۔ فقہ میں آتا ہے کہ قضاء
کرے۔ یہ قضاء تو نہیں ہے لیکن حج کو نام حج قضاء کا دیتے ہیں لیکن یہ ہوتا وقت مقدر میں ہی ہوتا کہ
حج کی ادائیگی کا وقت ساری عمر ہے۔ جب بھی کرے گا ادا ہوگا۔ اب اس کا جواب دیتا ہے کہ یہ
مجاز ہے یہ تسمیہ مجاز ہے جس سال اس نے احرام باندھا تھا شروع کیا تھا اس سال تو حج نہیں کیا
لہذا اس کی نظر وقت مقرر مقدر میں شروع کیا تھا اس کی نظر قضاء ہے۔ ہاں جی
یہ مجاز ہے اور حقیقۃً ادا ہے۔ چلو جی

ترجمہ: پس نام رکھنا صحیح حج کا بعد فاسد کے قضاء یہ تسمیہ مجاز ہے۔

ومن جعل الاداء والقضاء الخ: اب سوال تھا کہ تم نے ادا کی تعریف کی۔ یہ سنن اور نوافل پر سچی نہیں
آتی۔ سنن نوافل ان کو بھی کہتے ہیں ادا لیکن ان کے لیے وقت مقدر شرعا تو ان کے لیے نہیں ہے۔ دوسرا یہ کہ
جن کے لیے وقت مقدر ہے لیکن بعض واجب نہیں ہے۔ کیونکہ ادا کی تعریف میں واجب کا ہے۔ ہاں جی اب سوال تھا
کہ ادا کی تعریف سنن پر سچی نہیں آتی، نوافل پر سچی نہیں آتی۔ یہ جمع واجب نہیں ہے سنن نوافل
میں ادا ہے لیکن واجب نہیں ہے تو تعریف جامع نہیں ہے۔ سنن پر سچی نہیں آتی۔ بعض نے کہا۔
واجب ادا اور قضا ہوتا ہے۔ سنن نوافل قضا ہوتے ہی نہیں لہذا اگر ان کی نظر سنن نوافل ہے
قضاء کی تعریف سچی نہ آئے تو کوئی حرج نہیں ہے چونکہ اچھا ہے۔ اور بعض وہ ہیں جنہوں
نے کہا ادا، قضاء غیر واجب میں بھی ہوتے ہیں کیونکہ اس لیے انہوں نے واجب کی جگہ سنن میں عبادت
کو رکھا۔

ترجمہ۔ اور واسطے ہمارے وقوع ہے (جواز ہوتا ہے امکان۔ اور وقوع ہے وقوع) ساتھ نہی کے ابطال عمل سے پس واجب ہے اتمام۔ ملزم سے اب تفریع بیان کرتا ہے۔ جب یہ ثابت ہو گیا کہ جائز بھی ہے اور وقوع بھی ہے تو لہذا اگر نفل میں شروع ہوا اور اس کو باطل کر دیا۔ تو قضاء لازم آئے گی۔ اور امام شافعی صاحب فرماتے ہیں کہ نفل کی قضاء لازم نہیں ہے۔ چلو جی۔ اب یہ جو قضاء ہے یہ نفل کی قضاء نہیں ہے اس لحاظ سے کہ وہ نفل ہے بلکہ اس لحاظ سے کہ اتمام واجب ہو چکا تھا۔ یہ سے سوال کیوں کرتے ہیں عمہ

٢٠.١٨

عمدۃ الیقین نفل بیان کرو۔ جس کی قضاء واجب ہو۔ سوال ١٦ ١٩ ٢٦ کرول ٢٢ اس سے کیا نفل کی قضاء ہو واجب جاننا ہے اس لیے نفل شروع کا اگر فاسد کر دی تو قضاء لازم ہو گی۔ یہی لازم آئی قضاء کا تو سوال ہے۔ چلو جی۔

کہتی ہے کہ لازم نہیں ہے، شرع بھی کہتی ہے کہ لازم نہیں ہے۔ ابتداء میں تخییر ہو تو بعد میں وجوب آجاتا تو عقل بھی جائز رکھتی ہے شرع بھی جائز رکھتی ہے۔ ٹھیک ہے ہاں۔ نہ اس کو مستلزم نہیں ہے نہ استلزام عقلی ہے نہ استلزام شرعی ہے کہ تخییر ہمیشہ رہے۔ ابتداء میں تخییر ہے تو شروع کرے بھی تو تخییر دائم رہے۔ یعنی اس استمرار کو عقل بھی کہتی ہے کہ لازم نہیں ہے۔ شرع بھی کہتی ہے کہ لازم نہیں ہے۔ سمجھے۔ تو عقلاً تو یہ ہے کہ عقل کہتی ہے ایک شیٔ ہے کہ اس کی ابتداء میں تخییر ہے تو شروع ہو گیا وجوب آ گیا تو عقل اس کو جائز رکھتی ہے۔ تو شرعاً۔ شرع

۲۰۰۱۸

بھی اس کو جائز رکھتی ہے جیسے امام شافعی بھی جانتے گا۔ نفل حج یا عمرہ میں شروع ہوا تو پہلے نفل ہے لیکن جب شروع کر دے تو امام شافعی صاحب بھی کہتے ہیں کہ شروع کے ساتھ واجب ہو جاتا ہے۔ پہلے اس کو اختیار ہے جب شروع کر لیا تو اختیار نہیں رہا۔ حج یا عمرے کا اتمام کرے گا۔ امام شافعی صاحب حج اور عمرہ میں اسی طرح کہتے ہیں۔ لیکن نفلی عبادت (نماز) وغیرہ میں خلاف کرتے ہیں۔ تو عقل بھی کہتی ہے یہ ضروری نہیں ہے کہ ابتداءً تخییر ہو تو ہمیشہ تخییر رہے۔ عقل اس کو جائز رکھتی ہے کہ ابتداء میں تخییر تھی تو بعد میں ضروری ہو گیا۔ بہت ساری چیزیں ہوتی ہیں کہ پہلے تخییر ہوتی ہے بعد میں وجوب آجاتا ہے۔ ٹھیک جی۔ اور شرعاً بھی۔ ترجمہ۔ واسطے ہمارے جواز ہے یا یوں طور کہ تخییر ابتداءً نہیں مستلزم عقلاً اور نہ شرعاً استمرار تخییر کو۔ (مستلزم نہیں ہے) ٹھیک جی۔

والوقوع بالنهي الخ۔ اب دوسری دلیل دیتے ہیں کہ وقوع بھی ہے۔ کہ ایک چیز میں ابتداء میں تخییر تھی تو شروع کی تو واجب ہو گئی۔ اب وہ واقع ہے وہ جیسے یہ کہ لا تبطلوا اعمالکم الآیۃ نہی واقع ہوتی ہے ابطال عمل سے۔ تو اب جو ابطال عمل سے نہی واقع ہوتی ہے۔ تو ایک شیٔ سے جو نہی ہو اس کی جو ضد ہے وہ واجب ہو جاتی ہے۔ تو نہی تھی ابطال عمل سے تو پھر اتمام عمل واجب ہو جائے گا یہ واقع ہے۔ ہاں جی۔ نہی ہوگی لا تبطلوا اعمالکم الآیۃ۔ تو مطلب یہ ہے کہ ابطال عمل سے نہی ہے تو ابطال عمل ہوگا جب کہ اب شروع کیا تو منع ہے کہ عمل کو باطل کرو۔ تو ابطال عمل سے جو نہی ہے اس کی ضد ہے اتمام عمل یہ واجب ہو جائے گا۔ ٹھیک جی۔ ترجمہ۔ اور واسطے ہمارے وقوع ہے (جواز ہوتا ہے امکان۔ اور وقوع ہے وقوع) ساتھ نہی کے ابطال عمل سے پس واجب ہے اتمام۔ ملزم سے اب تفریع بیان کرتا ہے۔ جب یہ ثابت ہو گیا کہ جائز بھی ہے اور وقوع بھی ہے تو لہذا اگر نفل میں شروع ہو اور اس کو باطل کر دیا۔ تو قضاء لازم آئے گی۔ اور امام شافعی صاحب فرماتے ہیں کہ نفل کی قضا لازم نہیں ہے۔ ٹھیک جی۔ اب یہ جو قضا ہے یہ نفل کی قضاء نہیں ہے اس لحاظ سے کہ وہ نفل ہے بلکہ اس لحاظ سے کہ اتمام واجب ہو چکا تھا۔ یہ ہے سوال کیوں کرتے ہیں کہ

عود الی النفل بیان کرو۔ جس کی قضاء واجب ہو۔ سوال اس کا ٹھیک حل اور دلائل سے کریں۔ یعنی نفل کی قضاء کیوں واجب ہے۔ جواب: نفل شروع کرنے کے بعد فاسد کر دی تو قضا لازم ہو گی۔ پس لازم آئی قضاء ساتھ سوال کا جواب۔ ٹھیک جی۔

مسلم الثبوت مسالم سبق: ۱

مسالۃ: الحکم منہ رخصۃ الخ. الحکم کی تعریف. خطاب اللہ تعالیٰ المتعلق بافعال المکلفین الخ. اب حکم کی تقسیم کرتا ہے کہ اس کی دو قسمیں ہیں. ایک رخصت. دوسرا عزیمت. رخصت ہوتا ہے. اس کی تعریف کرتا ہے وھی ما تغیر من عسر الی یسر لعذر. رخصت وہ حکم ہے جس کو تنگی سے آسانی کی طرف تغییر دینا عذر کی وجہ سے. مطلب یہ ہے کہ یہ حکم ہے تنگی سے آسانی کی طرف اس کو تغییر دینا عذر کی وجہ سے. جب یہ حالت ہو جائے. پہنچ جائے تو تم نرمی سہولت اختیار کرے. ہاں جی. رخصت وہ حکم ہے جو تنگی سے آسانی کی طرف تغییر دینا عذر کی وجہ سے. اصل تو عزیمت ہے. تنگی ہوتے کوئی عذر آ جائے تو آسانی کی طرف پھیرنا. چلو جی. ترجمہ: حکم بعض اس کا رخصت ہے اور رخصت وہ حکم ہے جو متغیر ہوتا ہے تنگی سے طرف آسانی کے واسطے عذر کے (متغیر ہوتا ہے واسطے عذر کے). چلو جی.

اصل عزیمت ہے کہ اس میں تنگی ہے

وھی اربعۃ الخ. فرماتے ہیں کہ رخصت کے چار قسم ہیں. پہلا یہ ہے کہ محرم بھی موجود ہے. کہ حرمت بھی حکم بھی موجود ہے باوجود اس کے اس کے ساتھ معاملہ مباح کیا. معاملہ، معاملہ مباح والا کر لو. محرم بھی موجود ہے دلیل حرمت. حرمت کی دلیل بھی موجود ہے، حکم بھی موجود ہے باوجود اس کے یہ حکم ہوتا ہے کہ تم اس فعل کو کر لو. اس فعل کو کرنے سے معاملہ معاملہ مباح والا ہوگا. یہ نہیں ہے کہ وہ فعل تمہارے لئے ہمیشہ کے لئے حرام ہی نہیں. محرم بھی موجود ہے حرام بھی ہے لیکن عذر کی وجہ سے معاملہ مباح والا کیا کہ اگر تم وہ کرلو تو مواخذہ نہیں ہوگا جیسے مباح فعل بندہ کرلے. مواخذہ نہیں ہوگا. ہاں جی.

متعلق قسم اول یہ ہے کہ محرم بھی موجود ہے، حرمت والا حکم بھی موجود ہے لیکن اس فعل کو کرنے سے معاملہ معاملہ مباح والا کیا گیا. اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ رخصت آ گئی. یہ فعل اگر کر لو تو کرنے پر معاملہ مباح والا ہوگا. مواخذہ نہیں ہوگا. یہ نہیں ہے کہ حرام اب حلال ہو گیا. حکم بھی اسی طرح ہے اور قیام محرم بھی ہے. چلو جی. ترجمہ: اور یہ چار قسم ہے اول وہ ہے جو مباح کیا گیا (اباحت طلب کی گئی، معاملہ مباح والا) باوجود قیام محرم کے اور قیام حکم اس کے. اب اس کی مثال دیتے ہیں جیسے کسی نے اکراہ کیا. کہ اس نے کہا کلمہ کفر بک دو ورنہ میں تجھے قتل کرتا ہوں. یا تیرا عضو کاٹتا ہوں. اور غالب ظن بھی ہو کہ یہ نہیں کرے گا. کفر نہیں بکے گا تو وہ ایسا کر دے گا. تو اس وقت کلمہ کفر بکنا زبان پر علی اللسان اس نے کیا کہ دل میں تصدیق ہو. دل میں تصدیق باقی رہے. تو یہ رخصت ہے. اس اجرای پر معاملہ مباح والا ہوگا یعنی مواخذہ نہیں ہے. اب فرماتے ہیں اس وقت یعنی رخصت کے پہلے قسم کے مقابلے عزیمت ہے. یہ عزیمت اولیٰ ہے. اولیٰ ہے کہ عزیمت پر عمل کرے اور کلمہ کفر کا اجرای بھی زبان پر نہ آئے. تفریح ذکر کر دی اور اگر اس نے صبر کیا پھر مر گیا

اس نے شہید کر دیا تو ماجور ہوگا. یعنی آخرت میں اسے اجر ملے گا. ٹھیک ہے جی. اس نے کہا: کلمہ کفر کہا
اگر جان اس وقت کلمہ کفر زبان پر جاری کرے تو اس کو رخصت ہوگی. اولیٰ عزیمت ہے. اگر اس نے
صبر کیا اور شہید کر دیا گیا تو ماجور ہوگا. ثواب ملے گا. ٹھیک ہے جی.

ترجمہ: مثل جاری کرنے کلمہ کفر کے اوپر زبان کے (علی اللسان اس لیے کہا کہ دل مطمئن ہو الا من اکرہ وقلبہ
مطمئن بالایمان) وقت اکراہ کے (اکراہ سے مراد اکراہ ملجی ہے. قتل کی دھمکی اور عضو کاٹنا) اور
پھر اس کے عزیمت اولی ہے اور اگر مر گیا تو ہوگا ماجور. ٹھیک.

والثانی ما یتراخی حکمہ بسببہ الی زوال العذر الخ. اب دوسرا قسم. وہ یہ ہے کہ محرم بھی موجود ہے
حکم بھی حرمت والا ہے لیکن حکم متراخی ہے. پہلے کہا: محرم بھی موجود ہے اور حکم حرمت بھی موجود ہے
لیکن اب یہ ہے کہ محرم موجود ہے لیکن حکم متراخی ہے عذر آ گیا. کب تک متراخی ہے حتیٰ کہ
عذر زائل ہو جائے. اب اس کی مثال دیتا ہے جیسے مسافر کا فطر اور مریض کا فطر. محرم
بھی موجود ہے. فطر کا محرم ہے شہود شہر. فمن شہد منکم الشہر فلیصمہ الآیۃ. محرم موجود
ہے لیکن حرمت والا حکم وہ متراخی ہے عذر کی وجہ سے. اب فرماتے ہیں کہ عزیمت میں اس کا اولی
ہے. یہ ہمارا مذہب ہے. عزیمت اس میں اولی ہے جب تک کوئی ضرر نہ پہنچے. ٹھیک ہے ناں.
اب تو یہ بیان کر دی. اگر خود اس نے عزیمت پر عمل کیا تو فوت ہو گیا تو گناہ گار ہوگا. کیوں؟
جب اللہ تعالیٰ کی طرف سے رخصت تھی. تو اس نے اپنی جان کو کیوں ہلاکت میں ڈالا. وہ کھا کر جب
تک کہ اس کو ضرر نہ پہنچے. تو اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈال رہا ہے. اگر صبر کیا اس نے تو مر گیا
تو گناہ گار ہوگا. ٹھیک ہے جی. محرم موجود ہے لیکن حکم حرمت والا متراخی ہے. کب تک. عذر کے
زوال تک. جیسے مسافر اور مریض کا فطر. روزہ نہیں رکھتے یہ رخصت ہے. عزیمت اولی ہے لیکن
ضرر نہ ہو تب تک ناں. اب تو یہ سمجھائی کہ اگر اس نے روزہ رکھ لیا مریض مسافر نے تو مر گیا تو
گناہ گار ہوگا. کیوں جو رخصت تھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے. اس نے اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈال دیا. ٹھیک

ترجمہ: اور ثانی جو متراخی ہے حکم سبب اس کا طرف زوال عذر کے مثل فطر مسافر کے اور
اور مریض کے اور عزیمت بیچ اس کے اولی ہے جب تک نہ ضرر رسیدہ ہو پس اگر فوت ہو گیا
ساتھ عزیمت کے تو گناہ گار ہوگا. ٹھیک ہے جی.

والثالث ما نسخ عنا تخفیفا الخ. اب تیسرا. ٹھیک ہے ناں. وہ یہ ہے کہ جو وہ احکام ہیں جو
پہلی امتوں پر تھے ہمارے سے جو پہلے اور ہمارے سے منسوخ ہو گئے تخفیفا. اللہ تعالیٰ کی رحمت
ہو گئی اس امت کے ساتھ. یہ تیسرا قسم ہے. الاصر. ہمارے سے منسوخ ہو گئے رخصۃ

مشروع کی ہے) مطلب یہ ہے کہ اضطرار کے وقت حرام حرام نہیں ہے۔ اس کو جتنا کھا لے۔ بعض نے کہا: ہوتا ہے

پھر معاملہ معاملہ مباح والا۔ زیادہ لوگ اسی طرف گئے ہیں۔ اگرچہ اختلاف ہے۔ — ذہب کثیر ومنہم ابو یوسف

فی روایۃ ان الحرمۃ لا ترتفع والکا رفع الاثم کما فی الاکراہ علی الکفر فلا یاثم بالامتناع۔ ان کی دلیل

ہے فمن اضطر فی مخمصۃ غیر متجانف لاثم فان اللہ غفور رحیم۔ انہوں نے کہا ہے وفیہ ما فیہ انتہی۔

قال الفاضل الخیر آبادی اعلم ان الامام ابا حنیفۃ رحمہ اللہ تعالیٰ عنہ ذہب الی ان المیتۃ والخمر لیسقط

حرمتھا حالۃ الاضطرار فیصیر کل منہما مباحا فی ہذہ الحالۃ۔ ٹھیک ہے ہاں والدلیل علیہ قولہ تعالیٰ

وقد فصل لکم ما حرم علیکم الا ما اضطررتم الیہ الآیۃ۔ تو تحریم حالت اختیار میں ہوتی ہے۔ تو تحلیل

حالت اضطرار میں ہوتی ہے۔ ٹھیک ہے ہاں۔ لیکن دم جس کو اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا۔ دم مسفوح

تو مریض کو خون دیتے ہیں۔ یہ چیز — اضطرار میں — ڈاکٹر کے قول سے ہوتا ہے پتا نہیں اضطرار ہے

یا نہیں۔ اضطرار ہو بھی — مثال الا ما اضطررتم الیہ جب تم مضطر ہو جاؤ۔ مخمصہ کی حالت میں اضطرار

واضح ہے کیونکہ یقین ہوتا ہے۔ کوئی چیز کھا لے گا۔ پیٹ میں جائے گی تو بچ جائے گا۔ حالت اضطرار

مباح ہی ہو رہا ہے۔ فائدہ بھی یہ کہ بچ جائے گا۔ گوشت پڑا کھا رہا تھا۔ اس کو چھوڑ کر کھانا سمجھی اور

کھا رہا تھا۔ لیکن خون والی صورت میں یہ سمجھ میں نہیں آتا۔ میں تو نا اس کا کہتا۔ یہ جو خون مریض

کو دیتے ہیں۔ فتاویٰ نوریہ میں انہوں نے لکھا ہے۔ اعلیٰحضرت کی کوئی تحقیق ہو رہے تھے۔ ہوگی آپ کی

تحقیق خون کے بارے میں۔ میرے سامنے نہیں آئی۔ کیونکہ خون کی حرمت قطعی ہے۔ تو ڈاکٹر کا

جو قول ہے وہ ظنی ہے۔ بعید ہے کہ ڈاکٹر کہتا ہے کہ اس کو خون دو یہ بچ جائے گا۔ یہ بھی یقینی

نہیں ہے کئی بچ جاتے ہیں کئی نہیں بچتے۔ تداوی بالحرام والا مسئلہ۔ تداوی بالحرام کو میں

جو سمجھتا ہوں وہ یہ ہے کہ ایک تو ڈاکٹر کہے کہ اس بیماری کا علاج اس دوا میں ہے اور کوئی نہیں

دوسری پاک کوئی شی نہیں ہے۔ بس اسی میں ہے۔ دوسرا یہ کہ شفاء بھی یقینی ہو۔ یہ دو

باتیں ہوں تو وقت تداوی بالحرام جائز ہوتی ہے۔ تو کہاں پر دونوں باتیں نہیں ہیں

ڈاکٹر کہے اسی میں شفاء ہے دوسری کوئی نہیں۔ کیسے کہتا ہے دوسری کوئی نہیں۔ ہو سکتا ہے

کہ اس کا نعم البدل دوسری شی ہو۔ کوئی اور شی ہو۔ تجربہ لاؤ۔ دوسری بات یہ کہ شفا یقینی

بھی نہیں ہے۔ ڈاکٹر کا قول ہے۔ یہ ظنی ہوتا ہے یقینی نہیں۔ میں اس کو صحیح نہیں سمجھتا۔ لوگ

مر رہے ہیں۔ کبھی کسی کو کچھ نہیں کہا۔ لیکن جب کوئی پوچھتا ہے تو کہتا ہوں کہ میں اس پر

مطمئن نہیں ہوں۔ فتاویٰ نوریہ میں انہوں نے کہا ہے کہ یہ عطیہ ہے۔ انہوں نے جو دلائل

اور فقہ کی جو عبارتیں پیش کیں مجھے ان سے اطمینان نہیں ہوا۔ اعلیٰحضرت علیہ الرحمۃ۔

عمدہ مسئلہ ۱۲

عمدہ کلام ۱۲

آپ کی کوئی تحقیق ہو۔ میرا خیال ہے آپ کی یہی تحقیق ہوگی کہ حرام ہے۔ آپ امام ابوحنیفہ
کی فقہ سے ایک بال کے برابر بھی اِدھر اُدھر نہیں جاتے۔ آجکل لوگ جو رکت میں
بس بچیاں لولیاں کھادی آؤ۔ اللہ تعالیٰ معافی دے۔ پہلے بھی مخلوق گزری گئی ہے۔ ۱۴ سو
سال سے زیادہ عرصہ گزر گیا ہے۔ کیا ان کو کبھی خون دیا جاتا تھا اور وہ بچتے نہیں تھے۔ آجکل جو
تجارت انسانی اعضاء سے انسانوں کی ہو رہی ہے۔ ایسی تجارت کسی دوسری شئی کی نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ
معاف کرے۔ چلو جی۔۔ ترجمہ۔ اور نام رکھا گیا ہے رخصت رخصۃ اسقاط۔ اور وجہ تسمیہ کی طرف بھی
— عذر کے وقت حرمت ساقط ہوگئی ہے مثل مسقوط حرمت مینہ کے واسطے مضطر کے۔ چلو جی۔

قالوا تسمیۃ الاخیرین الخ۔ ~~مجاز~~ مجاز تو وہ ہے جو مقابلے رخصت کے عزیمت بھی ہو
اس کو کہیں گے حقیقی رخصت۔ اب فرق بیان کرتے ہیں۔ پہلے دو قسم ایک جانب، دوسرے دو قسم ایک جانب
اخیر میں ہو جو کہا گیا کہ یہ رخصت ہے تو یہ مجاز ہے۔ تے اول جو ان کو رخصت کہا تو وہ حقیقۃ ہیں کیونکہ جو
ان کے مقابلے میں عزیمت ہے۔ پہلا پہلا کیا تھا۔ ما استبیح۔ کیونکہ اس میں عزیمت ہے۔ اس
سے کہا: عزیمت اولیٰ ہے۔ دوسرے میں بھی عزیمت ہے۔ اس لیے والعزیمۃ فیہ اولیٰ مادام لیکن مقید ہے
کیونکہ دونوں کے مقابلے یعنی رخصت کے مقابلے میں عزیمت ہے تے پھر کہہ رہے ہیں رخصت
تو یہ رخصت ہوگی حقیقۃً۔ اور باقی جو دو ہیں ان کے مقابلے میں عزیمت ہے ہی نہیں۔ لہذا
ان رخصت کہنا مجاز ہے۔ ٹھیک ہے نا۔ پھر پہلے دو کا آپس میں مقابلہ تے آخری دو کا آپس
میں مقابلہ۔ پہلے دو مقابلہ۔ تو ان دو میں سے جو پہلا ہے رخصت وہ اتم ہے حقیقی رخصت ہے اور
اتم ہے۔ اور مقابلے میں عزیمت اولیٰ ہے۔ دوسرے میں ہے تو رخصت حقیقت لیکن پہلی سے ذرا
کم ہے۔ کیونکہ اس میں اس نے کہا والعزیمۃ فیہ اولیٰ مادام یستقر الخ۔ دوسری جو۔ ان میں
کہا کہ تیسری جو ہے وہ مجازیت میں اتم ہے۔ تیسری جو ہے کون ہے؟ جس میں سارے منسوخ
ہوگئے۔ عزیمت سرے سے نہیں ہے۔ تو پھر رخصت ہوگی مجاز تے کامل مجازیت بھی اتم۔
مقابلے میں عزیمت نہیں ہے۔ عزیمت ہوتی تو اس کو حقیقی رخصت کہتے۔ جب مقابلے میں عزیمت
ہے ہی نہیں بلکہ منسوخ ہے تو پھر مجاز میں اتم۔ اور جو چوتھی ہے وہ مجاز میں اس لیے کم ہے
کیونکہ عذر کے وقت ساقط ہے عزیمت۔ تے باقی محل۔ فی وقت من الاوقات رخصت نہیں ہے
تو مجازیت میں ذرا اس سے کم ہے۔ والثالث کالاول ہے فی الحقیقۃ اور چوتھی ثانی کی مثل ہے
ترجمہ۔ کہا انہوں نے: تسمیہ اخیرین کا تسمیہ کرنا تو رخصت کے مجاز ہے اور تیسری نوع اتم ہے بیچ
مجازیت کے مثل اول کے بیچ حقیقت کے۔ بس

[illegible]

سبق کے اختتام پر بندہ محرر این سطور نے استاذ العلام مدظلہ سے عرض کیعـہ کہ استاذ الکل افضل المتاخرین علامہ عبید اللہ قندھاری قدس سرہ نے خون کے متعلق حاشیہ لکھا ہے۔ اور اس میں آپ نے خون دینے کو جائز قرار دیا ہے۔ تو استاذ صاحب مسکرا دیے اور فرمایا مجھے دکھاؤ ــــ میں نے اپنی کتاب پیش کی اور جگہ کی طرف بھی انگلی رکھ کے اشارہ کیا ــــ تو پورا استاذ صاحب نے وہ سارا حاشیہ پڑھا۔ اتنی آواز تھی کہ ہمیں بھی سنائی دے رہا تھا۔ ـ ـ ـ جب اس مقام پر پہنچے جس کو استاذ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ نے دلیل بنایا تو اس کو دو تین بار پڑھا۔ کہ شرع شریف نے حالت اضطرار میں نسمۂ انسانی کی بقا کے لیے اکل میتہ کو جائز قرار دیا حالانکہ مخمصہ کی وجہ اس کی موت یعنی مبتلی تھا جو اس مبتلی ہوا سا تو اس حالت مخمصہ کے اجتہادی ہے۔ تو پھر کیوں جائز ہے انتقال الدم ــــ استاذ الکل مدظلہ نے فرمایا کہ حالت مخمصہ کی وجہ سے موت کو اجتہادی کہا۔ حالانکہ یہ بات بدیہی ہے کہ اگر کوئی شئی کھا لے گی تو بچ جائے گا۔ یہ اجتہادی کیسے ہے؟ ــــ صاف ظاہر ہے۔ بس یہ استاذ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کا اپنا اجتہاد ہے۔ پھر فرمایا۔ دم مسفوح کی حرمت قطعی ہے۔ ـ ـ ـ ــــ محمد نعیم العلیم خود۔ ۱۲.

عـہ جب میں نے یہ عرض کی تو استاذ صاحب نے فرمایا ہاں ان سے بھی کسی نے پوچھا ہوگا۔

مسلم الثبوت ص۴۸. سبق: 1

ع. قالوا سقوط غسل الرجل الخ. فرع. یہاں پر ایک مسئلہ بیان کرتے ہیں جو فرع ہے پہلے کی جو رخصت کی چار اقسام ہیں اور چوتھا نوع کیا تھا؟ یعنی عزیمت ساقط ہو جاتی ہے۔ اس لیے اسے رخصت اسقاط کہتے ہیں۔ عزیمت مشروع ہی نہیں ہے اس پر فرع بیان کرتے ہیں کہ ایک مسئلہ متفرع کیا اور اس کو رخصت کے چوتھے قسم میں داخل کیا۔ تو انہوں نے کہا: فقہائے کرام نے کہ جب بندہ موزہ پہنتا ہے موزے پہنے ہوئے ہے۔ پاؤں کا دھونا ساقط ہو جاتا ہے۔ یعنی صرف مسح کرنا پڑتا ہے تو دھونا ساقط ہو گیا اب یہ جو قسم ہے یہ بھی رخصت اسقاط ہے کیونکہ جو پاؤں کا دھونا ساقط ہو گیا ہے موزے پہنے ہوئے ہے۔ یہ بھی رخصت اسقاط ہے اور یہ بھی رخصت کے چوتھے قسم میں داخل ہے۔ چوتھا قسم یہی ہے کہ عزیمت ساقط ہو جاتی ہے۔ اس کو رخصت اسقاط کہتے ہیں۔ تو یہاں بھی عزیمت جو تھی یعنی پاؤں کا دھونا یہ بھی ساقط ہو گیا ہے۔ موزے پہنے ہوئے ہیں۔ یہ جو سقوط وجوب یعنی ساقط ہو گیا ہے یہ بھی رخصت ہے اور رخصت اسقاط ہے۔ اس کے چوتھے قسم میں داخل ہے۔ انہوں نے اس کو رخصت اسقاط قرار دیا۔ اور کہا کہ یہ رخصت کے چوتھے قسم میں داخل ہے۔ کیونکہ جو عزیمت ہے پاؤں کا دھونا۔ موزے کی حالت میں پاؤں کا دھونا ساقط ہو گیا ہے۔ چلو جی۔ پیچھے رخصت کے چار قسم آئے۔ چوتھا قسم یہ تھا کہ عزیمت ساقط ہو جاتی ہے۔ اس کو کہتے ہیں رخصت اسقاط۔ پھر اس پر

منع کرتے ہیں مثلاً موزے پہنے ہوئے ہیں۔ تو پاؤں کا دھونا ساقط ہوتا ہے یہ بھی رخصت
ہے۔ مسح کرتا ہے۔ اس کو انہوں نے رخصت کی چوتھی قسم میں داخل کیا۔ وہ رخصت اسقاط ہے
کیونکہ پاؤں کا دھونا عزیمت تھا۔ موزے کی حالت میں ساقط ہو گیا ہے۔ چلو جی۔
ترجمہ۔ فرع۔ کہا انہوں نے: سقوط دھونے پاؤں کا ساتھ موزے کے یہ قسم رابع سے ہے (رخصت
اسقاط کیا) اس پر انہوں نے دلیل دی۔ انہوں نے کہا کہ بندہ جب موزہ پہنتا ہے لیتا ہے تو شرع پاک نے
اعتبار کیا ہے۔ اگر حدث ہو جائے تو وہ پاؤں میں سرایت نہیں کرتی۔ موزہ اس کو روک لیتا ہے۔
شرع پاک کا اعتبار ہے۔ جو حدث ہے وہ موزے کے اوپر پڑتی ہے۔ نیچے پاؤں تک نہیں
اترتی۔ بلکہ اعضاء میں اتر جاتی ہے۔ باقی اعضا دھونے پڑتے ہیں حدث ہو جائے تو۔ لیکن پاؤں
سے موزہ مانع ہو جاتا ہے سرایت سے۔ پھر مسح آ جاتا ہے موزے کے اوپر۔ اوپر موزے کے پڑتی
ہے تو پھر وہ مسح سے زائل ہو جاتی ہے۔ کیونکہ شریعت نے اعتبار کیا ہے۔ اس لیے پاؤں کا دھونا
ساقط ہو گیا ہے۔ پاؤں پہلے دھوئے ہوئے ہیں۔ کامل طہارت پر پہنے ہیں۔ ہاں جی۔ اب اس
پر انہوں نے دلیل کہ رخصت اسقاط ہے۔ شریعت کا یہ اعتبار ہے کہ موزہ مانع ہے سرایت حدث
سے۔ گویا حدث جب ہوئی تو باقی اعضا میں حدث سرایت کر جاتی ہے وہ دھونے پڑتے ہیں
لیکن موزے کے اوپر پڑتی ہے نیچے پاؤں میں نہیں اترتی۔ تو پھر جب مسح کرتے ہیں شریعت کا
اعتبار ہے۔ تو حدث زائل ہو گئی۔ پاؤں کا دھونا ساقط ہو گیا ہے۔ رخصت اسقاط میں داخل ہے
ترجمہ: کیونکہ موزہ اعتبار کیا گیا ہے از روئے شرع کے مانع سرایت حدث سے طرف پاؤں کے۔ (ایسے کہا مصنف
فرع۔ چلو جی: وفیہ انہ انما یتم الخ۔ اب ایک زیلعی ہے جو کنز کا شارح ہے۔ اس نے اس کو رد کیا
اور دو دلیلیں دی ہیں۔ اس نے کہا: موزے کا مسح -- پاؤں کا دھونا یہ ساقط ہو گیا ہے رخصت
اسقاط میں داخل ہو تب ہے کہ یہ رخصت اسقاط میں داخل نہیں ہے۔ رخصت کی چوتھی قسم
میں داخل نہیں ہے۔ پہلی دلیل اس نے یہ دی۔ یعنی یہ تب ہوتا رخصت اسقاط کہ پاؤں کا دھونا
ساقط ہوتا۔ ساقط ہونے کا یہ معنی ہے موزے پہنے ہوئے ہیں تو پاؤں کا دھونا مشروع ہی نہ
ہوتا۔ رخصت اسقاط میں تو یہ ہے کہ عزیمت مشروع ہی نہیں ہے لیکن موزہ پہنے ہوئے ہے
پھر بھی پاؤں کا دھونا مشروع ہے۔ اگرچہ موزہ نہ بھی کھینچے۔ ٹھیک ہے ناں۔ پاؤں کا
دھونا مشروع ہے۔ تو پھر عزیمت ساقط تو نہیں ہے۔ رخصت اسقاط میں تو یہ ہے کہ عزیمت
بالکل ساقط ہو جاتی ہے بلکہ مشروع ہی نہیں ہے۔ یہاں پر تو مشروع ہے۔ تو رخصت
اسقاط میں کیسے داخل ہے۔ ہاں جی۔ امام زیلعی نے شارح کنز نے جو یہ کہا: کہ یہ رخصت اسقاط

میں داخل نہیں ہے۔ اس نے دو دلیلیں دیں۔ پہلی دلیل یہ ہے کہ اگر رخصت اسقاط میں ہوتا تو پھر پاؤں کا دھونا مشروع ہی نہ ہوتا حالانکہ پاؤں کا دھونا موزہ نہ بھی کھینچا ہوا ہو اس کو دھونا مشروع ہے۔ تو رخصت عزیمت ساقط تو نہیں ہے۔ پہلی دلیل اس کی یہ ہے۔

ترجمہ: پیچھے اس کے یہ کہ بے شک اعتراض یہ ہے کہ جزئیہ کہ تام ہے (یہ بات ہماری ہے رخصت اسقاط ہے) اگر نہ ہوتا دھونا پیچھے پاؤں کے اس جگہ (یعنی موزے پہنے ہوتے) مشروع (اگر دھونا مشروع نہ ہوتا) لیکن اس کا دھونا مشروع ہے ابھی تک (پیچھے اس وقت کے کہ دور اس کے یعنی موزہ پہنے ہوتے) اگرچہ نہ کھینچا ہو اپنے موزوں کو۔ (موزوں کو کھینچ لے تو پھر تو دھونا واجب ہو جاتا ہے۔ موزے پہنے ہوتے ہو پھر بھی دھونا مشروع ہے۔ اگر رخصت اسقاط میں داخل کرتے ہو تو پھر دھونا مشروع نہ ہو۔ حالانکہ مشروع ہے۔ دیکھنا اب دوسری دلیل دیتا ہے وہ کہتا ہے کہ دھونا مشروع ہے اس لیے کہ مثلاً اس نے حدث ہوئی اس کو پھر اس نے مسح کیا تھے نہر میں اس نے غوطہ لگایا۔ نہر کے اندر چلا گیا۔ تو پانی موزے کے اندر داخل ہو گیا۔ ٹھیک ہے ناں۔ تو مسح اس کا باطل ہو گیا۔ مسح تب باطل ہوتا ہے کہ پاؤں دھل گیا ہے۔ دھونا مشروع تھا تب مسح باطل ہوتا ہے۔ ہاں جی۔ مثلاً اس نے مسح کیا ہوا تھا۔ تو پھر نہر میں داخل ہو گیا۔ تو پانی موزے کے اندر بالکل پانی سے دھل گیا اب مسح تو باطل ہو گیا۔ مسح تب باطل ہوا کہ دھونا مشروع تھا وہ دھل گیا ہے۔ ٹھیک جی۔

ترجمہ: اور واسطے اسی کے باطل ہو جاتا ہے مسح اس کا جب غوطہ لگایا پیچھے نہر کے اور داخل ہوا پانی پیچھے موزے کے۔ سمجھے ناں

والا یجب اب تیسری دلیل۔ مثلاً وہ نہر میں تو چلا گیا تھا۔ اور موزے اندر پانی سے پاؤں اور پیر دھل گیا۔ اب موزے کی مدت پوری ہو گئی۔ مسح کی مدت پوری ہو گئی۔ مدت پوری ہو گئی تو دھونا واجب نہیں ہے۔ یا مثلاً اس نے موزہ کھینچ لیا۔ تو بھی پاؤں کا دھونا واجب نہیں ہے۔ مدت بھی ختم ہو گئی تو بھی پاؤں کا دھونا واجب نہیں ہے کیونکہ موزے کے اندر پاؤں دھل گئے ہیں۔ اب جو دھونا واجب نہیں ہے تو معلوم ہوا موزے کی حالت میں دھونا مشروع تھا۔ اگر مشروع نہ ہوتا تو پھر جب مدت پوری ہو جاتی تو پاؤں کا دھونا واجب ہوتا ہے۔ ہاں جی۔ تو مدت پوری ہو گئی مدت پوری نہیں ہوئی تو اس نے موزہ کھینچ لیا۔ پاؤں کا دھونا واجب تو نہیں ہے یہ سمجھ آ رہا ہے کہ پاؤں کا دھونا واجب اس لیے نہیں ہے کہ پاؤں کا دھونا موزے کے اندر مشروع ہے

ہو جاتا ... عہ پہلے ہوتے تھا

تو وہ دھل گیا ہے۔ ترجمہ: اور نہیں واجب دھونا ساقط ہو گزر جانے مدت کے۔ چلو جی۔
واجب۔ ممنوع صحیح ہے۔ اب زیلعی نے تو تین دلیلیں دیں۔ موزے پہنے ہوئے ہیں اور پاؤں کا
دھونا ممنوع ہے۔ جب پاؤں کا دھونا ممنوع ہے تو پھر عزیمت ساقط نہیں ہے۔ ہوتو گناہ گار
ہوتا اگر ساقط ہے۔ ٹھیک ہے ناں۔ اس کا جواب دیتا ہے۔ فتح القدیر والا۔ دو دلیلیں تھیں بلکہ تین
تیسری اور دوسری دلیل ایک بن جاتی ہے۔ صاحب فتح القدیر نے اس کے جواب دیے۔ پہلی دلیل یہ
تھی۔ یہ دوسری دلیل کا جواب دیا ہے تم نے کہا: موزے کے اندر چلا گیا تو موزے کے اندر پانی پاؤں تک
پہنچ گیا تو پاؤں کا دھل گئے۔ تو مسح باطل ہو جاتا ہے۔ اس کا جواب دیا ہم اس روایت کو تسلیم نہیں
کرتے۔ یہ روایت بطلان مسح والی صحیح نہیں ہے۔ اس کی صحت کو ہم تسلیم نہیں کرتے۔ مطلب کیا ہے کہ
یہ ہے کہ مسح باطل نہیں ہوا۔ ٹھیک ہے ناں۔ اب دوسری جو کہا: کہ مدت پوری جائے تو دھونا واجب نہیں ہے
اس کا جواب دیتا ہے۔ (اب تیسری دلیل کا) وہ یہ ہے کہ یہاں پر جو غسل واجب نہیں ہے۔ پاؤں کا
دھونا۔ اس کی وجہ یہ نہیں ہے کہ موزے کے اندر پاؤں کا دھونا ممنوع تھا تو وہ دھل گیا۔ بلکہ بلکہ
اس کی وجہ یہ ہے کہ پاؤں جو دھل گئے۔ پانی پاؤں کو پاک کر دیتا ہے تو طہارت حاصل ہو گئی۔ اب جو
واجب نہیں ہے وہ اس لیے نہیں کہ پاؤں دھونا ممنوع تھا بلکہ اس لیے کہ طہارت حاصل ہو گئی۔ اگر
کھینچنے کے بعد بھی دھو لیں گے تو تحصیل حاصل ہو گی۔ یہ وجہ نہیں ہے کہ پاؤں کا دھونا ممنوع ہے تو آگے جو
زیلعی کی دو دلیلوں کے جواب دیے۔ موزے کے اندر جو پانی چلا گیا۔ تو مسح باطل ہو گیا۔ اس کا اس نے
جواب دیا کہ ہم اس روایت کی صحت کو تسلیم نہیں کرتے۔ مسح باطل نہیں ہوا۔ بلکہ مسح اسی طرح ہے
جب مدت پوری ہو گئی۔ تو موزہ کھینچا۔ اب دھونا واجب نہیں ہے۔ اب واجب اس لیے نہیں ہے کہ
موزے کے اندر مشروع تھا۔ اگر اندر مشروع نہیں تھا تو پھر تو اب واجب ہوتا۔ اس کا جواب دیتا ہے کہ
اس لیے دھونا واجب نہیں ہے۔ کہ پاؤں دھل چکے ہیں پانی خود پاک کرتا ہے۔ طہارت حاصل ہو چکی
تھی سمجھے ناں۔ اب جو دھوئے گے تو تحصیل حاصل ہے۔ تو اس لیے نہیں ہے یعنی دھونا واجب نہیں
ہے کہ موزے کے اندر دھونا مشروع تھا۔ مشروعیت نہیں تھی لیکن جب پانی پہنچ گیا
تو وہ دھل گیا۔ پاک ہو گیا۔ پانی جو خود پاک کرتا ہے۔ اب دھونا واجب نہیں ہے کیونکہ جو
حصہ طہارت حاصل ہو گئی۔ چلو جی۔ ترجمہ: اور جواب دیا گیا ساتھ منع کرنے صحت روایت البطلان
مسح کے (اور یہ جواب دیا گیا دوسری دلیل کا) کہ بے شک غسل بعض فرض نہیں ہے نہیں واجب
بعد نزع کے (اس لیے نہیں واجب لانہ قد حصل) کیونکہ عمومی غسل تحقیق حاصل ہو چکا ہے۔
دھونا حاصل ہو چکا ہے وہ نہیں ہے۔ کہ دھونا مشروع تھا۔ اس لیے غسل واجب نہیں ہے

دوسری دلیل تھا کہ اگر دعوتا مشروع نہ ہوتا تو پھر تو ــــــ حلال اکل مشروع ہے۔ یہ کہتا ہے دعوتا اس سے
واجب نہیں ہوا نزع کے لئے اس لئے کہ دعوتا پہلے حاصل ہو چکا۔ کبھی کبھی کئی چیزیں ہوتی ہیں کہ مشروع
نہیں ہوتی لیکن حصول ہو جاتا ہے۔ مشروع نہیں ہے لیکن حصول ہو جاتا ہے۔ مثلاً چھری تھی کنفوڑی مرغ جو
ذبح کی تو اس کو ایذاء تو ہوتی رہی لیکن کرتے کرتے رگیں کٹ گئیں مشروع تو نہیں تھا۔ لیکن مقصود حاصل ہو گیا
اور حلال ہو گئی۔ چلو جی۔ ترجمہ: اور بے شک دعوتا جزی حیثیت کہ نہیں واجب لئے نزع کے کیونکہ دعوتا محقق
حاصل ہو گیا ہے۔ ــــ

وترد بان الروایۃ الخ اب فتح القدیر نے دو جواب دیے ہیں۔ ان کا رد کرتے ہیں۔ پہلا جواب تھا صحت روایت
تسلیم نہیں کرتے۔ اس کا جواب دیتا ہے کہ روایت یہ معتبرہ کتابوں میں مذکور ہے۔ جیسے المعصریہ لئے اس کے
علاوہ۔ کیسے لئے سکتے ہیں کہ روایت صحیح نہیں ہے۔ معتبرہ کتابوں میں روایت آچکی ہے۔ جب معتبرہ کتابوں
میں آچکی ہے تو اس کی صحت کا انکار قابل قبول نہیں ہے۔ ورنہ دین سے اعتماد اٹھ جائے گا۔ آج
کل جو ــــ اللہ تعالیٰ معافی دے۔ سادے آستانے ہیں مرکز ہدایت کا۔ حضرت پیر پٹھان
خواجہ الشاہ محمد سلیمان تونسوی قدس سرہ اور بڑے بڑے علما ہوتے تھے۔ بڑے درس ہوتے تھے۔
اسی طرح گولڑہ شریف۔ حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب تدریس کرواتے رہے ہیں۔ سیال شریف کو دیکھو۔ خود
بابا فرید الدین گنج شکر کو دیکھو خود تدریس کرواتے رہے ہیں۔ بتاتا ہے۔ ملتان میں ایک مسجد ہے (مسجد)
ہے۔ اس کو درس والی مسجد کہتے ہیں۔ درس مسجد کا نام ہے۔ درس والی مسجد۔ باباصاحب اس
میں تدریس کرواتے رہے ہیں۔ تے میں نے نہیں دیکھا۔ تذکرہ ہے ملتان کا۔ کہتے تھے کہ آٹھ نوے
سن ہجری کا اس مسجد کا تذکرہ ملتا ہے عہ۔ آٹھ نوے سن ہجری تو صحابہ کرام کا دور ہے۔ ایک استاذ تھا
مولانا محمد شفیع صاحب۔ محمد شفیع چشتی صاحب۔ اس مسجد میں رہتے تھے۔ دوسرے استاذ ہیں
ہم نے چند رسالے ان سے پڑھے خلاصۃ الحساب، محیط الدائرہ۔ جانا کرتے تھے۔ پھر استاذ مولانا
عبید اللہ صاحب ادھر بھی میں شریک ہو گیا ایسے اسباق تھے۔ فائدہ ہوا۔ مطلب ہے۔ آستانہ
موسیٰ زئی شریف۔ جس آستانے کو دیکھو ڈیرہ شریف۔ ماہر مدرس تھے ویسے تو انقلاب لے آیا
چلے کرنے پڑتے ہیں۔ چلّے کاٹے تھے۔ وہ پہلے پہلے سفر کر کے ہندوستان تک تحصیل کرتے تھے
رفتہ رفتہ معاملہ تبدیل ہوتا گیا۔ تے اب آستانے ایسے ہو گئے۔ جہاں پر یہ باتیں ہوتی ہیں۔ کہ
مداح ہیں اہل بیت کے۔ وہ اپنے آپ کو محب سمجھتے ہیں کہ ہم اہل بیت کے محب ہیں۔ محبت کرو۔
اہل بیت کی محبت ہمارا ایمان ہے۔ لیکن حضور نے فرمایا۔ اتنی تعریف اتنی محبت جتنی غلو
نہ دے کہ تم دوسروں کی توہین کرنا شروع کر دو۔ یونس بن متیٰ پر مجھے فضیلت نہ دو مجھے

عہ اسی ایرانی دور۔

آپ کی فضیلت مسلم ہے لیکن اس فضیلت سے منع فرمایا جس سے کسی نبی کی تنقیص ہو۔ اہل بیت کی تعریف
کرو۔ لیکن کسی کے ذہن میں یہ ہو کہ اہل بیت کی تعریف کرنے سے مقصد اس کا کسی صحابی کی توہین ہو تو
یہ قابل قبول نہیں ہے۔ ان کا بس نہیں چلتا ورنہ حضرت امیر معاویہ صاحب کو حضور کی صحابیت سے
بھی نکال دیں۔ ان کا بس نہیں چلتا ورنہ یہ بھی کہہ دیں کہ خاتمہ ایمان پر نہیں ہوا۔ میں ادھر
گیا۔ ادھر مجمع اس طرح کی پوزیشن نظر آ رہی تھی۔ زبان سے تو نہیں کہہ رہے تھے لیکن لگتا ایسے تھا
میں نے بھی اپنا غصہ نکالا۔ میں نے ادھر خاموشی نہیں کی۔ لوگ حیران تھے۔ کہ یہ کون ہے
بیٹھے تھے کوئی کہاں کا کوئی کہاں کا۔ میں نے کہا: ساڈا ایہہ حق نہیں ہے۔ سانوں اس چیز
کا حکم نہیں کیا گیا۔ حضور فرمایا: اذا ذکر اصحابی فامسکوا۔ بلکہ ہمارے اہل سنت تو یہ
کہتے ہیں۔ ایک ہے مسئلے کی حد۔ وہ جب پڑھایا جاتا ہے تو بیان ہو سکتا ہے۔ پڑھایا جاتا ہے
تو اس کا بیان آتا ہے ورنہ آگے پیچھے بیان نہیں ہوتے۔ مسئلے کا مقام ہوتا ہے۔ کسی مانع
جھگڑے ہوتے ہیں اس مقام میں گفتگو ہوتی ہے ادھر ادھر نہیں کرنا پڑتا۔ قرآن مجید ہے
عصی آدم ربہ فغوی۔ تفسیر میں بیان ہوتا ہے۔ تو نبیوں کی معصومیت کی عقیدے میں
ہوتی ہے ویسے آگے پیچھے اس طرح بیان نہیں ہوتا۔ ادب ہوتا ہے۔ اب یہ لحاظ آئے گا کہ
حضرت امیر المومنین حضرت علی اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالی عنہما ان کے مشاجرات
ایک قوم نے تو انکار کیا۔ انہوں نے کہا: یہ ہوئے ہی نہیں۔ یہ ایک بڑا اچھا ہے۔ کہ جنہوں
نے کیا ہے: انہوں نے یہ کہا: یہ اجتہادی مسئلہ تھا۔ کہ حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ کی خلافت
کی ابتداء تھی۔ شر تھا۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالی عنہ کو شہید کیا۔ اور پھر حضرت علی رضی اللہ تعالی
عنہ کے ساتھ مل گئے۔ مجلس میں بیٹھے ہوتے۔ میرے بڑے استاذ فرماتے تھے جب قصاص کا
مطالبہ صحابہ کرام نے کیا۔ عشرہ مبشرہ صحابہ کرام۔ حضرت طلحہ حضرت زبیر رضی اللہ تعالی عنہم
بڑے بڑے صحابہ کرام۔ حضرت ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا۔ جب قصاص
کا مطالبہ کیا۔ تو انہوں نے یہ کہا کہ جب عام آدمی مسلمان قتل ہو جائے۔ اس کا قصاص ہوتا ہے
امیر المومنین قتل شہید ہو جائے تو پھر جلدی قصاص لینا چاہیے کیونکہ پھر لوگ خلفا
کے قتل پر جری ہو جائیں گے۔ حضرت علی صاحب فرماتے تھے۔ ابتدائی مراحل ہیں۔ کچھ ہم کنٹرول سنبھال
لیں۔ تو قصاص لیں گے۔ میرے بڑے استاذ صاحب بیان فرماتے تھے کہ جب قصاص کی بات ہوتی
تو باغی حضرت علی کی مجلس میں بیٹھے ہوتے تو وہ اٹھ کھڑے ہوتے لڑ پڑتے ہو قصاص ہم نے
قتل کیا۔ یہ صورت حال تھی۔ وہ دو چار نہیں تھے۔ ہزاروں کی تعداد میں تھے

چالیس ہزار سے ایسے حالات، بڑا مشکل تھا۔ حالانکہ ہر ہم نظام ہونا چاہیے تھا۔ تو اجتہاد
کیا۔ دونوں حق پر تھے۔ ہر ایک اپنی کوشش کو حق سمجھ رہا تھا۔ اجتہاد میں خطا بھی ہوگئی ہے
خطا کی نسبت اجتہاد میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف ہے۔ اور حضرت علی صاحب
اجتہاد میں محقق ہیں۔ اس کے بعد کسی قسم کی خطا کا ذکر نہ کرو۔ خطا اجتہادی تھی لیکن پھر بھی
اس کا ذکر نہ کیا جائے۔ کیونکہ نہ کیا جائے۔ اس کی وجوہ ہیں حضور نے فرمایا: اذا ذکر صحابی
فامسکوا۔ لایذکر الصحابۃ الا بخیر۔ یہ حکم آیا۔ اب کوئی کچھ کہے تو کوئی کچھ کہے۔ خطائے اجتہادی
کو مسئلہ کے مقام میں ذکر کیا جائے گا۔ لیکن آگے پیچھے۔ تقریروں میں ایسے شروع کر دو خطا
کا بھی ذکر نہ کرو۔ کیونکہ ہمیں حکم ہے کہ ہم ان کی نیکیاں بیان کریں بس۔ حضرت فرماتے
ہیں کہ اس کو ملایا جائے تو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ صحابہ کرام تھے۔ حضرت
علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ بھی صحابہ تھے۔ نصف نصف۔ جب یہ بات تھی تو پھر آدھے
دین سے اعتماد اٹھ جائے گا۔ جب جنگ جمل ہوئی تھی تو اس میں حضرت امیر معاویہ تھے
ہی نہیں۔ جنگ جمل پہلے ہوئی۔ اور حضرت ام المومنین کے پاس صحابہ آئے جب آپ حج پر تھیں
بڑی منت اور سماجت کی۔ جس طرح ہوتا ہے آپ ہماری امی ہیں۔ ہم آپ کے بچے ہیں۔ جب بچوں
کو کوئی تکلیف پہنچی ہے تو امی کی طرف آتا ہے۔ اب کوئی ایسا نہیں ہے آپ کے سوا۔ تو آپ
چلیں اصلاح ذات البین۔ جب وہاں پہنچ گئے تو حضرت علی کی طرف خبریں پہنچ گئیں حملہ کرنے
کے لئے آ رہے ہیں۔ یہ دشمنوں نے پہنچائی۔ پھر حضرت علی نے کو اور باتیں پہنچائیں — ام المومنین
خاموش رہ کے تو بھیجا پیغام کہ ہم تو اصلاح ذات البین چاہتے ہیں — تو آپس میں ملاقات کا
ہے۔ وقت مقرر ہوا اور یہ طے پایا کہ بلوائی یا باغی درمیان میں نہ ہوں۔ ان تک یہ خبر پہنچ
گئی۔ عبد اللہ بن سبا ؟۔ وہ پھر جمع ہوئے کیا کریں۔ اب کیا کریں۔ اس نے کہا بس رات
کو حملہ کر دو۔ ادھر کچھ نے حضرت علی نے حملہ کر دیا اور کچھ نے کہ طلحہ اور زبیر نے غدر کیا
تو انہوں نے شروع کر دیا۔ اضطرارا — مطلب کیا ہے کہ اہل سنت کی کتابوں میں
یہ تو پڑھا ہی ہوگی ہے کہ حضرت علی پاک اور ام المومنین جنگ جمل اختیاری بات نہ
تھی۔ دشمنوں نے کروائی۔ اسی طرح حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ — پھر حالات
تھے کیسے قسم کے لوگ بھی جمع تھے۔ یہ ایسی چیزیں ہیں جن کا — حضرت علی، حضرت
امیر معاویہ صحابہ کرام ہر ایک اپنے آپ کو حق پر سمجھتا تھا۔ حق کی تلاش میں تھا۔ ان کی
— صحابہ کرام کا ذکر کرو نیکی کے ساتھ۔ ورنہ زبانیں بند رکھو۔ اب جو جن چیزوں

22.5

عہ جوڑ کر لکھے

||

پڑھ رہے ہیں۔ العیاذ باللہ۔ حضور کی حدیث پر عمل کیا ہے۔ لوگوں کے عقیدے خراب کر رہے ہیں۔ اس لیے میں
کہتا ہوں کہ حضرت مجدد صاحب کے مکتوبات شریف ہیں۔ یہ طالب علم کے پاس ہوں۔ ورنہ حالات
خراب ہیں۔ چلو جی۔ تو فرمایا کہ جو روایت ہے وہ تو معتبر کتب میں آچکی ہے۔ دوسری کیا تھی۔ نزع کے
بعد واجب نہیں ہے ہونا کہ قد حصل۔ حاصل ہو چکا ہے۔ اس کا رد کرتے ہیں۔ وہ یہ ہے کہ اجماع مزیل
حدث کے بعد ہوتا ہے۔ اس مزیل کا اعتبار ہے جو حدث کے بعد ہو۔ اب جو تم نے کہا: دھونا حاصل ہو چکا
پہلے طہارت آگئی ہے۔ نزع کے بعد دھونا واجب نہیں ہے حالانکہ جب نزاع کیا اب حدث آیا مزیل تو
اس سے پہلے ہے۔ حالانکہ اجماع ہے کہ مزیل کا اثر تب ظاہر ہوتا ہے حدث طاری میں کہ وہ مزیل
حدث طاری کے بعد ہو۔ جوں ہی موزہ کھینچے گا۔ حدث اب طاری ہوگا۔ مزیل تو پہلے ہے۔ اس کا
اثر حدث طاری جو بعد میں ہے پر نہیں ہوگا۔ بلکہ مزیل حدث کے بعد ہو تب اثر ظاہر ہوتا ہے۔ اس کی
دوسری دلیل کو رد کرتا ہے۔ کہ اس کا مطلب ہے کہ وہ پاک ہو گیا حالانکہ جب اس نے موزہ کھینچا اور
اب حدث آئے تو دھونا تو پہلے۔ مزیل پہلے ہے اور حدث اس کے بعد ہے۔ حالانکہ مزیل کا اثر
تب ظاہر ہوتا ہے حدث پہلے ہو اور مزیل حدث کے بعد ہو۔ لہٰذا اگر مزیل پہلے اور حدث
طاری۔ لہٰذا وہ دھونا اس کو کفایت نہیں کرے گا۔ وہ جو دھل گئی۔ اس کے بعد حدث ہے۔
ترجمہ۔ اور رد کیا گیا یا بیان طور پر بے شک روایت مذکورہ ہے صحیح کتب معتبرہ کے مثل ظہیریہ اور اس
غیر اس کے اور رد کیا گیا یا بیان طور پر بے شک اجماع اس پر ہے کہ مزیل نہیں ظاہر ہوتا عمل اس کا اثر
صحیح حدث طاری کے بعد اس کے (مزیل کے)۔ حدث طاری ہو رہی ہے جب موزہ کھینچا کیوں
کہ حدث ہو گئی ہے موزے کے اوپر جب موزہ کھینچا تو حدث سرایت کر گیا تو پہلے والا
دھونا کفایت نہیں کرے گا۔ اچھا جی۔

مسلم الثبوت ص ۲۱۸ : سبق ۲۰:

بل الحق ان یقال الخ: پیچھے فتح القدیر کے جواب کا رد آ گیا تھا تو اب بل الحق۔ خود جواب دیتے ہیں حق
یہ ہے کہ ہم نہیں جو رخصت اسقاط میں موزے پہنے ہوتے ہیں پاؤں دھل گئے لیکن اس میں داخل ہوا۔ ہم کہتے
ہیں کہ مشروع نہیں ہے دھونا موزے کی حالت میں مشروع نہیں ہے۔ ٹھیک ہے ناں۔ اور یہ نفی مشروعیت
کی شارع کی نظر میں ہے۔ تو شارع کی نظروں میں یہ مشروع نہیں ہے۔ ٹھیک ہے ناں۔ مشروع جو نہیں ہے عمل
یعنی عزیمت پر عمل۔ موزے پہنے ہوئے ہوتے دھوئے یہ گناہ ہے۔ تو پیچھے کہا: کہ گناہ نہیں ہے۔ تو گناہ
ہے۔ کیونکہ یہ نفی مشروعیت شارع کی نظروں میں ہی معتبر ہوتی ہے۔ اور گناہ ہوگا۔ عزیمت پر عمل کرے
تو گناہ ہوگا۔ باقی کوئی کہے کہ گناہ نہیں ہے۔ جو پیچھے ہے لانہ قد حصل۔ وہ حاصل ہو گیا ہے۔ پاؤں جو

دھل گئے ہیں دوبارہ دھونا نہیں ہے۔ دھونا حاصل ہو گیا ہے۔ یہ دھونا ہو گیا ہے اس لیے کہ وہ مشروع ہے
اس کا جواب دیا۔ وہ مشروع جو ہے گناہ بھی نہیں ہے۔ تو کہا ہے ایک تو مشروع نہیں ہے شارع کی
نظروں۔ اور نفی مشروعیت کی شارع کی نظروں معتبر ہے۔ جب موزے پہنے ہوئے ہے تب مشروع
نہیں ہے شارع کی نظروں۔ تو پھر عمل بھی گناہ ہوگا۔ یہ کہنا کہ گناہ نہیں ہے۔ گناہ باطل ہے کہ ہم تسلیم
نہیں کرتے۔ گناہ ہے۔ ہاں جی۔ پہلے کہا شارح کنز نے: کہ موزے پہنے ہوئے ہے۔ اور پاؤں کا دھونا بھی
بھی مشروع ہے۔ پہلے پہلے۔ ابھی تک مشروع ہے۔ تو جب مشروع ہے تو گناہ بھی نہیں ہے۔ یہ کہتا کہ
کہ کہا ہے جو نفی مشروعیت کی ہے وہ شارع کی نظروں ہے۔ شارع۔ تو موزے کی حالت میں پاؤں
کا دھونا مشروع نہیں ہے شارع کی نظروں میں۔ تو عزیمت پر عمل کرنا مشروع نہیں ہے۔ یہ ہوگئی
یہ اسی طرح ہوگی۔ کہ چوتھی قسم میں عزیمت مشروع نہیں ہوتی۔ عزیمت ساقط ہوگئی ہے۔ اب یہ ہے کہ
گناہ گار ہوگا۔ اور یہ کہ گناہ نہیں ہے یہ ممنوع ہے۔ شارح کنز کی دو دلیلیں تھیں۔ دو دلیلوں کا
جو جواب تھا وہ تو رد ہو گیا۔ تو پھر اس نے خود جواب دیا: اس نے کہا: اگر مشروع نہ ہوتا دھونا
یہ اس وقت ہے کہ رخصت اسقاط ہے حالانکہ دھونا مشروع ہے۔ یہ کہتا ہے کہ نفی مشروعیت کی شارع
کی نظروں ہے وہ اس طرح ہے کہ موزے پہنے ہوئے ہے تو دھوئے پھر گناہ گار ہوگا۔ ٹھیک ہے ناں
اب اگر کہ گناہ نہیں ہے یہ ممنوع ہے۔ چلو جی۔

ترجمہ: بلکہ حق یہ ہے کہ کہا جائے معتبر (رخصت اسقاط میں) نفی مشروعیت کی ہے جیسے نظر شارع کے
یہاں مقدمہ ہو عمل سے تو اس کے گناہ (یہ اس کی تقریر ہے۔ نفی مشروعیت کی شارع کی نظروں ہے
لہذا مشروع نہیں ہے دھوئے گا تو گناہ گار بھی ہوگا) اور بطلان اس کا ممنوع ہے۔ چلو جی

وما قالوا ان العزیمۃ اولی (): اب یہ سوال تھا کہ اگر عزیمت مشروع نہیں ہے۔ عمل کرے تو
گناہ بھی ہے۔ تو پھر عزیمت کو اولی کیوں کہتے ہیں؟۔ موزے پہنے ہوئے ہے تو بھی اولی یہ ہے
کہ دھوئے۔ غیر مشروع پھر اولی کیوں ہے۔ غیر مشروع تو اولی نہیں ہوتا۔ گناہ بھی ہوتا
اس کو اولی۔ حالانکہ انہوں نے کہا ہے کہ عزیمت اولی ہے۔ پھر عزیمت اولی نہیں ہونی
چاہیئے بلکہ وہ تو گناہ ہے۔ اس پر عمل کرنا گناہ ہے۔ مشروع نہیں ہے۔ ٹھیک ہے ناں
کہ کامل بھی نہ ہو۔ دھل جو گیا۔ اس کا جواب دیتا ہے۔ ہم نے عزیمت اولی کہی ہے
جس کو غیر مشروع کہہ رہے ہیں۔ اس کو اولی نہیں کہہ رہے۔ جس کو اولی کہہ رہے
ہیں وہ غیر مشروع نہیں ہے۔ کیونکہ مراد یہ ہے کہ جب موزے اتار دیں
اور مدت پوری ہوگئی۔ رخصت۔ وہ سبب تھا رخصت کا۔ وہ ساقط ہوگیا۔

تو جب مدت پوری ہو گئی۔ تو پھر رخصت کا سبب نہ رہا۔ مدت جو پوری ہو گئی۔ تو اب
پاؤں کو موزے سے کھینچ کے دھوئے یہ عزیمت ہے۔ عزیمت پر عمل اولیٰ ہے۔ اگرچہ
جب موزے کو کھینچ لے گا۔ تو رخصت کا سبب اس طرح سمجھو کہ ساقط ہو گیا۔ تو
اب عزیمت ہے۔ ہاں جی۔ جب عزیمت پر عمل مشروع ہی نہیں ہے تو پھر عزیمت کو اولیٰ
کیوں کہتے ہیں۔ غیر مشروع تو اولیٰ نہیں ہوتا۔ اس کا جواب دیا۔ عزیمت جس کو اولیٰ کہہ
رہے ہیں۔ وہ عزیمت مشروع ہے۔ جس کو کہا: غیر مشروع تو عزیمت پر اگر عمل کرے گا تو وہ اور یہ
موزے پہنے ہوئے ہوں تو پھر مشروع نہیں ہے۔ تو دھوئے گا گناہ گار ہو گا۔ جو عزیمت
اولیٰ ہے۔ وہ یہ ہے جب رخصت کا سبب ساقط ہو گیا۔ مثلاً موزے کو کھینچ لیا۔ سمجھے
ناں۔ موزے کو کھینچ لیا اب پاؤں کا دھونا اولیٰ ہے۔ ٹھیک ہو گئی۔
ترجمہ۔ اور وہ جو کہا: انہوں نے (مطلب یہ ہے یہ ان کا قول ہے۔ جب موزے پہنے ہوئے ہیں تو
عزیمت نا مشروع ہے۔ وہ جو کہتے ہیں کہ عزیمت اولیٰ ہے۔ مطلب یہ ہے کہ موزے کو اتار دے
اور پاؤں کو دھو لے یہ عزیمت ہے۔ اور غیر مشروع یہ ہے کہ موزے پہنے ہوئے ہے
تو دھوئے۔ عزیمت یہ ہے کہ موزے کو کھینچ لے۔ تو مسح سے عزیمت اولیٰ ہے۔ مسح
بھی کر سکتا ہے۔) اور وہ جو کہا انہوں نے: بے شک عزیمت اولیٰ ہے پس مراد اس کو ساقط
کرنے سبب رخصت کے (موزے کو کھینچے گا۔ تو موزہ مسح کا سبب ساقط ہو جائے گا۔ سمجھے ناں۔
جو اس کا ارادہ کو ہے۔ یعنی عزیمت اولیٰ ہے۔ موزے پہنے ہوئے ہے تو حدث ہو گئی تو باقی اعضا
دھو لیے اب موزے پر مسح کرے۔ رخصت ہے عزیمت اولیٰ ہے کہ موزے کھینچ لے تو
سارا وضو کر لے پاؤں کو بھی دھو لے۔ تو غیر مشروع اس وقت ہے کہ سبب رخصت
کا باقی رہا کہ موزے پہنے ہوئے ہے۔ اب اوپر مسح کر سکتا ہے۔ تو غیر مشروع ہے عزیمت
جب موزے پہنے ہوئے ہے۔ ٹھیک ہو گئی۔
مسالۃ الحکم بالصحۃ: آگے اب نیا مسئلہ شروع کیا ہے وہ یہ ہے کہ بندہ عبادات کرتا ہے
یا معاملات کرتا ہے۔ تو پھر کہتے ہیں عبادت صحیح ہے۔ یہ معاملہ صحیح ہے۔ صحت کا حکم کون
کرتا ہے۔ تو فرماتے ہیں عبادات میں صحت کا حکم یہ عقل کرتی ہے۔ عبادت جو کی
عبادت کر بیٹھا۔ تو عقل کہتی ہے کہ صحیح ہے۔ اب اسے انتظار نہیں ہے کہ شریعت سے
حکم آئے صحت کا۔ یہ عقلی ہوتا ہے۔ سمجھے ناں۔ جیسے بندے نے وضو کیا۔
کپڑے بھی پاک ہے۔ وضو کر رہا ہے جگہ بھی پاک ہے۔ استقبال قبلہ بھی ہے۔

نے نماز پڑھی۔ ارکان پورے کیے نے شرائط کی۔ تو پھر نماز پڑھ بیٹھا۔ اب حکم عقل کرے
گی کہ نماز صحیح ہے۔ تیری نماز صحیح ہے۔ یہ شرع پر موقوف نہیں ہے۔ صحت کا حکم عقلی ہے
ہاں جی۔ جٹ بوٹ بھی کہتے ہیں تیری نماز صحیح ہے، یہ عقلاً ہوتے ہیں۔ چلو جی۔
عبادات اور معاملات میں حکم یہ ہوتا ہے کہ یہ عبادت صحیح ہے۔ یہ معاملہ ٹھیک ہے
یہ حکم کون کرتا ہے۔ شرع پر موقوف ہے کہ شرع حکم لگائے یا عقل کر سکتی ہے۔ تو فرمایا
کہ عبادات میں عقل کرے گی۔ چلو جی۔ ترجمہ۔ حکم سا کو صحت کے بیچ عبادات کا عقلی ہے
اب اس پر دلیل دیتا ہے کہ صحت کا معنی کرتا ہے۔ حکم بالقوۃ یعنی دلیل دیتا ہے۔ وہ یہ ہے کہ صحت
کا معنی ہوتا ہے۔ یعنی فعل کو اس طور سے کرنا اس طریقے سے کرنا اس پر غایت مترتب ہو۔ اس طور سے کرنا کہ اس پر
غایت مترتب ہو۔ فعل کو اس طور سے مکلف کرتا ہے کہ اس پر غایت مترتب ہو جاتی ہے۔ ہاں جی۔ اب فرماتے ہیں
اس میں جو کہا کہ غایت مترتب ہو۔ صحت کا معنی ہے کہ فعل کو اس طور سے کرنا کہ اس پر غایت مترتب ہو۔ اب صحت
کا معنی تو یہ ہو گیا کہ غایت مترتب ہو۔ اب فرماتے ہیں کہ غایت کا کیا معنی ہے۔ پہلے صحت کا معنی بیان کیا
اب فرماتے ہیں کہ غایت میں دو مذہب ہیں۔ ایک ہے متکلمین اور دوسرے ہیں فقہاء۔ متکلمین کے نزدیک
غایت یہ ہے۔ غایت کا معنی ہے کہ موافقت امر۔ کہ امر کی موافقت ہو گئی۔ شارع نے امر
کیا تے بندے نے اس امر کی اس طور سے فعل کیا مامور بہ بجا لایا کہ غایت مترتب ہو گئی یعنی امر کی موافقت
حاصل ہو گئی۔ جیسے میں نے کہا: عبادت جو کی نماز جو پڑھی، وضو کیا۔ تے سارے ارکان اور شرائط
بجا لایا۔ ہم کہیں گے موافقت امر ہو گئی۔ یہی غایت مترتب ہو گئی۔ امر کی جو موافقت ہو گئی ہے۔ ہم
کہیں گے کہ اس نے امر کا امتثال کیا ہے۔ پس یہی حکم عقلی ہے صحت کا۔ ہاں جی۔ پس ایتھے چنڈ
نے معاملہ دیا ہے تجھے نالائق۔ بیوقوف یہ تو صحت کا معنی آ گیا۔ غایت کا معنی کیا ہے: اس میں دو مذہب
ہیں متکلمین نے کہا: غایت کا معنی ہے موافقت امر: یعنی مکلف نے مامور بہ کو اس طریقے سے ادا کیا
ہے پر امر کی موافقت ہو گئی۔ پس۔ نماز ایویں پڑھ دی اے۔ پس ٹھیک ہے ناں۔ پس امر کی موافقت
ہو گئی۔ یہ غایت مترتب ہوئی۔ دنیا کے اندر ہے۔ چلو جی۔

ترجمہ۔ اور یہ ہے کہ صحت تابع ہے آنا غایت کو ہے (یعنی ایسے طریقے سے فعل کو کیا۔ غایت مترتب
ہو گئی۔ استتباع کا معنی ہے کسی شئی کو تابع کرنا۔ غایت گویا تابع ہو گئی۔ فعل جو آیا غایت بھی مترتب
ہو گئی) اور یہ غایت بیچ عبادات کے نزدیک متکلمین کے موافقت امر ہے۔

وإن وجب القضاء كالصلاة [illegible]: اب فرماتے ہیں کہ ہاں بعض اعمال ایسے ہوتے ہیں کہ مطلب
یہ ہے کہ باوجود اس کے موافقت امر بھی ہو گئی ہے۔ غایت مترتب ہوتی ہے موافقت امر سے

قضاء واجب ہو جاتی ہے۔ پھر بھی قضاء واجب ہوتی ہے۔ سمجھے ناں۔ مثلاً ایک شخص نے نماز پڑھی
اور ظن یہ تھا کہ وضو ہے تو نماز پڑھ بیٹھا۔ اب عقل کا حکم تو آ گیا کیونکہ اس کا ظن ہے تو ہر حال
موافقت امر ہو گئی۔ اب آگے عام ہے موافقت امر معلومہ یا مظنونہ ہو۔ ہاں اگر موافقت امر مظنونہ
ہے۔ موافقت امر تو ہو گئی لیکن بعد میں اس کو یقین ہو گیا کہ طہارت نہیں تھی تو اب قضاء واجب ہو گی
ہاں جی۔ باوجود اس کے قضاء واجب ہو جاتی ہے۔ کیونکہ موافقت امر ہے تو غایت مترتب ہو گا ہو معلومہ
یا مظنونہ دونوں کو شامل ہے اب مثلاً ایک شخص کو یہ ظن تھا کہ وضو ہے لیکن جب نماز پڑھ بیٹھا
اس کو علم ہوا کہ وضو نہیں تھا تو قضاء واجب ہے۔ چلو جی۔ ترجمہ: اگرچہ واجب ہے قضاء مثل نماز
کے ساتھ ظن طہارت کے: یہ تو آ گیا ہے متکلمین کا مذہب۔ غایت کیا ہے؟ موافقت امر ہے۔ اب فقہاء
کا مذہب ہے۔ انہوں نے غایت کا اور معنی کیا؟ یہ ہے کہ وجوب قضاء ساقط ہے۔ تو صحت کا
معنی تو آ گیا کہ اس پر غایت مترتب ہوتی ہے۔ غایت کا ترتب یہ ہے کہ فعل کو اس طور سے کرنا کہ قضاء
ساقط ہو جائے۔ بس یہ غایت ہے۔ ہاں جی جب بندہ نماز پڑھتا ہے تو سارے شرائط پائے
گئے۔ تو نماز پڑھ بیٹھا۔ اب حکم آیا کہ نماز صحیح ہے۔ غایت مترتب ہے کیا معنی؟ قضاء واجب نہیں ہے
تیری نماز ادا ہو گئی۔ اب قضا واجب نہیں ہے یہ فقہائے کرام نے فرمایا۔ غایت کا معنی: آگے سوال
ہو گیا۔ فقہائے کرام سے نہیں ان پر سوال نہیں ہے۔ ہم ویسے بتاتے ہیں۔ نماز جمعہ ہے نماز عید ہے تو
مثلاً نماز عید اور جمعہ اس سے رہ گئیں۔ تو اب قضا تو واجب نہیں ہے جمعہ کی یا عید کی۔ قضا تو واجب
نہیں ہے تو پھر اگر یہ معنی ہو کہ فعل کو اس طور سے کرنا کہ قضاء ساقط ہے۔ اب ہم نے جمعہ کی نماز
پڑھی تو اب عقل کہے گی کہ تیری نماز صحیح ہے۔ کیونکہ غایت مترتب ہو گئی ہے۔ موافقت امر
فقہائے کرام فرمائیں گے۔ غایت یہ ہے کہ تو نے ایسا فعل کیا ہے کہ تیرے اوپر قضا نہیں ہے۔
جمعہ کی تو سرے سے قضا نہیں ہے۔ عید کی سرے سے قضا ہی نہیں ہے۔ تو اس کا جواب
دیا۔ مسقط الوجوب القضاء۔ وجوب قضا ساقط ہے آگے عام ہے تحقیقی ہو یا تقدیری۔ اگر
قضاء ہوتی۔ یا تو واقع میں قضا تھی تو ساقط ہو گئی ہے یا اگر قضا ہوتی تو بھی ساقط ہو جاتی
جمعہ کی قضا نہیں ہے۔ ہم فرض کرتے ہیں تقدیر کرتے ہیں جب جمعہ ہم پڑھ لیتے ہیں تو قضا
تو ساقط ہے۔ آگے عام ہے وہ تقدیری ہے خواہ فرض کریں۔ ہاں جی۔ اب سوال ہوتا ہے کہ یہ جو
غایت کا یہ معنی عبادات میں ہر جگہ نہیں ہوتا۔ کیونکہ کئی عبادات ہیں۔ وہاں صحت کا
حکم ہے۔ غایت مترتب ہے۔ لیکن غایت ترتب کا یہ معنی کریں موافقت امر تو پھر تو یہ نہیں
یہ معنی کریں کہ وجوب قضا ساقط ہو۔ یہ معنی بعض عبادات میں نہیں ہوتا۔

عید ہے جمعہ ہے۔ اس کا کہا: تقدیراً ہم فرض کرتے ہیں۔ تو تحقیقاً یا تقدیراً۔ تقدیراً آ گئیں
گیا۔ مطلب یہ ہے کہ یہی ہوتا ہے ساری استاذ جو تھے یہ لوگ علما تھے۔ استاذ مولانا عطا محمد
صاحب۔ استاذ مولانا عبید اللہ صاحب ہو ان کی کتابیں ساری زندگی اساتذہ سے پڑھیں پھر
پڑھائیں۔ یہ لوگ علما تھے۔ استاذ صاحب فرماتے تھے میرے نزدیک عالم دو ہیں۔ ایک مدرس
تے دوسرا مفتی۔ مدرس بھی اس کو مطالعہ کرنا پڑتا ہے۔ تے مفتی اس کو فتوی دینا ہوتا ہے تے
کتابیں دیکھتا ہے۔ باقی اللہ تعالیٰ امان دے۔ کئی گمراہ کن ہوتے ہیں۔ حقائق نہیں
جانتے، رواج نہیں جانتے۔ سلوک کو نہیں جانتے تے پھر اچھلتے بہت ہیں۔ ہمیں کوئی پرواہ
نہ تھی لیکن ان کا اچھلنا بے پروقتیر قسم کے۔ تصنیفیں شروع کر دی۔ ہمیں ایک مسئلہ لکھنا آ جائے
تاں ہم کتنی تکلیف اٹھاتے ہیں۔ یہ لوگ بس تصانیف شروع کر دیں کل گمراہ۔ لہذا
اس سے بچو۔ فقہا کرام کا رواج پیدا کرو۔ ان کے ساتھ چلو۔ یہ ہوتا ہے۔ چلو جی
ترجمہ۔ اور نزدیک فقہا کے ہونا فعل کا مسقط واسطے وجوب قضا کے تحقیقاً جیسے نمازیں
ہو گئیں پانچ اور تقدیراً جیسے جمعہ۔ مطلب یہ ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ ذمہ فارغ ہو گیا۔ عابت
کا معنی ہے۔ وجوب قضا ساقط ہے یعنی ذمہ فارغ ہو گیا۔ پس اگلوں اس کی قضا ہوتے تو ذمہ
فارغ ہو گیا یا سرے سے قضا نہیں ہے تو بھی ذمہ فارغ ہو گیا۔ چلو جی۔ تمامی الاداء
جیسا کہ نیچے ادا کے۔ یہ آ گیا ہے۔ جب بندہ ادا کرتا ہے۔ یہ بیان کر رہا ہے کہ یہ ادا کے اندر
ہوتا ہے عابت کا جو معنی فقہا نے کیا یہ ادا کے اندر ہوتا ہے۔ قضا میں نہیں ہوتا۔ کیوں
کہ جو قضا بندہ نماز قضا کرتا ہے۔ تو وہاں نہیں کہیں گے وجوب قضا ساقط ہے
قضا جو کر بیٹھے گا۔ پھر قضا کی قضا تو نہیں ہوگی آگے۔ جیسا کہ نیچے ادا کے۔ چلو جی
ولعدم ورود الالعرف الخ: اب فرماتے ہیں دلیل آ گئی۔ یہی حکم جو ہے صحت کا وہ عقلی ہے۔ کیونکہ جب احکام
آ گئیں نماز کا، روزے کا، حج کا، جتنے عبادات ہیں۔ اور آ گئے اس کی حقیقت کا تعین ہو گیا۔ شریعت نے دے دی
اب مکلف نے ان کو اسی طریق سے بجا لایا۔ جو شریعت نے بیان کیا ہے۔ تو اس کے صحت کے حکم کے لیے کوئی
توقف نہیں ہے کہ شرع سے حکم آئے کہ یہ صحیح ہے۔ سمجھے ناں۔ بلکہ عقل کہے گی کہ یہ صحیح ہے۔ ہاں جی۔ نیچے بیان کرتا
ہے۔ صحت کا حکم عقلی ہے معنی یہ ہے کہ جب شرع وارد ہو گئی۔ حقیقت ساری لغرض ذلک۔ اس کا سارا
حقیقت، ماہیت۔ بیان ہو گئی شریعت سے علم آ گیا تو اب مکلف نے اسی طریقے سے عمل پر وہ عمل کر
لیا۔ اس کے بعد توقف نہیں ہے۔ اس کے بعد کوئی توقف نہیں ہے کہ شریعت کی طرف سے صحت کا حکم
آئے۔ بلکہ عقل کہے گی کہ صحیح ہے۔ ترجمہ۔ اور بعد ورود امر کے جانی جائے گی یہ (دونوں یعنی خواہ عبادت
کا معنی موافقت امر ہو یا وجوب قضا ساقط ہو معنی) بغیر توقف کے یعنی اس میں دونوں مذہب متفق ہیں۔ اگرچہ عبادت کے
معنی میں ان کا فرق ہے۔ چلو جی۔

ع صلاحلیہ ۱۲

عید کے جمعہ ہے. اس کا کہا: تقدیرًا ہم فرض کرتے ہیں. تو تحقیقاً یا تقدیرًا. تقدیرًا آگئے

گئے۔ مطلب یہ ہے کہ ہم ہوتا ہے ساتھ کے استاذ جو تھے یہ لوگ علما تھے. استاذ مولانا عطا محمد

صاحب. استاذ مولانا حبیب اللہ صاحب کیونکہ کتابیں ساری زندگی اساتذہ سے پڑھیں اور

پڑھائیں۔ یہ لوگ علما تھے. استاذ صاحب فرماتے تھے میرے نزدیک عالم دو ہیں. ایک مد

رسے دوسرا مفتی. مدرس ہو اس کو مطالعہ کرنا پڑتا ہے. تو مفتی اس کو فتوی دینا ہوتا ہے

کتابیں دیکھتا ہے. باقی اللہ تعالی امان دے. کئی گمراہ کن ہوتے ہیں۔ حقائق نہیں

جانتے، رواج نہیں جانتے. سلوک کو نہیں جانتے تھے پھر اچھلتے بہت ہیں. ہمیں کوئی پروا

نہ تھی لیکن ان کا اچھلنا بہت ہی مستقل قسم کے. تصنیف شروع کر دی. ہمیں ایک مسئلہ لکھنا آ

یا ان ہم کتنی تکلیف اٹھاتے ہیں. یہ لوگ بس — تصانیف شروع کر دیں کل گمراہ. اہل

اس سے بچو. فقہا کرام کا رواج پیدا کر دو ایک. ان کے ساتھ چلو. یہ ہوتا ہے. چلو جی

ترجمہ: اور نزدیک فقہا کے ہونا فعل کا مسقط واسطے وجوب قضا کے تحقیقا جیسے نمازیں

ہو گئیں پانچ اور تقدیرا جیسے جمعہ. مطلب یہ ہے. خلاصہ یہ ہے کہ ذمہ فارغ ہو گیا. غایت

کا معنی ہے. وجوب قضا ساقط ہے یعنی ذمہ فارغ ہو گیا. بس اگلوں کے ہاں قضا ہوتے ذمہ

فارغ ہو گیا یا سر سے قضا نہیں ہے تو بھی ذمہ فارغ ہو گیا. چلو جی. تمامی الاداء

جیسا کہ پیچھے ادا کے. یہ آگیا ہے. جب بندہ ادا کرتا ہے. یہ بیان کر رہا ہے کہ یہ ادا کے اندر

ہوتا ہے غایت کا جو معنی فقہا نے کیا یہ ادا کے اندر ہوتا ہے. قضا میں نہیں ہوتا. کیوں

کہ جو قضا بندہ — نماز قضا کرتا ہے. تو وہاں نہیں کہیں گے وجوب قضا ساقط ہے

قضا جو کر بیٹھے گا. پھر قضا کی قضا تو نہیں ہو گی آگے. جیسا کہ پیچھے ادا کے چلو جی

و بعد ورود الشرع عرف اى: اب فرماتے ہیں. دلیل آگئی. کوئی حکم جو ہے صحت کا وہ عقلی ہے. کیونکہ جب امر

آگیا. نماز کا، روزے کا، حج کا جتنے عبادات ہیں. اور آگیا اس کی حقیقت کا تعین ہو گیا. شریعت نے دے دی

اب مکلف نے ان کو اسی طریقے سے بجا لایا. جو شریعت نے بیان کیا ہے. تو اس کے صحت کے حکم کے لیے کوئی

توقف نہیں ہے کہ شرع سے حکم آئے کہ یہ صحیح ہے. سمجھے ناں. بلا عقل بتلائے گی کہ صحیح ہے. ہاں جی. پیچھے بیان کرتا

ہے. صحت کا حکم عقلی ہے معنی یہ ہے کہ جب شرع وارد ہو گئی. حقیقت ساری تعرف ذلک. اس کا سارا

حقیقت، ماہیت، بیان ہو گئی شریعت سے علم آگیا تو اب مکلف نے اسی طریقے سے عمل پر وہ عمل کر

لیا. اس کے بعد توقف نہیں ہے. اس کے بعد کوئی توقف نہیں ہے کہ شریعت کی طرف سے صحت کا حکم

آئے. بلکہ عقل کہے گی کہ صحیح ہے. ترجمہ. اور بعد ورود امر کے جانی جائے گی یہ (دونوں معنے خواہ موافقت

کا معنی موافقت امر ہو یا وجوب قضا ساقط کا معنی) بغیر توقف کے یعنی. اصل میں دونوں مذہب متفق ہیں. اگرچہ غایت کے

معنی میں ان کا فرق ہے. چلو جی.

وقد ظن انها من احکام الوضع: اب انہوں نے تو بیان کیا کہ حکم بالصحۃ عقلی ہے۔ بعض نے ظن کیا۔ انہوں نے کہا: کہ
یہ حکم شرعی ہے۔ احکام وضع سے ہے یعنی شرعی ہے۔ اس کا رد آ گیا۔ پہلے یعنی جب شرع پاک وارد ہو گئی۔ امر آگیا
اور اس کے ارکان، شرائط سارے شریعت نے بیان کر دیے اور مکلف اسی طریقے پر بجا لایا۔ اب توقف نہیں ہے
لہذا یہ احکام شرعیہ سے نہیں ہے بلکہ حکم عقلی ہے۔ ترجمہ: اور تحقیق ظن کیا گیا بے شک یہ صحت احکام وضع سے ہے۔

مسلم الثبوت ص ۴۹ سبق: 1

وقیل بمعنی الموافقۃ: عبادات میں صحت کا حکم عقل کرتی ہے۔ اب یہ تھا کہ غایت میں اختلاف تھا۔ متکلمین کے
نزدیک غایت کیا ہے؟ موافقت امر۔ فقہا نے کہا: وجوب قضاء ساقط ہے۔ اب فرماتے ہیں وقیل: پہلے
صحت کا معنی کیا کہ غایت مترتب ہو۔ فعل کو اس طرح کرنا کہ فعل پر غایت مترتب ہو۔ اس میں اتفاق تھا باقی غایت
میں فرق تھا۔ وقیل والے ہیں ان کے مقابلے میں انہوں نے تفصیل کی۔ انہوں نے کہا: غایت کا معنی اگر ہو موافقت
امر تو پھر تو عقلی ہے۔ کیونکہ جو شرع کے بعد ہے۔ شرع آ گئی کہ یہ حکم ہے۔ یہ عمل ہے۔ فعل اس طرح کرو۔ اس طرح
اس کے ارکان شرائط سارے شریعت نے۔ اب بندے نے جو کیا۔ تو موافقت امر ہوگی۔ اب بس یہی غایت
ہے موافقت امر۔ اگر یہ غایت کا معنی موافقت امر تو یہ عقلی ہے۔ اور اگر یہ بمعنی اسقاط۔ غایت
کا معنی یہ ہے کہ وجوب قضاء کی مسقط ہے تو یہ شرعی ہے۔ وضعی ہے بمعنی شرعی ہے۔ بہرحال جی۔ صحت کا
حکم عبادات میں عقلی ہے۔ یہ اتفاق ہے متکلمین کا بھی ہے فقہاء کا بھی۔ البتہ انہوں نے غایت کے معنی
میں اختلاف کیا۔ متکلمین کے نزدیک موافقت امر اور فقہاء کے نزدیک مسقط لوجوب القضاء۔ بعضوں
نے تفصیل کی۔ انہوں نے کہا: اگر غایت کا معنی کریں موافقت امر تو پھر تو عقلی ہے۔ کیونکہ حکم صحت
کا عقل کرے گی۔ شریعت نے بیان کر دیا۔ حقیقت فعل کی اور مکلف نے وہ فعل اسی طرح کیا۔ عقل
کہے گی بس ٹھیک ہے۔ صحیح ہے۔ اور اگر بمعنی وجوب قضاء کی مسقط ہے۔ غایت کا معنی ہے۔ تو پھر
یہ عقلی نہیں ہے بلکہ یہ وضعی ہے۔ جو بھی قضا کی مسقط ہے۔ قضاء ساقط ہے۔ یا وجوب قضاء
ہے۔ یا قضا ساقط ہے۔ یہ ایسا حکم ہے اس میں عقل مستقل نہیں ہے۔ تو پھر شارع کا امر آئے
گا۔ تب اس سے پتا چلے گا۔ انہوں نے کہا: پھر وضعی ہے۔ امر شارع پر موقوف ہے۔ جب شارع
سے حکم آئے گا کہ تیری یہ عبادت صحیح ہے۔ تو اگر مسقط لوجوب القضاء۔ غایت کا یہ معنی ہو
یہ ایسا معنی ہے کہ قضا ساقط ہو گئی ہے یا قضاء واجب ہے یہ عقل نہیں معلوم کر سکتی۔ لوگ
پوچھتے ہیں مسئلہ اس طرح کیا ہے۔ مسئلہ کیونکہ شریعت کیا کہتی ہے؟ قضا ساقط
ہو گئی ہے۔ یا قضاء واجب ہے۔ وہ شریعت کے حکم سے پتا چلے گا۔ انہوں نے یہ تفصیل کی۔ جلالی
ترجمہ: اور کہا گیا ساتھ معنی موافقت امر کے عقلی ہے اور ساتھ معنی اسقاط کے وضعی ہے۔

اقول الاسقاط فرع التمامیۃ الخ: اب کہتا ہے کہ جب تم نے یہ مان لیا کہ موافقت امر عقلی ہے۔ یہ تو انہوں
نے مان لیا۔ کہ اگر معنی ہو عاینہ کا موافقت امر تو پھر حکم صحت کا حکم عقلی ہے۔ یہ تو تم نے مان لیا۔
اب جو اسقاط ہے تم کہتے ہو کہ یہ شرعی ہے۔ اسقاط یہ فرع ہے تمامیت کی۔ فعل مامور بہ تام ہو جائے
تو تمامیت جو ہے وہ ہے موافقت امر سے۔ جب موافقت امر عقلی ہے۔ تو پھر جو اس کی فرع ہے
وہ بھی عقلی ہوگا۔ اس کو کہنا کہ وہ شرعی ہے۔ یہ درست نہیں بنتا۔ کہ آگے۔ جب تم نے یہ معنی
لیا کہ عاینہ بمعنی موافقت امر ہو تو عقلی ہے۔ اور اگر ہو کہ اسقاط کے معنی میں ہو تو یہ شرعی ہے
یہ تفصیل اور فرق کرنا درست نہیں ہے۔ کیونکہ اسقاط ہے تمامیت سے۔ یعنی کہ وجوب اداء اسقاط
ہے۔ یہ حکم تب لگے گا جو فعل تام ہوگا۔ تو اسقاط فعل کی تمامیت پر موقوف ہو گیا۔ تو فعل کی
تمامیت وہ موقوف ہے موافقت امر پر۔ تو موافقت کو تو تم بھی مانتے ہو کہ عقلی ہے۔ تو
پھر جو موقوف ہے موافقت امر پر وہ بھی عقلی ہوگا۔ تو اسقاط کا حکم یہ فرع ہے تمامیت
کی۔ یعنی جب فعل مامور بہ کو وہ تام کرلے گا۔ ٹھیک ہے ناں۔ تب اسقاط آئے گا۔ تو جو فعل پورا کیا
وہ پورا ہوگا کہ موافقت امر ہو۔ تو پھر اسقاط موافقت امر پر موقوف ہو گیا۔ اگر موافقت امر
عقلی ہے تو پھر اسقاط کا حکم بھی عقلی ہوگا۔ ترجمہ۔ کہتا ہوں میں: اسقاط فرع ہے تمامیت کی اور وہ
تمامیت ساتھ موافقت کے ہے اور وہ موافقت عقلی ہے۔ لہذا عاینہ کا معنی اسقاط یہ بھی عقلی ہوگا۔ جو تم نے کہا

قیل فی المعاملات وشرعی الخ: اب دوسرا مذہب: اس میں عبادات وہ آ گیا۔ عبادات کی صحت کا حکم
عقلی ہے یا شرعی ہے؟ وہ تفصیل آ گئی جو عقل کرتی ہے۔ دوسرے ہیں معاملات کے بیع ہے نکاح ہے
اس کے علاوہ معاملات عقود ہیں۔ اس میں کہا گیا ہے کہ معاملات میں صحت کا حکم یہ شرعی ہے۔
بالاتفاق۔ صحت کا حکم شرعی ہے۔ یہ عقلی نہیں ہے۔ دلیل۔ وہ جیسے اس طرح کہ جو ثمرات ہیں وہ
عقود پر مترتب ہوتے ہیں۔ تو عقود موقوف ہیں شرع پر۔ عقود ہے ناں لغتہ اشتریت
مبادلہ مال بالمال۔ اس سے حکم آتا ہے ملک کا۔ لغتہ اشتریت، مبادلہ مال بالمال
اس سے کیا حکم بنا آیا؟ ملک آئی۔ یہ ترتب ہوا۔ منافع ملک کے آئے۔ ملک حاصل ہو گئی۔ اور
عقد نکاح سے ملک متعہ آ گیا۔ یہ ترتب ہے۔ تو ترتب ثمرات کا عقود پر ہوتا ہے۔ تو عقود شرع
پر موقوف ہیں۔ شرع پاک بیان نہ کرتی تو ہمیں معلوم نہ ہوتا۔ تو پھر حکم جو ہے وہ
بھی شرع پر موقوف ہے۔ کہ ان کے معاملات بیع شراء عقود جتنے ہیں۔ تو ثمرات ہیں
ان میں صحت کا حکم شرعی ہے۔ شریعت سے پوچھیں گے کہ یہ صحیح ہے یا نہیں۔ دلیل بعقود کے
ثمرات کیا ہے؟ جو عقد سے حاصل ہوتا ہے۔ جیسے بیع سے ملک حاصل ہوتا ہے نکاح سے ملک متعہ
حاصل ہوتا ہے۔

تو ترتیب ثمرات یعنی ثمرات جتنے ہیں وہ مرتب ہوتے ہیں عقود پر کیونکہ اگر عقود پائے جائیں گے
تو ثمرہ مترتب ہوگا۔ اگر عقود نہیں ہے تو پھر ثمرہ نہیں ہے۔ تو عقد موقوف ہے شرع پر۔
جس طرح شرع نے فرمایا اسی طرح کریں گے تو عقد آجائے گا۔ عقد آجائے گا تو ثمرہ
مترتب ہوگا۔ اگر عقد منعقد ہی نہیں ہوا۔ تو ثمرہ بھی مرتب نہیں ہوگا۔ ہم تو کہتے ہیں کہ
نکاح شرعی اعتبار ہے۔ تو ایجاب قبول، شہادت شرط ہے۔ دوسرا حق مہر ہے۔ یہ اعتبار شرعی
ہے۔ اس سے ملک متعہ آجاتا ہے۔ کیونکہ یہ نان۔ شریعت پاک کے معاملات ہیں۔ طلاق ہے۔ یہ
بھی ایک اعتبار شرعی ہے۔ کہ جب اس طرح کہے گا تو عقد اس کا جو نکاح کا وہ عقد ختم
ہو جائے گا۔ شرعی ہے۔ یہی بات ہے۔ اس لیے میں تو کہتا ہوں کہ جج صاحب تنسیخ فسخ
نکاح کرتا ہے۔ یہ نکاح شرعی تھا۔ تو فسخ بھی شرعی ہونا چاہیے۔ اگر نکاح ہو شرعی تو فسخ
ہو ویسے ہی آپ یوں کر چھوڑ دے بندہ۔ تو عقد شرعی کو کوئی ایسے کر سکتا ہے۔ تو جس
طرح عقد شرعی ہے۔ اس کے اوپر جو ازالہ آئے گا عقد کا وہ بھی شرعی ہے۔ شریعت نے
بتایا ہے کہ اس طرح کرنے سے یہ ہو جاتا ہے۔ اور اسی طرح کرنے سے یہ ہو جاتا ہے ہم اگر
اپنی جانب سے کریں تو نہیں ہو سکتا۔ آج کل بڑی بے احتیاطی ہو رہی ہے۔ تنسیخ
کرتے ہیں۔ ڈگری۔ تنسیخ کی ڈگری۔ ڈگری نہیں بن گئی چھوڑ بھی لیا ہے۔ خاوند کو
کہو کہ اس کو طلاق دے۔ حضور نے یہی فرمایا تھا طلّق (طلقها) تو یہی کہہ خاوند کو
طلقها۔ اب اس خاوند پر تیری اطاعت ضروری ہے تو حاکم ہے۔ قاضی ہے۔ قاضی حکام اس
لیے مقرر ہوتے ہیں۔ کہ معصیت کو دفع کریں ظلم کو دفع کریں۔ اگر وہ ظالم ہے یا
حدود ضائع ہو رہے ہیں۔ نبھا نہیں ہو رہا۔ تو اس کو کہہ طلقها۔ وہ طلاق دے
دے گا۔ بس جان چھوٹ گئی۔ اب وہ کہے میں طلاق نہیں دیتا۔ تنگ کر دو چار
جب لگ جائے گا۔ تعزیر جائز ہے۔ کیونکہ حاکم کا حکم ماننا بھی ماننا بھی ضروری ہے
حاکم معصیت کو دفع کرنے کے لیے کہہ رہا ہے۔ بیوی اس کو کہتا ہے کہ ان کا
نبھا نہیں ہوتا ہے۔ طلاق نہ دے اور وہ ویسے بیٹھی رہے۔ یہ تو ظلم ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کے
حقوق ضائع ہوں گے۔ تو بہر حال یہ بات آ گئی کہ ثمرات عقود پر مرتب
ہوتے ہیں۔ اگر عقد منعقد ہو گیا تو ثمرہ مرتب ہوگا۔ عقد منعقد نہیں ہوا
تو ثمرہ بھی مرتب نہیں ہوگا۔ وہ عقد تو قیفی ہے۔ شرع کا ہے۔ یہاں لا کیا۔ بعض حضرات
رشتہ دیتے ہیں۔ مبادلہ مال بالمال۔ شرطیں۔ تسلیم۔ ساری چیزیں۔ شریعت نے بتائی

تو ترتب ثمرات یعنی ثمرات جتنے ہیں وہ مرتب ہوتے ہیں عقود پر کیونکہ اگر عقود پائے جائیں گے تو ثمرہ مترتب ہوگا۔ اگر عقود نہیں ہے تو پھر ثمرہ نہیں ہے۔ تو عقد موقوف ہے شرع پر۔ جس طرح شرع نے فرمایا اسی طرح کریں گے تو عقد آجائے گا۔ عقد آجائے گا تو ثمرہ مترتب ہوگا۔ اگر عقد منعقد ہی نہیں ہوا۔ تو ثمرہ بھی مترتب نہیں ہوگا۔ بیع تو ہے اس میں بھی نکاح شرعی اعتبار ہے۔ تو ایجاب قبول، شہادت شرط ہے۔ دوسرا حق مہر ہے۔ یہ اعتبار شرعی ہے۔ اس سے ملک متعہ آجاتا ہے۔ ٹھیک ہے ناں۔ شریعت پاک کے معاملات ہیں۔ طلاق ہے۔ یہ بھی ایک اعتبار شرعی ہے۔ کہ جب اس طرح ہوگا تو عقد اس کا جو نکاح تھا وہ عقد ختم ہو جائے گا۔ شرعی ہے۔ یہی بات ہے۔ اس بارے میں تو کہتا ہوں کہ جج صاحب تنسیخ فسخ نکاح کرتا ہے۔ یہ نکاح شرعی تھا۔ تو فسخ بھی شرعی ہونا چاہیے۔ اگر نکاح ہو شرعی تو فسخ ہو ویسے ہی اپنوں کر چھوڑ دے بندہ۔ تو عقد شرعی کو کوئی ایسے کر سکتا ہے۔ تو جس طرح عقد شرعی ہے۔ اس کے اوپر جو ازالہ آئے گا عقد کا وہ بھی شرعی ہے۔ شریعت نے بتایا ہے کہ اس طرح کرنے سے یہ ہو جاتا ہے۔ اور اس طرح کرنے سے یہ ہو جاتا ہے بیع اگر اپنی جانب سے کریں تو نہیں ہو سکتا۔ آج کل لڑکی بے احتیاطی ہو رہی ہے۔ تنسیخ کرتے ہیں ڈگری۔ تنسیخ کی ڈگری۔ ڈگری نہیں بن گئی چھوڑ بھی لیا ہے۔ خاوند کو کہو کہ اس کو طلاق دے۔ حضور نے نہیں فرمایا کہ طلّق (طلقہا) تو بھی کہہ خاوند کو طلقہا۔ اب اس خاوند پر تیری اطاعت ضروری ہے تو حاکم ہے۔ قاضی ہے۔ قاضی حکام اس لیے مقرر ہوتے ہیں کہ معصیت کو دفع کریں ظلم کو دفع کریں۔ اگر وہ ظالم ہے یا حدود ضائع ہو رہے ہیں۔ نبھا نہیں ہو رہا۔ تو اس کو کہہ طلقہا۔ وہ طلاق دے دے گا۔ بس جان چھوٹ گئی۔ اب وہ بے شک طلاق نہیں دیتا۔ نیٹ کر دو چار جوتے لگائے۔ تعزیر جائز ہے۔ کیونکہ حاکم کا حکم ماننا بھی ضروری ہے حاکم معصیت کو دفع کرنے کے لیے کھڑا ہے۔ یوں اس کو پتا ہے کہ ان کا نبھا نہیں ہوتا ہے طلاق نہ دے اور وہ ویسے بیٹھی رہے۔ یہ تو ظلم ہوگا۔ اللہ کے دوسرے کے حقوق ضائع ہوں گے۔ تو بہر حال یہ بات آگئی کہ ثمرات عقود پر مترتب ہوتے ہیں۔ اگر عقد منعقد ہو گیا تو ثمرہ مترتب ہوگا۔ عقد منعقد نہیں ہوا تو ثمرہ بھی مترتب نہیں ہوگا۔ وہ عقد تو منفی ہے۔ شرع کا بہانہ کیا۔ بعض رجسٹریشن کہو۔ مبادلہ مال بالمال۔ بشرطیں تسلیم سے ساری چیزیں۔ شریعت نے بتائیں

تو پھر حکم جو ہوگا وہ بھی شرع پر موقوف ہوگا۔ یہ صحیح ہے۔ ہاں جی۔ یہ شرعی ہے۔ عقلی نہیں ہے۔ کیوں کہ
ترتب ہے ثمرات کا جو عقود کے احکام ہیں۔ یہ حکم ہے ملک، یہ حکم ہے حلت متعہ۔ یہ پہلے سے ہے۔
تو یہ ثمرات موقوف ہو گئے شرع پر۔ تو وہ عقود کو تو ہم عقل سے نہیں ادراک کر سکتے۔ تو مبنی
ہے شارع ہے۔ لہٰذا فقہ ہے۔ کہتا ہے۔ التلفظ بصیغة بعت بحیث یترتب علیه اباحة الانتفاع
انی هو تتوقف من الله تعالی فکان من جملة خطاب الوضع۔

ترجمہ۔ اور کہا ہے شیخ معاملات کے وضعی ہے اتفاقاً کیوں کہ ترتب ثمرات کا اوپر عقود کے ہے
موقوف اوپر توقیف کے (ترتب موقوف ہے اوپر توقیف کے) (الشرع) عقود بھی شرع پر
موقوف نہیں۔ تو ترتب ثمرات کا بھی شرع پر موقوف ہے۔ شرع کہے گی کہ یہ کیسا
ہے۔ یہ عقد صحیح ہے۔ لہٰذا حکم شرع کا ہوگا کہ یہ صحیح ہے، یہ فاسد ہے، یہ باطل ہے۔ عقل
نہیں سمجھ سکتی۔ جو حرام کماتے ہیں۔ وہ بھی راضی وہ بھی راضی۔ انہوں نے کہا: جب بیع
راضی ہیں تو بس جو ہے۔ مباح کیا ہے؟ کوئی تمہارے مباح کرنے سے مباح نہیں ہوتا۔ اسی
طرح کرو جس طرح اللہ تعالیٰ کا حکم ہے تاکہ اس طریقے سے کوئی اثر مرتب ہو۔ زانی زانیہ
بھی تو راضی ہوتے ہیں۔ تو یہ ہے زنی۔ تو نکاح میں بھی رضا ہے۔ تو یہ حلال ہے
وہ ہے حرام کیوں کہ وہ شریعت کے طریقے پر نہیں ہے۔ تو نکاح شریعت کا طریق
ہے۔ اس میں حکم آئے گا کہ حلال ہے اور اس میں آئے گا حرام ہے۔ رجم کرو یا کوڑے
مارو۔ تو یہ توقیفی امور ہیں۔ چلو جی۔

اقول جعل العقود اسبابا الخ

اب علامہ بہت بڑا فقیہ تھا وہ قیل والے کی رد کرتا ہے وہ کہتا ہے کہ ایک
ہیں عقود۔ ایک ہے حکم صحت کا کرنا۔ تو کہتا ہے کہ یہ علیحدہ علیحدہ حکم ہیں۔ عقود تو بے
شک یہ شریعت کا اعتبار ہیں۔ شریعت نے بیع کو عقد بنایا ہے۔ شریعت پر موقوف
ہیں ہم اس کو عقل سے نہیں سمجھ سکتے۔ بیع کرو تجارت تو نفع ہے
تو نفع ہے زیادتی ہوتی ہے۔ تو سود میں بھی نفع آتا ہے۔ عقل نہیں سمجھتی۔ شرع پاک
نے بتایا کہ تجارت والا حلال ہے، یہ جو تم نے بنایا یہ حرام ہے۔ احل الله
البیع وحرم الربا الآیة۔ اللہ تعالیٰ نے بیع کو حلال کیا۔ بیع میں بھی تو نفع ہوتا
ہے۔ حرم الربا سود کو حرام کیا۔ اس میں بھی تو نفع ہوتا ہے۔ شریعت نے بتایا

حلال کر دہ جو جاہلیت کے تھے وہ کہتے تھے۔ انما البیع مثل الربا۔ وہ سود کو احل بنا دیتے تھے
بدرجہ اولیٰ یہی تھے کہ بیع جو حلال ہے اس لیے کہ وہ سود کی مثل ہے۔ تو اللہ تعالیٰ نے ان
کی تردید کی۔ حلال کرنا حرام کرنا اللہ تعالیٰ کا کام ہے۔ احل اللہ البیع۔ اللہ تعالیٰ نے
بیع کو حلال کیا۔ وحرم الربوا۔ جس شی کو اللہ تعالیٰ نے حرام کیا وہ حرام ہے۔ تو جس شی
کو اللہ تعالیٰ نے حلال کیا وہ حلال ہے۔ تم نہیں جانتے اللہ تعالیٰ جانتا ہے۔ تو فرمایا۔
عقود تو ہیں اسباب۔ عقد نکاح سبب ہے۔ عقد بیع بھی سبب ہے۔ باقی ہے
حکم صحت کا۔ یہ علیحدہ شئی ہے۔ علیحدہ علیحدہ احکام ہیں۔ تو اگر عقود شرع
پر موقوف ہوں تو علیحدہ حکم ہے۔ اس لیے یہ لازم نہیں آتا کہ حکم صحت کا بھی
شرع پر موقوف ہو۔ علیحدہ علیحدہ چیز ہیں۔ اس میں کوئی توقف نہیں ہے
مطلب یہ ہے۔ جب شرع پاک نے ہمیں عقود بیان کر دیے۔ اسباب۔ ہم نے اگر
اسی طریق سے عقد کیا۔ تو عقد ہو گیا۔ اس کا ثمرہ مرتب ہو گا۔ ہم اس
کے بعد حکم کریں گے یہ عقد صحیح ہے۔ یہ صحت والا حکم عقل کرے گی۔ کیوں
کہ یہ موافقت کا امر ہے۔ اللہ تعالیٰ کے بتائے ہوئے عقد کے مطابق ہو گیا۔ تو عقل حکم
کرے گی۔ لہٰذا یہ عقود علیحدہ ہیں، یہ اسباب ہیں، تو صحت کا حکم یہ
بعد میں ہے۔ علیحدہ علیحدہ ہیں۔ لہٰذا اگر عقود موقوف ہوں شرع پر تو صحت والے
حکم کا توقف ضروری نہیں ہے۔ کیوں کہ صحت کہتے کس کو ہیں؟ مثل کو اسی طرح سے آنا
جس طرح شریعت نے حکم دیا۔ تو جب اسی طرح عقد کریں گے جس طرح شریعت کا
حکم ہے تو عقل کہے گی یہ عقد صحیح ہے۔ یہ بھی حکم عقلی ہو گا۔

ترجمہ: کہتا ہوں میں۔ بنانا عقود کا اسباب نہیں شک کہ بے شک یہ احکام وضعیہ ہے (احکام
دو قسم ہیں۔ ۱ احکام تکلیفی ۲ احکام شرعی وضعیہ شرع کی وضع ہے۔ ہمارے لیے جس کو
بنایا) لیکن صحت وہ ہے آنا ساتھ معاملات کے جیسا کہ بنایا شارع نے اس
کو۔ (جیسا شارع نے بنایا اسی طرح انسان
میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہم زمانے کی رو کے ساتھ بہہ گئے۔ شریعت کے احکام کو قوام
دینا ہمارے حکام پر فرض ہے۔ شریعت کے جو احکام ہیں ان کو برقرار
رکھنا، قوام دینا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے خلع کیا۔ تو وہ خلع بھی

تھا۔ ثابت بن قیس کی بیوی۔ اس کا نام ہے جمیلہ۔ جو سب سے پہلا خلع جو آپ نے کیا۔ وہ یہی تھا۔ ہمارے محدث اول خلع فی الاسلام۔ حضور نے پہلا پہلا خلع۔ اعراض ثابت بن قیس۔ جو حق مہر تمہیں دیا تھا واپس کرو گی۔ یا رسول اللہ کروں گی۔ آپ نے فرمایا۔ اے ثابت تو اپنا حدیقہ واپس لے اور اس کو طلاق دے۔ حضرت ثابت بن قیس نے طلاق دی۔ یہ دلیل ہے ہماری کہ اگر تفریق جبری ہوتی حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم پوچھتے نہ۔ اور فرماتے فرقت بن گیا۔ جیسے لعان میں ہے۔ اس میں جبری ہے۔ وہاں فرقت بن گیا ہے۔ یہاں آپ نے اس سے پوچھا۔ ثابت سے پوچھا۔ مختلف روایات ہیں۔ تو مطلب یہ ہے کہ یہ اول خلع ہے۔ اسی طرح حکام کو پابند ہونا چاہیے جس طرح حضور نے کیا ہے اسی طرح کریں۔ کیونکہ یہ عقود ہیں ان پر ثمرات مترتب ہوتے ہیں۔ اگر اسی طرح ہم نے ایقان کیا تو ثمرات مترتب ہوگا۔ نہ کیا تو کسی کی نکاح والی عورت زبردستی سے اس سے کھینچ کر دوسرے کو دلا دینا وہ رکھے اپنے پاس تو لوگ خاموش رہ جائیں۔ تو اس پر حلال نہیں ہوگی۔ قیامت کے دن پھر حساب ہونا ہے۔ جو اس طرح کرے۔ جج اس کو کہے جو عدالت میں مرے جاؤ۔ جج اس کو خدا کے اگلے اگلے کہ دے اس کو طلاق۔ کئی کہتے ہیں مجھے عدالت نے عند دکھایا ہے۔ بس اس میں رکھتا ہی نہ۔ وہ اگلے ہی کھٹا ہو اسی بتو کیں جج اس کو کہے یہاں آگئی ہے تیرے ساتھ نہیں بستی اس کو طلاق دے دو۔ وہ جو طلاق دے۔ اس کی جان چھوٹ گئی۔ عدت بیٹھے تو پھر شادی کر لے۔ یہ آگیا عقود اسباب ہیں۔ حکمت وہ یہ ہے اسی طرح معاملہ کرے جس طرح شارع نے انہیں عقد بنایا ہے۔

ترجمہ: اور یہ ہی مدار ہے واسطے مترتب ہونے ثمرہ کے (مدار یہ ہے ایقان ہے۔ تو ایقان موافق عقد کے) اور یہ لئے شرع کے ہے (یہ استتباع لئے شرع کے ہے)۔ جاننا چاہیے ساتھ عقل کے پس تو اس میں تامل کر۔ بس حق

یہاں پر مسلم الثبوت شریف کے مقالہ ثانیہ کے جوابات اختتام پذیر ہوئے۔

بروز جمعرات۔ ۲۰۱۹ — ۰۳ — ۰۷ رجب المرجب

الحمد للہ رب العلمین علی ذلک والصلوۃ والسلام علی خیر الانام والہ واصحابہ وسلم۔

راقم الحروف: محمد نعیم عباس عفی عنہ۔

الباب الثالث فی المحکوم فیہ:

مسلم الثبوت ص ۵۵: سبق 1۔

الباب الثالث فی المحکوم فیہ۔ تیسرا باب ہے محکوم فیہ۔ کیونکہ جہاں پر حکم ہوگا۔ ایک حاکم، ایک محکوم خود حکم، مقالہ اولی مبادی کلامیہ میں تھا۔ اب محکوم فیہ۔ محکوم علیہ کبھی ہے مکلف۔ محکوم فیہ۔ فرمایا یہ فعل ہے۔ تو تیسرا باب ہے محکوم فیہ میں۔ محکوم فیہ وہ فعل ہے فعل نہی کو بھی شامل ہے۔ نہی کف عن الفعل ہوتی ہے وہ کف بھی فعل ہے۔ اب پہلا مسئلہ:

مسالہ لا یجوز: وہ یہ ہے کہ یہاں ممتنع کے چار قسم ہیں۔ پہلا پہلا قسم ہے ممتنع مطلق۔ مطلق ممتنع کی صفت ہے۔ ممتنع مطلق۔ تے آگے آئے گا مطلق الممتنع۔ مطلق کی الممتنع کی طرف اضافت۔ ممتنع مطلق وہ ہے کہ نہ تو اس کے ساتھ انسان کی قدرت کا تعلق ہوتا ہے نہ مخلوق کی قدرت کا تعلق ہوتا ہے۔ تے نا اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی قدرت کا تعلق ہوتا ہے تحت القدرۃ بالکل ہے ہی نہیں۔ ممتنع مطلق یہ ہے۔ اس کے متعلق فرماتے ہیں۔ لا یجوز ممتنع مطلق کے ساتھ تکلیف جائز نہیں ہے۔ ہاں جی۔ ممتنع مطلق: کسی قدرت کا تعلق نہیں ہوتا یہ تحت القدرۃ نہیں ہوتا۔ اس کو کہتے ہیں ممتنع مطلق۔ اس کے ساتھ تکلیف جائز نہیں ہے۔ عدم وقوع میں اتفاق ہے۔ اختلاف جواز میں ہوگا۔ آگے آرہا ہے۔ اس کی مثال دیتے ہیں جیسے جمع بین الضدین۔ اجتماع النقیضین ارتفاع النقیضین، یہ ممتنع مطلق ہیں اور یہ واقع نہیں ہیں۔ ان کے ساتھ تکلیف جائز نہیں ہے۔ کیونکہ اس کا وجود عقلاً محال ہے۔ استحالہ عقلی ہے۔ ہاں جی۔ جمع بین الضدین یہ ہی اجتماع النقیضین ہے۔ اس کا وجود محال ہے۔ اس کے ساتھ تکلیف جائز نہیں ہے۔ سمجھے ناں۔ کوئی مکلف کرے تو ضدین کو جمع کر۔ ایک پاؤں اٹھاتا ہے دوسرا پاؤں زمین پر۔ اس نے کہا: دوسرا پاؤں بھی اٹھا اور پہلے بھی زمین پر نہ رکھو تے کھڑا ہو۔ اب وہ کھڑا ہوسکے گا؟ وہ گر جائے گا۔ لہذا یہ تکلیف ممتنع مطلق کے ساتھ جائز نہیں ہے۔ اب دوسرا ممتنع ہوتا ہے کہ مکلف کی مخلوق کی قدرت کا تعلق نہیں ہوتا، اللہ تعالیٰ کی قدرت کا تعلق ہوتا ہے یہ ہے مطلق الممتنع یہ وہ ہے جو ایک فرد سے وجود ہے اس کا وجود اور ایک فرد کی نفی سے اس کی نفی ایک فرد ہے وہ ہے مخلوق۔ مخلوق کی قدرت کا تعلق نہیں ہوتا مطلق الممتنع ہو گیا اگرچہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کا تعلق ہے۔ اس کی مثال دی جیسے خلق جوہر۔ قدرت حادثہ خلق جوہر نہیں کرسکتی۔ ٹھیک ہے ناں۔ اب قدرت حادثہ

کا تعلق نہیں ہے بندے کی قدرت کا تعلق نہیں ہے۔ اگرچہ فی نفسہ جوہر کی خلق ممکن ہے۔ اللہ تعالیٰ کی قدرت کا تعلق ہوتا ہے۔ جو اللہ مخلوق ہیں۔ تاں بندے کی قدرت کا تعلق نہیں ہوتا۔ اس کو کہتے ہیں مطلق الممتنع اس کے ساتھ بھی تکلیف جائز نہیں ہے

کے فرشتے. صلوٰۃ بھیجتے ہیں تو ہمیں بھی صلوٰۃ بھیجنی چاہیے. یہ صلوٰۃ کا لفظ آگے بھی ہے ضمن میں. اور آگے صریح ہے. صلوٰۃ کی اہمیت ہے اس لیے صلوٰۃ کو ذکر کر دیتے ہیں. لیکن وہ درود افضل ہوگا جس میں دونوں مادے ہوں. درود ابراہیمی سے سوال ہوتا ہے اس کا یہی جواب دیا جاتا ہے. یہ نماز کے اندر ہے اس کی تعلیم نماز کے اندر آتی ہے تو نماز میں سلام بھی ہے تو صلوٰۃ بھی ہے.

ترجمہ. اور صلوٰۃ اور سلام نازل ہوں اوپر سردار ہمارے (سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم) بیان ہے. سیادت بھی مقصود ہے تو آپ کا اسم شریف بھی مقصود ہے اور آگے صفتیں ہیں کامل کرنے والے واسطے حکمتوں کے (حِکَم جمع ہے حکمت کی. حکمت میں ہی بڑی ہیں جن میں اس کی تعریف کی. حکمت کیا ہے؟ ایک علم ہے اعیان موجودات کا علی ما هی علیہ جیسا کہ وہ نفس الامر میں ہیں اور بشری طاقت کے مطابق یہ حکمت ہے. تو موجودات کا علم جو اللہ تعالیٰ نے موجودات کو پیدا کیا. تو ان کے ساتھ تعلق طاقت بشری کے مطابق جیسے احوال کا علم طاقت بشری کے مطابق پھر حکمت کی دو قسم ہیں حکمت نظریہ اور حکمت عملیہ. حکمت نظریہ اعتقادات ہیں. معتقدات جو عقائد ہیں یہ حکمت نظریہ ہیں اور دوسرا ہے حکمت عملیہ. اعمال صالحہ. حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان حکمتوں کے متمم ہیں حکمت نظریہ کے بھی اور حکمت عملیہ کے بھی) ساتھ طریق وسط کے (جس میں نہ افراط ہو نہ تفریط ہو یہ اشارہ اس طرف ہے بعثت لاتمم مکارم الاخلاق الحدیث تم تو پیچھے پیچھے بیٹھے ہوئے ہو یہ تو ٹھیک نہیں ہوتا. کھٹولوں پر بیٹھ جاؤ یا کھڑے ہو جاؤ. چلو جی. استغفر اللہ. متمم واسطے حکمتوں کے (یہ سمجھانا ہے کہ یہی بات ہے. تمام انبیاء علیہم السلام کو حکمتیں دی گئیں ہیں لیکن وہ تام نہیں تھیں. حضرت موسیٰ علیہ السلام، عیسیٰ علیہ السلام جتنے اللہ تعالیٰ کے نبی ——— حضور فرماتے ہیں بعثت لاتمم مکارم الاخلاق. تو آپ متمم ہیں. میں بھیجا گیا ہوں تاکہ اخلاق کی ان حکمتوں کو تام کروں. موسیٰ علیہ السلام کی قوم عیسیٰ علیہ السلام کی قوم ان میں کچھ افراط تفریط تھا. عقل کافی نہیں ہے. عشق محض بھی کچھ نہیں ہے. عقل محض بھی کچھ نہیں ہے. یعنی کفایت نہیں ہے اللہ تعالیٰ کے نبی آئے. انہوں نے حکمتوں کو کامل کیا. پہلے نبیوں کے دور میں وہ حکمتیں.

[Left margin, partly legible:] استاذ صاحب چارپائی پر بیٹھ کر پڑھا رہے تھے کچھ طلبہ فرش پر بیٹھے تھے ... استاذ صاحب ... ان میں سے ... استاذ صاحب ... فرمایا ... ۱۲

احتمال ہے یہاں آیات میں بھی دو احتمال ہیں. یہاں آیات سے مراد آیات عقلیہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے عقلی آیات نازل فرمائیں اپنی وحدانیت پر صفات پر دلیل.

پر عمل تاں واجب نہیں ہوتا وہ تو دو پر ہوتا ہے تین تو پھر نکل جائینگے واجب ہوتا ہے فعل کرنا اور حرام ہوتا ہے
ترک کرنا ہوتا ہے تو حرام میں کف عن الحرام پر واجب ہوتا ہے تو پھر تین جو ہونگے احکام فقہ
سے نکل جائیں گے پس لازم باطل پس تو اس نے کہا عبارۃ علم بوجوب العمل بالاحکام مالازم کہ علم بالاحکام
کا نام کہے تو لازم باطل ہے یاں جی ۔۔۔ الا ان یقال ! کہ یہ اپنی جانب سے دیتا ہے کہ بعض
یہ تعریف کریں کہ وجوب عمل کو جو فقہ دینی تاں تو وہ اسکا جواب کوئی دے سکتا ہے کہ تعریف دو قسمیں ہوتی
ہیں حد یا جامع مانع تو وہ حدوں میں ہوتا ہے بعض تعریف ذاتیات سے اگر تعریف فقہ کی رسم سے ہو
رسم جو ہوتی ہے وہ لازم سے جائز ہوتی ہے مثلاً فقہ جو ہے علم بالاحکام تھا لیکن علم بالاحکام کو
تعبیر کیا علم بوجوب عمل کیا تو کیونکہ وجوب عمل احکام کو لازم ہے تو تعریف بالرسم ہے تعریف بالرسم
جو ہوتی ہے تو اس میں اگر جامع نہ ہو تو کوئی حرج نہیں ہے یاں جی ۔۔۔ اور اس سوال سے جواب یہ
کہ دو ربعض یہ جامع مانع جو ہوتی ہیں تعریفیں یہ حد میں ہوتی ہیں اب یہ تعریف بالرسم ہو
تو اس سے یہ ضروری نہیں ہے کہ تعریف بالرسم رسم شئے کی شئے کا خاصہ لازم یہ تعریف
باللازم ہے اصل تو تھا علم بالاحکام نے تعبیر کیا علم بوجوب العمل بالاحکام کیونکہ علم بالاحکام کو
ہوتے فی الجملۃ وجوب عمل لازم ہے تو وجوب عمل اس جگہ رکھ دیا علم بوجوب العمل بالاحکام کہہ دیا۔
تو تعریف باللازم ہے تعریف باللازم رسم ہوتا ہے تو رسم کیلئے شرط نہیں ہے کہ جامع مانع
ہو ترجمہ مگر یہ کہ کہا جائے بے شک یہ رسم ہے یہ فقہ کی تعریف رسم ہے پس جائز ہے
ساتھ لازم کے ۔ وفیہ ما فیہ تو اب بتایا ہے کہ اسکے اندر ایک اعتراض ہے جو اسی کے
اندر ہے۔ اعتراض یہ ہے کہ جو احکام ہیں وہ ہیں مستحب مباح مکروہ ادلۃ تفصیلیۃ سے یہ احکام
مستنبط ہیں تو ان پر عمل واجب نہیں ہے تو علم بالاحکام کو وجوب عمل لازم ہوتا تاں یہاں بھی لازم
ہے یہ لازم نہیں ہے تو لازم کی نفی سے ملزوم کی نفی ہو جاتی ہے تو پھر یہ محمول بھی نہیں ہوگا کہ
یہ لازم فقہ پر محمول بھی نہیں ہوگا محمول معرَّف کیلئے شرط ہے کہ محمول ہو [illegible] تو ملزوم پایا گیا
وہ ہیں احکام احکام پائے گئے لیکن وجوب عمل جو لازم ہے وہ منفک ہے تو تعریف باللازم
نہ رہی ناں۔ یاں جی ۔۔۔ احکام ہیں لیکن وجوب عمل لازم تھا یہ لازم تاں نہیں ہے تو لازم
منفک ہو گیا اسکا مطلب یہ ہوگا کہ ملزوم پایا گیا تو لازم ہے ہی نہیں لہٰذا یہ تعریف صحیح نہیں ہے
دوسرا یہ ہے کہ ایک ہے لازم الماہیت ایک ہے لازم الوجود تو یہ جو وجوب عمل ہے یہ لازم الماہیت
نہیں ہے ماہیت جو ہوتی ہے وہ اپنے فردوں میں پائی جاتی ہے تو یہ لازم الوجود ہے کہ جو لازم الوجود

(۱۰۰)

ہے کہ کلیہ ہو یا جزئیہ

وما في المختصر ان لا انتاج الخ مختصر الاصول فقہ میں ابن حاجب کی کتاب ہے ان کا اس مسئلہ میں رد کرتے ہیں۔ انہوں نے فرمایا لا انتاج الا بالاول۔ انہوں نے کہا چار شکلیں نہیں ہے بلکہ شکل تو شکل اول ہی ہے باقی شکلیں نتیجہ نہیں دیتی کیونکہ ان کا نتیجہ لازم نہیں ہے اس لیے تو ہمیں اول کی طرف رد کرنا پڑتا ہے لزوم لذاتہ ہے ہی نہیں لہذا شکل اول کے علاوہ اور کوئی شکل نتیجہ دیتی ہی نہیں اس کا رد کرتے ہیں کہ یہ دعویٰ ہے بے بلا دلیل ہے کیونکہ لزوم لذاتہ کے یہ بات منافی نہیں ہے کہ ہم نے شکل اول کی طرف رد کیا بلکہ منافی لزوم لذاتہ کے یہ ہے کہ مقدمہ اجنبیہ کا دخل آجائے رد کرتے ہیں تو وہی موضوع محمول ہوتے ہیں ان میں تو کوئی مقدمہ اجنبیہ آتا ہی نہیں۔ مقدمہ اجنبیہ تو یہ ہوتا ہے اس کے موضوع محمول اور ہوں جو قیاس کے مقدموں میں نہیں ہیں صرف رد کرنا لزوم لذاتہ کے منافی نہیں ہے اگر مقدمہ اجنبیہ نہ ہو تو لزوم لذاتہ متعدد کو ہو سکتا ہے کہ اول کو بھی لازم ہوتے ثانی اور ثالث کو بھی لازم ہو۔ حالانکہ اس وقت منافی ہے جب مقدمہ اجنبیہ کا بیچ دخل آجائے وہ تو یہاں پر نہیں ہے۔ ثانی کو جب اول کی طرف رد کریں تو کبریٰ کا عکس کریں۔ اشرف المقدمتین میں تو ثانی اول کو شریک ہے صرف شکل ثانی کے کبریٰ میں حد اوسط محمول ہے اور شکل اول کے کبریٰ میں موضوع ہے اس لیے کہا کہ اس کا عکس کریں باقی حد اصغر صغریٰ میں اور حد اکبر کبریٰ میں رہے گی اور نتیجے کا بھی عکس نہیں کرنا پڑے گا

ترجمہ: اور وہ جو بیچ مختصر کے ہے یہ کہ نہیں انتاج مگر ساتھ اول کے پس ادعا ہے کیونکہ لزوم نہ واسطے مقدمہ اجنبیہ کے جائز ہے یہ کہ ہو لزوم لذاتہ ساتھ متعدد کے۔

والدوران مع الاول لا ینافیہ اب منشا غلطی بیان کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ شکل ثانی کے نتیجہ کی صحت یا عدم صحت معلوم کرنی ہو تو اول کی طرف رد کرتے ہیں اسی طرح ثالث اور رابعہ۔ تو باقی شکلیں شکل اول کے ارد گرد گھومتی ہیں تب یہ

عوام لہذا شکل اول کا محتاج ہے اور لزوم لذاتہ ... باقی شکلیں ... نتیجہ دیتی ۱۲۶

اب علامہ کہتا ہے کہ جو مواقف میں آیا یہ ممنوع ہے یعنی جو نقص مطلقاً ہے
خواہ نقص فی الصفات ہو یا نقص فی الافعال ہو یہ محال عقلیہ میں سے ہے یہ اللہ تعالیٰ
میں محال عقلی ہے جتنے محالات عقلیہ ہیں اللہ تعالیٰ کی ذات ہر مرتبہ میں ان
سے پاک ہے۔ یعنی نقص فی الصفات کو تو کہتے ہو کہ مستحیل ہے عقلاً۔ اور
یہ نقص بمعنی صفات نقصان ہے۔ اور جو نقص فی الافعال ہے۔ یہ بھی نقص
بمعنی صفات نقصان ہے کیونکہ یہ وجوب ذاتی کے منافی ہے۔ نقص مطلقاً
وجوب ذاتی کے منافی ہے۔ اللہ تعالیٰ واجب الوجود ہے۔

ترجمہ اور وہ جو شیخ مواقف نے کہا کہ بے شک نقص فی الافعال رجوع کرتا ہے
طرف قبح عقلی کے پس ممنوع ہے کیونکہ وہ جو منافی ہے وجوب ذاتی کے صفۃ
یا فعلاً یہ استحالات عقلیہ میں سے ہے۔ جیسے شریک الباری ممتنع یہ بھی استحالہ
عقلیہ ہے تو ولد صاحبہ یہ محالات عقلیہ سے ہیں ان سے اللہ تعالیٰ ذات ہر مرتبہ
میں پاک ہے کیونکہ یہ وجوب ذاتی کے منافی ہیں۔ کذب یا جتنے افعال
ہوں قبیح۔ یہ کذب کو فعل بنا رہا ہے۔ کیونکہ بات معلوم کے اندر چلی ہوئی
ہے وہ پھر کذب کو بھی فعل بنایا۔ لیکن ہمارے استاذ صاحب فرماتے تھے کہ کذب
کلام کی صفت بنتا ہے۔ یہ فعل نہیں ہو سکتا۔ صدق کذب اس کا تعلق صفت
کلام سے ہے۔ خیر یہ بات الگ ہے۔ کہ کذب فعل ہے یا صفت کلام ہے۔

محمود الحسن دیوبندی نے ایک کتاب لکھی ہے اس کا نام رکھا جہد المقل
اس میں اس نے امکان ثابت کرنے کی سعی و کوشش کی ہے۔ بڑی موٹی کتاب
دو جلدیں۔ رشتہ نام رکھا کتاب کا جواب:

پہلی بات تو یہ ہے کہ کذب باری تعالیٰ کا صفت نقصان ہے۔ قبیح ہے۔ اور
انہوں نے عجیب عجیب باتیں کیں۔ بندہ کذب بول سکے تو اللہ تعالیٰ اگر نہ بول
تو بندے کی قدرت اللہ تعالیٰ سے زیادہ ہو جائے گی۔ یہ کون بات ہے کہ بندے کی قدرت
شمار ہو؟ ہم پوچھتے ہیں کہ بندے کو قدرت دی کس نے ہے۔ جو زیادہ ہو جائے
گی۔ بندے کو قدرت اللہ تعالیٰ نے دی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی ہے کوئی اس کی
مستقل ہے کہ زیادہ ہو رہی ہے۔ یہ اس طرح کی فضول باتیں کرتے ہیں۔

اب علامہ کہتا ہے کہ جو مواقف میں آیا یہ ممنوع ہے یعنی جو نقص مطلقاً ہے
خواہ نقص فی الصفات ہو یا نقص فی الافعال ہو یہ محال عقلیہ سے ہے یہ اللہ تعالیٰ
میں محال عقلی ہے جتنے محالات عقلیہ ہیں اللہ تعالیٰ کی ذات کے مرتبہ میں ان
سے پاک ہے۔ یعنی نقص فی الصفات کو تو کہتے ہو کہ مستحیل ہے عقلاً۔ اور
یہ نقص بمعنی صفات نقصان ہے۔ اور جو نقص فی الافعال ہے۔ یہ بھی نقص
بمعنی صفات نقصان ہے کیونکہ یہ وجوب ذاتی کے منافی ہے۔ نقص مطلقاً
وجوب ذاتی کے منافی ہے۔ اللہ تعالیٰ واجب الوجود ہے۔
کہ جیسا اور وہ جو شیخ مواقف نے کہا کہ بے شک نقص فی الافعال رجوع کرتا ہے
طرف قبیح عقلی کے پس ممنوع ہے کیونکہ وہ جو منافی ہے وجوب ذاتی کے صفۃً
یا فعلاً یہ استحالات عقلیہ سے ہے۔ جیسے شریک الباری ممتنع ہے یہ بھی استحالہ
عقلیہ ہے تو والد صاحب یہ محالات عقلیہ سے ہیں ان سے اللہ تعالیٰ ذات کے مرتبہ
میں پاک ہے کیونکہ یہ وجوب ذاتی کے منافی ہیں۔ کذب یا جتنے افعال
ہوں قبیح۔ یہ کذب کو فعل بنا رہا ہے۔ یوں کہ بات مقلوں کے اندر چلی ہوئی
ہے وہ پھر کذب کو بھی فعل بنایا۔ لیکن ہمارے استاذ صاحب فرماتے تھے کہ کذب
کلام کی صفت بنتا ہے۔ یہ فعل نہیں ہو سکتا۔ صدق کذب اس کا تعلق صفت
کلام سے ہے۔ خیر یہ بات الگ ہے۔ کہ کذب فعل ہے یا صفت کلام ہے۔
محمود الحسن دیوبندی نے ایک کتاب لکھی ہے اس کا نام رکھا جہد المقل
اس میں اس نے امکان ثابت کرنے کی سعی و کوشش کی ہے۔ بڑی موٹی کتاب
وہ چھپی۔ [illegible] نام رکھا کتاب کا جواب۔
پہلی بات تو یہ ہے کہ کذب باری تعالیٰ کا صفت نقصان ہے۔ قبیح ہے۔ اور
انہوں نے عجیب عجیب باتیں کیں۔ بندہ کذب بول سکے تو اللہ تعالیٰ اگر نہ بولے
تو بندے کی قدرت اللہ تعالیٰ سے زیادہ ہو جائے گی۔ یہ کون بات ہے کہ بندے کی قدرت
زیادہ ہو۔ ہم پوچھتے ہیں کہ بندے کو قدرت دی کس نے ہے۔ جو زیادہ ہو جائے
گی۔ بندے کو قدرت اللہ تعالیٰ نے دی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی ہے کوئی اس کی
مستقل ہے کہ زیادہ ہو رہی ہے۔ یہ اس طرح کے بہت سے مسائل ہیں۔

(۲۰۶)

اب علامہ کہتا ہے کہ جو مواقف میں آیا یہ ممنوع ہے یعنی جو نقص مطلقاً ہے خواہ نقص فی الصفات ہو یا نقص فی الافعال ہو یہ محال عقلیہ ہے یہ اللہ تعالیٰ میں محال عقلی ہے جتنے محالات عقلیہ ہیں اللہ تعالیٰ ذات کے مرتبہ میں ان سے پاک ہے۔ یعنی نقص فی الصفات کو تو کہتے ہو کہ مستحیل ہے عقلاً۔ اور یہ نقص یعنی صفات نقصان ہے۔ اور جو نقص فی الافعال ہے۔ یہ بھی نقص یعنی صفات نقصان ہے کیونکہ یہ وجوب ذاتی کے منافی ہے۔ نقص مطلقاً وجوب ذاتی کے منافی ہے۔ اللہ تعالیٰ واجب الوجود ہے۔

ترجمہ اور وہ جو شیخ مواقف نے کہا کہ بے شک نقص فی الافعال رجوع کرتا ہے طرف قبح عقلی کے پس ممنوع ہے کیونکہ وہ جو منافی ہے وجوب ذاتی کے صفۃ یا فعلاً یہ استحالات عقلیہ سے ہے۔ جیسے شریک الباری ممتنع یہ بھی استحالہ عقلیہ ہے تو ولی صاحب یہ محالات عقلیہ سے ہیں ان سے اللہ تعالیٰ ذات کے مرتبہ میں پاک ہے کیونکہ یہ وجوب ذاتی کے منافی ہیں۔ کذب یا جتنے افعال ہوں قبیح۔ یہ کذب کو فعل بنا رہا ہے۔ کیونکہ بات مقولوں کے اندر چلی ہوئی ہے وہ پھر کذب کو بھی فعل بنایا۔ لیکن ہمارے استاذ صاحب فرماتے تھے کہ کذب کلام کی صفت بنتا ہے۔ یہ فعل نہیں ہو سکتا۔ صدق کذب اس کا تعلق صفت کلام سے ہے۔ خیر یہ بات الگ ہے۔ کہ کذب فعل ہے یا صفت کلام ہے۔

محمود الحسن دیوبندی نے ایک کتاب لکھی ہے اس کا نام رکھا جہد المقل اس میں اس نے امکان ثابت کرنے کی سعی و کوشش کی ہے۔ بڑی موٹی کتاب دو جلدیں۔ اس کا نام رکھا کتاب کا جواب۔

پہلی بات تو یہ ہے کہ کذب باری تعالیٰ کا صفت نقصان ہے۔ قبیح ہے۔ اور انہوں نے عجیب باتیں کیں۔ بندہ کذب بول سکے تے اللہ تعالیٰ نہ بول سکے تو بندے کی قدرت اللہ تعالیٰ سے زیادہ ہو جائے گی۔ یہ کون بات ہے کہ بندے کی قدرت زیادہ ہے۔ ہم پوچھتے ہیں کہ بندے کو قدرت دی کس نے ہے۔ جو زیادہ ہو جائے گی۔ بندے کو قدرت اللہ تعالیٰ نے دی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی ہے تو کیا اس کی مستقل ہے کہ زیادہ ہو رہی ہے۔ یہ اس طرح کہتے ہیں مسائل۔

مسلم الثبوت ص ۲۶ سبق ۱

ثم فی تسمیۃ الکلام فی الازل خطابا خلاف اھ۔ پیچھے بحث آئی حکم خطاب اللہ ہے۔ خطاب
اللہ یعنی کلام نفسی۔ کلام نفسی صفت ہے اور ازل میں ہے اس میں بحث ہے کہ ازل میں
خطاب ہے یا نہیں ہے۔ اس میں اختلاف ہے۔ جب خطاب میں اختلاف ہو گیا۔ حکم بھی
خطاب ہے۔ تو حکم میں بھی خطاب ہو جائے گا۔ یعنی ازل میں حکم تھا یا نہیں تھا۔ خطاب
اللہ تعالی المتعلق بافعال المکلفین۔ ثم فی تسمیۃ اھ سے پھر تم یہ مسئلہ ذکر فرمایا ہوں کہ یہ ہر مرتبہ میں
موخر ہے پیچھے حکم کی تعریف خطاب اللہ تعالی۔ خطاب اللہ تعالی کا کلام ہے۔ کلام نفسی اس
کی صفت ہے۔ کلام نفسی کا تسمیہ خطاب کہ اس کو خطاب کہہ سکتے ہیں کہ نہیں کہہ سکتے اس میں
اختلاف ہے۔ والحق - جب خلاف ہو گیا تو بعض نے کہا ازل میں کلام خطاب ہے۔ اور بعض
دوسروں نے کہا۔ کلام ازل میں خطاب نہیں ہے۔ تو اپنا مختار بیان فرماتے ہیں کہ حق
بات یہ ہے کہ یہ اختلاف لفظی ہے۔ اصل خطاب کی تفسیر میں اختلاف ہے۔ خطاب
کی دو تفسیریں ہیں ایک مایُفْہِمُ۔ دوسری تفسیر ہے: ما اَفْہَمَ۔ مایُفْہِمُ کا معنی
ہے خطاب وہ ہے جو افہام کرتا ہے یا کرے گا۔ ما افہم۔ خطاب وہ کلام ہے جو افہام
کیا ہو اس نے۔ اگر تفسیر ہو مایُفْہِمُ سے تو پھر خطاب ہے ازل میں خطاب ہے کیونکہ آگے
کہ افہام کرتا ہے یا کرے گا۔ ازل میں کلام خطاب ہے۔ اگر تفسیر ما اَفْہَمَ ہو: خطاب وہ
ہے جو افہام کر دیا ماضی میں۔ تو پھر ازل سے پہلے ماضی تو کوئی نہیں۔ عہ۲ تو انہوں نے کہا:
کلام ازل میں خطاب نہیں ہے۔ خلاصہ: جنہوں نے پہلی تفسیر کی انہوں نے کہا: کلام ازل
میں خطاب ہے عہ جنہوں نے دوسری تفسیر کی انہوں نے کہا کلام ازل میں عہ خطاب نہیں ہے
ترجمہ: پھر بیچ تسمیہ کلام کے خطاب بیچ ازل میں خلاف ہے اور حق یہ ہے کہ بے شک
اگر تفسیر کیا جائے خطاب ساتھ اس کے جو افہام کرتا ہے یا کرے گا ہو گا کلام خطاب بیچ ازل کے
اور اگر تفسیر کیا جائے خطاب ساتھ نہیں ہو گا بلکہ ہو گا بیچ مالایزال (مستقبل کے) مستقبل آئے
گا کا افہام ہو گا۔

و ینبنی علیہ الحکم فی الازل او فیما لایزال — اب اسی بات کو بیان کرتا ہے کہ اسی پر جو دوسرا
اختلاف مبنی ہے۔ خطاب میں اختلاف ہے تو پھر حکم میں بھی اختلاف ہو گا کیونکہ حکم کی
تعریف خطاب اللہ تعالی۔ جو خطاب کی تعریف مایُفْہِمُ سے کرتے ہیں گے۔ پھر ازل میں حکم ہے:

عہ۲ ازل میں پہلا معنی تو افہام کر دیا۔ ۱۲

عہ تو پھر بالاتفاق کلام ازل میں خطاب نہیں ہے

عہ تو بالاتفاق کلام خطاب ہے ۱۲

کوئی آ رہی ہیں. کوئی اُڑ کے جا رہا ہے. کوئی بیٹھی جا رہی ہے. تو دیکھے گا تو پھر تم سمجھو گا کہ کوئی ایک پروگرام ہے
ایک پروگرام میں لگے ہوتے ہیں لیکن جب ایک ایک فرد کو دیکھے گا تو یہ اپنے مجبوری کے لئے جا رہا ہے اور وہ
کھانے کی تلاش میں۔ ان کا اپنا کام ہے۔ یہ ایک کلی طبعی ہے۔ اس طرح ہوتا ہے کلی طبعی۔ چیونٹی کا مثال اس
طرح تو نہیں کہ کلی طبعی خارج میں اکیلی بیٹھا اور یہ بھی کلی۔ خارج میں جو ہوتا ہے شخص ہوتا ہے
فرد واحد مشخص ہوگا۔ کلی طبعی کا یہ معنی ہے۔ — یا تو امتثال کی علت مجموع من حیث مجموع یا کل واحد
واحد یا غیر معین ہے وہی واحد مبہم آگیا۔ احدھما۔ مجموع من حیث مجموع تو نہیں ہو سکتے۔ کیونکہ
ورنہ سارے واجب ہوں گے۔ پھر ایک ایک کو کہیں گے کہ علت ہے تو ناقصہ ہے۔ جزئیں۔ اب مجموع آیا
کے امتثال۔ جو یہ بھی واجب ہے یہ بھی، یہ بھی — تو جمیع واجب ہوں گے۔ اور اگر ہو کل
واحد تو ہر ایک ایک امتثال کی مستقل علت ہوگا۔ ہیں دو لفظ تو مستقل علت۔ اور اگر واحد مبہم ہو
تو واحد مبہم تو مجہول ہوتا ہے۔ کس کو کہیں گے کہ یہ۔ واحد مبہم کا تو اسے علم نہیں ہے معلوم
نہیں ہے تو وہ امتثال نہیں کر سکے گا۔ امتثال نہیں ہوگا تو خارج میں موجود نہیں ہوگا۔ اس کا
وقوع نہیں ہو سکے گا تو لہٰذا معین معین ہوگیا:

ترجمہ: اور دوسری وار اگر آئے ساتھ کل کے معاً پس امتثال یا ساتھ کل کے ہے (جو مجموع) پس
واجب ہوگا کل یا ساتھ ہر ایک ایک کے پس لازم آئے گا تعدد علل تامہ کا یا ساتھ ایک لا بعینہ کے
اور وہ غیر موجود ہے پس متعین ہوگیا معین۔

اقول لا یلزم وجوب الکل بالامتثال الخ۔ اب کہتا ہے کہ ہم کہتے ہیں۔ کل ادا کرے تو امتثال آئے گا تو تم
کیا کہو گے۔ تو پھر کل واجب ہوں گے۔ تو کہتا ہے یہ تو تب ہے کہ کل بدل نہ ہو۔ اگر کل بدل ہو تو پھر
کل کا وجوب نہیں آیا۔ مطلب ہے مجموع من حیث مجموع ادا کر دے۔ امتثال کرے جمیع کو۔ اتیان
کرے ان کا۔ تو امتثال ہوگیا لیکن کل کا وجوب ضروری نہیں۔ کیوں کہ کل بدل ہے۔ وہ جو واجب
تھا وہ تھا احدھما۔ اب اس نے سارے کر دیے۔ یہ سب کا وجوب نہیں آیا، بلکہ یہ قائم
مقام ہے اس احدھما کا۔ ہاں جی۔ اگر سارے ادا کر دے تو امتثال آگیا لیکن کل کا وجوب لازم
نہیں ہے۔ کیونکہ یہ اس وقت تھا۔ مستقل بالاصالۃ ہوتا۔ کل کا امتثال امر مبہم کا قائم مقام
ہے۔ واجب تھا احدھما اس نے سارے کر دیے۔ اس سے امتثال آگیا لیکن واجب کل نہیں ہوا
کیونکہ یہ کل بدل اس واجب کا جو احدھما تھا۔ ٹھیک ہو نا۔ اب اس کی ایک مثال
دیتا ہے۔ مثلاً ایک ہے علت تامہ کہ مرکب۔ ایک جزء معدوم ہے۔ ایک جزء کے عدم سے
علت تامہ پر عدم آئے گا۔ تو ہر جزء کا عدم بھی علت تامہ ہے۔ کل کے عدم کی۔

نقیضین ہے اس کو کہتے ہیں تکلیف بالمحال ۔ واجب مقدمے کے بغیر ہو سکتا ہی نہیں کیونکہ تم کہو واجب
بھی ہے ترک کرنا ہے اور اس کے بغیر ہو سکتا نہیں تو وہ اس کا عدم بھی ہوگا۔ وجود بھی ہے عدم بھی
ہے اجتماع نقیضین ۔ ٹھیک ہے جی ۔ یہ اصول فقہ ہے ۔ جناب ۔ مشکل ہے کہ مسلم الثبوت مبتدی طلباء
میں تھی ۔ اگر یہ نہ ہو تو مشکل ہے ۔ واجب کا مقدمہ واجب نہیں ہے مقدمہ تو موقوف علیہ
ہوتا ہے ۔ اس کے بغیر فعل ہو سکتا ہی نہیں ۔ تو واجب نہیں ہے تو ترک بھی جائز ہے ۔ یہ واجب
ہے تو موقوف علیہ کا ترک بھی جائز ۔ تو وہ موقوف بغیر موقوف علیہ کے وجود میں نہیں آسکتا
تو وہ نہ ہوگا واجب ہے کر دو ۔ موقوف علیہ کا ترک جائز ہے ۔ اس کا عدم بھی ہوگا پھر وجود
اور عدم دونوں اکٹھے ہو جائیں گے ۔ تمہارے سے ہوگی طلب ۔ یہ اس طرح ہے کہ کرو بھی تم
نہ بھی کرو ۔ ایک ہی وقت ۔ وہ کرے یا نہ کرے ۔ واجب کہتا ہے کرے ۔ تو مقدمہ کہتا ہے
کہ نہ کرے ۔ تو وہ مکلف ہے کیسے دونوں اکٹھے صادر ہو سکتے ہیں ۔ یا فعل ہوگا تو
یا نہیں ہوگا ۔ اجتماع نقیضین ہے تو تکلیف بالمحال ہے لہذا ماننا پڑے گا کہ تکلیف واجب
کی بغیر تکلیف مقدمے کی محال کو پہنچائے گی ۔ تو تکلیف بالمحال تو باطل ہے لہذا تکلیف واجب
کی بغیر تکلیف مقدمے کے باطل ہوگی تو مقدمہ واجب ہو گیا ۔
ترجمہ ۔ واسطے ہمارے یہ دلیل ہے کہ طلب ما تو واجب کے (تکلیف میں طلب ہوتی ہے) بغیر طلب
مقدمے کے پہنچائے گی طرف تکلیف محال کے ۔

21-27 الاتری تحقیق اسباب الواجب واجب اذ ۔ اب اس دلیل پر تائید دیتا ہے ۔ ایک شئی ہے واجب ۔ تو واجب
ہم نے کرنا ہے ۔ واجب کے جو اسباب ہیں ان کی تحقیق بھی واجب ہو جاتی ہے کیونکہ بغیر اسباب کے واجب
ادا نہیں ہوتا تو واجب کی تحقیق کرنی ہے تو اسباب کی تحقیق بھی واجب ہو جاتی ہے اور حرام جو ہے
تو وہ حرام ہے ۔ نہیں کرنا ۔ تو حرام کے اسباب بھی حرام ہو جاتے ہیں ۔ کیونکہ اگر حرام نہ کرے تو اسباب
اپنائے گا تو پھر تو حرام میں وقوع ہو جائے گا ۔ تو حرام کے اسباب بھی حرام ہوتے ہیں ۔ تو واجب
جو ہے اس کے اسباب کی تحقیق بھی واجب ہو جاتی ہے ٹھیک جی ۔ دلیل پیچھے آگئی اب اس پر
تائید پیش کرتا ہے ۔ کیا تم نے دیکھا نہیں کہ ایک کام واجب ہے اس کے اسباب اپنانا بھی واجب
ہو جاتا ہے وہ اس لیے واجب ہو جاتا ہے ان اسباب کے اپنانے کے بغیر واجب ادا نہیں
ہوتا ۔ حرام کے اسباب بھی حرام ہوتے ہیں ۔ کیونکہ ان تک بندہ حرام سے بچ نہیں
سکتا حرام سے جتنے تک اسباب کو حرام نہ سمجھے ۔ تو اسباب حرام ہوتے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں
فرمایا ولا تقربوا الزنٰی زنا کے قریب نہ جاؤ ۔ زنا حرام ہے ۔ اس کے قریب سے منع فرمایا ۔ کیونکہ اسباب

انہ صلوۃ۔ واجب ہے۔ تو نماز صحیح ہوگی۔ ہاں جی۔ وجوب اور حرمت کے متعلق حقیقۃً ایک نہیں ہے
یعنی جو نماز پڑھ رہا ہے دار مغصوبہ میں۔ کون فی الحیز واحد بالشخص ہے۔ واحد بالجنس ہو تو نیچے
انواع ہوں گے۔ واحد بالنوع ہوں تو نیچے اصناف ہوں گے۔ واحد بالشخص ہو ~~تو نیچے~~ تو کبھی اعتبار
سے تعدد آئے گا۔ اب کون فی الحیز اس کے دو اعتبار ہیں ایک یہ کہ یہ کون نماز کا کون ہے یہ نماز
پڑھ رہا ہے۔ اس اعتبار سے امر ہے نماز قائم کرو۔ اس اعتبار سے نماز مامور بہ ہے تو ادا کرے تو صحیح ہے
اور اس کی ذی ہے کہ یہ کون فی الحیز کون غصب کا ہے تو منہی عنہ ہے اب کون فی الحیز میں اعتباری
تعدد آ گیا۔ کون من حیث انہ صلوۃ اور کون من حیث انہ غصب۔ کون من حیث انہ صلوۃ
یہ واجب ہے۔ اور کون من حیث انہ غصب اس اعتبار سے حرام ہے۔ تو اتحاد متعلقین حقیقۃً
متحد نہیں ہے۔ چلو جی۔

توجیہ: دلیل واسطے ہمارے عدم اتحاد متعلقین کا حقیقۃً کیونکہ کون فی الحیز اگرچہ ہے واحد بالشخص
لیکن وہ متعدد ہے باعتبار اس کے یہ کون اس حیثیت سے کہ نماز ہے اور کون ہے اس حیثیت سے کہ غصب
ہے۔ واجب کا کون اور ہے اور حرمت کا کون اور ہے۔ وہی کون حرام اور وہی کون واجب یہ جمع نہیں
ہو سکتا۔ چلو جی۔

قیل النہی عن الکون فی المکان المغصوب الخ۔ اب اس کا جواب دیا وہ یہ ہے کہ جب کون فی الحیز
من حیث انہ غصب یہ کون ہے اس میں ہے نہی۔ غصب سے منع ہے کون فی الحیز من حیث انہ
غصب ہے منہی عنہ حرام ہے تو یہ نہی دلالت کرتی ہے کہ کون من حیث انہ صلوۃ وہ کون من حیث انہ
غصب کا غیر ہو۔ غیر ہونا چاہیے۔ یعنی نماز پڑھو دار مغصوبہ نہ ہونا۔ نہی دلالت کرتی ہے کہ
نماز کا کون وہ ہونا چاہیے جو کون من حیث انہ غصب کا غیر کون ہو۔ تو لہذا اگر تو وہ غیر
نہیں ہے۔ لہذا نماز صحیح نہیں ہوگی۔ ہاں جی۔ کون من حیث انہ غصب اس سے ہے نہی۔ اور
یہ نہی دال ہے کہ جو کون مطلوب ہے۔ امر ہے نماز کا۔ نماز قائم کرو۔ کون من حیث انہ صلوۃ اس
کون کا غیر ہو۔ یعنی نماز کا امر ہوا۔ تو یہ مطلب ہے کہ نماز قائم کرو بلا دار مغصوبہ میں
نہ ہو۔ اب جو دار مغصوبہ میں ہے تو پھر۔۔۔ کیونکہ جو امر ہے کہ کون ایسا ہو نماز کا جو دار
مغصوبہ نہ ہو کیونکہ نہی ہے۔ اور نہی دلالت کر رہی ہے نماز مطلوب ہے ایسے کون میں ہو جو کون
من حیث انہ غصب نہ ہو اس کا غیر ہو۔ تو لہذا تو اسی دار مغصوبہ میں پڑھی ہے
لہذا نماز فاسد ہوگی صحیح نہیں ہے۔ ہاں جی۔ ہوگا نماز کا امر ہے کہ نماز پڑھو بلا دار
اس کا کون دار مغصوبہ کا کون نہ ہو۔ اس سے نہی ہے۔ وہ نہی دلالت کرتی ہے کہ

نماز دار مغصوبہ کے غیر میں ہو۔ جیسے ایسا ہو جو دار مغصوبہ کا غیر ہو۔ یہ تو دار مغصوبہ
میں آ گئی تو نماز صحیح نہیں ہو گی جیسا امر ہے ویسا ادا نہیں کر رہا ہے۔ امر یہ کہ ایسے کون
میں کرو جو دار مغصوبہ کا غیر کون ہو۔ اب یہ جو دار مغصوبہ کا کون ہے۔ اس میں مامور بہ
کی ادائیگی طلب کے موافق نہیں ہے۔ طلب تو یہ ہے کہ تم نماز کو ادا کرو جو ایسے کون میں جو دار
مغصوبہ کے کون کا غیر ہو۔ کیوں جو نہی ہے۔ دار مغصوبہ میں ہونا۔ اس سے جو نہی ہے۔ امر بالصلوٰۃ
یہ ہے کہ اس کے غیر میں نماز ہو۔ وہ تو دار مغصوبہ میں پڑھ رہا ہے۔ لہذا نماز فاسد ہو گی صحیح نہیں
ہے۔ کیونکہ نہی جو ہوتی ہے کسی شئی سے تو منہی عنہ جو ہوتا ہے وہ فاسد ہوتا ہے۔ نماز اس میں ہو رہی
ہے تو نماز فاسد ہو گی۔ ٹھیک جی۔
کہا گیا نہی کون سے فی مکان مغصوب کے دلالت کرتی ہے اس اوپر اس کے بے شک کون مطلوب بیچ
امر بالصلوٰۃ کے غیر اس کا ہے۔

اقول الدلالۃ ممنوعۃ اٰہ اب اس کا جواب دیتا ہے۔ پہلا جواب یہ ہے۔ تم نے کہا نہی عن الکون فی المکان
المغصوب۔ غصب سے جو نہی ہے وہ دلالت کرتی ہے کہ نماز کا کون دار مغصوبہ کے کون کا غیر ہونا چاہیے
یہ کہتا ہے کہ ہم اس دلالت کو نہیں مانتے کیونکہ جو دلالت ہے یہ فرع ہے تضاد کی۔ پہلے تضاد
ہو تب پھر یہ اس پر متفرع ہوگا جب تضاد ہی نہیں ہے۔ ہم نے جائز رکھا۔ دار مغصوبہ کا کون۔ کون
فی الحیز یہ واحد بالشخص ہے اعتبارًا کون متعدد ہیں اس حیثیت سے کہ کون ہے نماز کا تو واجب ہے
اور اس حیثیت سے کہ کون ہے غصب کا تو ممنوع ہے۔ تو منع اور امر علیحدہ علیحدہ ہیں۔ جب ہم
نے یہ جائز رکھا کہ امر نہی اکٹھے ہو سکتے ہیں۔ تضاد نہیں ہے کہ تم کہو امر بالصلوٰۃ میں جو کون ہے وہ اس
کا غیر ہو یہ تضاد کی فرع ہے یہاں پہ تضاد نہیں ہے۔ یہ دار مغصوبہ میں کون وجوب اور
حرمت امر اور نہی جمع ہو سکتی ہے۔ ہاں جی۔ یہ دلالت ممنوع ہے ہم دلالت کو تسلیم نہیں کرتے۔
یہ تو فرع ہے تضاد کی۔ حرمت اور وجوب اکٹھے نہیں ہو سکتے۔ اور یہاں پر اکٹھے ہو سکتے ہیں۔ ہم اجتماع
کے قائل ہیں۔ واحد بالشخص ہو اور اعتباری تعدد آ گیا تو حرمت اور وجوب جمع ہے ان کا متعلق
غیر غیر ہے۔ تو واجب کا کون من حیث انہ صلوٰۃ ہے اور حرمت کا ہے غصب سے تو تضاد نہیں
ہے۔ تضاد تو یہ ہوتا ہے کہ دو وجودی ایک محل میں ایک جہت سے جمع نہیں ہو سکتے۔ یہاں پر تو جہتیں متعدد
ہیں۔ لہٰذا تضاد نہیں ہے۔ اب دوسری وجہ۔ تم نے کہا۔ کہ نہی دلالت کرتی ہے کہ نماز کا جو امر ہے اس کی
وجوب ہے۔ اس کا کون منہی عنہ کون کا غیر ہو۔ ہم کہتے ہیں ایسے تو نہیں ہے امر بالصلوٰۃ ہے۔ اقیموا الصلوٰۃ الایۃ
اس میں کوئی دلالت ہے کہ تم نماز قائم کرو بعد دار مغصوبہ میں نہ ہو۔ یہ امر مطلق ہے۔

تم نماز پڑھو. اب مثال دار مملوکہ ہو خواہ مغصوبہ ہو. اس میں کوئی قید نہیں ہے. امر بالصلوٰۃ مطلق ہے نماز پڑھو حقیقتہ. امر ہوتا ہے تو اس میں کوئی تقیید نہیں ہوتی. ہاں آگے. گویا یہ معارض ہے کہ تم یہ تو ہو کہ لنی دلالت کرتی ہے کون وجوب اس کا غیر ہو. امر مطلق ہے وہ کہتا ہے نماز پڑھو. جو کون بھی ہو لہذا من حیث الله غصب وہ ہو یا اس کا غیر کون ہو اس میں کوئی تقیید تو ہے نہیں. تو پھر یہ معارضہ آگیا. تمہاری بات معارض ہو گئی. یہ دلالت کمال ہے منافی الدلالۃ. امر اس نماز کو بھی شامل ہے جو دار مغصوبہ میں ہے. چلو آگے.

ترجمہ. کہتا ہوں میں دلالت ممنوعہ ہے کیونکہ یہ وقوع ہے تضاد کی اور جب جائز رکھا ہم نے اجتماع کو واسطے نظر کرنے کے طرف اس کے بے شک امر مطلق ہے چنانچہ حقیقت ہے اس کی (امر کی حقیقت اطلاق ہوتا ہے) پس کہاں ہے دلالت.

مقصد کیا امر عبدہ الخ: اب کہتا ہے کہ ہم تم کو اس کی نظیر بیان کرتے ہیں مثلاً اپنے غلام. آقا نے اس کو کہا کہ کپڑا سیے. اس کا امر کیا اور سفر سے منع کیا. اس نے سفر بھی کیا تو کپڑا بھی سیا. ہم کہیں گے یہ مطیع بھی ہے تو عاصی بھی ہے. لیکن مطیع اس لحاظ سے ہے کہ امر بجا لایا ہے کپڑا سیا. اور عاصی اس لئے ہے کہ اس نے سفر کیا. منہی عنہ کا ارتکاب کیا. واجب اور حرام کا ارتکاب ہوا مطیع اور عاصی ہوا لیکن جمع ہے. مطیع بھی ہے. تو عاصی بھی ہے. مطیع اور لحاظ سے ہے اور عاصی اور لحاظ سے ہے. ہاں آگے. یہ اس طرح ہو جائے گا کہ مولیٰ نے غلام کو حکم دیا کہ کپڑا سیے اور سفر سے منع کیا. اس نے سفر بھی کیا اور کپڑا بھی سیا. ہم کہیں گے مطیع بھی ہے اور عاصی بھی. تو اس طرح جو پیچھے آیا کہ دار مغصوبہ میں نماز. مولیٰ تعالیٰ نے حکم کیا کہ نماز پڑھو. اور دار مغصوبہ کے استعمال سے منع کیا. اب بندے نے نماز کو پڑھی دار مغصوبہ میں. تو مطیع بھی ہے اور عاصی بھی ہے. مطیع اس لئے ہے کہ اس نے امر کا امتثال کیا ہے. عاصی اس لئے کہ منہی عنہ کا ارتکاب ہے. جیسے کہاں پر جمع ہیں. یعنی غلام میں مطیع اور عاصی ہونا جمع ہے امر اور نہی جمع ہیں. وجوب اور حرام جمع ہیں. تو اسی طرح دار مغصوبہ میں نماز اس حیثیت سے کہ نماز ہے واجب ہے. اور حرام اس لئے ہے کہ دار مغصوبہ ہے. نماز کو کیوں کہتے کہ صحیح نہیں ہے یہ یاں وقت یا تو نماز کی شرائط نہیں پائی گئیں. یا ارکان نہیں پائے گئے. ارکان تو پائے گئے. قیام، قراءت، رکوع، بیٹھنا، سجود. عدم یا یہ کہ کوئی شرط نہ پائی جائے. شرط یہ ہے کہ معصوم نہ ہو. وضو بھی ہے. تو استقبال قبلہ بھی ہے کپڑے بھی پاک تھے جگہ بھی تھی یا کوئی اور چیز ہو جب کوئی نہیں ہے تو نماز صحیح ہے ہاں. منہی عنہ کا ارتکاب کیا ہے

جو دیکھا امر مطلق کے تو ہو دلالت ان

یہ گناہ ہے حرام ہے۔ نماز اس کی صحیح ہو گئی۔ قضا نہیں کرنی پڑے گی۔ چوتھی:

ترجمہ: پس ہو گیا جیسا کہ حکم لگا کر سید اپنے عبد کو ساتھ جنایت کے اور منع کرے سفر سے پس بیچ دیا اس نے اور سفر کیا پس بے شک وہ مطیع ہے اور عاصی ہے قطعاً۔

والنقض بصوم یوم النحر مدفوع اب کسی نے نقض کیا کہ تمہاری دلیل پائی گئی ہے مدعی متخلف ہے وہ جیسے اس طرح کہ صوم یوم النحر۔ نذر مانی کہ قربانی کے دن روزہ رکھے گا للہ علی۔ تو اب اس نے قربانی کے دن روزہ رکھا۔ تمہارے قاعدے کے مطابق صوم یوم النحر واحد بالشخص ہے۔ یہ بھی نظر کرو کہ کون سے عید الضحیٰ کا اور منع ہے اس دن تو پورا تو حرام ہے۔ اور یہ لحاظ کرو کہ یہ کون روزے کا ہے اللہ تعالیٰ کی عبادت ہے۔ نذر مانی ہے ولیوفوا نذورہم الآیۃ اپنی نذروں کو پورا کرو۔ چاہیے کہ یہ روزہ صحیح ہونا چاہیے حالانکہ فاسد ہے۔ یہ انہوں نے نقض کیا۔ تو اس کا جواب دیا۔ نقض مدفوع ہے پہلے تو ہم کہتے ہیں کہ یہ تم کو کس نے کہا روزہ صحیح نہیں ہے ہم کہتے ہیں روزہ صحیح ہے۔ اس کی نذر پوری ہو گئی۔ تخلف ممنوع ہے۔ ہمارے نزدیک اس کی ذمہ داری پوری ہو گئی۔ روزہ رکھ لیا۔ اور اگر ہم تسلیم کر لیں کہ روزہ صحیح نہیں ہے اور مدعی متخلف ہے۔ تو اس کی یہ وجہ نہیں ہے کہ اس لیے صحیح نہیں ہے کہ یوم النحر میں روزہ رکھا اس لیے صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ حرمت اور عبادت متنافی ہیں۔ ایک جہت سے ایک محل میں جمع ہو رہے ہیں یہ وجہ نہیں ہے بلکہ ایک مانع آ گیا اور وہ نہی ہے جو فساد صوم پر دلالت کر رہی ہے۔

ہاں جی۔ نقض کا جواب دیتا ہے۔ نقض یہ ہو گیا یوم النحر کو روزہ صحیح ہونا چاہیے۔ نذر مانی تمہاری دلیل پائی گئی ہے مدعی متخلف ہے۔ اس کا جواب دیتے ہیں دلیل بھی پائی گئی ہے مدعی متخلف نہیں ہے۔ بلکہ اس کا روزہ صحیح ہے۔ اس کی نذر پوری ہو جائے گی۔ عہدہ سے نکل جائے گا بری ہو جائے گا۔ اور اگر تسلیم کر لیں کہ مدعی متخلف ہے تو وہ اس لیے نہیں ہے کہ روزہ کا صحیح نہیں ہوا یعنی لیا یا پر مانع آ گیا۔ دلیل بھی پائی جائے مدعی متخلف ہو تو وہ اس وقت ہے کہ دلیل پائی گئی لیکن ایک مانع آ گیا جس نے اس کو ــــ وہ مانع نہی ہے کہ یہ روزہ عہد الٰہی کا ہے۔ اس دن تم روزہ نہ رکھو۔ اس نے ارتکاب کیا۔ روزہ رکھا۔ نہی جو ہوئی۔ تو روزہ فاسد ہو گیا مانع کی وجہ سے۔ ہاں جی۔ سمجھ آ جائے گا۔

ترجمہ: اور نقض ساتھ روزہ دن نحر کے مدفوع ہے بایں طور کہ تخلف ممنوع ہے (ہم کہتے ہیں کہ دلیل پائی گئی تو مدعی متخلف نہیں ہے) پس نزدیک ہمارے نکل جائے گا عہدہ سے ساتھ روزہ رکھنے کے بیچ دن نحر کے اور اگر تسلیم کر لیں کہ مدعی متخلف ہے پس یہ عدم صحت ہے واسطے مانع کے اور وہ نہی دال اوپر فساد صوم کے بیچ دن نحر کے۔) اب یہ لازم ہے کہ تم نے

ع
اور اگر تسلیم کر لیں ۱۲